ماشاءاللہ لاقوۃ الا باللہ ؕ

الحمدللہ کہ دریں آوان سعادت توامان مخطوطات طیبات و مکاتیب ہدایات مسمٰے بہ

# مکتوبات طیبات!

معروف

# بمہر چشتیہ

کہ اعلیحضرت سید السادات، نورالہدات امام ربانی غوث الصمدانی عبدالقادر الثانی سیدنا و مولانا السید مہر علی شاہ قبلہ دامت برکاتہم بجانب مخلصین و دیگر مستفیدین ارقام فرمودہ اند

بایماورضا

حضرت قبلہ صاحبزادہ سید غلام محی الدین شاہ صاحب دامت معالیہم

باہتمام

حضرت صاحبزادہ سید غلام معین الدین شاہ صاحب مدظلہ العالی

چوں گدا۔ آئینہ جود است ہاں — دم بود بر سوئے آئینہ زیاں

فلسفی در ماہیٔ[1] عمرش تیر شد — وانکہ جز ماہی است ز آبش سیر شد

دہریہ در عیش فانی کور و کر — ماندہ در علم کیانی خیرہ سر

مُرغ کاب شور باشد مسکنش — او چہ داند جائے آبِ روشنش

ایکہ اندر چشمۂ شورست حیات — تو چہ دانی شطِ جیحون و فرات

ای تو نارستہ ازیں فانی رباط — تو چہ دانی صحو و سکر و انبساط

ور بدانی نقلت از اب و جداست — پیش تو ایں نام ہا چوں ابجد است

ابجد و ہوز چہ فاش است و پدید — بر ہمہ طفلان و معنی بس بعید

تو چہ دانی سرِّ ایں را اے عمی — چوں ندانی کل شیئٍ فی کل شیئٍ

ساعتے واکن عقالِ بعیر[2] را — بشنو از نے نالۂ شبگیر را

تا بہ او یعقل بہ او یبطش شوی — ہم بدو یسمع بدو یبصر شوی

لوح محفوظت شود مشہود عین — از چہ محفوظ است محفوظی زشین

غیر ازیں معقولہا معقولہا — بینی اندر دل علوم انبیاء

علم تو علمش و علمش علم تو — حلم تو حلمش و حلمش حلم تو

تو نہ ماندی چونکہ بس۔ گوکیست ایں — فی مرایا العدم قد ظہر المتین

ایں زماں جاں دامنم بر تافتست — بوئے پیراہان یوسف یافتست

من چہ گویم یک رگم ہشیار نیست — شرح آں یارے کہ آں را یار نیست

---

۱؎ ماہی بمعنے چیست این اشتر را بہ بندند ۲؎ یعنی عقل کہ ماخوذ است۔ از عقال البعیر ریسمانے کہ بآں زانوئے اشتر را بہ بندند ۱۲

Marfat.com

از ہمہ اوہام و تصویرات دور ۔۔۔ نورو۔ نورو۔ نورو۔ نورو۔ نور و نور
ایں سخن لاریب حق است اے اخی ۔۔۔ وجھہ فی کل شیئٍ یجتلی
خاصہ در انسان کہ نوعِ آخر است ۔۔۔ کونِ او جملہ جہاں را حاضر است
زیں جہت عالم صغیرش گشتہ نام ۔۔۔ فالعوالم اربع بنگر تمام
ایں سخن را نیست پایاں اے پسر ۔۔۔ باز خواں از گو مگو نعم الخبر
کیست نے آنکو سراید دمبدم ۔۔۔ من نیم واللہ یارا من نیم
ایں فغان و نالہائے زار او ۔۔۔ میرود تا صحنِ عرش یار او
ہمچو نے گشتہ تہی از خویشتن ۔۔۔ زار و گریاں است از حبِّ وطن
اوست فانی از خود و باقی بحق ۔۔۔ من راہ قد رای ربِّ الفلق
بیندش چشمے کہ دید از غیر دوست ۔۔۔ مطمحش لاغیر الّا روئے دوست
دیدن چشم محمدؐ از شقی ۔۔۔ کے بود چوں دید بوبکرؓ و علیؓ
گفت لیلے را خلیفہ کاں توئی ۔۔۔ کز تو مجنوں شد پریشان و غوی
از دگر خوباں تو افزوں نیستی ۔۔۔ گفت خامش چونتو مجنوں نیستی
دیدۂ مجنوں اگر بودے ترا ۔۔۔ ہر دو عالم بے خطر بودے ترا

(مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ)

چیست دانی چہرۂ زیبائے دوست ۔۔۔ دید حق را آئینہ گویم نہ اوست
بالب دمساز خود جفت است او ۔۔۔ زاں چونے بس گفتنی گفت است او
سر او نائی است او جز نے نیست ۔۔۔ شور ہائے ہوئے او بے وے نیست

---

ﻟﻪ ای من حیث الاسماء والصفات۔ عارفے فرمودہ است ؎

خواہی کہ خدا بینی در چہرۂ من بنگر ۔۔۔ من آئینۂ اویم او نیست جدا از من

Marfat.com

81213

# فہرست مضامین مکتوبات طیبات


| خط بجانب | صفحہ | خط بجانب | صفحہ |
| --- | --- | --- | --- |
| دیوان صاحب اجمیر شریف | ۵ | مولوی فضل احمد صاحب | ۱۲۵ |
| دیوان صاحب پاکپتن شریف | ۵ | الطاف حسین صاحب | ۱۲۶ |
| خواجہ اللہ بخش صاحب تونسوی | ۳۶۸ | مولوی تاج الدین ″ | ۱۲۸ |
| صاحبزادہ محمد محمود صاحب ″ | ۷ | حکیم شمس الدین ″ | ″ |
| صاحبزادہ محمد نظام الدین صاحب ″ | ۲۷ | چشتی محرم علی ″ | ۱۳۲ |
| سجادہ نشین صاحب سیال شریف | ۲۸ | نواب احمد یار خان ″ | ۱۳۵ |
| ″ ″ ″ | ۲۸۹ | یعقوب مسیح ″ | ۱۳۹ |
| سنیور شیلہ بابو صاحب | ۳۳ | غلام محمد ″ | ۱۴۰ |
| میاں محمد حیات ″ قریشی | ۴۹ | اشعار مہندی | ۱۴۱ |
| مولوی محمد چراغ صاحب | ۵۱ تا | مکتوب امیر الدین جواب شیخ زین الدین | ۱۴۳ |
| ″ ″ ″ | ۱۲۰ و ۲۸۵ | مولوی محمد عالم صاحب | ۱۴۹ |
| صاحبزادہ محمد امین ″ | ۱۱۳ | چند اشعار | ″ |
| صاحبزادہ غلام سرور غلام دستگیر صاحبان | ۱۱۶ | محمد حسین صاحب | ۱۵۰ |
| مولوی محمد عالم صاحب | ۱۲۱ | غزل فارسی | ۱۵۲ |
| فخر الدین صاحب | ″ | اردو اشعار | ۱۵۳ |
| ملک غلام حسین ″ | ۱۲۲ | ملک الطاف محمود صاحب | ۱۵۴ |


Marfat.com

گفتۂ نے گفتۂ نائی بود — گو ظہورش از دہانِ نے شود
نے کہ ہنگامِ حکایت سر دہد — از جدائیہا شکایت مے کند
کز مقامِ وحدتم ر ا یندہ اند — زاں ز شورم مرد و زن نالیدہ اند
کردہ ام جبروت اسماء را عبور — عالمِ ملکوت را کردم مرور
گشتہ ناسوت آخر این منزل مرا — زیں جدائیہا جگر خوں شد مرا
چوں نگریم در فراقش سر بسر — نیست در عالم زمن مہجور تر
در حریمِ وصل با شاہِ وجود — خفتہ بودم ہجر را راہے نہ بود
گشتہ ام محروم از قرب ہمیں — در حضیض آورده موج یخمیں
(مولانا) سینہ خواہم شرحہ شرحہ از فراق — تا بگویم حال دردِ اشتیاق
(رومؒ) ہر کسے کو دور ماند از اصل خویش — باز جوید روزگارِ وصل خویش
آں دمم بیروں کہ او در من دمید — آرمیدم با حق. از خود شد رمید
(سوال) ہاں مگو او چونکہ با حق و اصل است — جملہ مطلوبات او را حاصل است
پس ز ہجرانش شکایت بہر چیست — وز جدائیہا شکایت بہر چیست
(جواب) زانکہ وصلِ مطلق است اینجا محال — تا بود پیوند جسم و جاں بجال
راست فرمود است مولینا بیاں — در دمِ آخر چو رفت او زیں جہاں
من شدم عریاں ز تن او از خیال — میخرامم در نہایات الوصال
تا بود اینجا تشبک جسم و جان — کے رخ جاناں عیاں دیدن توان
او ز جان و جاں ز او مستور نیست — لیک کس را دیدشان دستور نیست
مظہرِ ذات است روحِ بے نشاں — ہمچناں کاسماش را باقی جہاں

Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| مکتوب ۵ | ۱۵۵ | اشعار حضور قبلہ عالم رضہ | ۱۸۳ |
| مناجات بحضور جناب غوث الاعظم رضہ | ؍؍ | حکیم اللہ دین صاحب | |
| ترجمہ ابیات قصیدہ فارضیہ | ۱۵۶ | غزل | |
| مکتوب ۱۲ ۱۳ | ۱۵۷ | تقریظ کتاب انوار قادریہ | ؍؍ |
| غزل فارسی | ۱۵۸ | کلام الملوک ملوک الکلام | ۱۹۱ |
| غزل فارسی | ۱۵۹ | تقریظ بر رسالہ محرم علی صاحب | ۱۹۹ |
| تقریر حضور قبلہ عالم رضی اللہ عنہ | ۱۶۰ | والانامہ اول | ۲۱۳ |
| مولوی فتح الدین صاحب | ۱۶۴ | چشتی محرم علی صاحب | ۲۱۶ |
| فتویٰ متعلق جمعہ | ؍؍ | والانامہ دوم | ۲۱۷ |
| میاں عبداللہ صاحب | ۱۶۵ | والانامہ سوم | ۲۲۱ |
| مسئلہ سلب نعمت | ۱۶۶ | والانامہ چہارم | ۲۲۴ |
| پیر ولائیت شاہ صاحب | ۱۷۱ | سوالات راجہ نثر محمد معہ جوابات قبلہ عالم رضہ | ۲۲۷ |
| ماسٹر غلام حیدر ؍؍ | ۱۷۳ | مکتوب ۳۴ | ۲۳۲ |
| مکتوب ۲۷ | ۱۷۶ | فقیر صاحب کوٹ اٹل | ۲۳۳ |
| استفسار ذکر جہر | ۱۷۷ | حاجی کریم بخش صاحب پشاوری | ۲۳۵ |
| مثنوی | ۱۷۸ | صاحبزادہ محمد عبد القیوم صاحب | ۲۴۰ |
| مولوی محمد بقاء صاحب | ۱۷۹ | سید نادر شاہ صاحب | ۲۴۱ |
| محمد شاہ ؍؍ | ۱۸۰ | سید عزیز حسن صاحب بقائی | ۲۴۴ |
| مولوی غلام محمد ؍؍ | ۱۸۲ | استفتاء سندواعظ قوال | ۲۴۵ |


Marfat.com

مولینا روم

بحث جاں اندر مقامِ دیگر است — بادۂ جاں را قوامِ دیگر است

جُملہ اسماء را تو مرآۃ آمدی — زاں خلیفہ و مظہرِ ذات آمدی

آمدی از دُور لیک اے خوش لقا — گوئے بردی از ملک یا مرحبا

علم الاسماء طرازِ جانِ تست — اسجدوا لآدم از شانِ تست

از کمالت گر ملک آگاہ بدے — کے اتجعل[1] گفتہ خود رسوا شدے

نایداین اندر لباسِ صوت و حرف — غوطہ باید خورد در دریاء ژرف

چشم بند و گوش بند لے بیتوا — صحن دل را نیک روب از ماسوا

کُن سفر در خود برجعت قہقری — تا ز رمزِ روح و جانت پے بری

پائے کوباں تا ببامِ او رسی — از خودی خود بیروں آئی رہی

از وطن بینی وا از اہلِ وطن — جانِ خود بیں گر بروں آئی ز تن

فہم کن انا الیہ راجعون — ابتداؤ انتہایت شد ہمول

مولینا روم

اسم خواندی رو مسمیٰ را بجوی — مہ ببالا، داں نہ اندر آب جوئے

اذکروا اللہ کار ہراو باش نیست — ارجعی بر پائے ہر قلاش نیست

اذکروانی راست اذکر در قفاء — ذکرتاں را ذکر او نعم الجزاء

با ملائک حق بگوید در سماء — دوست دارم آں کثیر الذکر را

دوست داریدش کہ او محبوب ماست — ورفعنا لک ذکرک راستراست

دادہ اکش شرح صدر و رفع ذکر — ذکر او ہر جا کہ از ما ہست ذِکر

ما نہ بے او او نہ بے ما بالیقیں — گفتۂ او گفتۂ ما شد ازیں

[1] اتجعل فیہا من یفسد فیہا ویسفک الدماء ونحن نسبح بحمدک ونقدس لک الاٰیۃ

Marfat.com

| | |
|---|---|
| صاحبزادہ محمدؐ حفیظ اللہ صاحب | ۲۵۰ |
| سید فتح شاہ 〃 | ۲۵۱ |
| مولوی محمدؐ الدین 〃 | ۲۵۲ |
| سوالات سید علی از محکواں شریف | 〃 |
| جوابات قبلہ عالمؒ | ۲۵۳ |
| مولوی حفیظ اللہ صاحب | ۲۵۵ |
| محمدؐ یار خان صاحب علی گڑھی | 〃 |
| استفتاء | ۲۵۶ |
| فتوی محفل میلاد شریف | ۲۵۷ |
| سید احمد شاہ صاحب | ۲۵۸ |
| مولوی عبد المالک صاحب | 〃 |
| الطاف حسین 〃 | ۲۶۰ |
| مولوی محمدؐ واحد نور 〃 | ۲۶۲ |
| سوال جناب مخدوم صدر الدین صاحب گیلانی | ۲۶۳ و ۲۷۶ |
| میاں صالح محمدؐ صاحب | ۲۶۵ |
| ریویو بر لسان الغیب | ۲۸۰ |
| بجواب پیغام کمشنر صاحب | ۲۸۱ |
| وائسرائے، وزیر ہند و گورنر پنجاب کو تار | ۲۸۲ |
| سوال مولانا عبد الباری صاحب و جوابات قبلہ عالمؒ | ۲۸۳ |
| استفتاء در بارہ نکاح سیدہ | ۲۹۱ |
| استفتاء متعلق جمعہ | ۲۹۴ |
| فیوضات مہریہ | ۲۹۶ |
| رسالہ ایضاح المراد لدفع الایراد | ۳۵۰ |
| سید عبد اللہ شاہ صاحب | ۳۶۵ |
| مولوی محمدؐ غازی 〃 | ۳۶۵ ۳۶۹ |
| مرزائیوں کے سوالات کے جوابات | ۳۶۶ |
| استفتاء متعلق طلاق | ۳۶۹ |
| حضرت شیخ اکبرؒ کے درود شریف کا ترجمہ | ۳۷۶ |
| مولوی حفیظ الرحمٰن صاحب | ۳۷۸ |
| مسئلہ امتناع نظیر | ۳۸۱ |
| جواب خط واحدی 〃 | ۳۸۴ |
| بقیہ خطوط مولوی محمدؐ چراغ 〃 | ۳۸۵ |
| سند غلامی رائے گھیبہ | ۳۸۹ |
| غزل فارسی | 〃 |
| نقل سند حدیث شریف عطا فرمودہ شیخ الجامع صاحب | ۳۹۰ |
| خط بجناب الشیخ الجامع صاحب | ۳۹۱ |
| 〃 محمد شاہ صاحب | ۳۹۴ |
| سند عطا فرمودہ قاری عبد اللہ صاحب مکی | ۳۹۶ |


Marfat.com

مَا رَمَیتَ اِذْ رَمَیتَ زیں بود     لیک نے ہر کس سزائے ایں بود
ذَالِکَ فَضْلُ اللهِ یَصْطَفِیْ     مَن یَشَاءُ مِنْ عِبَادِہٖ یا اخی
خاصہ پاکانے کہ از خود رستہ اند     دیدہ از غیرت بروئش بستہ اند
کردہ با جاؤک[1] نوط اجابتش     از وَلَوْ خوان تا رحیماً آیتش
آں دعائے شیخ نے چوں ہر دعاست     فانی است و دست اودست خداست
از دہن ہائے خلائق شد عیاں     معنئے اذکر کم اے مہرباں
ظرفِ اذکر[2] اذ نسیتَ کے بود     منسی و مذکور ہر گاہ وے بود
ذکر کن ذکرے کہ غیر از دل رود     غیر منسی ذاتِ حق در دل بود
ذکر یادِ دل بود نے از سخن     کو بود صوت و ہوائے از دہن
چونکہ روحت غرق یادِ حق بود     جامہ ہستی بکلی شق بود
ذاکر و مذکور و ذکرت یک شود     اندریں دم غیر حق بیشک رود

غیر تو ہستی۔ بروں شو از حرم
خود حجابِ اکبری۔ قم لاجرم

---

آں وحید الدہر عارفِ بایزید     با ملائک گفت از شوق مزید
ہیچ تاں یابید از شاہم نشاں     عرش جائے اوست خوانم در قرآں
جملہ گفتندش کہ یہ ما کُن عطا     گو خبر از آں شہ ارض و سما

---

[1] ولو انہم اذ ظلموا انفسہم جاؤک فاستغفروا اللہ واستغفر لہم الرسول لوجدوا اللہ تواباً رحیماً [2] اذکر ربک اذا نسیت الآیۃ

Marfat.com

بجواب دعوت نامہ دیوان صاحب اجمیر شریف ۲۳ ربیع الاول حامداً و مصلیاً

السیّد المکرم المعظم سجادہ نشین آستانہ علیا اجمیر شریف دام عنایتکم

تسلیم و نیاز۔ ارشاد نامہ بغرض شرف شمولیت مجلس عقد نکاح مکرمی و معظمی جناب پیرزادہ سیّد آل نبی بتاریخ ۲۲ ربیع الاول عزاز بخش ہوا۔ یاد فرمانے کا شکریہ۔

مکرما! نیاز مند عرصہ ۱۸ ماہ سے بوجہ علیل الطبع ہونے کے حاضری سے معذور ہے اللہ تعالیٰ اس کار خیر میں برکت اور موجبات حمد و شکر کے عطا فرماوے۔ زیادہ نیاز۔

دُعا جوئے و دعا گوئے از گولڑہ ضلع راولپنڈی

---

مکرمی و معظمی حضرت دیوان صاحب حفظکم اللہ تعالیٰ و دامت عنایاتکم

تسلیم و نیاز۔ دعا نامہ کا شکریہ۔ میری طبیعت بدستور علیل ہے۔ مدت سے اشتہاء مفقود ہے۔ جبراً غذا لینے سے تکلیف ہوتی ہے وقتاً فوقتاً اطلاع دینے سے صرف یہی خیال مانع ہے۔ کہ جناب کو علالت کی خبر سُننے سے تکلیف ہو گی۔ بدرگاہ فریدی دعا فرمادیں کہ بعد حصول شفا حاضری کا موقع نصیب ہو۔ زیادہ نیاز

العبد

دُعا جوئے و دُعا گوئے از گولڑہ بقلم خود

Marfat.com

ماشنیدیم آنکہ قلبِ مومن است ... تحت گاہش زان بجہراں المین است
یامحیط الکل خلاق الوریٰ ... ظاہری و باطنی در دوسرا
عالمے را در تجید کردہ ... باظہورِ کاملت در پردہ
یامحیط الکل وہاب النعم ... علم تو ہست ازعلوم ما اتم
تومحیطی کے محاطِ ماشوی ... علمنا کیف علیك یحتوی
برتری از فہم وقال وقیلِ ما ... خاک بر عقلے و بر تمثیلِ ما
کے تند بر شعلہ تارِ موئے کے ... کے زکنہت قول راند عاقلے
مالك الملکی واللہ احد ... لم یلد۔ لم یولد اللہ الصمد
لم یکن۔ احد۔ لك کفواً ولم ... لیس شیئٌ مثلاك یاذا الکرم
توچناستی کہ خود کردی بیان ... در صحائف سابقہ ہم در قرآن
لطف با مادر بطون اُمہات ... کردہ آنچہ نکردہ موسم بانبات
گر نہ[1] سبقت کردے رحمت بر جلال ... جملہ عالم ماندے در تتیہ زوال
زیں سبب رحمٰن باللہِ قرین ... آمدہ در بسملہ از بہتریں
عالمے را ازعدم کردی بدر ... آفریدی جملہ را از خیر و شر
لیس فی الفیضین[2] یارب العلا ... یرجع الشین الیك لاو لا
لم جعل الشر شرًا باطل ... اذ تخللہ ھنالك عاطل
لم جعل الشر موجودًا ابدًا ... خیر ذاتی ہست و شر عارض بدا

---

[1] اے فیض اقدس ومقدس [2] اے تجلی رحانی ازینجا خواہی فہمید کہ الرحمٰن علی العرش استوی فرمود۔ نہ اینکہ اللہ علی العرش استوی انزا ئے ہمیں معنی کہ غیرت جلال ذات ماسوائے را اجازت شرکت فی الوجود نمے بخشد بخلافِ رحمتِ عامہ فتدبرنہ۔

Marfat.com

## نقل خط جو جناب بابو صاحب نے حضور اقدس سے لکھوا کر بطرف حضرت دیوان صاحب ارسال فرمایا تھا

### ازموضع قاضی غالب

دلا کسکی لگن میں پھرتا ہے وحشی تو بن بن میں
پلٹ میں منٹ گھری میں علیحدہ کے موطن میں

یہاں لا کر ہمیں قاتل کیا کچھ کم کیا اُس نے
زلف میں تیر مژگاں میں رسیلی آنکھ پُر فن میں

وہاں سوتے پڑے تھے عرش عالم کی نیندیں بیخود
جگا کر جلوہ دکھلایا ہمیں مظہر دیوانن میں

ارے ساقی تیرے ہم سوں میں سب تلک مستانے
پلادے جام بھر کر حسن سے غم جاوے آنن میں

پکارے والضحیٰ روئے وہ واللیل سجی ہوئے
کیا گذرے ہیں اس راہ سے بھری خوشبو مشامن میں

سُنا کر میٹھی باتوں کو دکھا حسنی صفاتوں کو
دِلوں کے قافلے لُوٹے اور خود بیٹھے مکانن میں

یہ کیسا ہے لگا ازرو سوز کیسی ہے یہ بیخوابی
جگر میں آنکھ میں دل میں سراپا جسم تن من میں

دل حیراں کی تسکیں کو خیال انکا غنیمت ہے
یہی ڈر ہے کہ انکی طرح نہ جلوے لامکانن میں

مدینہ میں بلا بھیجو قریب اس فاطمہ وادی
دوبارہ پھر کر لٹریوں میں اس سمین ساقن میں

حریف ساغر ہے ہوں غریق بحر عصیاں میں
سہارا ہے اُنہی کا مجھے محشر مقامن میں

مجھے کیا غم ہے محشر کا میرا حامی ہے محبوب وہ شہ
ہوا لولاک طٰہٰ و مزمل جسکی شانن میں

دِلا مت رو غلام ہو کر تو محی الدین جیلی کا
مُریدی لاتخف بس ہے سہارا ہر دو کونن میں

Marfat.com

علم تو تابع است مر معلوم را — کیف زید یتقی زاں شد خطا
گر نہ لطف یاورِ مظلم بُدے — کے جواب الست را ملہم شدے
خلقتِ ما کردی از ماءِ مہین — احسن التقویم کردی ذو الیقین
پس عطا کردی بما عقل و حواس — تا کہ از اعمال ما بینی سپاس
از پئے لطف و ہدایت واز سُبل — نیست ما را جز اطاعت یا رسل
ہم ز فضل و رحم خود یا ذو العلاء — کردۂ ارسال رسل وانبیاء
تا کہ ختم الانبیاء جد الحسنؓ — آخر آمد بود فخرِ انجمن
خواند بر ما روشن و معجز کتاب — داد ما را شرع با فصلِ خطاب
علم وحی آمد دلیلت سر بسر — عقل جزوی ہست اینجا خیرہ سر
عبدۃ البطن اند ابنائے زماں — کہ فضیلت میدہند ایں را بر آں
کور و کر اند بس غافل زیار — روز و شب درحظِ نفسانی دوار
معدہ را بگذار سوئے دل خرام — تا کہ بے پردہ ز حق آید سلام
تا الست از رُوے شنوی ایں زماں — ہم بلےٰ آری مجیباً بر زباں
وحدتت باشد بکثرت جلوہ گر — پس خرامی در وصالش سر بسر
تا بدانی سرِ اطوار وجود — کیست دیار اندریں دار وجود
کُلُّ شَیۡءٍ ہَالِكٌ مشہودِ عین — باشدت آندم۔ رہی از غین و شین
راکعاً سرشار از روئے کسے — ساجداً از دیدِ او روئے کسے
بینی او را اندریں آئینہ ہا — ثم وجہ اللہ بفہمی بے خطا
بینی عالم را ظہورِ حق گہے — گاہ حق ظاہر و باطن عالمے

Marfat.com

۹ صفر المظفر ۱۳۴۳ھ (بہ صاحبزادہ صاحب صاحبزادہ محمد محمود تونسوی)
مورخہ ۱۰ ستمبر ۱۹۲۴ء

مکرمی معظمی حفظکم اللہ تعالیٰ دامت عنایتکم

تسلیم و نیاز۔ چہ میگوئیاں وہاں تک ہی محدود نہیں۔ بلکہ دور تک تھیں۔ جس کا نتیجہ ناکامیابی ہوئی۔ اور جو ہیں وہ بھی انشاء اللہ تعالیٰ علیٰ ہذا القیاس (ام ابرموا امرًا فانا مبرمون ومکروا ومکر واللہ خیر الماکرین) تشبث بالباغی اور اغتنیا رمزاحمت ما بین ہذا واقعی اسی غرض سے تھا۔ مگر بحول اللہ و قوتہ بے سود سمجھنا چاہیئے۔

جناب کا تمسک درحقیقت بالمسبب اور بظاہر بالاسباب ایہاماً چاہیئے۔ یعنی حریف مقابل کو محض وہم میں ڈالنے اور مغالطہ دینے کیلئے چاہیئے۔ نہ انکی طرح از قبیل اخذ بالنواجذ مضمون ہذا کیلئے استشہاد ایک مقبول سلطان العاشقین رضؓ کا شعر ذیل میں عرض کیا جاتا ہے (وھو ہذا)

فاوھمت صحبی ان شرب شرابھم یہ سر سری فی انتشائی بنظرۃ

یعنی نظر بازوں اور پرستاران حسن مقید کو دھوکہ دینے کے لئے میں صورت پرستی میں ان کا شریک بنا ہوا تھا۔ تاکہ وہ خلاف واقعہ مجھے اپنے جیسا سمجھ رکھیں۔ اور فی الواقع میں اطلاق کا شگفتہ تھا نہ تقید کا۔

خداوندا بحرمت آنانکہ از خود گسستہ و بتو پیوستہ اند شہود و محبت ذاتیہ خود نصیب گرداں و مارا ز ما رہائی بخش و از زندان تفکرات نجات۔

وافعل بنا ما انت لہ اھل والحمد لک اولاً و آخراً والصلوٰۃ والسلام منک باطنا علیک ظاھراً والآل والصحب طرًا۔ اس وقت میں رخصت

Marfat.com

لا یصح عندک فی ذالشهود | شمت الاعیان رائحة الوجود
گاه بینی عین ثابت را عدم | منصبغ صبغات او اندر قدم
گاه وجود خاص دانی مر ورا | پس انا الحق در سرائے برملا
در تصور ذات او را گنج کو | تا در آید در تصور مثل او
آفتاب آمد دلیل آفتاب | گر دلیلت باید از وے رو متاب
جذب و شوق بلبل بستان چشت | باز نالاں گشت بر گلہائے کشت
سنة الله چونکہ جاری شد بریں | در بہاراں سبزه روید از زمیں
مدتے ایں مثنوی تاخیر شد | مہلتے بایست تا خوں شیر شد
ہاں نگوئی معجزات انبیاء | شد خلاف نص شرعی اے کیا
سنتش را نیست تبدیلی نہ ضد | شاہدش برخواں ز قرآں لن تجد
پس خلاف نیچر و قانون او | در شنا صیفی چساں آید بتو
زانکہ ایں ہم بر وفاق آداست | معجزہ ہم در طباق سنت است
عادی و غیرش وثاق سنتش | وافر و کم بر مذاق عادتش
کثرت او قلت ایں از قدم | در محاط سنت وجف القلم
نیچری چوں اندریں جانکاه شد | لاجرم زیں نکتہ کم آگاه شد
صدق طالب جود آں رب صمد | بیش از فضل بہاراں بر دہد
لیک مختص بذاک من یشاء | از عبادش انبیاء و اولیاء
مولانا صاؒ آں دعائے شیخ نے چوں ہر دعا است | فانی است و دست او دست خدا است
از دہن ہائے خلائق شد عیاں | معنی اذکرکم اے مہرباں

Marfat.com

ہوتا ہوں پھر کسی وقت حاضر ہوں گا۔

حفظکم اللہ تعالیٰ مع الاولاد الکرام والاحباب العظام

(ازگولڑہ بقلم خود)

---

۲۲ ستمبر ۱۹۲۳ء بروز جمعہ صاحبزادہ محمود صاحب

مکرمی معظمی حفظکم اللہ تعالےٰ و دامت عنایتکم

تسلیم و نیاز۔ عنایت نامہ معہ نقل استغاثہ موصول ہوئے۔

ع صبر تلخ است ولیکن بر شیریں دارد

حضرات کی توجہ کا نتیجہ ہے ورنہ شریف آدمی اپنے احباب و متعلقین کی حمیّت و حمایت میں اپنے قابو میں نہیں رہتا۔ الحمد للہ الحمد للہ امید ہے کہ نتیجہ اچھا ہو گا۔ زیادہ نیاز۔ (ازگولڑہ بقلم خود)

---

۱۸ ستمبر ۱۹۲۴ء صاحبزادہ محمود صاحب تونسوی کیطرف بجواب مرقومہ صاحبزادہ صاحب

بروز شنبہ ۱۳ صفر المظفر

مکرمی معظمی حفظکم اللہ تعالےٰ دامت عنایاتکم

تسلیم و نیاز۔ عنایت نامہ کا شکریہ۔ غالباً جناب کو میرے عریضہ میں لفظ دبیر بھی ایسا کہ۔ چہل سال عمر عزیزت گذشت ۔ مزاج تو از حال طفلی نگشت ملحوظ ہو گا۔

مطلب سائل

الٰہی! پیر اور ناتواں تیرا با وجود اس کے کہ (پیری و شاہد پرستی ناخوش است)

شیئاً للہ شاہ جیلاں اعطنی　　یامعین الدین چشتی آتنی
ہر زباں میخواند از عشق مزید　　یا فرید و یا فرید و یا فرید
رحم فرما اے سلیمان زماں　　المدد اے تو نشان بے نشاں
المدد یا شمس دیں غوث جہاں　　فضل کن یا فضل دیں کہف الاماں
چوں حدیث روئے شمس الدین رسید　　شمس چارم آسماں سر در کشید
نورِ روحانی دہار شمس سیال　　کاوست حقانی و باقی بے زوال
از افول آمد منزہ شمسِ دیں　　غیرش آفل لا احب الآفلین
شرح احساناتِ و فیضِ مستمر　　ایں زماں بگذار تا وقتِ دگر
اولیا صیقل گرانِ روم داں　　نے چو نقاشان چین لعبت گراں
دل ز غیرِ دوست چوں صافی کنند　　ہر دو با خود آئینہ بازی کنند
عکس ماہ روئے فتد آنگہ درو　　کہ مصفےٰ باشد و ہم رو برو
پاک کن مرآت دل از غیرِ حق　　کے تری فیہ وجوہاً وجہہ حق
رنگِ غیریت ز مرآتت بکن　　منعکس فیہا علوم از ذوالمنن
تا بیابی علم خود از علم او　　ذات و اوصافش ہمہ ظاہر ز تو
نے نجوم است و نہ رمل است نہ خواب　　وحی حق واللہ اعلم بالصواب
از پئے روپوش عامہ درمیاں　　وحی دل گویند او را صوفیاں
تلغراف غیبی آید از اساس　　گشت چشتی پاسِ حق را صد سپاس

آنکہ ہتک عزتش کردہ حرام
محترم کردش بنزدِ خاص و عام

Marfat.com

اور (بحالت عمری طفلانہ ہوسیات نازیبا) مستغرق بحر عصیان ہے۔ اس کی پیری کو زیر نظر فرماتے ہوئے اس کے اعمال کو نظر انداز فرما اور عفو وبخشش کر۔ حضرت شیخ اکبر رضی اللہ عنہ لکھتے ہیں کہ حشر کے دن ایک معمر سفید ریش سیاہ جریدہ سے پوچھا جائے گا۔ کہ تم نے ہمارے احکام کی تعمیل کی ہے یا کیا۔ جواباً خوف کے مارے سراسر جھوٹ کہیگا۔ کہ الٰہی میں نے تیرے سب احکام کی تعمیل کی۔ یہ کیا وہ کیا۔ حکم ہوگا کہ اس کو بہشت میں داخل کر دو۔ ملائکہ عرض کریں گے کہ الٰہنا تو علام الغیوب ہے یہ سراسر جھوٹ کہتا ہے اللہ جل شانہٗ فرمائے گا۔ بیشک میں جانتا ہوں کہ اس نے سراسر جھوٹ کہا ہے مگر مجھے اس کی سفید ڈاڑھی سے حیا آگیا ہے۔ لہٰذا تیرے نیاز مند نے بھی (پیری) کو سامنے رکھ کر معافی چاہی نہ یہ کہ طوق غلامی میرے گلے سے نکالا جائے اور نہ ہی حضرت سعدی علیہ الرحمۃ اس جرم کے مرتکب ہیں اور نہ ہی یہ ہو سکتا ہے۔
العبدُ عبد والرب رب گو شہود میں انا الحق ھو الحق انت الحق کوئی کہتا پھرے۔ پھر وہی بات ہوئی ؎

نکالیں کیونکہ دل سے اُس کمان ابرو کے پیکاں کو
نہ پیکاں دل کو چھوڑے ہے نہ دل چھوڑے ہے پیکاں کو

بخدمت صاحبزادگان حفظہم اللہ تعالےٰ تسلیمات و نیاز۔ سب کو ما وجب۔

(نیاز مندے از گولڑہ)

Marfat.com

آں علی غیور و منان و صمد — راجبئی خود را کجا رسوا کند
یاالٰہی فیض از و ھبانیہ — زِ دو بارک انجم نعمانیہ
انجمن نعمانیہ شد دارِ ایں — تاجدارِ خدمتش آں تاجِ دیں
واں سلیم الطبع والدیں خوش صفات — آں سلیم اللہ مفتی نیک ذات
حق سلامت داردش از رنج و تاب — دین و دنیا باشدش خیر المآب

ہم چراغِ دینِ احمد خادمش
الاماں یارب زبادِ صرصرش

---

والانامۂ اوّل — بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# دربیان عوالم اربعہ

الحمد للہ نحمدہٗ ونستعینہٗ ونستغفرہٗ ونصلی علی اول موجود من نورہٖ وآلہٖ وصحبہٖ

برخوردار قائم علی حفظک اللہ دُعاوسلام

امابعد رقیمہ مرسلۂ آں برخوردار کاشف مافیہا گردید۔ والحمد للہِ علی ذالک فانہ لاحول ولاقوۃ الابہٖ۔ بجواب استفساریکہ روزے از مُراد مصارع مندرجہ مثنوی عرفان (مثنوی گومگو) عرفا لعوالم اربعہ بنگر تمام رفتہ بود مختصراً نوشتہ آید فالعوالم اربع عالم اعلیٰ۔ عالم استحالہ۔ عالمِ تعمیر۔ عالمِ نسب۔ عالمِ اعلیٰ عبارت است از اول موجودات

Marfat.com

بروز پنجشنبہ ۵ ربیع الاول

مکرمی و معظمی حفظکم اللہ تعالیٰ و دامت عنایتکم

تسلیم و نیاز۔ عنایت نامہ گویا تبصرہ بعیوب النفس موجب تنبیہ ہوا۔ مکرما ملائکہ کی کیوں بقولہم اتجعل فیہا الخ عمی کی وجہ سے تھی۔ جس کا تدارک سبحانک لا علم لنا الا ما علمتنا سے ہوا۔ ما نحن فیہ والی کیوں کا منشا درد ہے (مصرع) درد اجزاء آدمی در خود نیست۔ مذکورۃ الصدر کیوں کا قائل بوجہ گستاخی معتوب و مخیر الذکر کیوں کا مترنم معذور اور قابل رحم ہے۔ ترنم

(دل ہی تو ہے نہ سنگ و خشت درد سے بھر نہ آئے کیوں
روئیں گے ہم ہزار بار کوئی ہمیں ستائے کیوں)

بے حجابانہ اور فاش ترنم کا موجب وہی درد۔ ایک وہ زمانہ تھا کہ درد اور اسرار درد ترتیب سے مخفی رکھے جاتے تھے۔ اب وہ وقت آگیا کہ بوجہ شدت درد جسم جو حاجب اسرار تھا۔ نحول اور تحلیل میں آکر مظہر اسرار باعث گریہ و زاری ہوا۔ حضرت عشق اور درد کی نیرنگیوں میں سے ہے۔ اجتماع امور متضادہ یعنے ظہور و خفا و لِلّٰہِ دَرُّ القائل ؎

وکشف حجاب الجسم ابرز سر ما ... بہ کان مستورا لہ من سریرتی
فکنت بسری عنہ فی خفیۃ وقد ... خفتہ لوہن من نحولی انیتی
فاظہرنی سقم بہ کنت خافیا ... لہ والہوی یاتی بکل غریبۃ

ایسی حالت میں دوسروں کی بہی خواہی تاکہ سنکر مشوش نہ ہوں حسب مرتبہ حسینی اخلاق حسینیہ سے بہرہ مندی ہے۔ وذالک ہو الفوز العظیم

Marfat.com

یعنی حقیقتِ محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ المسمات بالعقل۔ چنانچہ عالم استحالہٗ تعبیر است۔ از کرات عناصرِ اربعہ و عالمِ تعمیر از روحانیات مدبّرہ و عالم نسب از معقولات تسعہ عرض الخ قال اللہ تعالیٰ فی انفسکم افلا تبصرون۔ عزیزا این چہار عالم در دو موطن (عالم اکبر و عالم صغیر) حضرت انسان موجود اند از عالم اعلیٰ حقیقت محمدیہ۔ و عرش محیط۔ و کرسی۔ بیت معمور ملائکہ۔ زحل و فلک او۔ مشتری و فلک او۔ مریخ و فلک او۔ شمس و فلک او زہرہ و فلک او۔ عطارد و فلک او۔ قمر و فلک او ہستند و نظائر اینہا در حضرتِ انسان بحسب ترتیب مسطور موجود۔ روح انسانی۔ جسم انسانی نفس قلب۔ قوائے باطنہ۔ قوت علمیہ۔ قوت ذاکرہ۔ قوت عاقلہ۔ قوت مفکرہ قوت وہمیہ۔ قوت خیالیہ۔ قوت حسیہ۔ نظائر اربع عناصر در حضرت انسان آتش۔ ہوا۔ آب۔ خاک۔ طبقات سبعہ زمین۔ سودا۔ غبرا۔ حمرا۔ صفرا بیضا۔ زرقا۔ خضرا۔ خون۔ بلغم۔ نظائر سودا در حضرتِ انسان۔ جلد۔ شحم۔ لحم عروق۔ عصب۔ عضلات۔ عظام۔ نظائرِ عالم تعمیر در حضرت انسان روحانیین (قوائے انسانیہ) حیوان (ماتحیی من الانسان) نباتات (کل ماینمو من الانسان) جماد (مالایحس من الانسان) نظائرِ عالم نسب۔ عرض (سود وغیرہ کیف (قوال من الصحۃ والسقم وغیرہ) کم (ایں عضو دراز است از عضو دیگر) این (سر بر گردن است) زمان (حرکت سر بوقت حرکت دست) اضافت (ایں پدر است وایں پسر) وضع (بالائے زید و تحت او) فعل (مثلاً خوردن) انفعال (مثلاً سیر شدن) اختلاف صور مثلاً اختلاف بغل و حمار و شیر وغیرہ و نظیرش

Marfat.com

والحمد للہ علی ذالک۔ آخری معروض بحسب صریح منطوق آیہ کریمہ والذین امنوا واتبعتھم (الایۃ) جناب کو مبارک و بشارت۔ والحمد للہ اولا واخرا والصلوٰۃ والسلام منہ باطنا علیہ ظاہراً

(دستخط)

مکرمی معظمی حفظکم اللہ تعالیٰ و دامت عنایتکم

تسلیم و نیاز۔ جناب کے پہلے عنایت نامہ کے جملہ ذیل سے تھے ذکر ہوں کیا اور کیوں ہوں۔ اگر ہوں تو کیوں اور نہ ہوں تو کیوں اور یہی کیوں کہنا ہی بدتر از کفر ہے کہ کیوں کس کو کہا جا رہا ہے۔ اور کیا اس کو کیوں کہنا کفر سے بدتر نہیں ہے۔ بالکل بدتر از کفر ہے۔ خاکم بدہن میرے فکر میں تو تمام ملائکہ نے جبکہ کہا ہے کہ اتجعل فیھا من یفسد فیھا ویسفک الدماء ونحن نسبح بحمدک ونقدس لک یہ کیوں کہا ہے اور کیوں کہنا بدتر از کفر ہے جو کہ صرف ایک عزازیل کو سزا دیگئی۔ اور باقیوں سے چشم پوشی اور ایسا لکھنا جو لکھا گیا ہے یہ بھی بدتر از کفر ہے کہ کن کے حق میں کون لکھ رہا ہے۔ ۱۲)

میں نے عرض کیا تھا۔ کہ ملائکہ کا اس پہ کیوں کہنا لاعلمی کی وجہ سے تھا۔ جس کا تدارک سبحانک لاعلم لنا سے ہوگیا۔ اور جناب کا کیوں کہنا درد کی وجہ سے ہے ؎ درد را جز آدمی درخور نیست

لاعلمی یا درد کی وجہ سے بجناب باری عز اسمہ صدور لفظ کیوں بغرض حصول علم و رفع درد موجب عتاب نہیں ہو سکتا۔ خلاف عزازیل کے کہ اس نے ابا اور انکار سجود سے کیا تھا نہ کہ باقی ملائکہ نے فسجدوا الا ابلیس)

Marfat.com

قوۃ قابلہ برائے صور منویہ۔

برخوردارا! اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَةً ، وَفِیْ اَحْسَنِ تَقْوِیْمٍ وَلَقَدْ کَرَّمْنَا بَنِیْ اٰدَمَ را اسرار ند کہ بغیر از مطالعہ کتاب خود و رجعت قہقری درخویش تا وصول بوقت الست بربکم نتواں فہمید ؎

خوں نابۂ دل خور کہ شرابے بہ ازیں نیست ٭ دنداں بجگر زن کہ کبابے بہ ازیں نیست

درکنز و ہدایہ الخ

البتہ بعد از تعمیل ہذا مقام ؎

الست از ازل ہمچناں شاں بگوش ٭ بفریاد قالوا بلےٰ در خروش

مشہود عینیت گردد مع ہذا نعرۂ

کس ندانست کہ منزل گہ معشوق کجا است ٭ ایں قدر ہست کہ بانگ جرسے مے آید

بر زنی ۔ عزیزا در ہمیں مثنوی بیت ذیل بنظر گذشتہ باشد ؎

ساغنے واکن عقال بعیر را ٭ بشنو از نے نالۂ شبگیر را

شرح آں و امثالش دفترے مے طلبد ضخیم مضامینش بمنزلۃ روح اند برائے جسم عوالم اربع مسطورہ بالا چہ مے گویم و چہ نویسم قلم و کلم ہر دو معترف اند بعجز و نادانی ۔ سُبْحَانَہٗ ۔ سُبْحَانَہٗ ۔

حافظ علیہ الرحمۃ راست فرمودہ ؎

خلوت گزیدہ را بہ تماشا چہ حاجت است ٭ چوں کوئے دوست ہست بصحرا چہ حاجت است

و برطبق نالۂ شبگیر مندرجہ شعر بالا چہ خوش فرمودہ ؎

شب تاریک بیم موج گرداب چنیں حائل ٭ کجا دانند حال ما سبکساران ساحل ہا

کہ اینجا از خود در خود رفتن و سوختن و ساختن است ۔ ایں مجموعہ عناصر

Marfat.com

ابا از سجدہ اور ہے اور جہالت یا ذرد کے ازالہ کے لئے کیوں کہنا اور چیز باقی جو کچھ کہ عریضہ میں عربی اشعار عرض کئے گئے تھے۔ موجب افشار درد کا بیان تھا۔ دُعا و استدعا ہے کہ اللہ تعالیٰ بطفیل مقبولانش ستاری و غفاری کا معاملہ جانبین سے فرمائے۔ بخدمت صاحبزادگان حفظہم اللہ تعالیٰ تسلیمات و دعوات۔ سب سے نیاز۔ سب کو ما وجب۔

دستخط قبلہ عالم

---

بروز یکشنبہ
۱۸ اکتوبر سنہ ۱۹۲۵ء

معظمی مکرمی حفظکم اللہ تعالیٰ ودامت عنایاتکم

تسلیم و نیاز۔ خوب فرشتہ بن کر لکھیں تو اور آدمی بن کر لکھیں تو بھی نامناسب اور بیجا نہیں۔ سیدنا ابراہیم علی نبینا و علیہ السلام کا سوال اگر (ولکن لیطمئن) کیلئے تھا۔ تو اسی طرح ملائکہ کا استفسار بھی ولکن لیطمئن نعوسنا پر مبنی تھا۔ نہ از روئے انکار و اعتراض و حسد اور اسی قسم کے اعتقادات و استفسارات عصمت مسلمہ فی الملائکہ والانبیاء علیہم السلام کیلئے منافی نہیں استفسارات کذائیہ دفعاً للجہل والتحیر صحابہ کرام علیہم الرضوان کے بحضور نبوی اور ملائکہ سے بجناب باری عز اسمہٗ سے ہوتے رہے ہیں۔ کتب صحاح بکثرت ایسے واقعات سے مملو ہیں۔ مثلاً حدیبیہ میں قول فاروق اعظم رضی اللہ عنہ (السنا علی الحق یارسول اللہ) وسوال ملائکہ دفعاً للجہل درباره ادخال ایک عاصی جنت میں کما فی البخاری وغیرہ اس سے معلوم ہو سکتا ہے۔

Marfat.com

خلق وامر از حقیقت جامعہ خویش صدائے دکہ عشق آساں نمود اول و لوائے (فحملها الانسان) برزدہ ولوم (اِنَّهٗ كَانَ ظَلُوْمًا جَهُوْلًا) و صدمات (و لے افتاد مشکلها) برداشتہ و منظہر اسمائے تواب وغفار وامثال اینہا گشتہ خلعت تکمیل یعنی خلافت پوشاں بمنصۂ ظہور آمد وصلی اللہ تعالےٰ علیٰ انسانِ عین العالم واولہ واٰخرہ وعترتہ والہ ع "ایں زماں بگذار تا وقتِ دگر" والسلام خیر ختام

---

مہربان من چشتی صاحب مولوی تاج دین احمدؐ صاحب سلمہ

بعد اہدائے سلام مسنون الاسلام عذر عدم تعمیل عنایت نامہ درباب شمولیّت جلسہ انجمن نعمانیہ لاہور مشرح رسانند والعذر ہوالعذر۔ والعذر عند کرام الناس مقبول

کیف لا وکل میسر لما خلق لہٗ

واین بے ہیچ از تہ دل دُعائے ترقی عروج مدرسۃ الاسلام مدرسہ نعمانیہ وحسن خاتمہ متعلقانش از معلمین ومتعلمین ومعاونین بدرگاہ آں مجیب المضطر وکاشف السوء مینماید۔ اغلب آنکہ ایں خلوص تدارک ما فات من الحضور الجسمانی خواہد نمود۔ مکرمی جناب مولوی غازی صاحب بلاہور رسیدہ باشند۔ تجدید اقامت آں جا از حضرتِ اوشاں باید طلبید وہر لحظہ در حُسنِ نیّت وتفویض کُلّی بحضرت حق جل وعُلا باید بود۔ کہ بغیر ازیں امید حصول دولتِ جاودانی بطالت وجہالت

Marfat.com

نوٹ جناب کا آخری نوٹ (اگر جسارت سمجھی جائے تو فرشتہ بن کر عرض کیا ہے نہ آدمی بن کر الخ) جسارت ہے دربارہ معصومین۔

اُن کا من یفسد فیہا و یسفک الدماء کہنا

از قبیل اظہار موجب تعجب تھا نہ از روئے حسد۔ ایسا ہی ونحن نسبح بحمدک و نقدس لک بوجہ تکبر و خود پسندی نہ تھا بل تکمیلا لسبب التعجب)

بخاری میں ہے ایک گنہ گار کے لئے جس کا اعمال نامہ گناہوں سے پُر ہوگا۔ حکم ہوگا اس کو بہشت میں لے جاؤ۔ ملائکہ عرض کریں گے۔ کہ الہٰنا تو علام الغیوب ہے اس کا اعمالنامہ گناہوں سے بھرا ہوا ہے۔ حکم ہوگا کہ بیشک بھرا ہوا ہے۔ مگر دنیا میں یہ عاصی میرے ایک مقبول بندے کے پاس حاضر ہوتا تھا۔ اس پر ملائکہ عرض کریں گے۔ کہ دنیوی مطلب کے لئے جاتا تھا نہ کہ للہ۔ حکم ہوگا۔ جس طرح جاتا تھا۔ میں اپنے بندوں سے وعدہ کر چکا ہوں ہم قوم لا یشقی جلیسھم زیادہ نیاز

بخدمت صاحبزادگان حفظہم اللہ تعالےٰ تسلیمات و دعوات سب سے

ماوجب

---

۱۴۔ ربیع الثانی روز دوشنبہ

مکرمی معظمی حفظکم اللہ تعالےٰ

تسلیم و نیاز۔ عنایت نامہ کاشف ما فیہا ہوا۔ بیشک جانبین گو ایسے ہی ہیں

Marfat.com

دو امر مندرجہ بیت حضرت سعدی علیہ الرحمۃ را واجب التعمیل انگارند ؎

یکے آنکہ در خویش خود بیں مباش　　　دوم آنکہ در غیر بدبیں مباش

و اطاعت خالق عز اسمہ و خدمت خلق را نسخہ جامع برائے حصول شفائے ایمانی دانند ای مخلوق کان

پائے سگ بوسید مجنوں خلق گفتند ایں چہ بود گفت کہ گاہے ایں سگکے در کوئے لیلیٰ رفتہ بود

و مشرب ہذا را منافی امر معروف و نہی عن المنکر نہ پندارند کہ ایں از اہم مہمات شعب خدمت خلق است۔ زیادہ دعا۔ والحمد للہ اولاً و آخراً

العبد الملتجی الی اللہ المدعو مہر علیشاہ عفی عنہ بقلم خود

---

والانامہ دوم　　　در اوادم اربعہ　　　حامداً و مصلیاً

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط

برخوردار قائم علی حفظک اللہ تعالیٰ

بعد دعا و سلام آنکہ بجواب رقیمۂ آں مخلص کہ بتاریخ پنجم ماہ حال رسیدہ بود۔ قدرے تشریح مصراع فالعوالم اربعہ بنگر تمام نوشتہ بروز گذشتہ ششم ماہ حال فرستادہ شد امروز ہفتم ماہ حال نسخۂ دیگر ہماں مصراع را مشرح نمودہ۔ بتو میفرستم فاحفظہ۔

فالاوادم اربعہ بنگر تمام۔ آوادم جمع آدم است۔ و مراد از اوادم چہارگانہ چہار افراد اند۔ از نوع متحدہ الحقیقۃ متمایزۃ الخلق۔ یعنے آدم علیہ السلام و حوا علیہا السلام۔ و عیسیٰ علیہ السلام۔ و سائر ولد آدم علیہ السلام کہ ہریکے

Marfat.com

جیسا کہ جناب نے تحریر فرمایا ہے مگر یہ مستغاث منہ ہونے بطریق اصالت کے لئے مستبعد سمجھا جاتا ہے۔ نہ کہ علی سبیل الوکالہ کے لئے جیسا کہ عرض کیا گیا تھا۔ تاکہ آپ روضہ مقدسہ میں حاضر ہو کر استغاثہ پیش کریں۔ رہا سوال کیوں۔ سو اس کے متعلق جناب اسی عنایت نامہ میں تحریر فرماتے ہیں۔ کہ (غرض جو کچھ ہو میرا سوال نہ حسداً ہے نہ طعناً) بنابریں الحمدللہ کہ ملائکہ کی عصمت تو محفوظ رہی۔ اور پھر اسی عنایت نامہ میں ہے۔ کہ ملائکہ کو صفی اللہ سے .... ... نہ تھا۔ یا اب تک نہیں ہے۔ اب دیکھئے کہ جب وہ میرے اعمال نامہ میں یہ الفاظ ثبت فرما رہے ہیں تو اپنے امکان تک کہاں تک سزا دینے یا دلانے میں سعی فرما دیں گے۔ معروض ہے کہ جب سزا دیتے یا دلاتے میں حتی الامکان کوشاں ہیں تو پھر برخلاف تصریح جناب مسطور الصدر ملائکہ حاسد بھی ہوئے۔ اور طاعن بھی مزید برآں معاند سزا دلانے والے بھی۔

رہی جسارت سو وہ بھی موجودہ مروجہ زمانہ کے آداب و مصطلحات کو زیر نظر رکھتے ہوئے محسوس ہوتی ہے۔ نہ بلحاظ واقع موجودہ زمانہ کے لوگ تو اور تیں کو برا سمجھ کر لفظ آپ و جناب استعمال کرتے ہیں۔ اور عرب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو (ء انت قلت) سے خطاب کرتے تھے۔ ایسا ہی عالم ملائکہ میں لکھنوی تکلفات اداب عنوانیہ نہ تھے۔ اتجعل فیہا من یفسد فیہا کہنا ان کا بطریق اعتراض نہ تھا۔ بلکہ مقصود استفسار وجہ حکمت تھا۔ اور غیبت بنی آدم بقصد تحقیر و اہانت نہ تھی بلکہ بیان وجہ اشکال کے لئے تھی جو جائز ہے چنانچہ ہندہ زوجہ ابوسفیان کا بحضور نبوی مقولہ ہے کہ (ان ابا

Marfat.com

را خلقتے و ساختنے است مخصوص باوجود اشتراک در صورت و روحانیت
یعنی قادر مطلق و فاعل مختار فعّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ اظہار قدرت کاملہ
و تیرنگہاسے او فرمود تا کہ ضعیف العقل مغلوب الوہم زعم نہ کنند
کہ نشأہ انسانی را خلقت از سبب واحد است۔ کما ہو مزعوم المحجوبین
دیدہ اند۔ کہ۔ اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ خَلَقَہٗ مِنْ تُرَابٍ
شرح تحقیقت خلقت آدم علیہ السلام است۔ آدم علیہ السلام را بغیر پدر
و مادر و حوا علیہا السلام را از آدم علیہ السلام و عیسیٰ علیہ السلام را از
مادر و سائر بنی نوع را از مادر و پدر آفرید۔ حق سبحانہٗ تعالےٰ بعض
ملائکہ را امر فرمود کہ مشتے از ہر جنس خاک بیارند۔ او سبحانہٗ آں خاک را
گرفتہ ہر دو دست خمیر فرمود۔ کما قال (لما خلقت بیدی) و
پیش از خلقت آدم علیہ السلام نزد ہر یکے از ملائکہ ودیعتی برائے آدم
علیہ السلام نہاد و فرمود کہ (انی خالق بشرًا من طین) و قتیکہ او
را پیدا سازم ہر یکے از شما امانت را پیش او نماید و بدو سپارد
ثم اذا سویتہ ونفخت فیہ من روحی فقعوا لہ ساجدین
در پشت آدم ما کان فی قبضیہ را از سدار و اشقیا رنہاد۔ فسبحان
من جمع بین الاضداد فقال ہٰؤلاء فی الجنۃ ولا ابالی وھٰؤلاء
للنار ولا ابالی۔ فسبحان من صورہ وعدلہ وسواہ ثم نفخ
فیہ من روحہ۔ پس ہمیں نفخ اخلاط اربعہ۔ صفرا۔ سودا۔ خون۔
بلغم۔ در اجزاء او سریان کرد۔ صفراء از آتش کما قال عز من قائل

Marfat.com

سفیان رجل شحیح ای بخیل ممسک ولم یمنعہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من ھذہ الغیبۃ اور قول ملائکہ ونحن نسبح بحمدک ونقدس لک کا منشاء عجب و تکبر نہ تھا۔ بلکہ اس سوال کی معذرت کا اظہار ہے۔ علی بعض المحملات یعنی ہمارا سوال اس وجہ سے نہیں کہ ہم کو حکیم مطلق کی حکمت کاملہ میں کسی طرح کا شک ہے۔ کیونکہ ہمیشہ سے ہمارا وظیفہ تسبیح و تقدیس و تنزیہہ باری عواسمہ ہے۔ موجبات نقص سے۔ بلکہ ہمارے سوال کا منشاء ازالہ جہل تحصیل علم ہے۔ منجملہ وجوہ جہل یہ بھی تھی کہ اپنی تسبیح و تقدیس کو وہ کافی اور کامل سمجھے ہوئے تھے۔ جو خلاف واقعہ ہے۔ لہٰذا (ان کنتم صادقین) سے زیر عتاب ہوئے۔ اس قسم بیان غیر واقعی جس کو کوئی غلط فہمی سے بیان کرے از قبیل کذب مذموم نہیں کہا جاتا۔ البتہ (سبحانک لاعلم لنا الا ما علمتنا) سے ظاہر ہے۔ کہ ملائکہ ترک اولیٰ کے مرتکب ہوئے۔ کیونکہ سوال از تفاصیل وجوہ حکمت واسرار غامضہ خلاف اولیٰ ہے۔ جو اہل کمال کے شایاں نہیں۔ ھذا ما عندی والعلم عند اللہ ملائکہ نے بھی خاکی مخلوق کے بارہ میں کیا جو کچھ کہ کیا۔ مگر جناب بھی بحیثیت انتقام یا وکالت منجانب خاکیاں تعاقب کو چھوڑنے والے معلوم نہیں ہوتے۔ میرے خیال میں تعاقب یا انتقام کسی خلاف اولیٰ اور (لاعلم لھم) تک محدود ہونا چاہیئے اور بس۔

مخلص میاں نورالدین لاہوری کا تار مبارکبادی آمدہ از لاہور تاریخ ۱۱ ربیع الثانی کے ملاحظہ پر یہاں سے ارجنٹ تار مبارکبادی قطب پور کو بھی بھیجا گیا تھا۔ غالباً جناب کو پہنچا ہوگا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو مع اولاد واحفاد الی یوم القیامۃ مع متعلقین

Marfat.com

من صلصال کالفخار۔ وسودا (از خاک کما قال خلقه من تراب) و
وخون از ہوا کما قال (مسنون) چہ بعد از تغیر ریح بسبب ہوا (مسنون) گشته۔
وبلغم از آبے کہ بدو خاک گل نموده شده باز در و قوت جاذبه و ماسکه
و ہاضمه و دافعه و غاذیه و منمیه و حاسه ذہبالیه۔ و وہمیه و حافظه و
ذاکره من حیث ہو حیوان عنایت فرمود البته قوا اربعه قوت خیال و وہم
حفظ۔ ذکر در انسان اقوی است از سائر حیوانات باز انسان را بقوت
مصوره و مفکره و عاقله مختص فرمود۔ ثم انشاناه خلقا آخر او را بهم قوے
مذکوره دراک۔ حیّ۔ عالم۔ قادر۔ مرید۔ متکلم۔ سمیع۔ بصیر نمود فتبارک
الله احسن الخالقین۔ حتی که او را بهر اسمی از اسمائے خویش متخلق و
محفوظ گردانید بقدر معلوم و محدود۔ این معنی منجمله معانی (ان الله خلق
آدم علی صورته) محملیست غیر بعید و بسبب این تخلق و تجلی شایان
خلعت خلافت گشته (انی جاعل فی الارض خلیفة) و وجه قید فی الارض
نیز این تخلق باخلاق الله و اتصاف باوصاف الله است چه حدوث و
ظهور آثار۔ اسما را محلی باید حسب تغیر و تبدل مثل زمین که از عالم تغیر
است نه آسمان و جنت و قید (بقدر معلوم و محدود) مذکوره
بالا و نیز اصالت و انعکاس مابه الامتیاز است مابین عبد و معبود باقی
ماند وجه تخصیص اتصاف باہل الله و ہو ہذا قابلیت انعکاس شمسی علی
حسب اختلاف القوابل لطافة و کثافة مختلف میباشد بنا بریں روشنی
زمین بروشنی آئینه نمے ماند که اشعات و لمعات او را نقریبا اشعات و

مخلصین ہمیشہ حساد و اعداء سے محفوظ رکھے۔ سب سے۔ سب کو سب کچھ۔
بخدمت صاحبزادگان حفظہم اللہ تعالیٰ تسلیمات و دعوات سب کو ما وجب۔
(نیازمند از گولڑہ بقلم خود)

---

معظمی و مکرمی حفظکم اللہ تعالیٰ من المکروہات دامت عنایتکم

تسلیم و نیاز۔ عنایت نامہ معہ تار موصول ہو کر موجب تشویش نیازمندان ہوا۔ مگر بفضلہ تعالیٰ (لا تحزن ان اللہ معنا) بوجہ اساسیت شریعت غراء کامل سہارا اور بھروسہ دے رہا ہے۔ گو تکوین ارادہ مرضیات و غیر مرضیات دونوں پر حاوی ہے۔ مگر ملحین و متضرعین کا الحاح ولو کانوا عصاۃ فتراک رحمت و غفران کو بتوفیقہ چھوڑنے کا نہیں۔ بعض مقبولین ملہین کا مقولہ رباعی ذیل ہے:۔

بازآ بازآ ہر آنچہ ہستی بازآ　　گر کافر و گبر و بت پرستی بازآ
ایں درگہ ما درگہ نومیدی نیست　　صد بار اگر توبہ شکستی بازآ

بار تشویش کو نیازمندوں پر چھوڑیں۔ اور متوکلاً علی اللہ منتظر رحمت و عفو رہیں زیادہ زیادہ والحمد للہ اولاً و آخراً والصلوٰۃ والسلام منہ باطناً علیہ ظاہراً و علیٰ آلہ و صحبہ طراً۔ العبد المشتکی والملتجی الی اللہ المدعو مہر علی شاہ

---

نقل خط حضرت سجادہ نشین حبیب تونسوی ضابطرف غوث الزمان حضرت قبلہ عالم گولڑوی دام ظلہم العالی

دل تھا سو تیرے عشق میں آگے ہی دے چکے　　اک سر رہا تو اس سے بھی اب ہاتھ دھو چکے
اب کیا رہا کہ اس سے رقیبوں کا ڈر کریں　　ہم تو بتوں کی جان کو پہلے ہی رو چکے

Marfat.com

انوار آفتاب میگویند۔ بخلافِ زمین۔ این است تمثیل فرق ما بین اتصافِ اہل اللہ و اتصافِ عوام۔ اینجا است کہ درہبا یا بلسان حکماء ہیولئے اوّل ازہمہ کائنات حقیقۃ محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام۔ قبولِ فیض و انعکاس تجلّی نوری نمود و قریب تر از ہمہ مردم بآں حقیقت امام الاولیاء و سر الانبیاءؑ علی ابن ابی طالب رضی اللہ تعالےٰ عنہ بود۔ کما صرح بہ الشیخ الاکبر قدس سرہٗ الاطہر۔ پس اعتراض بعض نا اہلان بر فقرہ (المتخلق باخلاق اللہ و المتصف باوصاف اللہ) کہ مندرج است در سلسلۂ عالیہ چشتیہ ساقط گردید۔ روشنی زمین ہماں روشنی آفتاب است مگر آفتاب را اصالتاً و زمین را انعکاساً سمع بصر ارادہ زید ہماں سمع و بصر و ارادۂ حق است سبحانہ و تعالیٰ الا للحق سبحانہ و تعالےٰ احاطۃ تامۃ۔ الا انہٗ بکل شیئٍ محیط۔ و زید را بطریق لقص فما للتراب و رب الارباب باز این خلیفہ مبتلی ببلیات متعددہ و متنوعہ از جہت ظہور آثار مختلفہ گشت لیبلوکم ایکم احسن عملاً، ودلے افتاد مشکلہا) عزیزا ترتیب و تنوع کیفیت خلقت او اوادم اربعہ را حق سبحانہ و تعالےٰ بر طریق کلمہ جامعہ در آیۃ (یا ایھا الناس انا خلقناکم من ذکرٍ و انثیٰ) ارشاد فرمود از خلقناکم خلقت آدم علیہ السلام و از (من ذکر) خلقت حوا علیہا السلام و از (انثیٰ) خلقت عیسیٰ علیہ السلام و از مجموع (ذکر و انثیٰ) من حیث المجموع سائر اولاد آدم۔

باید دانست کہ بہ ہیں بیچارہ ہرچہ افتاد از مداخلت خود و تامل قوۃ مفکرہ افتاد چہ خوش بودے اگر ہمگی خود را بدست علیم مطلق دادے۔

Marfat.com

جواب از قبلہ عالم گولڑوی دام ظلہم العالی

دل سرکور دہے تھے بامید مرحمت ۔۔۔ مارے مرے تھے اُسنے مجرم بھی ہو چکے
جادو بھری رسیلی پہ فن نگاہ کسو کی ۔۔۔ پھر ہم ہی ان کے سامنے ملزم بھی ہو چکے
بُروں کو جانے دیجئے بھلوں کو دیکھئے ۔۔۔ در در رلا کے ہم کو پھر خود ہی رو چکے
سننے میں بھی شرابی بیاں چھلک کے دوڑا ۔۔۔ یتیم پیارا اللہ پڑھتے بھی سو چکے
جنون ہے کس ادا کی شوخی ہے کس بلا کی ۔۔۔ یا اُن کا کچھ ہے بگڑا یا ہم ہی کھو چکے

بابا کے در پڑے ہیں مہر اُس پہ ہے توقع
یا وہ سنور گئے اب یا ہم ہی ہو چکے

---

از تونسہ شریف

یادم نمے کنی و زیادم نمے روی ۔۔۔ عمرت دراز باد فراموش کار من

جواب قطعہ معذرت

ہے پابند طاعت عقیدت ہماری ۔۔۔ نہیں پیش دستی کی ہمت ہماری
یہ باعث ہے خط کے توقف کا اصلی ۔۔۔ مبادا نہ بے جا ہو سبقت ہماری

از تونسہ شریف

اے وعدہ فراموش کروں کیوں نہ شکایت ۔۔۔ تو نے تو یہ وعدہ کیا تھا دم رخصت
بھولونگا کبھی تجھ کو نہ میں تا بقیامت ۔۔۔ گر یاد نہیں ہم تھے تو پھر کیوں از رہ الفت

خط نہ نوشتی و مرا یاد نہ کردی
گا ہے بزباں قلم شاد نہ کردی

Marfat.com

چنانچہ در یوم الست دادہ بود۔ و بطفیل و تصدق ہمیں سپردگی مصیب در جواب بلیٰ شدہ واز ہمیں جا کلمۂ انبیاء کلمہ واحدہ ہست ولو اختلف الملل والنحل وکسانیکہ در علم باللہ اخذ از قوۃ مفکرہ نمودند۔ قالوا ما قالوا وما اتفقوا علیٰ کلمۃ واحدۃ فالاسوۃ الحسنۃ والصراط المستقیم ہو التفویض الکلی الی الحق سبحانہ ولہ الحمد والیہ المشتکیٰ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ۔ از ہمیں سپردگی موہوبی است اصابت وجرأت ایں بے ہیچ در مقابلہ دجال وابلیس در عالم رویا بعمر ہفت یا ہشت سالگی تخمینا۔ چنانچہ ذکر ایں ماجرا گوش گذار بعضے از احباب نمودہ ام بضاعت قلیل بذریعہ منی آرڈر برائے نعمانیہ حفظہا اللہ امروز یا فردا فرستادہ خواہد شد آں عزیز میداند کہ حال ایں جانب مثل حال قائلہ (آس پاس پلاّ وچوں خیر سلّا) است تا دم حال صاحب زکواۃ نیم۔ والحمد علیٰ ذالک ایں نفس از ہمت دون منست ورنہ چونکہ خدا داریم۔ ہمہ داریم اللّٰھم لک الحمد والیک المشتکیٰ۔ (بیاز مند اہل اللہ مہر علیشاہ بقلم خود از گولڑہ)

---

والانامہ سوم در تشریح والانامہ دوم) وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ درآیۃ (یاایہا الناس انا خلقنا کم من ذکر وانثیٰ) بیان انواع اربعہ برائے جسم انسانی واختلاف لحاظ است۔ مقدمہ

۱۔ خلقت آدم علیہ السلام قال اللہ تعالیٰ خلقہ من تراب)

Marfat.com

جواب از قبلہ عالم ادام اللہ برکاتہم

ہوں وعدہ کا پکا نہ کرو میری شکایت — میں نے تو یہ وعدہ کیا تھا دم رخصت
بھولونگا کبھی آپکو نہ میں تا بقیامت — ہے یاد مجھے آپکی ہر لحظہ بالفت
ہے یاد صفت دل کی نہ کاغذ نہ قلم کی — جب یاد ہو دل میں نہیں حاجت ہے قلم کی

---

بیت

خیز تا از در مے خانہ کشادی طلبیم — بہ در دوست نشینیم مرادے طلبیم
اشک آلودہ ما گرچہ رواں است ولے — برسالت سوئے آں پاک نہادے طلبیم

مکرمی و معظمی!

تسلیم یاد فرمائی کا شکریہ اس طرح سے جس طرح سچے طالب کو بصورت محویت ہونا چاہیئے قبول ہوئی اشعار کی جرأت اور حسب موقعہ تحریر کی صد دل قربان۔ ایک دلی خواہش کا اظہار انشاء اللہ تعالیٰ ۱۸ ذوالحجہ صبح کو بروز دوشنبہ بشرطیکہ غرہ جمعہ ہو۔ اور ۱۷ کو اگر شنبہ ہو دریا خان کے اسٹیشن پر موجود ہونگا۔ امیدوار ہوں۔ کہ ذات عالی جو کہ مجسم تفریح داعی ہیں۔ مفرح روح رواں ہوں گے کہ تاریخ انعقاد نکاح شب جمعہ یا خمیس ہوگا۔ چونکہ فقیر دنیاوی رسوم کے خطوط کا مشتاق نہیں۔ حرف گیری نہ فرماویں گے۔ کہ پراگندہ خاطر پراگندہ دل ہوں زیادہ بجز تاکید عرض کیا لکھوں۔ صاحبزادہ عالی وقار کو دعا ترقی مدارج سب سے خصوصاً مولوی گوہر علی صاحب سے نیاز تسلیم برخوردار سے نیاز

(الراقم آپکا محمود)

Marfat.com

۲۔ خلقت حوا از ضلع آدم علیہ السلام (کما ورد فی الحدیث)

۳۔ خلقت عیسیٰ علیہ السلام از مادر بغیر پدر است۔ کما ھو مفاد التشبیہ فی قولہ تعالےٰ ان مثل عیسیٰ عند اللہ الی الاخرۃ الایۃ

۴۔ خلقت سائر ناس از نطفہ۔ کما ورد فی القرآن الکریم

ازیں جا بہ ثبوت پیوست کہ نشا جسم آدم علیہ السلام و جسم حوا و جسم عیسیٰ علیہ السلام و اجسام سائر الناس بر یک نمط و از سبب واحد نیست۔ آیۃ مذکورۃ الصدر را از جوامع الکلم ازیں جہت شمردہ اند کہ باختلاف لحاظ ہر چہار خلقت مذکورہ را شامل است چہ منادیٰ یعنی (الناس) و ضمیر (کم) آدم علیہ السلام و حوا و عیسیٰ علیہ السلام و سائر بنی نوع را حاوی است پس وقتیکہ از منادیٰ و از ضمیر (کم) جسم آدم فقط ملحوظ داریم گویا (انا خلقنا آدم) مبین کیفیت خلقت مخصوصہ بآدم علیہ السلام یعنی بغیر ذکر و انثیٰ گشت علیٰ ہذا القیاس چونکہ از (الناس) و (کم) حوا بوجہ ذکر ضمنی گرفتیم (ومن ذکر) را نیز ملحوظ داشتیم از ہمیں آیت کیفیت پیدائش حوا از ذکر یعنی آدم علیہ السلام بظہور پیوست ہمیں طور وقتیکہ از منادیٰ و ضمیر عیسےٰ مراد داشتیم و با (خلقنا کم) صرف (انثیٰ) ملحوظ کردیم مخصوصہ خلقت عیسیٰ علیہ السلام بر آمد۔ چنانچہ اگر از منادیٰ و ضمیر (کم) سائر افراد انسانی ملحوظ داشتیم و مجموعہ (من ذکر و انثیٰ) نیز پس کیفیت مخصوصہ خلقت سائر بنی نوع مفہوم خواہد گردید۔ ایں است طریق جامعیت آیۃ مذکورہ نہ آنکہ واو برائے

Marfat.com

یہ پیدیاد صبا دوشم آگہی آورد　　　که روز محنت غم رد بکو تہی آورد
بمطربان صبوحی دہیم جامۂ چاک　　　بایں نوید کہ باد سحر گہی آورد

سیدی وسندی اعطاک اللہ واحیاک مع الصحۃ حیوٰۃً طیبۃً تسلیم تسلیم تسلیم برغم رقیباں اجازت بخشی کہ باریابی محفل حسب ارشاد ہزار ہزار شکر تعمیل لارشاد کمر بستہ ایم۔

عشق تو برنوشت من مہر رخت سرشت من۔ خاک در بہشت من راحت من رضائے تو

ازیں حاضری وازاں غیر حاضری آنچہ بر نیاز من شمار رفتہ دبخواہد رفت شنیدہ باشد۔ فردا شنوند۔ نیز مصرع　　مراعات صدکن برائے یکے

مثل گشتے از نفس فرشتگاں　　قال دہقاں عالمے سیکشم از برائے تو

براستیشن دریا خان مجاز شدیم۔

بیت　　فغاں کہ نرگس مخمور شوخ شہر آشوب
نظر بہ دردکشاں از سر حقارت کرد

واللہ بولسہ مقدسہ رسیدہ قدم خدام بوسی را عازم بودم نے نے عمداً غلط گفتم بلکہ　　یقیں کہ نرگس مخمور شوخ شہر آشوب
نظر بہ دردکشاں از سر عنایت کرد

صاحبزادہ اطال اللہ عمرہ و اتم قدرہ کیجہ متمیں نیاز خصوصاً مولوی علی گوہر صاحب کیجہ متمیں نیاز تسلیم۔

Marfat.com

جمعیت نیست۔ قال الشیخ الاکبر قدس سرہٗ۔ ثم ان اللہ قد جمع ھذہٖ الاربعۃ الانواع من الخلق فی ایتہٖ من القران فی سورۃ الحجرات فقال یا ایھا الناس انا خلقناکم یرید ادم من ذکر یرید حوا وانثی یرید عیسی علیہ السلام ومن المجموع ای من ذکر وانثی معا بطریق النکاح والتوالد یرید بنی ادم فھذہ الایۃ من جوامع الکلم وفصل الخطاب الذی اوتیۃ محمد صلی اللہ علیہ وسلم واصحابہ وسلم انتہی

ومعلوم آں مخلص است کہ ذہن راظرف خلط والتعریہ زیں جہتہ مے گویند کہ مؤلف افرادی فرادی بدوں صورت تالیفیۃ لحاظ کردہ میتواند و باعث بریں آنست کہ بغیر لحاظ خلط تعریہ یعنی مجموع وفرادی فرادی باوجود عموم منادی وضمیر (کم) استقامت معنی واعجاز جامعیت سورۃ نہ بندد۔ چہ درصورت دیگر فقط بیان خلقت سائے بنی نوع خواہد بود۔ نہ آدم علیہ السلام وحوا وعیسٰی علیہ السلام مزید بریں از تکلف تخصیص نیز مبرا نہ خواہد بود۔ وبہ تقدیر تنزل میگویم کہ تلویحات ولمعات را با دلالت وضعیہ چہ کار۔ آنچہ متعلق جملہ ذیل دعا نامہ ام (چہ خوش بودے۔ اگر ہمگی خودرا الخ) استفسار نوشتہ اند کہ اُس کا پیانا کیا قصور ہے۔ بجواب ش اینجا ہمیں قدر ضروری معلوم مے شود کہ استفسار ہذا چونکہ منجملہ شعب مسئلہ جبر و الاختیار است لہٰذا چہ گونگی حل او انہ کیفیت حل مسئلہ مذکورہ امکانا یا امتناعاً از کتاب فصوص وامثالش

Marfat.com

از تونسہ ۷ بجے کا وقت ربیع الثانی

منم کہ بتو نفس میرزم زہے خجلت  مگر تو عفو کنی ورنہ چیست عذر گناہ

ملجائی ورجائی زاد عنایتکم۔  وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

جناب جس قدر بغرض عزت بخشی ایں عاصی اسفارش فیاض طبع مبارک قلم مجسم کرم کو ہدایت فرماتے ہیں موجب شکستگی نگاہ ایں پُراز گناہ ہوتا ہے۔ کہ اپنے آپ کو خالی از اوصاف مندرجہ پاتا ہوں دعا فرماویں کہ رب رحیم محض اپنے فیض ذاتی سے بحال ایں خاکسار رحم فرما کر توبہ نصیب کرے۔ آمین۔ شوق ملاقات نے بیچین کر رکھا ہے۔ اور یقین ہے کہ طرفین کو تاثیر ہوگی۔ مگر مختار اور مجبور کے درمیان تفاوت معلوم۔ مجبوری ظاہری باطنی جناب سے مخفی نہیں۔ آئندہ مالک

میں ہوں آپ کا محمود

بصاحبزادہ والاقدر عمر دراز دعوات ترقی مدارج بجمیع خدام خصوصاً مولوی صاحبان سلام تسلیمات از برخوردار احمد نیاز از عبداللہ شاہ تسلیمات از نیازمند منشی نیاز علی یاب از مکرمان بندہ جناب مولوی صاحب نیاز۔ باقی فقرا سے نیاز۔

---

حضرتی مولائی عمّم فیضکم وزاد عنایتکم

تسلیم ونیاز۔ عالیجناب میں حاضری کیلئے اجازت واعزاز بخشی کا شکریہ۔ ورنہ من آنم کہ من دانم یہ غریب نوازی ہے

نہ دوری دلیل صبوری بود  کہ بسیار دوری ضروری بود

کے مطابق نیازمند بھی معذور ومقصر رہا۔ ہاں بیشک حسب اشعار ذیل کسی قدر سہارے

Marfat.com

باید طلبید۔ استفسار سویم از سپردن ملائکہ ودائع را بآدم علیہ السلام رفتہ بود۔ جواب افراد ازیں ودائع علوم ملائکہ است کما قال الشیخ قدس سرہ وجعل هذه الملائكة كالولاة على ما احدثه سبحانه دونهم من العالم من عليين الى اسفل السافلين ووهب كل ملكٍ من هٰؤلاء الملائكة علمُ ما يريد امضاءهٗ فى العالم انتهى۔ وکیفیت ایں موہبت را بعد حصول نسبت وتشبیہ بملاءِ اعلیٰ خواہی دانست کہ چہ گونہ تلقی فیض وعلوم از ملاء اعلیٰ حاصل بشود۔ ایں است ما استقر مجملاً والتفصیل يقتضى بسطاً فى الكلام۔ والسلام خیر ختام۔ العبد الملتجی الی اللہ المدعو بمہر علیشاہ عفی عنہ

## والانامہ چہارم درمزید تشریح
### (بجواب جناب چشتی محرم علی صاحب)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بعد حمد و صلوٰۃ از ہیچمدان دلدادۂ اہل اللہ مہر علیشاہ محبی فی اللہ ومخلصی للہ چشتی محرم علی صاحب مطالعہ نمائند۔ کہ استفسار متعلق تفسیر حضرت شیخ اکبر قدس سرہ الاطہر مندرجۂ محبت نامہ از نظر قاصر در گذشت نوشتہ بودند۔ کہ مراد از آیۃ یا ایها الناس انا خلقناكم من ذكرٍ وانثى۔ افراد ناس موجودۂ زمانہ نزول وبعد ستش ہستند نہ کسانیکہ قبل از نزول آیۃ گذشتہ اند۔ چہ ارادۂ ایں معنی عام را از صیغہ (یا ایها الناس

نے بھی مقام رکھا ہے۔

ماللنوی ذنب ومن اھوی معی ان غاب عن انسان عینی فھو فی (مردمک)

قال الآخر

ومن عجبا انی ارید لقائھم واسئالھم عنھم داعی وھم معی

وتطلبھم عینی وھم سوادھا (مردمک) ویشتاق ھم قلبی وھم بین اضلع

وصل میں ہجر اور ہجر میں وصل کی وجہ سے عمر ایسی کشمکش میں بے چینی سے گذری۔

ومافی الارض اشقی من محب وان وجد الھوی حلوا المذاق

فیشکوان نأو شوقا الیھم ویشکو ان دنوا خوف الفراق

محض کمال عنایت اور مجسمہ نجابت کا اقتضا ہے کہ ایسے ناکاروں نام لیواؤں کو بھی اسی عالیجناب میں شرف یاد آوری حاصل ہے۔ ورنہ لسان حال تو عرصہ ۲۲ سال سے جس وقت سے آپ حضور رحمۃ اللہ تعالیٰ عنہ کی معیت میں پاکپتن شریف تشریف لائے ہوئے تھے۔ بمضمون ذیل ذاکر رہی او رہے اور ہوگی سہ

یاسادتی ھل یخطرن ببالکم من لیس یخطر غیرکم فی بالہ

حاشا ھا ان تغفلوا عن حال من ھو غافل فی حبکم عن حالہ

بحیالکم ان کان غیری یکتفی بوصالہ فانا الذی لا اکتفی الخ

ہندی سہ جیتے رہیں تو آن ملیں گے درس پاویں گے اس نگری۔ دعا فرماویں عوائق سے فارغ ہو کر جلدی قدم بوس ہوں۔ بخدمت حضرتی و مولائی جناب صاحبزادہ احمد صاحب اطال اللہ عمرہٗ تسلیم و نیاز کے بعد گستاخی مشغولی العلم سب سے سب کو نیاز والباقی عند التلاقی۔

Marfat.com

یا ایھا الانسان) شاہدے نیست از قرآن کریم۔ پس شمول آیت مذکورہ
اصناف اربعہ را کما قال الشیخ رضی اللہ تعالیٰ عنہ چہ معنے دارد مہربانا
آیت مسطورہ بالا از اخبار و واقعات است نہ از قبیل احکام و شرائع
پس نظر بعموم الفاظ و واقعیت احاطۂ معنے ارادۂ مطلق نوع انسانی
قباحتے ندارد۔ بلکہ ہمیں خصوص و عموم مضمون قرینہ باشد بر خصوص و عموم
منادی۔ نمے بینی کہ در آیت کریمہ (یا ایھا الانسان انک کادح الی ربک
کدحا فملاقیہ) عموم مضمون دال است بر عموم منادی یعنے مطلق نوع
انسانی۔ چہ عمل کردن و جزائش یا فتن یا ملاقات بارب خود نمودن مخصوص
نیست بفرد دون فرد۔ و در ہمچنیں مواضع خصوص خطاب و ندا و مطلوب
قصدے علی ابلغ الوجوہ مستفاد مے شود۔ چہ اولاً معاملہ پیش آمدنی مطلق
افراد انسانی بیان فرمودہ بعد ازاں متوجہ بخصوص منادی گشتہ در حق افراد
موجودہ زمانہ نزول فرمودہ اند کہ (فما لھم لا یؤمنون) مراد از ضمیر ہم
افراد انسانی زمانۂ نزول اند و بس ازینجا است کہ مے گویند العبرۃ
لعموم اللفظ لا لخصوص المورد۔ و نیز التخصیص بعد التعمیم اوقع
فی النفس) و نیز فصار کدعوی الشئ ببینۃ و برہان فتفکر و در آیت (یا
ایھا الناس اعبدوا ربکم الذی خلقکم والذین من
قبلکم مراد از ناس) افراد انسانی موجودہ زمانہ نزول و بعد بشر ہستند
مراد از (اعبدوا) عبادت مخصوصہ است علی نہج الشریعۃ المحمدیۃ علی صاحبہا
الصلوٰۃ والسلام۔ حالا می آئم بسر آیۂ مسطورۃ الصدر و محل بحث

Marfat.com

جناب کا خاکپوس سیال شریف میں متواترہ عنایت نامجات کی وجہ سے صرف تین چار روز کے لئے حاضری کا ارادہ رکھتا ہے واپسی پر چہلم کرنے کا ارادہ ہے۔ تسلیم تسلیم تسلیم ؁

---

مکرمی معظمی دامت توجہاتکم

تسلیم و نیاز۔ عنایت نامہ و ما فیہا من الاشعار کا شکریہ۔

نیازمند کی طبیعت بدستور علیل ہے۔ جناب کی طبیعت چونکہ بوجہ رقت قلبی و ذرہ نوازی نیازمندوں کی تکالیف سننے سے متاثر ہوتی ہے۔ لہٰذا عرائض میں توقف ہوا۔ اور انتظار حصول صحت رہا تاکہ شفایابی کی خبر موجب فرحت و خوشنودی جناب ہو۔ نیازمندوں کی خوشنودی اور سب کچھ اسی میں ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ جناب کو مع اولاد کرام حفظہم اللہ تعالیٰ و سائر متعلقین و مخلصین مکروہات زمانہ و شر اعداء سے بحرمت مقبولان کے ہمیشہ محفوظ رکھے۔ بخدمت صاحبزادگان حفظہم اللہ تعالیٰ تسلیمات و دعوات۔ سب سے نیاز۔ سب کو ما وجب۔ العبد

نیازمند از گولڑہ تعلم خود

---

مکرمی معظمی حضرت خواجہ غلام محمود صاحب دامت عنایاتکم و حفظکم اللہ تعالیٰ

تسلیم و نیاز۔ تعزیت نامہ کا شکریہ۔ مکرما ایسے مقدس و شریف محسن ہستی کی مفارقت نے سب نیازمندوں کو اور بالخصوص راقم الحروف کو جو مورد عنایات

81212
Marfat.com

میگوئیم کہ نظر باتصال نظم منظومش خاص است بحق کسانیکہ خلقت شان از نزد ماده است بناءً علیہ مراد از منادی نیز ہماں افراد موجوده زمانہ نزول و بعد ازش خواہند بود۔ وحضرت شیخ را قدس سرہٗ ازیں معنی انکارے نیست بلکہ غرض آنست کہ بلحاظ وسعت الٰہیہ کما قال ان اللہ واسع وانساع کلامش وعموم مضمون معطوف یعنی (و جعلنا کم شعوباً وقبائل لتعارفوا) وعموم رسالت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کما قال صلی اللہ علیہ وسلم۔ کنت نبیاً وآدم بین الماء والطین وللہ در القائل ۔ الا بابی من کان ملکا وسیدا وآدم بین الماء والطین واقف فذاک الرسول الابطحی محمد له فی العلی مجد تلید وطارف بحدیکہ انبیاء سابقہ علی نبینا وعلیہم السلام از آدم تا عیسیٰ علیہم السلام ہمہ نائب محمدی ہستند وشرائع اوشاں نیز شرع محمد است البتہ قبل از ظہور جسم مطہر علیہ الصلوٰۃ والسلام انبیاء سابقہ استمداد از روحانیت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مے گرفتند وتبلیغ شرائع خود شان مے نمودند۔ وبعد از تکمیل دورهٔ فلک محمدی صلی اللہ علیہ وسلم قلم نسخ بر ملل سابقہ کشیده شد بمضمون آیۃ مذکورة الصدر ومحل بحث را عالم بطریق تقطیع وتعریہ گرفتن۔ کما حرر فی المکتوب السابق صحیح بلکہ انسب معلوم مے شود۔ لیکن در نظر عارف کہ بمشاہده تامۂ خود وسعت وانساع وعموم رسالت ومضمون کنت نبیاً وآدم بین الماء والطین را دریافتہ باشد لاغیر وعلی سبیل التنزل وتسلیم ان المراد

Marfat.com

کرم فرمائیہا حضرت قبلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا تھا۔ بحرِ درد وغم میں ڈال دیا ہے۔ جس کا تدارک مدت العمر ممکن نہیں۔ او سبحانہٗ وتعالیٰ حضرت کریم مرحوم مغفور کی روح مبارک کو اولاد کرام اور سب نیازمندوں کے سر پر اس طرح عنایت فرما رکھے۔ جیسے کہ حین حیات تھے۔ نیازمند بوجہ ناگفتہ بہ عوارض معدہ و دماغ و قلب قادر پور حاضر نہیں ہو سکا۔ کسی قدر افاقہ ہونے پر حاضری کا ارادہ ہے۔ گو میں اس قابل نہیں ہوں مگر حسب تعمیل ارشاد جناب دعا ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ جناب کو بطفیل مقبولان خویش موجبات رضا عطا فرمائے۔ زیادہ تسلیم و نیاز و استدعاء دعا۔

العبد

دعاجوئی و دعاگوئی مہر علی شاہ از گولڑہ

---

معظمی و مکرمی حفظکم اللہ تعالےٰ

تسلیم و نیاز۔ عنایت نامہ کا شکریہ۔ اللہ تعالےٰ بطفیل مقبولان خویش جناب کو استقلال و صبر مع کل نیازمندان عطا فرمائے۔ عوارض معدہ و دماغ و قلب اپنے ارادہ میں کامیابی سے روک رہے ہیں حضرت کریم رضی اللہ عنہ کو ایسے عوارض سے مطلع نہیں کیا جاتا تھا۔ اس وجہ سے کہ حضرت مرحوم کو تکلیف نہ ہو۔ البتہ استفسار و استمزاج پر عرض کی جاتی ہے اسی طرح جی نہیں چاہتا۔ کہ جناب کو تکلیف دوں۔ مگر چونکہ جناب کا ارشاد ہے۔ کہ کیفیت مزاج سے مطلع کیا کروں۔ کیفیت مسطورہ بالا عرض کی گئی۔

Marfat.com

خصوص المنادی فحسب مطلوب الشیخ قدس سرہ ایضاً حاصل فانہ قال رضی اللہ تعالیٰ عنہ (ثم ان اللہ قد جمع ھذہ الاربعۃ الانواع من الخلق فی اٰیتہ من القرآن فی سورۃ الحجرات الخ) وظاہر است کہ خصوص مورد و منادی در عموم و شمول مابعدش مخل نیست بحسب (العبرۃ لعموم اللفظ لا لخصوص المورد) مخل نیست ہذا آخر ما یتعلق بالکلام الشیخ رضی اللہ عنہ والسلام خیر ختام۔

العبد الملتجی الی اللہ المدعو مہر علیشاہ بقلم خود از گولڑہ

---

نقل سوالات جناب راجہ شیر محمد صاحب رئیس جیرہ جاگیردار خانپور مقام ہاغپور ہزاری المعروف بھیروبہ بمعہ جوابات عالیجناب حضرت قبلہ عالم گولڑوی دامت برکاتہم

منبع جود والاشان مرشد کامل ہادی آگاہ دل جناب حضرت پیر صاحب والئ گولڑہ شریف

بعد از ادائے آداب السلام علیکم۔ واشتیاق قدمبوسی ذات والا اینکہ چند امورات ضروریہ کی نسبت عارض ہونا از بس ضروریات سے تفاحش کرکے متکلف اوقات گرامی ہوں۔ جواب پیش کرکے امیدوار عطائے جواب باصواب کا ہوں۔

**سوال ۱**۔ کسی کے والدین یا کہ مولود راہی بقا ہوں۔ فریق باقی ماندہ اس کے واسطے کوئی تحفہ تحائف کلام اللہ یا خورد و نوش یا کہ چیز پوشیدنی

اور سب کو ما وجب۔ جناب کے نیاز مند غلام محی الدین کی جانب سے نیاز۔

العبد

نیاز مندی از گولڑہ بقلم خود

---

**جواب** حضور بجواب اس خط کے جو صاحبزادہ محمود صاحب تونسوی نے سجادہ نشین صاحب سیالوی کی تعزیت میں لکھا تھا۔

مکرمی ومعظمی حفظکم اللہ تعالیٰ وامرت توجہاتکم

تسلیم ونیاز۔ بحق حضرت سجادہ نشین صاحب مرحوم۔ جناب کی کمال عنایت فرمائی کا شکریہ۔ اللہ تعالیٰ بطفیل بارگاہ تونسوی صاحبزادہ قمرالدین صاحب کو ہر طرح کی لیاقت عطا فرماوے۔ میر صاحب مرحوم کے ممتازانہ وشریفانہ اخلاق کے یاد آنے پر ان کے احباب کو نیا صدمہ پہنچتا ہے۔ ذات عالی کو بدرجہا زیادہ صدمہ ہوگا۔ بوجہ علالت طبع زیادہ عرض نہیں کر سکتا۔

بخدمت صاحبزادگان حفظہم اللہ تعالیٰ دعوات وتسلیمات۔ سب سے نیاز۔

نیاز مند از گولڑہ

---

مکرمی ومعظمی حفظکم اللہ تعالیٰ

تسلیم ونیاز۔ یہ سن کر کہ طبع مبارک جناب زیادہ علیل ہے۔ سخت بےچینی ہے اور نیاز مند کو چکرانے دماغ وضعف قلب کے علاوہ عوارض معدہ وغیرہ حاضری سے مانع ہیں۔ اللہ تعالیٰ ذات عالی کو باصحت وعافیت دیر تک برسر اولاد وکرام وسائر نیاز منداں سایہ گستر فرمائے۔ نیادہ استدعائے دعا۔ العبد۔ نیاز مند از گولڑہ

Marfat.com

کی وجہ سے دے سکتا ہے جو کہ اس کو پہنچے۔

جواب :۔ محتاج کو طعام و پوشاک دینے کا ثواب اور کلام اللہ پڑھنے والے کو کلام اللہ دینے کا ثواب میت کو پہنچ سکتا ہے۔ ایسا ہی درود وغیرہ کلام الٰہی و فعل خیرات کا ثواب پہنچ سکتا ہے۔

سوال :۔ نقد روپیہ یا زیور یا کوئی خاص پارچہ جو اس اہل علم نے حیات میں طلب کیا ہو۔ اور میسر نہ ہوا ہو۔ اب وہ نقد دیا جاوے۔ تو کس وجہ سے۔ اگر پارچہ ملے تو اس کی قیمت دیجاوے گی یا کہ خود کس کو دیا جائے۔ اور کس طریقہ سے جو اس کو پہنچے۔

جواب :۔ وہ اشیاء جن کو متوفی نے بعینہ طلب کیا ہو۔ گو ان کی قیمت کا دینا محتاج کو متوفی کے لئے مفید و جائز ہے مگر ان اشیاء مطلوبہ بعینہ کا دینا مناسب تر ہے۔

سوال :۔ اگر پسماندہ کا خیال ہو کہ قبر پر جا کر اس کو بخشے تو کس طرف بیٹھے گا اور کس کلام مبارک کا ختم شریف کر کے اس کے ارواح کریگا کس تعداد تک آیا اس کے واسطے کوئی خاص مقدار ہے یا جس دن چاہئے۔

جواب :۔ میت کے منہ اور سینہ کے مقابل پشت بقبلہ ہو کر الحمد شریف مع الٓمٓ ذالک الکتاب لاریب فیہ مفلحون تک ایک مرتبہ اور قل ھو اللہ احد اخیر تک گیارہ مرتبہ پڑھے اور ثواب میت کو بخشے یا جو کچھ کلام اللہ یا کلمہ شریف یا درود شریف پڑھنا ہو سب کا ثواب بخش دے۔

Marfat.com

معظمی و مکرمی دامت عنایاتکم وحفظکم اللہ تعالیٰ

تسلیم و نیاز۔ مولوی حامد صاحب کا خط باجوڑ سے میرے پاس بھی مشتمل بر خیر خیریت پہنچا ہے۔ چنانچہ مولوی احمد صاحب کے پاس پہنچا ہے۔ مولوی احمد صاحب کے مطالبہ پر وہ آنا چاہیں تو آسکتے ہیں۔ نواب صاحب کی جانب سے روکاوٹ کسی طرح کی نہیں۔ یہی مضمون میں نے بجواب خط مولوی احمد صاحب ان کو لکھوا بھیجا ہے۔ رہا جناب کے عنایت نامہ میں فقرہ مندرجہ ذیل (ہنسی میں ٹال دی) اسی صورت میں مسلم ہوسکتا ہے۔ کہ مخاطب (راقم) کو معاذ اللہ لاپرواہی ہو اور اس کو کسی طرح کا رنج نہ بالذات اور نہ بالواسطہ) نہ ہو۔ اذ لیس فلیس۔

دراصل بات یہ ہے کہ جناب کا نیازمند اصول مروجہ مبتنی علیہا الاحکام سے ناواقف ہے۔ اور اُن جنٹلمینوں کا دستِ نگر جو حسب رائی خود کارگر ہیں۔ الانشر ذمنہ قلیلۃ ھذا ھوالوجہ آج کل فصوص درس میں ہے نہایت تھوڑا وقت تدریس کا نکالا جاسکتا ہے۔

اس کے مضامین سے حضرت اعلیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مذاق اور پرواز بقدر استعداد خود موازنہ ہوسکتا ہے۔ میں نے اس پر حضرت سیالوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سنا تھا۔ کہ کسی عالم نے حضرت اعلیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حافظ علیہ الرحمۃ کے شعر ذیل کا مطلب دریافت کیا تھا ؎

آن تلخوش کہ صوفی ام الخبائثش خواند　　اشھی لنا واحلیٰ من قُبلۃ العذاریٰ

درجواب اس کے آپ کا ارشاد تھا۔ کہ مولوی صاحب مصرعہ اول مرتبہ بشرط شئی اور دوسرا مصرع مرتبہ لابشرط شئی میں ہے۔ بس قل و دل اس کو کہتے ہیں۔ سراب

Marfat.com

سوال ۴:۔ اگر پس ماندہ چاہیں کہ اُس دوست گمشدہ کا دیدار کریں یا کہ وہ مجھے دیکھے۔ تو کس کلام شریف کے ذریعہ سے۔ ظاہری دیکھنا تو غیر ممکن ہے۔ مگر خواب میں دیکھا جاوے کہ وہ کون کلام مبارک ہو گی۔ اور کس تعداد تک پڑھی جاویگی اور کس وقت پر۔

جواب ۴:۔ رات کو سورۂ والشمس واللیل والضحٰی الم نشرح ہر ایک سورت سات سات مرتبہ پڑھ کر ان کا ثواب میت کو بخشے۔ اور پھر کسی سے کلام نہ کرے سو جائے۔

سوال ۵:۔ ارواح کا آنا اپنے گھروں میں آنا ہو سکتا ہے کس عرصہ تک ہر روز یا کہ خاص دن میں اگر خاص دن ہے تو کون ہے

جواب ۵:۔ ارواح کا تعلق کسی قدر بدن سے چالیس روز تک ایسا ہی ہر شب جمعہ و روز جمعہ ہمیشہ کے لئے ہوتا ہے۔ اس تعلق خاص کو آنا کہئے نہ یہ کہ عالم ارواح سے نکل کر جسم کی طرح انتقال مکانی کرتے ہیں۔ البتہ اُن کا در ایام مذکورہ خاص تعلق ایسا ہی اثر رکھتا ہے۔ جیسا کہ وہ خود آ گئے ہیں۔ یعنے بحیثیت مشیت ایزدی با خبر ہوتے ہیں۔ عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے۔ کہ بروز عید اور عاشورہ ماہ رجب کا پہلا جمعہ اور ماہ شعبان کی پندرہویں رات اور شب قدر اور ہر جمعہ کی رات میں ارواح قبروں سے نکل کر اپنے گھروں کے دروازوں پر کھڑے ہو کر اپنے پسماندگان سے سوال کرتے ہیں۔ کہ اس مبارک رات میں ہمارے ساتھ کسی صدقہ یا طعام سے امداد کرو۔ کہ ہم محتاج ہیں۔ کتاب دار السبحان

Marfat.com

ارضی عنہ وعن مشائخہ ومخلصیہ ومعتقدیہ والہ۔ دُعا فرماویں کہ
او سبحانہٗ وتعالیٰ بطفیل مقبولان خویش اپنی طرف متوجہ کرے اور نیازمند سے
سب کو واجب۔ صاحبزادگان کو تسلیمات و دعوات۔ بقلم خود

---

معظمی ومکرمی دامت توجہاتکم وحفظکم اللہ تعالےٰ

تسلیم ونیاز۔ عنایت نامہ مفصل طور کاشف ما فیہا ہوا۔ الحمدللہ کہ جناب کا
سفر بخیریت گذرا۔ نیازمند ۱۴ شوال مکان سے نکلا چند ایام راستہ میں بوجہ
سخت اصرار بعض مخلصین گذار کر سیال شریف حاضر ہوا۔ بتوسط اعلیٰ
حضرت رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے موجودہ حضرات نے بھی مہربانی فرمائی۔
الحمدللہ سیال شریف سے واپس ہوکر آج تیسری ذیقعد تک اسٹیشن
تک نہیں پہنچ سکا۔ غالباً ہفتہ عشرہ تک انشاءاللہ تعالیٰ مکان پر پہنچنے کی
امید ہے۔ زیارات اہل اللہ جیسا کہ جناب نے تحریر فرمایا ہے جسمانی و
روحانی صحت کیلئے بہترین نسخہ جات ہیں۔ شافی مطلق بطفیل مقبولانش
رحم فرماوے۔ بخدمت صاحبزادگان حفظہم اللہ تعالےٰ تسلیمات ودعوات
جناب کے نیازمند غلام محی الدین کے نیازنہ۔ سب نیازمندوں سے نیاز۔
جناب کا نیازمند چک ۵۶ بقلم خود

---

محمود ا

۱۵ جمادی الاوّل
۲۰ اگست بروز پنجشنبہ

معظمی ومکرمی جناب صاحبزادہ محمود صاحب لازال کاسمہ
وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ بمجرد وصول غلام مہدی از تعمیل ارشاد سامی

Marfat.com

للسیوطی وکتاب وثائق الاخبار امام عبدالرحیم صنہ۔ اس روایت سے ثابت ہوتا ہے۔کہ ارواح موتیٰ ایام مذکورہ اپنے گھروں کے دروازہ پر آتے ہیں۔

سوال ۷:۔ اگر پس ماندہ مہجور شدہ چاہے کہ مجھے صبر حاصل ہو توکس کلام شریف کے ذریعہ سے کس وقت اور کس تعداد تک ورد کرے گا۔اگر ازحد بے ہمت ہو توکس قدر پڑھے گا۔

جواب ۷:۔ اسم یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ ایکہزار مرتبہ بوقت اذان فجر پڑھے۔اگر اس قدر نہ ہو سکے تو ۳۰۰ (تین سو) مرتبہ پڑھے بعدازاں دل پر دم کرے۔

سوال ۸:۔ دوست مہجور شدہ کا مطلب ہو کہ دوست گم شدہ کا خانہ سکونتی کہ جس میں وہ مدفون ہے وہ منوّر ہو۔اور اعلیٰ قسم کی رحمتیں خداوندکریم جل شانہٗ سے اس پر نازل ہوں توکس کلام شریف کاکس قدر اور کس وقت اور کس دن میں اس کا ذکر کرے۔

جواب ۸:۔ اس جگہ کلام اللہ شریف پڑھے یا پڑھوائے۔ایسا ہی درود شریف جس قدر ہو سکے۔

سوال ۹:۔ اگر دوست گم شدہ عہد حیات خود میں کسی چیز خوردونوش کا زیادہ خواہش رکھتا تھا۔اب اس کو دوست مہجور شدہ کس وجہ سے پہنچاوے۔ ہر دن یا کسی دن خاص میں اور اس کی تجویز کیا ہو گی؟

جواب ۹:۔ ہر دن یا شب جمعہ یا جس وقت اور جس دن چاہے پہنچا سکتا ہے البتہ ہر شب جمعہ و ایام عید و عاشورہ وغیرہ مندرجہ جواب ۵ مقرر طعام

Marfat.com

سعادت حاصل نمودہ خواہد شد۔ (یادداشت) خیال شریف رہے کہ بعد حصول نیاز قبل از مجالس عرس شریف صرف چہ زمنٹ کیلئے علیحدہ بوقت شب بلایا جاؤں۔ زیادہ تسلیم و نیاز۔

## العبد

مہر شاہ از گولڑہ

اور نیز مکلف ہوں کہ حامل نیاز نامہ اولی اگر حضور میں موجود ہو اس کو مطلع فرمایا جاوے کہ بروز جمعہ آئندہ تاریخ ۲۳ دریا پر سواری کا فکر کرے۔

---

مکرمی و معظمی جناب صاحبزادہ غلام نظام الدین صاحب اعظم اللہ الصبر والاجر دامت توجہاتکم تسلیم و نیاز۔ کوہ غم کے نیچے دبے ہوئے کی یاد فرمائی۔ جناب کے اخلاق درویشی اور ہمت محمودی کا عکس ہے۔ مکرما! حضرت مرحوم نے رضی اللہ تعالے عنہ عرصہ سال کا ہوا ہے کہ بذریعہ تحریر نیازمند کو اطلاع بخشی تھی۔ (مجھے جتلایا گیا ہے کہ میں اس سال میں دار فانی سے رخصت ہو جاؤنگا) اللہ مرحوم کو مغفرت اور اولاد کرام کو معہ سائر نیازمندان کے صبر عطا فرمائے۔ عوارض معدہ و دماغ و قلب کی حالت معرض تحریر میں نہیں آسکتی۔ جس نے آج تک حاضری سے محروم رکھا ہوا ہے۔ مزید براں عوارض استماع خبر اس حادثہ جانکاہ نے بالکلیہ مضمحل کردیا۔ علالت معدہ کے متعلق کیا عرض کروں۔ کہ رات دن کئی دفعہ قضاحاجت کے لئے جانا پڑتا ہے۔ اور دل کا گھٹنا ہر وقت لازم ہے۔ خدا کرے۔ کہ کسی صورت حاضری نصیب ہو۔

Marfat.com

یا کلام یا کسی خیرات کپڑا وغیرہ کا ثواب پہنچانا ضروری ہے۔

**سوال ۹**:۔ کلمہ شریف یا کہ درود شریف کا ثواب بخشنا کسی کے واسطے جائز ہے یا کہ نہیں۔ سُنا گیا ہے کہ ناجائز ہے۔ اس کے واسطے کیا حکم ہے؟

**جواب ۹**:۔ جائز ہے۔

**سوال ۱۰**:۔ اگر دوست گمشدہ کسی قسم مویشی کی خواہش رکھتا ہو۔ از قسم عام مویشی یا کہ از قسم پرندگان اب اُن کا پہنچانا کس وجہ سے ہوگا۔ آیا وہ چیز زندہ دیجاوے یا کہ قیمت۔ اگر زندہ دینے کی خواہش ہو تو کس کو دیا جائے اور کس طریق سے دیا جائے۔

**جواب ۱۰**:۔ زندہ دینا محتاج کو بہ نسبت قیمت کے زیادہ مناسب ہے۔

**سوال ۱۱**:۔ یہ سوال وہی نمبر ۴ والا سوال ہے جواب اس کا وہاں ملاحظہ ہو۔

**سوال ۱۲**:۔ کہ مُلا جو قبر پر پڑھائے جاتے ہیں۔ وہ کس عرصہ تک پڑھتے رہیں۔ قرآن شریف ہی پڑھا کریں۔ یا کوئی اور کلام؟

**جواب ۱۲**:۔ جواب چالیس دن تک قرآن شریف پڑھایا جاوے مگر بلا شرط اُجرت۔ کیونکہ قرآن شریف پڑھنے کی اُجرت لینی دینی حرام ہے۔ ہاں اگر پڑھنے والے کو لالچ نہ ہو۔ اور دینے والا اُجرت سمجھ کر نہ دیوے تو جائز ہے مگر یہ مشکل ہے۔ لہٰذا اچھا ہے کہ دوست یا خویش اقارب جو بلا اُجرت پڑھنے والے ہوں پڑھیں۔

Marfat.com

جناب کے نیازمند غلام محی الدین و سائر نیازمندان سے نیاز۔ جناب کے سب متعلقین کی خدمت میں اظہار تاسف۔

العبد

جناب کا نیازمند مہر علی شاہ از گولڑہ

---

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حامداً و مصلیاً علی رسولہ الکریم

سیدی و سندی تسلیم و نیاز۔ مبارکنامہ گرامی نے شرف صدور فرمایا یہ مبارکیں عالمگیر خطۂ خاک پاک در سیال شریف کو ہی شایاں ہیں ؎

ازراہ گذرے خاک سر کوئے شما بود    ہر نافہ کہ در دست نسیم سحر افتاد

واقعی امر تو یوں ہے۔ شعر

شمس نورانی کہ نور مطلق است    در ہمہ آفاق نورش مطبق است

# اقتباس

خورشید ہی تہاں سے

گشت ظاہر فی العیاں در ذرۂ    شیر نر در پوستین برۂ

از پئے روپوشِ عامہ درمیاں    مہر شاہ شد مشتہر بر ہرلساں

چونکہ نور افشاند بر لاہوریاں    ظل مخروطی خفت فی الفادیاں

شب زرہ در روز از شب شد عیاں    فمحونا آیۃ اللیل بیاں

دیں عجب کاں شمس از نور قدم    تا تواں رابود خود صاحب علم

Marfat.com

# مکتوب چونتیسواں

ایک عریضہ کے جواب میں جو توارد احوال کی نسبت لکھا ہُوا تھا۔ نور محمد تہاری کی طرف صادر فرمایا ہے۔

الحمد للہ وسلام علی عبادہ الذین اصطفیٰ۔ اللہ تعالیٰ کا حمد ہے اور اُس کے برگزیدہ بندوں پر سلام ہو۔ آپ کا مکتوب شریف پہنچا۔ توارد احوال کا مضمون واضح ہوا۔ جاننا چاہیئے۔ کہ جس طرح حق تعالیٰ عالم میں داخل نہیں ہے۔ اس سے خارج بھی نہیں اور جس طرح عالم سے منفصل نہیں ہے۔ اُس کے ساتھ متصل بھی نہیں ہے۔ حق تعالےٰ ہے۔ مگر یہ دخول وخروج واتصال وانفصال کی سب صفتیں اس سے مسلوب ہیں۔ حق تعالیٰ کو ان چاروں صفات سے خالی ڈھونڈھنا چاہیئے۔ اور ان صفات سے باہر اس کو تلاش کرنا چاہیئے۔ اگر ان صفات میں سے کسی صفت کا رنگ مل جائے تو ظلال ومثال کی گرفتاری حاصل ہے۔ بلکہ حق تعالیٰ کو بیچونی اور کی صفت سے جس میں ظلیت کی نہیں طلب کرنا چاہیئے اور اس مرتبہ کے ساتھ بیچونی اتصال پیدا کرنا چاہیئے۔ یہ دولت صحبت کا نتیجہ ہے۔ کہنے اور لکھنے میں نہیں آسکتی۔ اور اگر لکھی جاوے تو اس کو کون سمجھیگا اور کون اس کو پائے گا۔ آپ اپنے کام میں رہیں اور ملاقات کے وقت تک کیفیات احوال کو لکھتے رہیں۔

والسلام۔

Marfat.com

انت تهدی انت تضل من تشاء — انت تعز انت تذل لی مرکرا
کیست دیار اندریں دار الوجود — غیر تو از غیرتت غیرت زدود
طرفة العینی نه از ما جدا — بس عجب از درد ہجراں نالہا
چشم عاشق بہر جستجوے جیاں — شد بخاک کوئے تو غوطہ زناں
گر نہ دادے نام پاکت دست را — کس ندیدے در جہاں آں مست را
از مسمی اسم چوں راند نفس — عالمے را گوش بر بانگ جرس
نام دادی از کرم دیوانہ را — نسخہ فیہ الشفاء مستانہ را
نام پاکت ساختہ ورد زباں — مہر تو را در دلش کردہ نہاں
خاصہ مستانیکہ مست انداز الست — مونس جبا ہائے شاں بد سوز لفت
آں مقیمان سر کوئے کسے — واں اسیران خم موئے کسے
راکعیں بر یاد ابروئے کسے — ساجدیں سرشار مہ روئے کسے
ہر دو عالم در ہوائش باختہ — پا ز دیدہ در براہش ساختہ
سیما آں سرو بستان خدا — شاہباز قدس آں شمس العلیٰ
طلعت روا زتجلی فی الخیال — مدرکہ با نا طقہ گردند لال

بس کن اے دل قصۂ بے انفصام
السلام اے بدر شمسم والسلام

بحکم مولانا رومی سے

کل شئ قالہ غیر المفیق — ان تکلف او تصلف لا یلیق

یہ چند اشعار مذکورۃ الصدر جو لسان الوقت نے بغیر امداد عروض و قوافی ہدیہ

Marfat.com

ہادیٔ راہ متنین زبدۃ العارفین خلاصۃ العالمین دام فیضکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔ کرم نامہ آں ذیشان رسید مافیہا بوضاحت انجامید عرض بلب ادب اینکہ سالک تجلی آفاقی وانفسی را عبور کردہ بعدہ جمع میان تشبیہ وتنزیہہ است یعنی وجود سالک است و صفات از وجود سالک ظاہر مے گردند و قرار آں ہا نیست اگر خیال بر وجود مے کند صفات از لحاظ میروند۔ واگر بر صفات مے دارد وجود از لحاظ مے رود الحال سالک نظر بر صفات مے دارد یا بر وجود۔ بچہ طور ارشاد فرمایند تعمیل کردہ آید۔ زیادہ عجز ونیاز۔ فقیر صاحب از کوٹ اٹل

---

رو نظر در بحر کن چو راسبین تاکہ باشی عارف سر یقین

طالب حق مخلصی فی اللہ فقیر صاحب حفظکم اللہ تعالیٰ

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ۔ بجواب سوال ارقام نمودہ میشود کہ دریں مشاہدہ نظر بر وجود باید داشت نہ بر صفات۔ دعا است کہ اللہ تعالیٰ آں طالب حق را شہود ذاتی دائمی عطا فرماید۔ العبد

دعاگو و دعا جو مہر علیشاہ بقلم خود

---

پیشوائے عارفاں رہنمائے سالکان ماوائے وملجائے نیازمنداں دام فیوضکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔ طالب صادق نے عالم امر سے عروج کیا۔ اس جگہ تک کہ اس کا بیان نہیں ہو سکتا۔ اور خیال کرتا ہے۔ کہ جس مقام پر میں آیا

Marfat.com

در دولت کئے ہیں۔ امید ہے کہ بلحاظ جنون و بے ساختہ پن محل اعتراض بلغاء نہ ہوں گے۔ وجہ تاخیر جواب انتظار اشتہار روئداد جلسہ لاہور ہوا۔ چند کاپی اشتہار محمد رفیق صاحب ہندوستانی منقولہ اخبار امید ہے کہ پہنچی ہوں گی۔ بیان مفصل چونکہ بغیر از تقریر متحرف لہٰذا حصول قدمبوسی پر ملتوی رکھا جاتا ہے۔ حضرتی و مولائی جناب صاحبزادہ محمد شجاع الدین صاحب و جمیع صاحبزادگان کو تسلیم نیاز سب سے سب کو نیاز۔

العبد مہر شاہ بقلم خود از گولڑہ یکم جمادی الثانی ۱۳۱۸ھ ہجری

(نوٹ:۔ خط مندرجہ میں جو نظم درج ہے اسکے متعلق دوسری روایت درج ذیل کی جاتی ہے۔ ناقل)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

حامداً و مصلیاً علیٰ رسولہ الکریم،

سیدی و سندی۔ تسلیم و نیاز۔ مبارکنامہ گرامی نے شرف صدور فرمایا۔ بہ مبارکیں عالمگیر تو خاکپاک درسیال کو شایاں ہیں۔ بیت

ازرہ گذر خاک سر کوئے شما بود | ہر نافہ کہ در دست نسیمے سحر افتاد

واقعی امر تو یوں ہے۔

شمس نورانی کہ نور مطلق است | در ہمہ آفاق نورش مطبق است
گشت خورشید سے نہاں در ذرۂ | شیر نر در پوستین برۂ
چونکہ بہ لاہوریاں افشاند جود | در تحرک گشت ذرات وجود
شب ز روز و روز از شب شد عیاں | ظل مخروطی خفت فی القادیاں
ویں عجب کاں شمس از نور قدم | ہم نمود آں ظل را زیر علم

Marfat.com

ہوں اُس پر کوئی نہیں آیا۔ پھر تنزل اس کا ہوا یا اتنا قدر کہ بہت نیچا آیا۔ اور محض عبدیت میں آرہا۔ اس وقت خالی ہوگیا۔ پھر اس وقت حال و مواجید اُس کے شرع شریف کے خادم ہوئے۔ اس میں آں غریب نواز تحریر سے مشرف فرمانا کہ مناسب نصیحت طالب کے ہو۔ زیادہ نیاز و نیاز۔ فقیر صاحب از کوٹ اٹل عفی عنہ

---

مخلصی فی اللہ حفظکم اللہ تعالیٰ

وعلیکم السلام۔ ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ حالت مسطورہ مرسلہ الحمد للہ والمنۃ مستوجب حمد و شکرگذاری عز اسمہ ہے صرف یہ خیال کہ جس عروج پر میں پہنچا ہوں۔ کوئی نہیں پہنچا۔ زعمی ہے واقعی نہیں۔ گو اس قسم کے خیالات پہلے بھی اہل اللہ سے سرزد ہوئے ہیں۔ مثلاً آنجا کہ من رسیدم امکان نیست کسے را۔ اور اس خیال کے لئے وجہ وجیہہ بھی ہوسکتی ہے۔ کہ ہر ایک مخلوق کے لئے ایک وجہ اور تعلق خاص بجناب باری عز اسمہ ہوتا ہے کہ دوسروں کے لئے نہیں۔ کما قال الشیخ الاکبر فی مواضع عدیدۃ من الفتوحات وغیرہ من العارفین اس بناء پر اس کا خیال مذکورہ بالا صحیح ہو سکتا ہے۔ والسلام۔

دعاگوئی و دعاجوئی مہر علیشاہ بقلم خود از گولڑہ

---

Marfat.com

کیست دیار اندریں دارالوجود — غیر تو اے غیرتت غیرت زدود
طرفۃ العینی نۂ از ما جدا — بس زہجراں بوالعجب ایں تالہا
چشمِ عاشق بہر جست وجوئے دل — درمیانِ خاکِ کویت مضمحل
نامِ پاکت ساختہ وردِ زباں — مہر تو را در دلش کردہ نہاں
اللہ اللہ ایں چہ خیر اسماست ایں — روح روح و حرز جانِ ماست ایں
اے خدا جانم بر احسانت فدا — نام بر شوریدگاں کردی عطا
از مسمیٰ اسم چوں راند نفس — جملہ عالم مست بر بانگِ جرس
نام دادی از کرم دیوانہ را — نسخۂ فیہ الشفا مستانہ را
خاصہ مستانیکہ مست از الست — مونس جانہائے شاں بدسوز وزفت
آں مقیمانِ سرِ کوئے کسے — واں اسیرانِ خمِ موئے کسے
ہر دو عالم در ہوایش باختہ — دیدہ را پای ہم بر آتش ساختہ
سیما آں سروِ بستانِ خدا — شاہبازِ قدس آں شمس العلا
وصفِ حسنش چونکہ طیراں میکند — ایں زبانہا جملہ حیراں میشود

نیست ختم ایں قصۂ بے انفصام
لاجرم مقصود ماند والسلام

---

نقل خط از جانب حضرت گولڑوی بجانب حضرت سجادہ نشین صاحب سیالوی ۸ رمضان ۱۳۳۲ھ

سیدی وسندی۔ تسلیم ونیاز۔ یاد آوری کا شکریہ۔ نیازمند حضور کی توجہ سے بمعہ متعلقین ہر طرح سے بخیریت ہے اور قبلہ عالم کی صح

Marfat.com

محبی و مخلصی فی اللہ جناب فقیر صاحب حفظکم اللہ

بعد از سلام مسنون الاسلام و دعا واضح باشد۔ دونوں کا مشاہدہ کمال ہے۔ اور صرف بے مثال لیس کمثلہ شیئی کا مشاہدہ نقصان کیونکہ قرآن کریم میں ہو الظاہر و الباطن وارد ہوا ہے۔ نہ فقط ہو الباطن مشاہدہ بے مثالی تنزیہہ ہے۔ اور مشاہدہ کونی یعنے آفاقی و انفسی تشبیہ ہے اور کمال دونوں کے جمع کرنے سے حاصل ہوتا ہے۔ ہکذا قال الشیخ الاکبر قدس سرہ فی الفص النوحی من فصوص الحکم اور مشاہدہ کونی میں پہلے مشاہدہ خارج میں ہوتا ہے یعنے فی الآفاق۔ بعد ازاں اپنے اندر یعنی فی الانفس ہکذا صرح الشیخ رضی اللہ تعالےٰ عنہ فی الفتوحات۔ دعا سے یاد رکھیں۔ والسلام

الراقم دعاگو و دعا جو نیازمند فقراء عبدہٗ مہر علیشاہ بقلم خود از گولڑہ

---

مخلصی فی اللہ حاجی کریم بخش صاحب حفظکم اللہ تعالےٰ

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ و رحمۃ اللہ۔ اما بعد حامل دعا نامہ محمد ابن مصطفےٰ مدنی باعث بر تحریر ہذا بغرض حصول زادِ راہ نزد آں مخلص مے رسد باید کہ مناسب طور باد تعامل نمایند۔

العبد

الملتجی والمشتکی الی اللہ الصمد عوایمہر علیشاہ بقلم خود از گولڑہ

---

Marfat.com

اولاد اور مخلصین کی خیریت مطلوب۔ جناب کی رونق افزائی بمقام چاچڑ و مردلہ والا و صابو وال باعثِ توقف در ارسال عریضہ ہوا۔ اب دولت خانہ میں اقامت کی خبر پہنچنے پر تحریر عریضہ میں مشغول ہی تھا کہ اچانک عنایت نامہ شرف صدور لا کر کاشفِ مافیہا ہوا۔ الحمد للہ کہ از اولاد حضرت من دین را نبیائے واللہ را عبادتے بظہور آمد لازال کذالک آمین۔ نیازمند جناب نیز در شعبان در شغل تدریس کتب تصوف مشغول بود۔ قریب پنجاہ عالم فاضل در سبق شریک ماندہ اند عزم مصمم داشتم کہ در رمضان بعد ختم قرآن مجید بحسب ابیات ذیل از زیارت خاک پاک خطہ سیال قالب را جانے و جان را جانانے بخشاید۔ بیت

دیدہ جز خاک درت خواب نہ بیند ہرگز — تشنہ در واقع جز آب نہ بیند ہرگز
ہر زماں دل بسگ کوئے تو مشتاق تر است — سیری از صحبت احباب نہ بیند ہرگز
ہر کہ در کوئے تو پہلو بسر خاک نہد — راحت از بستر سنجاب نہ بیند ہرگز
نور طاعت کہ دل از سجدۂ ابروئے تو دید — عابد شہر بمحراب نہ بیند ہرگز

مگر بذریعہ تحریر جناب دیوان صاحب پاکپٹن واضح گشتہ کہ حضرت موصوف عنقریب ارادہ تشریف آوری دریجا میدارند اگر انتظار صاحب موصوف ہمچنیں حصول ماموں را در تعویق داشت تاہم جا بوئے پیراہان یوسفے را در مشام یعقوبے شمیدہ از خود در خود با خود خواہم سرائید۔ بیت

عید شد ہر کس زیاری عیدی دارد ہوس — عید ما و عیدی ما دیدن روئے تو بس
عید مردم دیدن مہ عید ما دیدار تو — اینچنیں عیدے نہ بیند در دو عالم ہیچ کس

Marfat.com

مخلصی حاجی کریم بخش صاحب حفظکم اللہ تعالےٰ

دُعا و سلام۔ حامل دُعانامہ محمد عبدالرحمٰن ترکی اپنے وطن میں پہنچنے کے لئے متحیر ہیں۔ اور سفر خرچ کے خواہاں ہیں۔ اس ملک کا حال ان کو سمجھایا گیا ہے۔ مناسب طریق پر امداد و سلوک کریں۔ والسلام۔

العبد الداعی مہر علیشاہ بقلم خود از گولڑہ۔

---

مخلصی فی اللہ حاجی کریم بخش صاحب حفظک اللہ تعالےٰ

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ۔ خط ملا کیفیت معلوم ہوئی۔ حسب تحریر دُعا ہے۔ کہ اللہ تعالےٰ اپنی رحمت کاملہ سے اچھی طرح سے جبر نقصان کا تدارک فرمائے۔ اللّٰھم لک الحمد والیک المشتکیٰ وانت المستعان ولاحول ولا قوۃ الا بک۔ برخوردار اللہ بخش حفظ اللہ تعالےٰ کو بعد سلام مضمون واحد۔

العبد الداعی بقلم خود

---

۴ رمضان بروز پنجشنبہ

مخلصی فی اللہ حاجی کریم بخش صاحب حفظک اللہ تعالےٰ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ خط ملا کیفیت معلوم ہوئی۔ برخوردار غلام محی الدین نے بھی اسی امر کے لئے یہاں پہنچ کر یاد دہانی کرائی تھی۔ دعا ہے کہ اللہ تعالےٰ آپ کے جمیع متشابہات مشروعہ کا حل فرما دے اور مکروہات زمانہ سے محفوظ رکھے۔ مولوی غلام محمد صاحب حسب التحریر بھیجے جاویں گے۔

Marfat.com

یا راکب الوجناء بلغت المنےٰ ۔۔۔ عج بالحمی ان جزت بالجرعاء
متیمّمًا طلعات وادی ضارج ۔۔۔ متیامنًا عن قاعۃ الوعساء
واذا وصلت اُثیل سلع فالنقا ۔۔۔ فالرقمتین فلعلع فنشطاء
فکذا عن العلمین من شرقیہ ۔۔۔ مِل عادلا للحلۃ الفیحاء
واقرا السلام عریب ذیاک اللوی ۔۔۔ من مغرم دنف کئیب ناء
یاساکن البطحاء ھل من عودۃٍ ۔۔۔ احیابھا یا ساکنی البطحاء
واحسرتی ضاع الزمان ولم افز ۔۔۔ منکم اھیل مودتی بلقاء
ومتی یؤمل راحۃ من عمرہ ۔۔۔ یومان یوم قلی ویوم لقاء
حُبکم فی الناس اضحیٰ مذھبی ۔۔۔ وھواکم دینی وعقد ولاء

صاحبزادگان کی خدمت میں مع الدراولیش کے نیاز۔ علاوہ اسکے صاحبزادہ سعد اللہ صاحب کے حضور میں وہی سیال شریف والی گوشت کی معذوری۔ سب سے سب کو نیاز منشی صاحب کو دعا و سلام۔

اس ملک میں بھی پشاور چھچھ ہزارہ، تنول، پونچھ، کشمیر تک دو شنبہ کا روزہ ہے۔ شب دو شنبہ کو ہر جگہ دیکھا گیا۔

---

لَئِنْ شَکَرْتُمْ لَاَزِیْدَنَّکُمْ

برخوردار غلام محی الدین حفظک اللہ و وفقک لما یحب ویرضے

دعا و سلام۔ ایسے شفیق اور بے نظیر محقق عالم حفظہ اللہ کے زیر تعلیم ہونا اس وہاب الخلاق کا کمال احسان ہے۔ ایسے استاذ کے حسب ہدایت

Marfat.com

والسلام ۔ برخورداران حفظہم اللہ تعالےٰ کو دُعا و سلام ۔

مہر علیشاہ بقلم خود

بروز یکشنبہ مبسملاً وحامداً ومصلیاً

مخلصی فی اللہ حاجی کریم بخش در حفظ و امان الٰہی مع اولاد و متعلقین باشند
وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ ۔ مکتوب مفصلاً ملاحظہ سے گذرا ۔ برخوردار
محمد ایوب نے محض بتوفیق وفضل او سبحانہٗ وتعالےٰ اس قدر تکلیف
اُٹھا کر کام سرانجام کیا ۔ آئندہ بھی وہی حافظ ومعین ہے ۔ اللھم
لک الحمد والیک المشتکی وانت المستعان ولاحول ولا قوۃ الا
بک ۔ برخوردار اللہ بخش کو دعا و سلام ۔ العبد داعی از گولڑہ بقلم خود

مخلصی فی اللہ حاجی کریم بخش صاحب حفظکم اللہ تعالےٰ

بعد دُعا و سلام آنکہ برخوردار محمد ایوب اور اللہ بخش اور فضل الٰہی کی کیفیت
اعرجہ سے مطلع کریں ۔ اللھم انت الشافی لاشافی الا انت اشف شفاء
لا یغادر سقماً والسلام ۔ دُعا گو از گولڑہ بقلم خود

بروز چہار شنبہ

مخلصی فی اللہ حاجی کریم بخش حفظکم اللہ تعالےٰ

سلام و دعا ۔ یا مجیب المضطر اذا دعاہ ویا کاشف السوء کے
علاوہ سورہ الم نشرح ۷ مرتبہ آپ یا برخوردار اللہ بخش علی الصبح
پڑھ لیا کریں ۔ برخوردار محمد ایوب جان کا ایک خط لگلے دنوں میں

Marfat.com

کاربند ہونا موجب حصول مدعا ہے۔ ہر کام اور ہر حال میں اسی لطیف فعل
از لطیف کے طرف دھیان رکھو۔ اور اُسی کے دست نگر رہو۔ دررحم امہات
اس کی سب عوض عنایت نے کیا کچھ کم کیا ہے۔ جو آئندہ نہ کرے گا۔ صرف
اسی ایک نعمت کا شکریہ ادا نہیں ہو سکتا۔ کہ باوجود اطلاع علی المعاصی عفو و
رحم و ستاری سے معاملہ فرما رہا ہے۔

ایسے ستار رحیم سے بہرحال کامل امید کامیابی کی ہو سکتی ہے۔ مکرر لکھتا
ہوں کہ بہرحال اسی کے دروازہ پر گرگرانا اور اس سے محظوظ ہونا اصل
الاصول ہے۔ حصول سعادت دارین کے لئے خالص بندہ کو حصول مطلب سے
چنداں حظ نہیں ہوتا جس قدر کہ اس کے آگے منہ پھیلانے اور اظہار نیاز سے
اول لالچ ہے اور ثانی عبادت۔ عالم فاضل متصف باوصاف کاملہ ہمہ شدیم
مگر بندہ او نشدیم کہ دربند خویشیم خواہ از عالم دنیا یا از عالم عقبیٰ بندہ از بندگانش
فرمودہ ؎

غبار خاطر عشاق مدعا طلبی است بجلوتے کہ منم یاد دوست بے ادبیست

برخوردار قائم علی بعد دعا و سلام مضمون واحد۔

اس وقت چاہتا ہوں کہ تمہارا خط بعینہٖ تمہارے والد کو بھیجدوں۔
بخدمت مکرمی جناب مولوی صاحب حفظ اللہ و وفقہ لما یحب سلام مسنون
الاسلام و دعا ہمہ طلبا را دعا و سلام ہمہ مخلصان اہل نمرڑہ کا دعا و سلام

عبدہ المذنب مہر شاہ بقلم خود

معنی ابیات ذیل حسب فہم ناقص آنکہ والعلم عند اللہ۔

Marfat.com

آیا تھا۔ جس میں مندرج تھا۔ کہ آج نصف لکڑی انگریز نے پاس کر لی ہے۔ اور نصف باقی کے متعلق کل فیصلہ ہوگا۔ اللہ تعالٰے آپ کے اضطراب کو جلد رفع فرمائے۔ برخوردار اللہ بخش کو دعا و سلام۔ کل جواب ایک معذوری کی وجہ سے نہیں لکھا گیا۔

العبد دعا گوئی از گولڑہ بقلم خود

---

بروز پنجشنبہ

مخلصی فی اللہ حاجی کریم بخش صاحب حفظکم اللہ تعالٰے

بعد سلام دعا۔ آنکہ حسب الطلب تعویذ داخل لفافہ ہذا بھیجا جاتا ہے اللہ تعالٰے برخوردار اللہ بخش کو شفا اور محمد ایوب کو جلد اس تکلیف سے نجات بخشے۔ برخوردار اللہ بخش کو سلام۔

دعا گو از گولڑہ

---

بروز چہار شنبہ

مخلصی فی اللہ حاجی کریم بخش صاحب حفظکم اللہ تعالٰے

بعد دعا و سلام آنکہ خط مرسلہ کاشف مافیہا ہوا۔ اللہ تعالٰے برخوردار محمد ایوب کو سالماً غانماً بخیریت جلد مہجوروں کو ملا وے۔ برخوردار اللہ بخش کو کلام اللہ شریف سنانے کی اجازت ہے۔ ہر روز شروع کے وقت سورۃ الم نشرح سات دفعہ پڑھ کر سینہ پر دم کر لیا کریں۔

اللّٰھم لک الحمد والیک المشتکٰی وانت المستعان ولاحول ولا قوۃ الا بک والسلام۔ العبد الداعی از گولڑہ بقلم خود

Marfat.com

چہ خوش گفت بہلول فرخندہ فال ———— کہ من از خدا بیش بودم دو سال

خدا سے مراد مرتبہ اسماء مفصلہ جو تیسرے درجہ میں واقع ہے۔ بہ نسبت ذات صرفہ کے یعنی میں مرتبہ الوہیت (اسماء مفصلہ) بعنوان دیگر عما سے دو سال یعنی دو درجہ پیشتر تھا۔ ایک درجہ یہ (اسماء مفصلہ) اس سے پہلے وحدت یعنی قابلیت محضہ و اجمال مطلب یہ ہوا کہ واحدیت اور وحدت سے پہلے (میں) میرا تعین مندرج فی الذات تھا۔

من آں وقت کردم خدا را سجود ———— کہ ذات و صفات خدا ہم نہ بود

یعنی تجلی علمی میں میرا عین ثابت بلسان امکان و استعداد عابد و ساجد خدا کا تھا۔ جبکہ خدا اور اس کے صفات نے ظہور نہیں پکڑا تھا۔ والسلام

عبیدکم الفشاوری۔

---

# یا اللہ

اے غلام غوث اعظم (رضی اللہ عنہ) ذکر کن ———— فکر کن در خلقت پس شکر کن
جمع گشتہ در تو عالم خلق و امر ———— جسم تو خلق است روحت ست امر
ہست در تو جملہ از عالم کبیر ———— زیں جہت شد نام تو عالم صغیر
جد تو کل شد ملائک جزء او ———— زیں سبب آمد خطاب اسجدوا

تیسرے بیت کی تشریح ملاحظہ ہو۔ والسلام

اس وقت زیادہ لکھنے کی فرصت نہیں۔ سب کو سلام و دعا۔

Marfat.com

بروز سہ شنبہ

مخلصی حاجی کریم بخش صاحب حفظکم اللہ تعالےٰ

بعد سلام آنکہ کل اور آج کا حال خطوط سے معلوم ہوا۔ ڈاکٹر کی رائے تبدیل ہوا کے لئے ٹھیک ہے۔ افاقہ محسوس ہونے پر کوہ مری لے جاویں۔ اَللّٰھُمَّ انت الشافی لاشافی الا انت اشف شفاءً لایغادر سقماً بجاہ نبیک وحبیبک محمد ن المصطفٰے صلی اللہ علیہ وعلٰی اٰلہٖ وصحبہ وسلم۔ برخوردار اللہ بخش و محمد ایوب کو سلام۔

داعی از گولڑہ بقلم خود

---

مخلصی حاجی کریم بخش صاحب حفظکم اللہ تعالےٰ

بعد سلام و دعا آنکہ مکتوب کے واسطہ سے دعا گوئی کو سخت پریشانی ہوئی۔ بارگاہ الٰہی عز اسمہ کے بغیر کوئی ماوا ملجا نہیں۔ اوسبحانہٗ وتعالیٰ اپنی قدرت کاملہ و رحمت شاملہ کے طفیل جانبین کی پریشانی رفع فرماوے۔ اللّٰھم لک الحمد والیک المشتکیٰ ولاحول ولاقوۃ الا بک برخورداران حفظھم اللہ تعالیٰ کو دعا و سلام۔

العبد

دعا گوئی مہر علی شاہ بقلم خود

---

راسخ الاخلاص مخلصی حاجی کریم بخش حفظکم اللہ تعالیٰ

۱۲ رمضان المبارک سہ شنبہ۔

Marfat.com

الٰہی شادی کا خاتمہ بالخیر ہو۔ تحریر ہذا کو محفوظ رکھو۔ واپس لانا ضروری ہوگا۔ کہ نظر ثانی کی جائے۔ **قولہ**

ہست در تو جملہ از عالم کبیر ٭ زیں جہت شد نام تو عالم صغیر

تشریحش آنکہ وجود ادلے کہ بمنزلہ افگندن معمار گل راست تاکہ قبول کند ہر شکل را بحسب ارادہ بنا ہبا است کہ در اصطلاح فلاسفہ اوراہیولے مے گویند۔ پس قبول کرد ہر شکل را بحسب استعداد صالحہ اندرون خانہ روشنی چراغ را قبول مے کند قال اللہ تعالےٰ۔ مثل نورہ کمشکوٰۃ فیھا مصباح پس نبود کسے قریب تر از روئے قبول در آں ہبا مگر حقیقت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم باصطلاح حضرت شیخؒ وعقل بلسان الفلاسفہ وہماں است اوّل ظاہر فی الوجود کہ وجودش از نور الٰہی وہبا وحقیقت کلیہ است باز قریب تر بداں از نوع انسانی علی ابن ابی طالب است کرم اللہ وجہہ کما صرح بہ الشیخؒ پس بدانکہ عوالم چار اند عالم اعلیٰ و عالم استحالہ و عالم التعمیر و عالم النسب۔

از عالم اعلیٰ است حقیقت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم و فلک حیات و عرش محیط و کرسی و بیت معمور و ملائکہ و زحل و فلک او و مشتری و فلک او و مریخ و فلک او و شمس و فلک او و زہرہ و فلک او و عطارد و فلک او و قمر و فلک او۔ واز عالم استحالہ است چہار کرہ عناصر۔ آتش۔ باد۔ آب خاک۔ وایں خاک بر ہفت طبقہ است۔ سیاہ و غبراء (خاک رنگ) و سرخ و زرد و سفید و زرق فا ہیدی کچکرا و سبز۔ واز عالم تعمیر است روحانیاں

Marfat.com

وعلیکم السلام و رحمۃ اللہ۔ مکتوب کاشف مافیہا ہوا۔
مخلصا! مایوسی بحسب لاتقنطوا من رحمۃ اللہ۔ بہرحال نہیں بارگاہِ
ارحم الراحمین سے کامل امید شفاء کی ہے۔ اللھم انت الشافی
لاشافی الا انت اشف شفاء لایغادر سقما برحمتک الواسعۃ
وقدرتک الکاملہ وبجاہ سید الاولین والاخرین سیدنا
محمد ن المصطفیٰ والہٖ واصحابہٖ والحمد لک والیک المشتکیٰ
وانت المستعان ولاحول ولا قوۃ الا بک برخورداران کو دعا سلام۔

العبـــــــــد
داعی بقلم خود از گولڑہ

---

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

از نیازمند درویشاں بخدمت جناب صاحبزادہ محمد عبد القیوم صاحب حفظہ اللہ تعالیٰ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ اما بعد نمیقہ گرامی از ملاحظہ فقیر گذشت
چونکہ ایں ارشاد ہماں ارشاد است کہ بجواب بالمشافہ گذارش نمودہ
بودم فالتکرار تصدیع للجناب۔
فقیر بسر پا داست و دعا میکند کہ اللہ تعالیٰ اہل اسلام را در اشاعت
اسلام کما ہو عند اللہ والرسول صلی اللہ علیہ وسلم بحسب طرز سلف صالحین
رضوان اللہ علیہم توفیق تاسی و اقتفاء عطا فرماید۔
از بعضے فقرات مندرجہ عنایت نامہ بالخصوص از فقرہ (اقوام دیگر

Marfat.com

یعنے ملائک و عالم حیوان و عالم نبات و عالم جماد از عالم نسب است مقولہ نسعہ برائے عرض یعنے کم وکیف و این ومتی۔ واضافت و وضع وفعل و انفعال واختلاف الصور والاشکال مثل فیل وخر واسپ وغیرہ۔

پس بدانکہ نظیر ہر یکے از انواع مذکورہ درانسان موجود است لہٰذا او را عالم صغیر مے گویند زیراکہ نیست چیزے از عالم کبیر یعنے عوالم اربع مگر نظیرش درحضرت انسان موجود است مثلاً نظیر حقیقت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم و فلک او کہ حیات است لطیفہ روح قدسی است درانسان و نظیر عرش جسم است درو و نظیر کرسی نفس است و نظیر بیت معمور قلب است۔ و نظیر ملائکہ ارواح انسان است۔ و نظیر زحل و فلک او قوت علمیہ و نفس و نظیر مشتری و فلک او قوت ذاکرہ و موخر الدماغ و نظیر مریخ و فلک او قوت عاقلہ و یافوخ و نظیر شمس و فلک او قوت مفکرہ و وسط الدماغ و نظیر زہرہ و فلک او قوۃ وہمیہ و روح حیوانی و نظیر عطارد و فلک او قوۃ خیالیہ و مقدم الدماغ و نظیر قمر و فلک او قوۃ حسیہ و جوارح حاسہ و نظیر کرہ آتش و روح او اعنی حرارت و یبوست صفرا است درانسان و روح او قوت ہاضمہ است و نظیر ہوا و روح او حرارت و رطوبت خون و قوت جاذبہ است درانسان و نظیر آب و روح او برودت و رطوبت بلغم است درانسان و قوۃ دافعہ و نظیر خاک و روح او برودت و یبوست سودا است و قوۃ ماسکہ درانسان و نظیر ہفت طبقات خاک مذکورہ بالا درجسم انسانی جلد است و شحم ولحم و عروق و عصب و عضلات و عظام و نظیر روحانیین درانسان قوی انسانیہ است و نظیر حیوان درانسان

Marfat.com

علم از ما گرفته و بهره‌ور گردیدند و ما ورثهٔ بزرگان خود را از دست دادیم (
سخت متحیرم. چند و ما چه بکنیم. مقصد به عند الله والرسول علم شرایع و ادیان است
و او بفضله تعالیٰ معه خدام خویش یعنی علمای الهی محفوظ و مصون است.
نزد ما تا حال اقوام دیگر از دین بهره نیستند. چه صحت جمله مذکوره بالا از
صورت می بندد. البته رفتن او از دست ما باین طریق تواند بود. زا الآن
بحسب (کلام خیر البریه بهاشر) بعنوان ترقی اسلام و نسبه می شود. والله خیر
حافظا و هو ارحم الراحمین.

عنوان مطابق با معنون (ترقی اسباب معیشت) بوده او به صد قهر شرعی
انکه ترقی اسلام هیچ. برعکس مهند نام زندگی کافوره بعد از او شرا
کسیکه زنده ماندن خواهد دید که از این طرز بغیر از پس پشت انداختن احکام
شرعیه از صوم و صلوٰة و زکوٰة و غیرها بجز تن پروری و شکم پروری چیزے
دیگر نخواهد بود. إلّا مَنْ حفظه الله. وما علینا الا البلاغ. والسلام
خیر ختام.

المحرر کمینه ترین خلق الله المدعو به مهر علیشاه عفی عنه بقلم خود

---

سیادت پناه مخلصی سید نادر شاه صاحب حفظکم الله تعالیٰ

بعد سلام و دعا آنکه الحمد لله که جانبین میں خیریت ہے. اور دعا ہے کہ الله تعالیٰ آپ
مخلص کو اتباع مشائخ عظام علیہم الرضوان عطا فرماوے. سب سادات کو دعوات.
العبد دعاگوئی و ثناجوئی مہر علیشاہ بقلم خود از گولڑہ

Marfat.com

چیزے است کہ حس مے کند و نظیر نبات در انسان چیزے است کہ نمو مے کند و نظیر جماد در انسان چیزے ہست کہ حس نمے کند۔ و نظیر کیف در احوال انسانی است۔ مثل صحتہ و سقم و نظیر کم در انسان الساق اطول من الذراع مثلاً و نظیر این در انسان مثلاً راسی علی عنقی و نظیر متی حرکت راسی وقت حرکت یدی مثلاً و نظیر اضافہ در آں ہذا ابی فانا ابنہ مثلاً و نظیر الفعل اکل مثلاً و نظیر الانفعال شبع و نظیر اختلاف الصور فی الانسان القوۃ الانسانیۃ التی تقبل الصور المعنویۃ عن مذموم و محمود کہذا فطی فہو فیل و ہذا بلید فہو حمار و ہذا شجاع فہو اسد۔

---

برخوردار غلام محی الدین حفظک اللہ مع اللحفۃ و وفقک لما یحب و یرضی

بعد دعا و سلام آنکہ۔ شب جمعہ قریب دو بجے خوشاب اتر کر اسی وقت دریا سے عبور کر کے آرام کیا۔ علی الصباح وہاں سے نماز پڑھ کر بسواری بگھی فوراً چھاؤنی پہنچے۔ حضرت صاحب عم فیضہم اس قدر خوش ہوئے کہ تحریر سے باہر ہے۔ آپ کو کئی روز کا سخت انتظار تھا۔ ہر ایک شخص اس انتظار کی عجیب کیفیت بیان کر رہا ہے۔ خاص میرے اشعار متعلق قافیہ نے بھلدے تہیں اوہ بول مٹھڑے ڈھولدے ٭ بول سانول یار روہی رولدے نہایت رقت طاری کئے ہوئے تھے۔ پہنچتے ہی میں نے انتظام سیال شریف لے جانے کا کیا۔ اس روز آپ کو لب دریا پر کنارہ خوشاب سے کشتی پر سوار کیا۔ علی الصبح بروز شنبہ سیال شریف پہنچنے پر سب کو از حد خوشی ہوئی۔

Marfat.com

سیادت پناہ مخلصی سید نادر شاہ صاحب حفظکم اللہ تعالےٰ
وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ۔ امابعد محبت نامہ ملاحظہ سے گذرا۔ الحمد للہ کہ جانبین میں خیریت ہے۔ دُعا ہے کہ اللہ تعالےٰ مصائب روزگار سے محفوظ فرما کر اپنی طرف متوجہ رکھے۔ حضرت دیوانصاحب حفظہم اللہ کی خدمت میں ایک عریضہ ارسال کیا تھا۔ جس کے جواب سے محرومی ہے موجبش بخیر ہو۔ سب کو ماوجب۔ داعی و مستدعی از گولڑہ بقلم خود

---

۲۳ رمضان
سیادت پناہ مخلصی سید نادر شاہ صاحب حفظکم اللہ تعالےٰ
علیکم السلام ورحمۃ اللہ۔ الحمد للہ کہ جانبین میں خیریت ہے۔ کئی دن ہوئے ہیں۔ ایک عریضہ بخدمت حضرت دیوان صاحب حفظہم اللہ تعالےٰ بغرض استمزاج بھیجا گیا تھا۔ جس کا جواب آجتک نہیں ملا۔ مانعش بخیر ہو۔ آپ کیفیت معلوم کر کے تحریر فرماویں۔ سب صاحبان کو دعوات۔ والسلام۔
دُعا گوئی و دُعا جوئی مہر علیشاہ بقلم خود از گولڑہ

---

بہ سیادت پناہ مخلصی سید نادر شاہ صاحب حفظک اللہ تعالےٰ
سلام و دعا۔ اخلاص نامہ ملاحظہ سے گذرا۔ ختم شریف و درود شریف ۳۶۰ مرتبہ کلمہ تمجید ۳۶۰ مرتبہ سورۂ الم نشرح ۳۶۰ مرتبہ سورۂ اخلاص ۳۶۰ مرتبہ اخیر میں درود شریف ۳۶۰ مرتبہ ثواب اس کا بروح پاک سرور عالم و اہلبیت وصحابہ کرام و سیدنا عبدالقادر جیلانی علیہم الصلوٰۃ والسلام پہنچا

Marfat.com

اور دعائیں دینے لگے حضرت صاحب کو ضعف از حد ہے۔ غذا نہیں مجھ کو ایک لحظہ آنکھوں سے غائب نہیں چاہتے۔ دو تین دن میں آپ کو قدرے طاقت حاصل ہونے پر اجازت لے کر واپس ہونے کا ارادہ ہے۔ تم کو چاہیئے کہ امور ذیل کے پابند رہو۔

(۱) شغل سبق میں بحفظ اوقات ساعی رہو۔

(۲) رات کا سونا حسب ہدایت مکان پر میری آرامگاہ میں مع رفقا، بالتزام ماوجب آرام کرنا

(۳) راولپنڈی نہایت ہی کم جانا۔

(۴) ختم معہود کو بدستور قائم رکھو۔

(۵) گھر میں سب کو دُعا، بعد فراغت ہر روز ضرور گھر میں جایا کرو۔

(۶) نماز با جماعت کو اہم المہمات سمجھو۔

(۷) سب طلبہ کے ہر طرح کے خبر گیر رہو۔ اور سب کو سلام پہنچاؤ۔

اس وقت میں ازدحام خلق میں لکھ رہا ہوں۔ جناب صاحبزادہ محمد امین صاحب شرف سلام بخشتے ہیں۔ میری جانب سے جناب قاری صاحب و سب طلبہ و دراویش کو سلام۔

الراقم عبدہٗ مہر شاہ بقلم خود از سیال شریف ۷ جمادی الاول روز یکشنبہ۔

---

برخوردار غلام محی الدین سلمک اللہ

بعد سلام و دُعا اینکہ تمہارے پہلے خط فغاں آمودہ کا منشا بغیر عجلت اور کیا ہو سکتا ہے۔ دو دن اگر صبر کرتے تو ہمارا خط پہنچ جاتا اور غالباً پہنچ

Marfat.com

دیا کریں۔ والسلام۔ العبد دعا گو مہر علیشاہ بقلم خود

---

سیادت پناہ مخلصی سید نادر شاہ صاحب حفظک اللہ تعالےٰ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔ دعا ہے کہ اللہ تعالےٰ جمال الدین کو صحت کاملہ مرحمت فرمائے۔ آمین بعد از نماز صبح ۴۱ بار الحمد شریف مع بسم اللہ پڑھ کر اُس پر دم کر دیں۔ والسلام۔ دعا گو از گولڑہ

---

مخلصی فی اللہ سیادت پناہ سید نادر شاہ صاحب حفظکم اللہ تعالےٰ

بعد سلام و دعا آنکہ کل تیسری رمضان کو برخوردار غلام محی الدین کے گھر حق سبحانہ وتعالےٰ نے فرزند نرینہ عطا فرمایا ہے۔ اُس کی صلاحیت و عمر درازی کے لئے دعا فرماویں۔ سب صاحبان کو دعوات۔

داعی و مستدعی مہر شاہ بقلم خود

---

بروز دوشنبہ سیادت پناہ مخلصی سید نادر شاہ صاحب حفظکم اللہ تعالےٰ

بعد سلام آنکہ محبت نامہ کاشف ما فیہا ہوا۔ داعی مع الرفقاء بخیریت مکان پہنچ گیا۔ دعا ہے کہ اللہ تعالےٰ جانبین کو مکروہات زمانہ سے محفوظ فرما کر صراط مستقیم پر قائم رکھے۔ والسلام سب کو دعا سلام۔

العبد

الملتجی والمشتکے الی اللہ المدعو امہر علیشاہ بقلم خود از گولڑہ

Marfat.com

بھی گیا ہو گا۔ جناب حکیم صاحب حفظ اللہ کا اخلاص اور شرافت کیا ہمارے روزمرہ کے استفسارات سے مستغنی نہیں تم خود ہی ہر خط میں ان کے ممتاز تعامل واخلاص کا شکریہ ادا کرتے ہو اور ہم کو پہلے ہی ان کا تعلق واخلاص معلوم تھا۔ آج میانی میں تمہارا خط مرسلہ بجانب حافظ فضل الدین ملاحظہ سے گذرا میرے رفقاء اور کل پسماندہ تمہارے احباب کا بقول شخصے شعر ذیل وظیفہ ہے

شعر ہے تصوّر میری چھاتی پہ اور مجھ سے حجاب ؛ عقل حیراں ہے میاں دیکھ کے یہ پیار نیا

دو سو روپیہ بذریعہ تار سرگودھا سے بھیجا گیا ہے۔ پہنچا ہو گا۔ غالباً ہم پرسوں تک مکان پر پہنچیں گے۔ راولپنڈی اترنے کا ارادہ نہیں حکیم صاحب کو دعا وسلام وچاندی کو دعا وسلام۔ اس وقت بباعث ازدحام خلق زیادہ نہیں لکھ سکتا

(داعی مہر علیشاہ از میانی بروز یکشنبہ)

---

از چھاونی شاہپور بروز دوشنبہ

برخوردار غلام محی الدین حفظک اللہ تعالیٰ واحیاک حیاتاً طیبۃً

بعد دعا وسلام اینکہ مخلصی گلاب خان کے دونوں خط یکے بعد دیگرے ملاحظہ سے گذرنے پر کیفیت آمد وکاروائی حاکم معلوم ہوئی۔ محبوب عالم کو ایک دو دن سے بخار تھا۔ آج اچھا ہے۔ باقی خیریت ہے۔ گھر کے حال اور کیفیت انتظام حفاظت سے مطلع کرو۔ سب کو دعا وسلام۔ تم کو مع چن کے باخبر رہنا چاہیئے۔ برخوردار شاہ سید کو بھی فہمایش کریں۔

داعی بقلم خود

---

Marfat.com

از بنوری    مخلصی فی اللہ سیادت دستگاہ سید نادر شاہ صاحب حفظکم اللہ تعالےٰ

بعد از سلام آنکہ محبت نامہ کا شرف حاصل ہوا۔ عزیز اکبر علیشاہ صاحب کی اہلیہ کے لئے تعویذ گلے میں باندھنے کے لئے داخل لفافہ بھیجا تھا۔ ایام حمل میں نسخہ استعمال نہیں کیا جاتا ہے۔ چیچک کے لئے آپ سورۂ لایلاف قریش گیارہ مرتبہ اول و آخر درود شریف بھی گیارہ مرتبہ پڑھ کر چاول دم کر دیا کریں۔ تین تین دانہ تین دن علی الصباح نگلوا دیویں۔ گویا ۹ دانہ فی بچہ کے لئے کافی ہوں گے۔

---

سیادت پناہ مخلصی سید نادر شاہ صاحب حفظکم اللہ تعالےٰ

بعد سلام آنکہ دعا ہے کہ اللہ تعالےٰ آپ کے بھائی صاحب و سائر متعلقین کو مکروہات زمانہ سے محفوظ رکھے۔ میرا ارادہ روانگی بقصد حاضری پاکپتن شریف باصرار بعض مخلصان پہلیں کندیاں و ملتان پرسوں بروز دوشنبہ ۲۰ ذوالحج مصمم ہو چکا ہے۔ واللہ ہو الموفق حسب ارشاد حضرت دیوان صاحب گمبر اتریں گے۔ والسلام۔ العبد الملتجی والمشتکے الی اللہ المدعو بمہر علیشاہ

بقلم خود از گولڑہ

---

مکرمی جناب مولانا سید عزیز حسن صاحب بقائی وفقکم اللہ لما یحب و یرضٰے

بعد سلام مسنون الاسلام آنکہ بوجہ ملالت طبع شایان شان جناب کچھ نہیں عرض کر سکتا صرف اسی پر مکتفی ہوں کہ سیرت باقی اپنے منصفانہ و ممتازانہ طرز میں افادہ اہل

Marfat.com

برخوردار غلام محی الدین حفظک اللہ تعالیٰ

بعد سلام و دعا اینکہ تمہارا اور جناب قاری صاحب کا خط لاہور فضل الٰہی کے مکان پر آج بروز چہارشنبہ ملاحظہ سے گذرے۔ الحمد للہ والمنۃ کہ قائم بیچارہ اپنے پاؤں پر قائم ہو گیا سعی کنندگان خصوصاً عبد الہادی کو اللہ تعالیٰ جزا خیر عطا فرماوے۔ اور مصائب سے بچائے۔ بیماری کے حالات سے ہر روز مطلع کریں۔ غالباً پرسوں قصور جانا ہوگا۔ مقدمہ میں اللہ تعالیٰ کامیابی عطا فرماوے۔ بارش کے لئے شہر والے اور میرا والے نفل شروع کریں۔ اور جناب باری عز اسمہ سے بارش مانگیں۔ جس کا شان ینزل الغیث من بعد ما قنطوا ہے۔ برخوردار چن پیر اور سب مخلصوں کو سلام و دعا۔ فضلداد کی بیماری کا حال نامعلوم ہے۔ محمد سعید کا حال بھی لکھتے رہیں۔ گھر کا حال قصور بعد ازاں پاکپٹن پہنچے۔ دعاگو بقلم خود از مکان فضل الٰہی لاہور

---

عزیزی غلام محی الدین حفظک اللہ تعالیٰ

بعد سلام و دعا اینکہ کل ۲۸ صفر کو کوٹ چوغطہ سے روانگی ہوگی۔ غالباً ہفتہ تک انشاء اللہ تعالیٰ راولپنڈی پہنچیں گے۔ صاحبزادہ محمد سعد اللہ صاحب کوٹ تک ہمراہ تشریف فرما ہو کر واپس ہوئے۔ مجھے غلام رسول خان نے اگر کسی صورت نہ چھوڑا تو دو چار دن زیادہ گذر جائیں گے۔ گھر میں دوا لینے کی میری جانب سے تاکید کر دی برخوردار چن پیر کو بعد سلام برخوردار شاہ سعید کو سمجھانے کی تاکید۔ مکرمی جناب مولوی محمد غازی صاحب کو سلام۔ نعمان ملا

Marfat.com

حق وہدایت خام خیالوں کے لئے آپ ہی اپنی نظیر ہے۔ جزاکم اللہ تعالےٰ عن المستفیدین خیرالجزاء والسلام۔

الملتجی والمشتکی الی اللہ العبد المدعو مہر علیشاہ بقلم خود از گولڑہ

---

واعظ قوال کو جو سند عطا فرمائی وہ یہ ہے:۔

یہ صاحب اس فن قوالی میں بے نظیر ہونے کے علاوہ بوجہ ذوق باطن لقب صوفی شاہ کے مستحق ہیں۔ فصار کدعوی الشئ ببینتہٖ وبرھان لایحتاج الی تصدیق احد۔

العبد الملتجی والمشتکے الی اللہ المدعو بمہر علیشاہ بقلم خود از گولڑہ

---

# استفتاء

ہادیٔ شریعت واصل حقیقت جناب پیر صاحب مدظلکم

السلام علیکم۔ کچھ شبہات لکھ کر حضور کی خدمت میں بہ نظر تحقیق نہ بنظرِ اعتراض ارسال خدمت ہیں۔ اُمید کہ جواب سے ممتاز فرمائینگے۔

الراقم میر زمان نمبردار موضع جھانسہ ضلع کرنال تحصیل تھانیسر ڈاکخانہ ٹسکہ میراجی

۱۔ بیعت مروجہ فی زمانہ سنت ہے۔ یا واجب یا فرض اور اس کا ثبوت شرعی کیا ہے۔ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ بیعت خلافت یا بیعت اسلام تھی۔ بیعت طریقت کا سلسلہ کب سے شروع ہوا ہے۔

Marfat.com

کو معالجہ کرانیکی تاکید کرنی۔ میرے پہونچنے تک نماز پڑھانے والا جو مناسب سمجھو ضرور ہو۔ اوقات خمسہ میں اذان وجماعت میں قصور نہ ہو۔ سب کو دعوات ا۔
داعی بقلم خود از کوٹ چوغطہ۔

---

برخوردار غلام محی الدین حفظک اللّٰد تعالیٰ مع اللحقہ

بعد سلام اینکہ ہم سب بخیریت ہیں۔ اور جناب دیوان صاحب بھی راضی ہیں۔ پرسوں یہاں سے روانگی کا ارادہ ہے۔ مخلصی میاں شیخ احمد صاحب اور امام بخش ملتانی اور چوہدری اللّٰہ داد پاکپٹن میں بلین ملتان جانے پر مصر ہوئے لہٰذا بہ لین ملتان واپس ہونگے۔ باقاعدہ علاج ضرور ہونا چاہیئے گھر میں دعوات پہنچا ئیں۔ سب کو دعوات۔ کرمی جناب مولوی محمد غازی صاحب کے ارشاد کا بھی خیال ہے۔ والسلام۔
داعی از پاکپٹن شریف بقلم خود

---

برخوردار غلام محی الدین حفظک اللّٰد تعالےٰ واہباک حیاۃ طیبۃ

بعد دعا وسلام اینکہ آج بروز پنجشنبہ ۲ محرم کو منٹگمری میں ہیں۔ غالباً دیوان صاحب بھی بعد العصر پہنچیں گے۔ علی الصبح بہ لین ملتان سوار ہو کر دوسرے دن ملتان پہنچیں گے۔ بعدہٗ بھٹہ گردانی اور غالباً خانگڈھ سے ہوتے ہوئے وطن کو آئیں گے۔ بیماری اور علاج کی کیفیت سے میاں شیخ احمد صاحب کی جگہ پر مطلع کریں۔ بخدمت حضرت والدہ ماجدہ تسلیمات ونیاز۔ سب ہمشیرہ کو دعا پہنچانا۔ برخوردار حسین پیرو شاہ سید اور ولایت شاہ ومحمود شاہ وسائر احباب

Marfat.com

۲۔ بیعت مروجہ سے کیا غرض ہے۔ اور اس کا فائدہ کیا ہے۔
۳۔ ایک شخص مدت العمر میں کتنے شخصوں سے بیعت کر سکتا ہے مشہور تو یہ ہے کہ ایک کے سوائے دوسرے سے بیعت کرنے میں حرمت ہو جاتی ہے۔ اس کی اصلیت کیا ہے۔
۴۔ ارشاد و تلقین کے قابل کون شخص ہوتا ہے۔ کچھ اس کے معیار یا شرائط ہیں یا نہیں۔ جس کا جس پر اعتقاد ہو جاوے۔ بقول پیر من خس است و اعتقاد من بس است مرید ہو سکتا ہے۔
۵۔ طریقت شریعت کے کچھ خلاف ہے۔ یا الکمال شریعت کو طریقت کہتے ہیں۔ یا کوئی اور شے ہے۔
۶۔ رقص و سرود مروجہ صوفیائے چودھویں صدی و عشق بازی با طفلان و زناں شریعت میں کیا حکم رکھتا ہے۔ اور متقدمین صوفیائے میں بھی کیا اس پر دار و مدار عشق الٰہی کا تھا۔ جبکہ فی زمانہ صرف رقص و سرود و عشقبازی یا بازی با امردان مایہ طریقت و کمال سمجھتے ہیں۔
۷۔ فسق و فجور و محبت دنیا کیا اہل طریقت کے نزدیک ممنوع نہیں ہے
۸۔ بیعت سے سوائے تعلیم و تلقین ذکر و اشغال کے کچھ اور فائدہ ہے۔ اگر بیعت سے مقصود تعلیم اذکار و اشغال صوفیائے کرام ہیں۔ تو کتابوں میں جملہ اذکار و اشغال صوفیاں درج نہیں۔ اور اگر مقصود بیعت سے توجہ قلبی پیر و مرشد سے مرید طالب حق کو ایک دم میں یا چند مدت میں مقام قرب الٰہی تک پہنچاتا ہے۔ تو یہ واقعہ

Marfat.com

ومتعلقین کو سلام ودعا۔ جناب قاری صاحب ومولوی صاحب۔ اور سب
مکان والوں کو سلام اپنے احباب کی کیفیت سے بھی مطلع کرو۔ سب کو
سلام۔ داعی بقلم خود از منٹگمری۔ ۱۲ محرم

---

۷ محرم بروز شنبہ از پاکپتن

عزیزا! تم درمیان حفظ وامان الٰہی باشید

بعد دعا اینکہ ہم سب بخیریت ہیں۔ ۱۱ تاریخ واپس ہونے کا ارادہ ہے براہ
ملتان جلدی مکان پر پہنچنے کا قصد ہے۔ بیماری کے حالات سفر میں پہنچتے
آئے ہیں۔ مجھے فرصت لکھنے کی بالکل نہیں ہوئی۔ سب کو دعوات۔
علاج میں سستی نہ ہو۔ دعاگو بقلم خود

---

از سکیسر بروز دوشنبہ برخوردار غلام محی الدین حفظک اللہ تعالیٰ

بعد دعا اینکہ انشاء اللہ تعالیٰ بروز پنجشنبہ ۵ بجے اندر راولپنڈی پہنچیں گے قاضی
صاحب وزیر آبادی کے اصرار پر محبوب عالم تجھے اسٹیشن پولو وال سے تار
بدیں مضمون دیگا۔ کہ وزیر آباد پہنچو۔ مکان پر ٹھہرنا اگر ضروری ہو تو نہ آنا۔ ورنہ
شامل ہو جاؤ۔ سب کو ما وجب۔ داعی بقلم خود از سکیسر
کل ۸ بجے دن کے بروز سہ شنبہ سوار ہو کر غالباً ۲ بجے وزیر آباد پہنچیں گے۔

---

Marfat.com

کے خلاف معلوم ہوتا ہے۔ کیونکہ ہر فرد مسلمان ہندوستان کا کسی نہ کسی سے مرید ضرور ہے۔ بلکہ بعض مشائخ موجودہ کے تقریباً ایک لاکھ یا پچاس ہزار تک بھی مرید پائے جاتے ہیں۔ اور ان کے کسی مرید میں خلوص اب تک نہیں پایا جاتا۔

ہاں یہ تو دیکھا جاتا ہے۔ کہ پیر کو خدا بنا لیتے ہیں۔ یا خود خدا بن جاتے ہیں۔ اب حضور عالم باعمل و اکمل بھی ہیں۔ اور حضور کے متوسلین بھی بہت ہیں۔ ان میں سے واصل حق کتنے ہوئے۔ اور کتنے طالب حق ہیں۔ ان سب کا جواب حضور اپنی قلم سے تحریر فرماویں۔ تاکہ احقر کی تسلی ہووے۔ ورنہ صوفیائے زمانہ کو دیکھ کر عقل بھی حیران ہوتی ہے۔ کہ خلاف حکم شرع کو فقیری سمجھتے ہیں۔ یا رقص و سرود و عشقبازی کو۔ عشق بازی ناقصوں کو دواعی شہوات ہے۔ اور خوف ہے۔ کہ مرتکب معاصی ہو جاویں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ حامداً و مصلیاً

جواب نمبر ۱۔ بیعت طریقت مروجہ فی زمانہ سنت ہے۔ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تقویٰ اور اقامت اسلام پر بھی بیعت فرمائی ہے چنانچہ انصار کی مستورات سے نوحہ نہ کرنے پر اور فقراء مہاجرین سے اس پر کہ لوگوں سے کسی چیز کا سوال نہ کریں۔ صحیح بخاری و ابن ماجہ ملاحظہ ہو۔ بیعت مروجہ کثرت ذکر الٰہی و زہد و تقوے پر بھی اس قبیلہ سے ہے۔

Marfat.com

برخوردار غلام محی الدین حفظک اللہ عما یکرہ و عما تسوءٔ

بعد دعا و سلام اینکہ

سب گھروں اور مہمانوں کی خبر گیری کرنے جمعہ و جماعت کا التزام۔ آوارہ گردی کی ترک خصوصاً بحالت تنہائی آجکل موسم خراب ہے۔ مولدات بخار سے پرہیز ضروری ہے۔ اپنے استاذ صاحب کا حسب ہدایت خیال رکھنا کہ وہ سخت شرمناک آدمی ہیں۔ موت منظور ہو گی مگر مُنہ سے کبھی نہ کہیں گے کہ ایں چنیں باید۔ ان کی ضروریات کو قبل از وقت مہیا رکھنا۔ میں محبوب عالم اور تمہارے بھروسے پر انکی خبر گیری تہیں کی تم دونوں کو بار ہا تاکید کی گئی تھی۔ مگر نا معلوم تم نے کس طرح برتاؤ کیا۔ انکی صحت کا خیال چاہیئے۔ نہ صرف اپنے سبق اور مطلب کا۔ دو طرفی کرایہ اُنکے جانے پر دینا۔ غرض ہر طرح چارپائی۔ بستر وغیرہ کا لحاظ ان کی تشریف بری پر تم گھر میں رہو۔ اور حسب ہدایت انکے اوقات کے پابند رہو۔ ایسا ہی جناب قاری صاحب کی خبر گیری رکھو۔ یعنی کوئی وطنی ناتراشیدہ حسب عادت اہل وطن پیش آنے نہ پاوے۔ ایسا حلیم نہ ہونا چاہیئے کہ ضروریات میں نقصان ہو اور نہ ایسا درشت کہ خلق اللہ بیزار ہو۔ سب گھروں کا فکر رکھو۔ میرے کہنے پر عمل کرو۔ اور میرے کرنے کو نہ کرو۔ رات ½ ۹ بجے ہم ملکوال پہنچ گئے ہیں۔ صبح بجے پرگاڑی کو جانا چاہیئے تھا۔ مگر ہر جہ کیوجہ سے ابھی سات بجے لالہ موسیٰ سے بھی نہیں چلی۔ شائد ظہر کو یہاں پہنچے۔ لہٰذا ہم کو کل بروز شنبہ سیال شریف پہنچنا ہو گا۔ سب کو سلام۔

Marfat.com

نمبر۱۔ قال اللہ تعالیٰ ۔ یا ایھا النبی اذا جاءک المومنات الآیۃ سیپارہ ۲۸
سورۃ ممتحنہ رکوع ۲

نمبر۲۔ وفی البخاری ۔ جواب نمبر۱۔ بیعت طریقت سے غرض حصول
انہ اشترط علی جریر ۔ سکینہ باطمینان قلب و اخلاص و شوق و ترک
عند مبایعتہ الحدیث ۔ ماسوی اللہ ہے ۔ سنت الناس پہ جاری ہے ۔ کہ
علماء کی صحبت کے بغیر علم خیاط کی مجلس کے بغیر
خیاطت اور آہن گر کی صحبت کے سوا آہنگری
حاصل نہیں ہوتی۔

نمبر۳۔ رواہ ۔ جواب نمبر۲۔ ایک شخص کئی اشخاص سے بیعت تبرک
ابن ماجہ ۔ فیض حاصل کر سکتا ہے ۔ اور جائز ہے ۔ بشرطیکہ
انہ بایع ناساً ۔ شیخ اول کی تحقیر و توہین نہ کرے ۔ ورنہ رجعت
من فقراء ۔ ہوگی البتہ وہ شخص مستثنے ہے جس کو جذبۂ
المہاجرین الحدیث ۔ عشقیہ اور رابطۂ کمال عشق شیخ کا دوسری
طرف نہ جانے دے۔

جواب نمبر۳۔ بیعت کرنے کے قابل وہ شخص ہوتا ہے ۔ کہ ضروری علم
دینی کے علاوہ اوصاف ذیل بھی رکھتا ہو۔
متقی کبائر سے مجتنب صغائر پر غیر مصر ۔ زاہد ۔ عابد ۔ اشغال
اذکار پر مداومت کرنے والا ۔ امر معروف نہی عن المنکر ۔
ذوفہم مستقل رائے ۔ شیخ کی صحبت سے فیض یافتہ ۔

Marfat.com

راقم عبدہ المذنب الراجی الی عفوہٖ از ملکوال سات بجے دن کے

بعداد شریف والی مائی صاحبہ کا خیال رکھنا اور اپنی دادی صاحبہ کا سلام بھی ہر روز کرنا۔ اور دونوں زیارت پہ فاتحہ بلاناغہ پڑھنا اور ختم کا التزام بھی ؟

---

برخوردار غلام محی الدین حفظک اللہ

دُعا و سلام پرسوں بروز پنجشنبہ میانوالی سے روانہ ہو کر سٹیشن چھب پر برائے ملاقات مکرمی جناب مولوی محمد غازی صاحب اُتروں گا۔ ورنہ حسن ابدال اُتر کر بھوئی فاتحہ خوانی کے لیے جا کر بعد ازاں مکان پر پہنچوں گا۔ مکرمی جناب قاری صاحب کو بعد سلام مضمون واحد۔ سب کو دُعا و سلام پہنچے۔

---

از ملتان بروز چہار شنبہ برخوردار غلام محی الدین حفظک اللہ مع المتعلقین

بعد سلام اینکہ۔ لاہور قصور پاکپٹن سے جو تاریں اور خطوط بغرض استمزاج مریضہ شفاہا اللہ تعالیٰ بھیجی گئی تھیں۔ کسی کا جواب نہیں آیا۔ ما تعش بخیر ہو۔ کل خانگڈھ اور پرسوں ستانواں اترسوں واپسی کا ارادہ ہے۔ تمہاری غفلت اور بے اعتنائی نے بے چین کیا ہوا ہے۔ سب کو ما وجب۔

داعی بقلم خود از ملتان

---

۲۴ صفر

برخوردار غلام محی الدین حفظک اللہ تعالیٰ

بعد سلام و دعا اینکہ خطوط متواترہ کاشف مافیہا ہوئے قاری صاحب کو

Marfat.com

**جواب نمبر ۵:۔** طریقت شریعت کے برخلاف نہیں۔ شریعت خدا اور رسول کی ہدایت وارشاد ہے اور طریقت اس پہ چلنے کو کہتے ہیں۔

**جواب نمبر ۶:۔** رقص و سرود کے بارہ میں حضرت شیخ سعدی علیہ الرحمۃ کا فیصلہ

بگویم سماع اے برادر کہ چیست ؏ مگر مستمع را بدانم کہ کیست الخ

کافی ہے۔ حصول عشق الٰہی کا مدار توجہ شیخ و کثرت ذکر الٰہی پر بشرط استعداد نہ عشق بازی بازناں و طفلاں جب عوام کے لئے یہ حرام ہیں تو خواص کے لئے جن کا شان یہ ہے حسنات الابرار سیئات المقربین کیسے جائز ہو سکتے ہیں۔ یہ اور بات ہے کہ بعض اہل اللہ کو حسینوں سے کسی وقت بوجہ مشاہدہ انوار تجلیات میلان ہوا ہو۔ حضرت شمس تبریز و حضرت محبوب الٰہی و حضرت مجدد رضوان اللہ علیہم اجمعین کے حالات مندرجہ کتب مناقب اس پہ شاہد ہیں۔ یہ میلان از قبیل حدیث صحیح اِنَّ اللہَ جمیل ویحب الجمال سمجھنا چاہیئے۔

**جواب نمبر ۷:۔** بیعت کا فائدہ کتاب دیکھنے سے حاصل نہیں ہو سکتا۔ اس وجہ سے نمبر ۲ میں موجود ہے۔

**جواب نمبر ۸:۔** حصول مطلب کے لئے کوئی مدت معین نہیں۔ علی حسب اختلاف فی الاستعداد زمانہ کی کمی بیشی متصور ہو سکتی ہے

**جواب نمبر ۹:۔** زمانہ موجودہ میں کن صاحبان کے لاکھ یا زیادہ مرید ہیں۔ باوصاف مندرجہ نمبر ۴ ۔ اور واقعی شیخ ہے۔ تو ضرور

Marfat.com

اللہ تعالیٰ جلد واپس لائے اور مقدمہ میں کامیابی عطا فرمائے۔ میں آج ۲۴ تاریخ بوجہ اصرار وکمال عنایت فرمائی جناب صاحبزادہ محمد سعد اللہ و صاحبزادہ محمد عبید اللہ روانہ نہیں ہو سکا۔ صبح ۲۵ تاریخ روانگی ہو گی۔ کوٹ چوغطہ وغیرہ مقامات پہ گذر ہو گا۔ حتے الوسع جلدی مراجعت کریں گے۔ سب کو ما وجب۔

داعی بقلم خود از سیال شریف

---

۲۳ صفر

برخوردار غلام محی الدین حفظک اللہ تعالےٰ

بعد دعا و سلام اینکہ خط تمہارا اور جناب قاری صاحب کا ملاحظہ سے گذرا الحمد للہ والمنۃ۔ کل بروز دوشنبہ ۲۴ صفر واپس ہونگے۔ بمجبوری سٹیشن پوپودال تک ہفتہ تک پہنچا ہو گا۔ سون سکیسر اور پکھڑ والوں کا امسال لیجانیکا ارادہ تھا۔ ان کو جواب دیا گیا ہے۔ سب کو دعا و سلام۔ جناب صاحبزادہ محمد سعد اللہ صاحب نے سلام لکھنے کا ارشاد فرمایا ہے۔ انکی جانب سے سلام فقیر معہ سب رفقاء بخیریت ہے۔ گھر میں اور مکان والوں کو سلام و دعوات۔ پیر ولایت شاہ صاحب اور ملک غلام حسین سلام پہنچاتے ہیں۔ لعبد

الملتجی والمشتکی الی اللہ المدعو مہر علیشاہ بقلم خود از سیال شریف

---

برخوردار غلام محی الدین حفظک اللہ تعالےٰ

بعد سلام اینکہ خط تمہارا سیال شریف میں کاشف ما فیہا ہوا۔ الحمد للہ والمنۃ کہ جانبین میں خیریت ہے کل بروز چہارشنبہ کوٹ چوغطہ میں پہنچے۔ محمد خان

Marfat.com

مرید کے لئے کم از کم پابندی احکام شرعیہ ہونی چاہیئے۔
دوسری صورت میں دونوں میں سے ایک یا ہر دو کا قصور
متصور ہو سکتا ہے۔ درویش واقعی سے کسی وقت
انا الحق کا سرزد ہونا اور ہے۔ اور غیر درویش متصنع کا کہنا
اور۔ اس میں زمین آسمان کا فرق ہے۔ مولانا روم
رحمۃ اللہ علیہ کا بیت ہے۔
آں انا رحمت اللہ در قفا ؛ویں انا لعنت اللہ از خدا
یا جیسا کہ مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ نسخہ
مثنوی اس وقت زیر نظر نہیں۔

**جواب نمبر۱:۔** طالب خواہشات ہیں۔ اور واصل یعنی صاحب اطمینان و
ذوق وشوق بالغنی باللہ از ماسوی اللہ کم۔ والسلام
خیر الختام۔

العبد
الملتجی الی اللہ سید مہر علی شاہ بقلم خود از گولڑہ

مکرمی معظمی جناب صاحبزادہ محمد حفیظ اللہ صاحب در حفظ و امان الٰہی باشند
تسلیم و نیاز۔ عنایت نامہ کاشف مافیہا ہوا۔ دعا ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ آپ کو علم
باعمل و توفیق اعمال صالحہ عطا فرما کر مخدومی و مخدوم الکل رحمۃ اللہ علیہ کے
خاندان کو ہمیشہ بابرکت و سرسبز رکھے حسب التحریر تعویذ داخل لفافہ ہذا

Marfat.com

کسی صورت تین شب گذرنے کے بغیر نہیں چھوڑتا۔ پرسوں بروز ہفتہ یہاں سے روانگی ہوگی۔ اور شب نبی بخش مسکین کے پاس بعد ازاں بروز یکشنبہ جلالپور میاں علی محمد کے پاس صبح کی روٹی کھا کر رات چک میاں فتح الدین کے پاس۔ پھر بروز دوشنبہ سکیسر غالباً دو شب گذار کر سٹیشن پہلوال سے سوار ہو کر راستہ میں چکوڑی ہوتے راولپنڈی اُتریں گے۔ گوجر خان والوں کے اصرار پر وہاں بھی غالباً ایک وقت ٹھہرنا ہوگا۔ سب کو ما وجب مخلصی حاجی کریم بخش صاحب کو برخوردار فضل الٰہی کے بارہ میں آج ہی لکھ دیا گیا ہے۔ داعی از کوٹ۔

---

از کوٹ چوغط  برخوردار غلام محی الدین حفظک اللہ

بعد سلام اینکہ مخلص مولوی محمد علی مقیم مسجد دھوبیاں کی طبیعت کا حال تم نے نہیں لکھا۔ اِس کی خبرگیری رکھنی اور مناسب معالجہ سے دریغ نہ کرنا اور اس کو میرا سلام و دُعا پہنچا دیں۔ اللہ تعالےٰ اس کو شفاء کامل عطا فرمائے سب کو ما وجب +

---

بروز دوشنبہ  برخوردار غلام محی الدین حفظک اللہ تعالیٰ و وفقک لما یحب و یرضی

بعد دعا و سلام مسنون الاسلام اینکہ غالباً آج بروز دوشنبہ ملک خدا بخش صاحب یہاں پر سیال شریف پہنچیں گے۔ امر معلوم میں گفتگو ہونے پر آج ہی ہم لوگ واپس ہوں گے۔ ورنہ کل بروز سہ شنبہ انشاء اللہ تعالےٰ ضروری واپس ہو کر بلین

Marfat.com

بھیجا جاتا ہے۔ درود شریف اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ، ایک سو مرتبہ اور یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ ایک سو مرتبہ بعد نماز فجر پڑھ لیا کریں۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو علم غیب بحسب نصوص قرآنیہ اور علم ماکان ومایکون کا از روئے احادیث نبویہ علیٰ صاحبہا الصلوۃ والسلام منجانب اللہ عطا ہوا ہے۔ علم غیب کلی اور بالذات علیٰ سبیل الاستمرار خاصہ خدائی ہے عزاسمہ اور علم غیب علیٰ قدر الاعلام والاعطا آنحضرت صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو عالم الغیب بعلم عطائی وہبی کہا جاسکتا ہے۔ میری موجودگی میں مخدومی مخدوم الکل رحمۃ اللہ علیہ کے سامنے کبھی اس مسئلہ کا ذکر نہیں ہوا۔ نیازمند عرصہ تین سال سے بیمار ہے۔ اشتہا بالکلیہ مفقود۔ دماغی کام نہیں ہوسکتا۔ لہٰذا ارشاد عالی کی پوری تعمیل نہیں ہوسکی۔

العبـــــــــــــــــد

معافی کا خواستگار نیازمند علما مہر علی شاہ بقلم خود از گولڑہ

---

سیادت دستگاہ مخلصی سید فتح شاہ صاحب حفظکم اللہ تعالیٰ

سلام و دعا۔ مکتوب آں مخلص مشتملہ خبر ملالت اثر انتقال اہلیہ برخوردار غلام عباس رسید انا للہ وانا الیہ راجعون اللہ تعالےٰ متوفیہ مرحومہ را مغفرت وپسماندگان را صبر واجر عطا فرماید۔ اللّٰھم لک الحمد، والیک المشتکیٰ وانت المستعان ولاحول ولاقوۃ الا بک

Marfat.com

سرگودھا سوار ہوں گے۔ سرگودھا میں چند ساعت یا ایک شب برخوردار
محمد حیات کے اصرار پر قیام ہوگا۔ بعدازاں سید سے مکان پر پہنچیں گے۔ بخدمت
ہر دو مولوی صاحب سلام پہنچا دیں اور سب کو سلام و دُعا ختم کا التزام رکھنا۔

الراقم داعی از سیال شریف

---

برخوردار غلام محی الدین وفقک اللہ لموجبات رضائہ ولقائہ

دعا و سلام اما بعد یہاں پر بفضلہ سبحانہ من کل الوجوہ خیریت ہے ؎

مے گویم کہ از عالم جُدا باش — بہر جائیکہ باشی باخُدا باش

الیوم نیز تاکیداً در بارہ شراب دوشینہ یعنے محافظت نسبت و سائر امور مسطورہ
قلمی نمودہ می آید۔ ایاک وان تولی عمّا یقول محبوبک ومحبوب العالم وعلیک
ایصال السلام منی الی سر فقتناک وسائر مخلصی معدن المکارم ومنبع (حاجی کریم بخش)
المراحم (حاجی عبدالرحیم) والموالی ومن یلائم (اے ایصالہ ایہ) والحمد للہ اولاً و آخراً والصلوٰۃ علی رسولہ
والہ وصحبہ ظاہراً و باطناً۔ العبد الملتجی الی اللہ الغنی بہ عمن سواہ

المدعو بمہر شاہ

چُونکہ در عالم سخن گوئی یکے است — پارسی و ہندی و عربی یکے است
کیست دیار اندریں دارالوجود — لیس الا من ہوا الحکم الودود
وجہہ فی کل شیئ یجتلی — علمہ فی کل شیئ یحتوی
مے وزد بادی چو انہ الا انا (ای لا الہ الا انا) — کل شیئ ینعدم مع مہر شاہ

لسان الوقت کو قافیہ و ردیف سے غرض نہیں لہٰذا مجنونانہ مضامین پر عقلاء کو

Marfat.com

والسلام۔ العبــــــــد

الملتجی والمشتکی الی اللہ مہر علی شاہ از گولڑہ

---

مخلصی مولوی محمد الدین حفظک اللہ تعالےٰ

دعا وسلام۔ رقعہ مرسلہ کاشف ما فیہا ہوا۔ آپ اگرچہ ہر طرح کی تکلیف اُٹھانے پر آمادہ ہیں۔ مگر ناممکن ہے۔ کہ ایک عالم جس نے عالمانہ کاموں میں اوقات بسر کئے ہوں۔ وہ بے شغل اور بے کار رہ کر عمر ضائع کرے۔ یہاں کے حالات ایسے ہیں کہ سوائے بے شغلی کے کوئی شغل نہیں۔ ایک دعانامہ پہلے بھی لکھ چکا ہوں۔ ملاحظہ سے گذرا ہوگا۔ والسلام۔

العبــــــــد

دعاگو ہی از گولڑہ

---

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

بُلبُل بستان توحید سرو گلستان تفرید شہباز اوج حقیقت تاجدار کشور معرفت سلامت

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ۔ بعد ادائے آداب و نیاز و شوق حصول قدم بوسی آنکہ چند سوالات بغرض استفسار خدمت شریف میں ارسال ہیں۔ اخلاق محمدی سے فرما کر جوابات سے عزت بخشی جاوے۔

(۱) اذا اراد شیئًا ان یقول لہٗ کن فیکون میں لہٗ کی ضمیر کا مرجع کون ہے۔ اگر شیئًا مانا جاوے۔ تو اس کو خدائے تعالےٰ نے پیدا

مواخذہ کا استحقاق نہیں ہو سکتا۔ واللہ یقول الحق وھو یھدی السبیل۔

---

بروز سہ شنبہ غرہ ربیع الاول　　عزیزی غلام محی الدین حفظک اللہ تعالیٰ

بعد سلام اینکہ الحمد للہ علی الصحۃ والعافیۃ۔ ارادہ ہے کہ کل بروز چہارشنبہ انشاء اللہ تعالیٰ سکیسر سے روانہ ہو کر بمقام ڈنگہ شب باش ہو کر دوسری شب چکوڑی بعد ازاں گوجر خان راولپنڈی پہنچیں گے۔ سب کو ما وجب +

دعاگو بقلم خود از جھوک عبدالرحمن متصل سکیسر

---

۸ صفر المظفر ۱۳۴۳ھ
مورخہ ۹ ستمبر ۱۹۲۴ء　　بجانب میاں محمد حیات صاحب قریشی صابو وال ضلع شاہپور

عزیز محمد حیات حفظک اللہ تعالیٰ۔

بعد از سلام و دعا آنکہ بفضلہ تعالیٰ اب صحت ہے۔ شدت گرما کی وجہ سے کچھ بخار اور ساتھ ہی ہچکی ہوئی تھی۔ چالیس سال کی عادت چونکہ بحکم العادۃ طبیعۃ ثانیۃ طبیعت کا حکم رکھتی ہے لہٰذا جانبین (راقم و اہالیان ضلع شاہ پور) پر پریشانی کا اثر پڑ رہا ہے۔ مگر ؎

نہ دوری دلیل صبوری بود　　کہ بسیار دوری ضروری بود

یعنے نامناسب معلوم ہوتا ہے کہ لوگ تماشا دیکھیں جس ذات عالی کے ساتھ میرا سروکار ہے اس کا مسکن و آرامگاہ وہ عالم ہے جس کا روزن میرے دماغ میں مشاہدہ کے لئے موجود ہے۔ اہالیان ضلع شاہ پور کے مخلصین کیلئے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں مصائب سے محفوظ فرما کر صراط مستقیم پر قائم رکھے

Marfat.com

ہی نہیں کیا۔قبل از تخلیق وہ مرجع نہیں ہو سکتی۔اس کے تو پیدا کرنے کا ارادہ کیا ہے۔

(۲) ولی اللہ کے معنے اصطلاح صوفیا میں کیا ہیں۔یا یوں۔کہ افراد انسانی میں کون سے فرد پر صحیح معنی میں لفظ ولی اللہ کا اطلاق ہو سکتا ہے۔یا یوں کہئے کہ طریقہ سلوک میں کونسا مرتبہ ہے۔جسے طے کرنے کے بعد سالک ولی اللہ کہلانے کا مستحق ہو جاتا ہے۔تعریف ایسی ہو۔جس سے صوفیائے متقدمین مثل مولانا روم اور مولانا محی الدین ابن عربی وغیرہ سے متعلق ہو

(۳) فرقہ صوفیائے کی اسلام میں کیا ضرورت ہے۔کیونکہ احکام شرعیہ اور ارکان اسلام کی تبلیغ تو بذریعہ قرآن شریف پیغمبر خدا نے فرما دی۔اور اس کی اشاعت علمائے اسلام برابر بذریعہ درس تدریس و تحریر و تقریر کر رہے ہیں۔جو نجات کے واسطے کافی ہیں۔صوفی ان احکام شرعیہ کے سوا کیا بتا سکتے ہیں۔اور نجات کے سوا اور کیا ہے۔جو اُن کی تعلیم کے سلسلہ میں مل سکتا ہے۔

راقم سید علی از محکوان شریف مزار شاہ سارنگ صاحب مرحوم

ضلع نواب گنج بارہ بنکی ڈاکخانہ فتح پور

حامداً و مصلیاً

مکرمی شاہ صاحب حفظکم اللہ تعالیٰ

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ۔(۱) مکرما اشیاء موجودہ کے لئے قبل از تخلیق علم باری عزاسمہ میں ثبوت ہے۔اس مرتبہ میں اعیان ثابتہ کہلاتے

Marfat.com

آمین ۔بغیر قصد زیارت اہل اللہ دورہ کرنا اور اپنی جھونپڑی سے قدم باہر رکھنا خلاف عادت ہے ۔ورنہ مخلصین کو خوش کر دیتا ذالک تقدیر العزیز العلیم والحمد للہ اولاً و آخراً والصلوٰۃ والسلام منہ باطناً علیہ ظاہراً و آلہ وصحبہ ۔الحمد للہ کہ حاجی صاحب مامون ہیں۔ برخورداران حفظہم اللہ تعالٰے کو دعوات ۔سب کو ما وجب۔

الملتجی والمشتکی الی اللہ المدعو بمہر علیشاہ بقلم خود از گولڑہ

عزیزی محمد حیات وسائر زوّار حفظکم اللہ تعالٰے

بعد اہداء سلام و دُعا آنکہ پہلے تار جدّہ سے بعد ازاں خط موصول ہو کر باعث خوشنودی مہجورین ہوا ۔حضرات زوّار ! اس میں شک نہیں کہ حق سبحانہ وتعالٰی سمیع بصیر علیم علی الاطلاق ہے ۔کوئی امر اس سے پوشیدہ نہیں مگر گنہگاران کے معروض نجات طلبی کا ضروری طور پر محل اجابت تک پہنچنا اپنے حبیب اکرم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کی وساطت وسفارش پر موقوف ہے۔کما قال ولو انہم اذ ظلموا انفسہم جاؤک فاستغفروا اللہ واستغفر لہم الرسول لوجدوا اللہ توّاباً رحیماہ روضہ مطہرہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کے سامنے حاضر ہو کر اس آیت کو پڑھ کر عرض کرنا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم سراپا گنہگار حضور میں حاضر ہوئے ہیں۔ آپ بدرگاہ مجیب الدعوات ہماری سفارش فرماویں تاکہ غفار الذنوب اپنے سچے وعدہ کے مطابق ہمیں مغفرت عطا فرمائے اور یہ سے

Marfat.com

ہیں۔ ارجاع ضمیر بایوں کہیئے خطاب کن کے لئے ثبوت علمی کافی ہے۔

(۲) سالک سائرالی اللہ بعد مشاہدہ تجلیات (ھوالظاھر) اونیز تجلیات (ھوالباطن) اولاً بحسب خصوصیات وتمیزات اپنے کے اور ثانیاً بافناء بعض تمیزات ان کے مرتبہ جمع ہیں۔ اور بالکلیہ فنا کے مرتبہ جمع الجمع میں ولی کہلانے کا مستحق ہوتا ہے۔

(۳) اور ظاہر ہے کہ تجلیات افعالیہ اور صفاتیہ اور ذاتیہ کا مشاہدہ بحسب مراتب بعضہا فوق بعض درس اور تدریس علم ظاہری سے نہیں ہوتا۔ والسلام۔

دعا جوئی و دعا گوئی حضور بقلم خود

---

**سوال**:۔ کیا مسلمان کو کانگریس میں شامل ہونا چاہیئے یا نہ ؟

**جواب**:۔ قبلہ عالم مداللہ ظلہم العالی

مکرمی شاہ صاحب وفق اللہ تعالیٰ الجانبین لمایحب ویرضیٰ تسلیم۔ استدعار دعا۔ میری رائے میں یہ شمولیت اسلام کے برخلاف اور ناجائز ہے۔ (بوجہ علالت طبع جو مدت مدید سے لاحق ہے) زیادہ عرض نہیں کرسکتا۔

العبد

دعا گوئی و دعا جوئی از گولڑہ بقلم خود

---

Marfat.com

غریق بحرِ عصیاں مہر شاہ کو مدینے جلد بلوایا تو ہوتا
نرالی جھلک دکھلا کر پیارے بتوں سے سجدہ کروایا تو ہوتا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ قَدْرَ حُسْنِہٖ وَجَمَالِہٖ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ اَکْحَلَ الْعَیْنَیْنِ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ اَزَجَّ الْحَاجِبَیْنِ

کیا کچھ کم کیا نوک مژہ نے بھواں کے بل کو سمجھایا تو ہوتا
بول مہاراجہ چال مہاراجہ کیڑھے ویلے دیاں کھلیاں
کھلیاں کھلیاں عمر وہانڑیں ڈکھن سڑاندیاں تلیاں
پڑے ہیں بیرے کوچے میں تیرے کبھی ٹھوکر سے جھجلایا تو ہوتا
غریق بحر عصیاں مہر شاہ کو مکہ مدینے جلد بلوایا تو ہوتا

رب کو ماوجب والحمد للّٰہ اولاً و آخراً والصلوٰۃ والسلام منہ باطناً علیہ ظاہراً ۔

العبـــــــد

الملتجی والمشتکی الی اللّٰہ المدعو مہر علیشاہ بقلم خود از گولڑہ

---

## حق

سند المخلصین محبی و محبوبی محمد چراغ صاحب وفقکم اللّٰہ لما یحب ویرضٰے

وعلیکم السلام ورحمۃ اللّٰہ ۔ یاد آوری کا شکریہ ۔ تصور عبارت ہے حقیقۃ مطلقہ کے متعین خیال کرنے سے بہ تعین شیخ بعد مٹا دینے تعین اپنے کے خیال ہیں ۔ نسبت عبارت ہے اس رابطۂ مخصوصہ سے جو بین العبد والحق جل وعلا حاصل

مکرمی مولوی حفیظ اللہ صاحب وفقکم اللہ لما یحب ویرضیٰ

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ۔ اما بعد عنایت نامہ کاشف مافیہا ہوا قبل از نماز فجر یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ ایکہزار مرتبہ پڑھ کر دعا ذیل گیارہ مرتبہ معمول رکھیں۔ یاحی یاحی یاحی احینی حیٰوۃ طیبۃ واسقنی من شراب محبتك اعذ به واطيبه یاحی یاحی یاحی ومتع سری لبسرائك فى الحضرات الشهودية واملاء قلبی بالمعارف الربانيه واطلق لسانى بالعلوم اللدينيه یاحی یاحی یاحی والسلام۔ مکرمی جناب مولوی امانت اللہ کی خدمت میں سلام ملیں بوجہ علالت طبع جو کئی سال سے عارض ہے۔ زیادہ عرض نہیں کر سکتا۔ العبـــــــــــد

الملتجی والمشتکیٰ الی اللہ المدعو مہر علی شاہ از گولڑہ

---

**بجواب** محمد یار خان صاحب علی گڑھی جن کو ایک مرض تھی۔ سوتے جاگتے نماز پڑھتے اُٹھتے بیٹھتے بات کرتے ایسی حالت ہوتی ہے جیسے ایک شوقین پتنگ باز اُڑتی ہوئی پتنگ میں ٹھمکیاں دیتا ہے۔ اور پتنگ میں لغزش ہوتی ہے۔ اور وہ ڈوری میری کمر میں بندھی ہوتی ہے۔ جس وقت میں اس ٹھمکی سے بیدار ہوتا ہوں۔ اور جسم میں ٹٹولتا ہوں۔ تو کوئی ڈوری نظر نہیں آتی؟

نقل جواب حضور

Marfat.com

ہو انداز شیخ سے یا عکسی طور پر یا کسبی طریق سے مگر وہ کسب جو شیخ سے عطا شدہ ہو۔

آپ کو بسیط نسبت میں غیر تلبس الصفات اول سے حاصل تھی۔ والحمد للہ علیٰ ذٰلک۔ لہٰذا شغل اسماء و وظائف اس نسبت کے لئے حارج معلوم ہوتا ہو گا۔ آپ اسی نسبت میں بطور مراقبہ مع التصور اکثر اوقات خصوصاً صبح و شام مستغرق رہا کریں۔ بعد اس کے باقی اشغال بحسب الطاقت پورے کر لیا کریں۔ جناب مولوی صاحب کی خدمت میں سلام و دعا۔ برخورداران کو دعاء و سلام۔

الراقم

آپ کا مہر شاہ بقلم خود۔ از گولڑہ

---

عزیزی محمد چراغ صاحب حفظکم اللہ تعالےٰ مع المتعلقین

بعد سلام مسنون۔

الحمد للہ و المنۃ کہ محبت نامہ سے مژدۂ صحت طبع عزیز حفظ اللہ تعالےٰ معلوم ہوا۔ اللّٰھم زد فزد۔ دعا ہے کہ اللہ تعالےٰ مصائب دوران سے جانبین کو محفوظ فرما کر اپنی طرف متوجہ رکھے۔ اور موجبات رضاء و لقاء عطا فرمائے۔ سب کو ما وجب والسلام۔ داعی و مستدعی از گولڑہ بقلم خود

---

حفظکم اللہ تعالیٰ　　　　وعلیکم السلام و رحمۃ اللہ

دعا ہے کہ اللہ تعالےٰ ستاری غفاری کا معاملہ فرمائے۔ اور عزیزان کو مکروہات

Marfat.com

خان صاحب محمد یار خان حفظک اللہ تعالےٰ

بعد سلام آنکہ ۔ قبل ازیں ایسے حادثہ کا وقوع دید شنید میں نہیں آیا۔ تاکہ اس کے دفیعہ کا تجربہ کیا گیا ہو متوکلاً علی اللہ لکھا جاتا ہے کہ سورہ فاتحہ شریف آیۃ کرسی خالدون تک اور قل یا ایھا الکافرون الخ اور قل ھو اللہ احد الخ اور قل اعوذ برب الفلق الخ اور قل اعوذ برب الناس الخ سات سات مرتبہ ہر بار معہ بسم اللہ بعد نماز فجر و بعد عصر پڑھ کر قلب پر دم کیا کریں ۔ والسلام ۔

# استفتاء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کیا فرماتے ہیں علمائے دین شرع محمدی صلی اللہ علیہ وسلم اس بارہ میں کہ ایک شخص کی چوری ہوئی اس نے ایک مخدوم صاحب جو کہ بڑا متقی و پرہیزگار ہے اسکے پاس آیا اور غرض کی کہ مجھ کو تمام گاؤں کے لوگوں سے قسم لے دیویں ۔ انہوں نے تمام شہر کو بلا کر مسجد میں قرآن شریف سامنے رکھ کر قسم لی ۔ اب اس قسم کے بعد اگر کسی شخص پر گاؤں مذکور کے لوگوں میں سے شُبہ کرے ۔ تو آیا مدعی مذکور کو اجرائے دعویٰ کی شرعاً اجازت ہے ۔ یا کہ نہیں ۔ باوجودیکہ بموجب قول شامی فی الجلد الرابع الہم قولہ حلفہ الحاکم ولا یبطل مع ھیبۃ لکنہ لیس لہ ان یخاصم ما لم یقع البینۃ علی وفق دعواہ

Marfat.com

زمانہ سے محفوظ رکھے۔ سب کو ما وجب۔ داعی از گولڑہ بقلم خود

---

عزیزی محمد چراغ حفظکم اللہ تعالےٰ

بعد سلام آنکہ۔ عرصہ مدیدہ سے برخوردار غلام دستگیر کی کیفیت مزاج سے مطلع نہیں کیا گیا ہوں۔ بملاحظہ دعا نامہ ہذا مطلع فرماویں۔ سب کو ما وجب

داعی از گولڑہ بقلم خود

---

محبی و مخلصی محمد چراغ حفظک اللہ دعا و سلام

میں اچانک ہی گیا ہوں۔ لہٰذا اطلاع دینی ناممکن تھی۔ اور بلحاظ شدت گرما آپ کا ساتھ لے جانا بھی مجھے منظور نہ تھا۔ واپسی پر بھی عدم اطلاع دہی کی بھی یہی وجہ تھی کہ میں ٹھیر نہیں سکتا تھا۔ اور آپ ٹھیر اتے۔ سب کو دعا و سلام۔

مہر شاہ بقلم خود

---

مخلصی و عزیزی محمد چراغ صاحب حفظکم اللہ تعالےٰ

دعا و سلام۔ محمد نواز غالباً بجائے محمد چراغ لکھا گیا ہو۔ یا کوئی اور صاحب ہوں۔ بہر کیف سورۃ تغابن پڑھنا پڑھانا شروع کرا دیں والسلام بقلم خود از گولڑہ

---

عزیزی و مخلصی محمد چراغ حفظک اللہ تعالےٰ

بعد سلام و دعا آنکہ۔ دل سے دعا ہے کہ اللہ تعالےٰ آپ کا اضطراب رفع فرمائے

Marfat.com

فان وجدها اقامها وقضی له بها۔ نیز یہ بھی معاہدہ ہوا۔ کہ اگر قسم کے بعد اگرچہ کسی شخص پر صریحاً معلوم ہوا۔ تو میں کوئی دعویٰ مال نہ کرونگا۔ آیا یہ معاہدہ بھی کوئی حقیقت رکھتا ہے۔ یا کہ نہیں۔ اگر رکھتا ہے۔ تو کس کے حق میں بینوا و توجروا۔

# الجواب وھو الملھم الصواب

مدعی کو اجرائے دعوی کی شرعاً اجازت ہے۔ کما فی البدائع وبحر الرائق والدر المختار او قال اذا حلفت فانت بری من المال ثم برھن علی الحق قبل ہکذا فی البدائع۔ وبحر الرائق والدر المختار

العبد

مہر علی شاہ بقلم خود از گولڑہ

---

محمد اسماعیل صاحب نظامی جھانسوی کینٹھو بازار شملہ سے دریافت کرتے ہیں کہ دو سال قبل سے یہاں گروہ در گروہ جشن عید میلاد النبی منائے گئے۔ اور جلوس جھنڈا ۱۲ کو جامع مسجد سے عید گاہ تک لیجایا گیا۔ اس سال امام احمد حسن صاحب نے جلوس روک دیا۔ کہا کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی شان ولادت میں ایسی تقریب منانا منع ہے۔

**جواب** میں حضور قبلہ عالم فرماتے ہیں۔ کہ مسلمانوں کیلئے خوشی میلاد جائز ہے۔

---

Marfat.com

سب کو ما وجب ۔ داعی از گولڑہ ۲۰ ربیع الثانی

مخلصی و عزیزی محمد چراغ صاحب حفظک اللہ تعالےٰ

بعد سلام آنکہ متواترہ خطوط آپ کے سفر میں پہنچنے پر جواب بوجہ علالتِ خود ورفقاء نہیں لکھا گیا۔ اب بیماری سے آرام ہے۔ اور دُعا ہے کہ اللہ تعالےٰ اپنی مخلوق پر رحم فرمائے۔ عالمگیر بخار ہے۔ سب کو ما وجب۔ داعی از گولڑہ

حفظکم اللہ تعالےٰ

بعد سلام آنکہ۔ اثناء شغل میں اگر ضرورت پڑے تو وضو کر لینا چاہیئے۔ تو جسقدر شغل ہو چکا ہو۔ اُس سے آگے تمام کرنا چاہیئے۔ پھر اول سے شروع کرنا ضروری ہی نہیں۔ تبدیل وقت جائز ہے۔ عزیزی غلام دستگیر کو اللہ تعالےٰ کاملہ صحت عطا فرماوے۔ والسلام۔

بخدمت مولویصاحب اور سب کو سلام و دُعا و استدعا

مہر علیشاہ بقلم خود از گولڑہ

مخلصی و عزیزی محمد چراغ صاحب حفظک اللہ تعالےٰ

وَعَلَيْكُمُ السلام و رحمۃ اللہ۔ اللہ تعالےٰ برخوردار غلام دستگیر کو کامل شفاء عطا فرمائے۔ علالت طبع مزید برآں کسی قدر کسلان و ماندگی سفر کی وجہ سے توقف در تحریر ہوا۔ دُعا ہے کہ اللہ تعالےٰ احباب کو مصائب و

Marfat.com

مخلصی سید احمد شاہ صاحب حفظک اللہ تعالےٰ

بعد سلام آنکہ۔ آپ کا کارڈ ملاحظہ سے گذرا۔ میں ایسا نہیں ہوں۔ جیسا کہ آپ انسان کامل چاہتے ہیں۔ البتہ مشائخ عظام کا ارشاد جو مجھے پہنچا ہے۔ آپ سے بھی کہدیتا ہوں۔ اگر ہو سکے تو اس پر مداومت رکھیں۔ درود شریف اَللّٰھم صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ پانچ صدبار اور یا حَیُّ یا قیوم پانچصد بار۔ والسلام

---

مخلصی فی اللہ معظمی لِلّٰہ جناب مولوی عبدالمالک صاحب دامت عنایتکم و حفظکم اللہ تعالےٰ

وعلیکم السلام و رحمۃ اللہ۔ عنایت نامہ کاشف مافیہا ہو کر باعث بر تعمیل ارشاد یعنے تحریر معنی و مراد ہر دو شعر مندرجہ کے ہوا۔ میری ناقابلی کے علاوہ عدم رسائی بھی بمذاق شاعر کہ عارف تھا یا غیر عارف مانع از جرأت بر تحریر مراد تھی۔ مگر تعمیل بھی واجب جان کر عارض ہوں۔ ہر دو شعر مندرجہ عنایت نامہ و مستفسرہ۔ قال ؎ خود را بنظارہ نگارم صف زد اقول یعنی برائے نظارہ دیدن خود نگار و محبوب من آمادہ و جلوہ گر شد۔ گو سبحانہٗ و تعالیٰ قبل ایجاد موجودات حسن و کمال ذاتی خود را در خود میدید در بطون کنت کنزاً مخفیاً۔ لاکن مقتضائے حسن و جمال و حبی کما یدل علیہ رفاحببت ان اعرف) خواست کہ جمال و کمال خود را در مرایا و آئینہ ہائے کثرت و حجابی و مظاہر تماشا کند (فان رویتہ الشئی نفسہٗ فی نفسہٖ لیست کرویتہ الشئی نفسہ فی المرأۃ قال شاعر ؎

مکروہات زمانہ سے محفوظ فرما کر اپنی طرف متوجہ رکھے۔ سب کو واجب۔
داعی و مستدعی مہر علیشاہ بقلم خود از گولڑہ

---

محبی و مخلصی محمد چراغ سلامت
تسلیم و دعا۔ الجواب ہو الجواب۔ محمد شریف شاہ صاحب والسلام۔
داعی مہر علیشاہ ۱۵ ر جمادی الثانی

---

محبی و مخلصی محمد چراغ صاحب سلامت
وَعَلَیْکُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ: ایسا استقلال ہاتھ سے نہ دیویں۔ ھ۔ و۔ دونوں انسان پر طاری ہوتے ہیں۔ دونوں کا ذائقہ نیا رنگ لاتا ہے۔ میں تو حسب التحریر ہی تعمیل کروں گا۔ برخورداران کو دعا۔ والسلام۔
مہر شاہ بقلم خود

---

محبی و مخلصی محمد چراغ صاحب سلامت باشد
الحمد للّٰہ الحمد للّٰہ میں بھی متفکر تھا کہ اتنا کام عظیم الشان کیسے بسر ہوگا خصوصاً ایسے آزاد منش جو بالکل تقلید کے نام سے بھاگتے ہیں آج شب جمعہ کو راقم ایکے سوار ہو کر کل جونشاہ جا اتریگا۔ علی گدہر کو پہلے بھیجا گیا ہے۔ غالباً جوڑہ کے بابو کو آپ کی اطلاع دہی کا کہا ہوگا۔ بشرط خیریت واپس ہو کر چکوڑی میں حاضر ہونگا۔ سب کو نیاز۔ مہر علیشاہ از گولڑہ

Marfat.com

ے یک خال سیاہ برآں رُخ مطوف زد

اقول:۔ رُخ مطوف ترکیب توصیفی مطوف صیغہ اسم مفعول از باب تفعیل یعنی این چنیں چہرہ کہ گردانیدہ شدہ است ہمہ عالم طائف و طواف کنندہ بگرد او خال سیاہ را دو لحاظ است در بادی نظر داغ و عیب گفتنش بے جا نباشد و در نظر ثانی موجب زینت و ظہور جمال و کمال فہمیدہ شود۔ خال سیاہ ایں جا کنایہ است از داغ کثرت بر چہرۂ وحدت و داغ و عیب شمردن عروض کثرت بر وحدت بہ نسبت محجوب است نہ بلحاظ عارف چہ عارف کامل محمدی المشرب را دو شہود مے باشد یکے شہود وحدت در کثرت دوم شہود کثرت در وحدت وکل من الشہودین لا ینافی فی الآخر بخلاف محجوب کہ از ہر دو مشہود محروم است مجذوب کہ بہ سبب استہلاک در شہود اول ناقص ماند۔ قال ے رضوان ز تعجب کف خود بر کف زد

اقول۔ رضوان یعنی محافظ و ناظر باغ کثرت کہ عبارت است از عارف کامل محمدی المشرب از تماشا حسن و جمال لم یزلی حظ وافر و نصیب کامل برداشت کہ حیرت مے باشد قال علیہ السلام رب زدنی فیک تحیراً قال الصدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کمال الادراک العجز عن الادراک عارفی گفتہ ے

عشق بازی نہ ہمیں زاری گریاں شدن است
حسن معشوق عیاں دیدن و حیراں شدن است

و وجہ محافظ بودن عارف کامل در باغ کثرت را از حدیث لا تقوم الساعۃ

Marfat.com

سبحان من ہو کل یوم ہو فی شان

یار نیرنگی تسلیم۔ اب کے دفعہ اچھی کی خیر کچھ مضائقہ نہیں۔ ارتباط قلبی فیما بین وطرفین اخلاص صمیمی از جانبین۔ جابر سب تشتیات ہے جو کہ ہم رنگ تشتتات ہیں اور کیوں نہ ہو۔

مرد آں باشد کہ باشد دل شناس　　گرچہ بیند گفت را در صد لباس

کل کی خلوت کا خیال نہ بھولیں گے۔ آج کی نازک مزاجی اور ستم ظریفی گو کہ طوفان ہی ہو۔ سب مخادیم و احباب کی خدمت میں تسلیم۔

محب الفقراء مہر علیشاہ بقلم خود از گولڑہ

---

حفظکم اللہ تعالے

حسبنا اللہ ونعم الوکیل نعم المولیٰ ونعم النصیر فاللہ خیر حافظا وھو ارحم الراحمین۔

داعی از گولڑہ

---

عزیزی و مخلصی محمد چراغ صاحب حفظکم اللہ تعالے

الحمد للہ کہ جانبین میں خیریت ہے۔ علاقہ میں طاعون اب نہایت کمی پہ ہے عزیزی غلام دستگیر کو میں نے بفضلہ تعالے اچھا پایا۔ قدرے شکایت محسوس ہوتی تھی۔ شافی مطلق کی بارگاہ سے کامل شفا کی اُمید ہے۔ دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کے خاندان اور متعلقین کو مکروہات زمانہ سے محفوظ فرمائے سب کو ماوجب۔

بقلم خود از گولڑہ

Marfat.com

الیٰ آخرہٖ واز فص آدمی فصوص الحکم باید جست قال ؎

ابدال زبیم چنگ در مصحف زد

قول۔ مراد از ابدال رہروان طریقت کہ از لغزش پائے دریں راہ بسلامت ماندہ اند و بوجہ استغراق و استہلاک در مشاہدۂ وحدت مثل مجازیب یا بوجہ نارسائی بمغز سخن و راز وحدت وجود رشتہ سخن را بہ سرحد الحاد و زندقہ رسانیدہ مثل متصوفہ از نقص و لغزش محفوظ بباعث چنگ زدن بہ مصحف و اتباع شرعی شدہ اند زمشاہدہ تجلی تنزیہی لیس کمثلہ شئ درحق او شان مانع از شہود تجلی تشبیہی (ھو الظاھر) گشتہ و نہ بالعکس ذالک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء۔ والحمد للہ اولاً و آخراً والصلوٰۃ والسلام علیٰ رسولہ سیدنا محمد والہ وصحبہ ظاہراً و باطناً۔ ایں است اجمال آنچہ مامور شدم باظہار آں۔ والعلم عند اللہ۔

نمبرا۔ مشائخ عظام مریدین کو (اللہ) موقوف اور (ھو) نیز موقوف فرماتے ہیں۔ یعنی دونوں معاً یہاں پہ نہ تو ہا ضمیر کی ہے۔ اور نہ اشباع ضمہ اور قاعدہ مسطورہ منقوض ہے ساتھ (ویخلد فیہ مہانا) کے جو کہ سورۃ فرقان میں واقع ہے۔

۱۶ جمادی الثانی مخلصی الطاف حسین صاحب حفظکم اللہ تعالےٰ

وعلیکم السلام و رحمۃ اللہ۔ سوالات مرسلہ کے جوابات حسب ذیل ہیں:۔

(۱) ایک مسلمان دوسرے مسلمان کو زندہ ہو یا مردہ اپنے اعمال حسنہ کا ثواب

Marfat.com

عزیزانم حفظکم اللہ تعالےٰ

بعد سلام آنکہ کیفیت معلوم ہوئی۔ باوضو آیۃ الکرسی ۱۱ بار اور سورۂ اخلاص ۲۵ بار پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے منہ پر پھیر کر پیش ہو جائیں۔ کھیعص کفاینا حمعسق حمایتنا سب کو یا وجب۔ داعی از گولڑہ بقلم خود

---

مخلصی و عزیزی محمد چراغ صاحب حفظکم اللہ تعالےٰ

اللہ تعالےٰ عزیز غلام دستگیر کو صحت فرمائے۔ بیماری نے ضلع راولپنڈی میں بھی کم ہی کسی گاؤں کو چھوڑا ہوا ہے۔ یوماً فیوماً ترقی پر ہے۔ خدا حافظ ہو۔ بہرحال جانا تو ہے ہی۔ کہ او سبحانہٗ و تعالےٰ اپنے فضل و توجہ مقبولانش کے طفیل رضا و لقاء سے محروم نہ فرمائے۔ والسلام برخورداران کو سلام و دعا۔ بخدمت جناب مولویصاحب تسلیم سب کو ماوجب۔

بقلم خود از گولڑہ

---

وفقک و حفظک اللہ تعالےٰ

بعد سلام آنکہ۔ اگر غلطی سے حرف لکھا جائے۔ بعد محو بجائے اس کے دوسرا حرف لکھنا جائز ہے۔ ایسا ہی اگر سہواً رہ جائے تو پھر لکھا جا سکتا ہے۔ سب کو ماوجب۔ داعی از گولڑہ

---

Marfat.com

دے سکتا ہے۔ وہ اعمال بدنی ہوں۔ چنانچہ تلاوت قرآن مجید وغیرہ۔ کلمات طیبات محض حسبۃً للہ۔ ایسا ہی ایصال ثواب نماز روزہ۔ یا وہ اعمال مالی ہوں۔ جیسا کہ صدقات یا دونوں سے مرکب جیسا حج۔ اور مردہ یا زندہ جن کو ثواب بخشا جاتا ہے۔ دونوں کو فائدہ پہنچتا ہے۔ اگر گنہگار ہیں۔ تو مردہ کو عذاب میں تخفیف ہوگی۔ اور زندہ کے اعمال نامہ میں اندراج ہوگا۔ اگر عباد اللہ الصالحین سے ہیں۔ تو ترقی درجات و کمالات کا فائدہ ہوگا۔ اسی طرح ثواب بخشنے والے کو بھی فائدہ ہوگا۔ اگر صالح ہے۔ تو ترقی درجات اگر گنہگار ہے۔ تو عمل صالح یعنی ایصال ثواب اس کے اعمال نامہ میں مندرج ہوگا۔

(۲) اولیا اور صالحین قبور میں عبادت مثل تلاوت قرآن و نماز وغیرہ اذکار کرتے ہیں۔ اس عبادت کا نتیجہ ثواب نہیں بلکہ از قبیل تنعم اور لذت حاصل کرنے کے لئے ہے۔ مثل ملائکہ کے اور گنہگاروں کے لئے قبر میں عذاب ہے۔ الا ما شاء اللہ تعالیٰ چنانچہ کسی زندہ کی دعاء مغفرت ان کے حق میں قبول ہو جائے۔ یا ارحم الراحمین کسی سبب سے رحم فرمائے کتاب شامی حاشیہ در مختار۔ کتاب الجنائز اور کتاب شرح الصدور علامہ سیوطی باب احوال الموتیٰ فی قبورہم میں یہ مسئلہ مفصل مذکور ہے۔ والسلام۔

العبد

دعاگو مہر علیشاہ از گولڑہ

Marfat.com

عزیزی محمد چراغ حفظکم اللہ تعالےٰ

دعا و سلام۔ حسب التحریر دعا کرتا ہوں۔ اللہ تعالےٰ مصائب دارین سے محفوظ رکھے۔ مکان پہ ۲۴ محرم کو ۲۲ دن کے بعد پہنچ گیا ہوں۔ آخری عشرہ میں زکام و بخار لاحق ہوگیا تھا۔ اب آرام ہے۔ سب کو ما وجب۔

داعی مہر علیشاہ بقلم خود

---

راسخ الاخلاص محمد چراغ صاحب زاد اخلاصہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔ انشاء اللہ تعالےٰ ۱۰ ماہ صفر اتفاق ملاقات خواہد بود اکثر محبان بر جواب ترکی بہ ترکی مستعد شدہ بودند۔ لیکن او شاں را منع نمودم و نیز علمائے محققین نوشتند کہ ایں دلیل مغلوبیت خصم است کہ تنگ آمد بجنگ آمد بالیقین معلوم شد کہ نزد خصم سند نیست بحیلہ سازی و مطاعن جان خود را خلاصی کردن مے خواہد از ہر طرف تقاضائے جواب نویسی او راتنگ نمود۔ آخر بگریبان افتاد۔ مگر الحمد للہ کہ تحریرات کذائیہ موجب تغیر و انقلاب ایں جانب نیست جواب خط نور الدین صاحب بعد سابقہ مطبوع شدہ شائع خواہد گردید۔ لیاقت علمی ہویدا خواہد شد۔ زیادہ سلام۔ مہر شاہ

---

مخلصی فی اللہ محمد چراغ صاحب حفظکم اللہ تعالےٰ

بعد سلام اینکہ آیت (وما لنا ان لا نتوکل علی اللہ وقد ھدانا سبلنا ولنصبرن علی ما اذیتمونا وعلی اللہ فلیتوکل المتوکلون) اور

Marfat.com

مخلصی فی اللہ مولوی صاحب حفظک اللہ تعالیٰ

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ۔ مکتوب مرسلہ کاشفِ مافیہا ہوا۔ ع
حق رضاء تو یار سول اللہ اشارہ ہے۔ عطیہ الٰہیہ مقامِ شفاعت کبرےٰ
کی طرف جس پہ رضا و خوشنودی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مرتب ہی ہوگی۔
کما قال اللہ تعالیٰ ولسوف یعطیك ربك فترضیٰ اعطا رب ارضاء
رب ہوئا۔ پس حق تعالیٰ کو رضاء اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کی منظور
ٹھہری۔

دعاگو از گولڑہ ۲۷ رمضان المبارک

---

مہربان من حفظک اللہ تعالیٰ

بعد سلام علیکم فصوص الحکم و فتوحات۔ چونکہ علوم و حقائق کشفیہ
میں سے ہیں۔ لہٰذا حل مقامات ان کا بغیر تحصیل علوم ظاہری علی سبیل
الکمال وحصول مجاہدہ بحسب ہدایات اہل کشف نہیں ہوسکتا۔ والسلام

العبد
الملتجی والمشتکی الی اللہ المدعو بمہر علی شاہ

---

مخلصی فی اللہ مولوی محمد واحد نور صاحب وفقکم اللہ لما یحب و یرضیٰ

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ۔ آپ کا محبت نامہ موصول ہوکر کاشف
مافیہا ہوا۔ دُعا ہے۔ کہ اللہ تعالےٰ اپنا کوئی مقبول بندہ جس سے آپ کی

Marfat.com

نیز بسم اللہ الذی لایضر مع اسمہ شیئٌ فی الارض ولا فی السماء وھوالسمیع العلیم) ہر ایک تین تین دفعہ صبح و شام معمول رکھیں۔ والسلام۔ سب کو ما وجب۔ دُعاگو و دُعاجو مہر علیشاہ بقلم خود

---

محبی و مخلصی محمد چراغ صاحب سلمک اللہ

بعد سلام اینکہ الحمدللہ والمنتہ بخیریت بتوجہ احباب غریب خانہ مع رفقا پہنچ گئے ہیں۔ سب طرح سے خیریت ہے قبل اس کے ایک خط بذریعہ بابو بہادر خان جوڑہ والا آپ کی طرف پہنچایا گیا ہے جس میں ذکر طلب کتاب سراج السالکین جناب صاحبزادہ صاحب کے لکھا گیا تھا۔ شاید پہنچا ہوگا۔ سب کو سلام۔

العاصی مہر علیشاہ بقلم خود

---

عزیزی و مخلصی محمد چراغ صاحب حفظکم اللہ تعالےٰ

مضطربانہ تحریر پہنچی۔ دُعا ہے کہ اللہ تعالےٰ ذلیل نہ کرے۔ عزیزا! عالم اسباب ہے۔ تمسک بہ سبب ظاہری یا باطنی ضروری اور برخلاف اس کے محال عادی۔ یعنی عادت اللہ نہیں کہ بغیر اسباب کارروائی فرمائے باطنی سبب عرصہ مدیدہ سے کہا گیا تھا۔ میری رائے میں ممکن نہیں کہ کما ینبغی شغل یا رابطہ خالی جائے۔ پھر بھی بہرکیف دعاگو ہوں۔ تمہاری ذلت ۔ ۔ ۔ اللہ تعالےٰ نہ دکھائے۔ اور امید ہے کہ نہ دکھائے گا۔ جناب مولوی صاحب و برخورداران و متعلقین سب کو ما وجب ۔ ۔ ۔ (داعی از گولڑہ)

Marfat.com

کامیابی ہو۔ ملائے۔ میں اس قابل نہیں ہوں۔ جیسا کہ آپ نے سنا ہے والسلام۔

العبـــــــــــد

الملتجی والمشتکی الی اللہ المدعو امہر علیشاہ از گولڑہ

**سوال:۔** جناب مخدوم محمد صدر الدین گیلانی قادری ملتانی

آیۂ تطہیر کن کے لئے ہے۔ آیۂ تطہیر کے مصداق کون کون لوگ ہیں؟

**جواب حضور قبلہ۔**

معظمی مکرمی جناب مخدوم صاحب حفظکم اللہ تعالےٰ

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ۔ جواباً معروض ہے کہ آیۂ تطہیر میں لفظ اہل البیت امہات المؤمنین علیہا الرضوان وآل عبا علیہم السلام دونوں کو شامل ہے۔ سیاق آیۃ واحادیث کثیرہ اسی پر دال ہیں۔ والسلام۔

العبـــــــــــد

الملتجی والمشتکی الی اللہ المدعو مہر علیشاہ بقلم خود از گولڑہ

۴۸۶

حَامِداً وَمُصَلِّیاً وَمُبَسْمِلاً

بعد سلام آنکہ آیۃ (ان الذین یؤذون اللہ ورسولہ لعنھم اللہ فی الدنیا والاخرۃ) اور نیز آیۃ (فھل عسیتم ان تولیتم ان تفسدوا فی الارض وتقطعوا ارحامکم اولئک الذین لعنھم اللہ فاصمھم واعمی

Marfat.com

برخوردار محمد چراغ سلامت باشد

وعلیکم السلام ورحمة اللہ۔ الحمد للہ والمنتہ کہ فقیر از مضمون محبت نامہ مسرور فرمودند میخواہم کہ فائدہ بر داشتن برخوردار از علمے کہ مخصوص باہلبیت واہل اللہ است بہ بینیم والسلام۔ مہر علیشاہ بقلم خود ۵ شوال

---

محبی ومخلصی محمد چراغ سلامت

بعد سلام آنکہ کتاب مرسلہ بذریعہ ڈاک پہنچی۔ تصحیح روانہ کی جاوے گی۔ اللہ تعالیٰ مصائب دارین سے اپنی حفظ وامان میں رکھے۔ سب صاحبان کی خدمت میں تسلیم دیویں۔ (داعی مہر علیشاہ از گولڑہ)

---

محبی ومخلصی اعتقاد را جان وجان را بنیاد سلامت باشد

بعد از سلام آنکہ آپ کا آپ اور آپکا آپ مطمئن رہیں ہاں شعر ذیل کا لحاظ چاہیئے بیت

اصل خود جذب است لیک اے خواجہ تاش کارکن موقوف آں جذبہ مباش

والسلام۔ الراقم آپ کا آپ

---

محبی ومخلصی محمد چراغ صاحب سلامت

تسلیم۔ حسب التحریر مشتمل بر قلق واضطراب پھر اجازت ہے وجہ التواء عند التلاقی بیان کیجاویگی۔ جوڑہ کے اسٹیشن پر منتظر رہیں

مہر علیشاہ بقلم خود

Marfat.com

ابصارھم) اور نیز متفق علیہ حدیث (فاطمہ بضعۃ منی) میرا ٹکڑا (و یوذینی ما اذاھا) اور نیز حدیث (من احب الحسن والحسین فقد احبنی ومن ابغضھما فقد ابغضنی) اور نیز حدیث (حسین منی وانا من حسین احب اللہ من احب حسینا) اور نیز حدیث (انّ ابنی ھذا یعنی الحسین یقتل بارض من ارض العراق یقال لھا کربلا فمن شھد ذالک منکم فلینصرہ) سب آیات واحادیث صحیحہ یزید شقی اور اس کے تابعان کے مستحق لعنت ہونے پر شاہد ہیں۔ کوئی اہل ایمان اس گروہِ اشقیا کی غیر ملعونیت کا قائل نہیں۔ جن لوگوں نے لعن یزید سے منع کیا ہے۔ یزید کو اچھا سمجھ کر نہیں کیا۔ بلکہ اس خیال سے کہ بجائے اس کے اللھم صل علی محمد وعلی والحسن والحسین و فاطمہ) پڑھنا بہتر ہے۔ شیطان کو اگر کوئی رات دن لعن کرے۔ بجائے اس کے تلاوت ذکر اور درود پڑھنا مفید ہے۔

آیتہ استخلاف (وعد اللہ الذین آمنوا الی آخرھا کا آخری جملہ ومن کفر بعد ذالک فاولئک ھم الفاسقون) اور نیز یزید شقی کا بعد شہادت سیدالشہداء علیہ السلام کے کمال خوشی میں آکر یہ کہنا کہ (آج ہم نے آل محمدؐ سے روز بدر کا انتقام اور بدلہ لے لیا ہے کما قال (ولست من جندب ان لم انتقم؛ من بنی احمد ما کان فدفعل) یزید کے کفر پر دال ہیں۔ کما صرح بہ۔ القاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ۔ الغرض یزید کے مستحق لعن ہونے میں بہ تصریح ثقات کوئی شک نہیں۔ اگرچہ

Marfat.com

محبی و مخلصی محمد چراغ حفظہ اللہ

بعد سلام آنکہ بخشا قوال کو جس جگہ ہو جلد یہاں پر گولڑہ میں ارسال فرماویں۔ شاید کوئی سفر کرنا ہو۔ والسلام۔ مہر شاہ بقلم خود

---

محبی و مخلصی محمد چراغ صاحب سلامت باشد

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ بعد واپسی از سفر پنجکہ کہ بتقریب عرس جناب حافظ صاحب مرحوم رفتہ بودم۔ محبت نامجات آں مخلص حفظہ اللہ بمطالعہ آمدہ اللّٰھم لک الحمد والیک المشتکیٰ وانت المستعان ولا حول ولا قوۃ الا بک بک اصول علی الاعداء وایاک ارجو ولا بیۃ للاحباء والسلام۔ اگر فرصت ہو سکے ملاقات کر جاویں (داعی مہر شاہ)

---

عزیزی محمد چراغ حفظک اللہ

دعا و سلام۔ انشاء اللہ تعالے عنقریب بتقریب روانگی عرس ملاقات ہو جائے گی۔ تاریخ کے متعلق محبوب عالم سے دریافت کر لینا۔ باقی خیریت طرفین مطلوب ولہ الحمد فی الاولیٰ والاخرۃ۔ جناب مولوی صاحب و برخورداران و متعلقین کو ادعیہ و سلام۔ داعی از گولڑہ بقلم خود

---

عزیزی محمد چراغ حفظک اللہ

دعا و سلام۔ اینجا بہمہ وجوہ خیریت است و آنجانب کذلک مطلوب از

Marfat.com

بے سود امر ہے۔ مگر اہل ایمان بمقتضائے (الحب فی اللہ والبغض فی اللہ من الایمان) ان گروہ اشقیا پر لعنت بھیجنے کے بغیر رہ نہیں سکتے بفضلہٖ ہم بوجہ اعتقاد حقیقت خلافت خلفاء اربعہ علیہم الرضوان و محبت اہل بیت علیہم السلام روافض و خوارج سے علیحدہ ہیں۔ والحمد للہ اولاً و آخراً والصلوٰۃ والسلام منہ باطناً علیہ ظاہراً و آلہٖ و صحبہٖ۔ والسلام خیر ختام

---

مخلصی فی اللہ میاں صالح محمد حفظک اللہ تعالیٰ

وعلیکم السلام و رحمۃ اللہ۔ اما بعد محبت نامہ مشتمل استفسار معانی بعض الفاظ قصیدہ مبارک ملاحظہ سے گذرا۔ جواباً لکھا جاتا ہے والعلم عند اللہ واہلہ سیما سیدنا الاولیاء قائلہ

(ا) کئوس بضمہ کاف جمع کاس یعنی پیالہ۔ ترجمہ
شراب پیالوں میں بھرے ہوئے میری طرف دوڑتے ہوئے آئے۔
پس میں اپنے دوستوں کی مجلس میں نشۂ شراب سے مست ہوگیا۔

(ب) بحالی نہیں بحانی ہے۔ حان یعنی دکان واؤ اور تا کی زیادت سے حانوت ہوجاتا ہے سعدی علیہ الرحمۃ کہ شبلی ز حانوت گندم فروش۔
گو حالی بھی مفید مطلب ہوسکتا ہے۔ مگر صحیح نسخہ حانی ہے۔

(ج) مقامکم العلی جمعا ولکن ⁂ مقامی فوقکم ما زال عالی
اے اقطاب تم سب کا مقام صاحب بلندی یعنی (بلند) ہے۔ مگر میرا مقام تم سب سے اوپر ہے اور دائماً بلند رہے گا۔ اس لئے کہ میرا رب اور

Marfat.com

دعا طلبی برائے اصلاح ظاہری و باطنی آں مخلص غافل نیم واز احباب نیز ہمیں امیدوارم کہ از دعا محروم نخواہد داشت برخورداران را دعا و سلام۔ جناب مولوی صاحب را تسلیم۔ (داعی از گولڑہ بقلم خود)

---

مخلصی و عزیزی محمد چراغ صاحب حفظک اللہ

وعلیکم السلام و رحمۃ اللہ۔ جو کچھ آپ نے لکھا ہے اس سے بڑھ کر آپ کا استحقاق ہے اور اس جانب سے بھی کوئی دریغ نہیں ہوا اور نہ ہوگا۔ اس کی تصدیق آپ ہی کے قلب سے ہو سکتی ہے۔ باوجود اتنے تعلق اور اخلاص کے پھر تصوّر کا عدم قیام حیرت انگیز ہے۔ اللہ تعالےٰ اچھا کرے گا منشوش نہ ہوویں۔ والسلام (مہر شاہ)

---

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

محبی و محبوبی مولوی محمد چراغ سلمہ ربہٗ و رزقہ حبہٗ حسب حبہٗ

از خاکبوس درویشاں مہر علیشاہ تسلیم مطالعہ فرماید۔ اما بعد الحمد للہ علیٰ کل حال تعین ارادہ مطلقۂ وجوبیہ بعد تنزلات در ضمن داعیہ حادثہ شخصیہ بالفعل در قلب راقم الحروف چنیں میریزد کہ بتاریخ ہژدھم ماہ حال علی الصبح سوار شدہ بوقت نصف النہار یا بوقتیکہ خواہد رسید پائیں شدہ از ملاقات محباں محظوظ باشم باز ہماں وقت سوار شدن یا بروز دیگر موقوف برائے عزیزاں است دیدہ خواہد شد بخدمت ہمہ اعاظم و محبین تسلیم۔ العاصی مہر علیشاہ بقلم خود

Marfat.com

اصل الاصول مقام وحدت اور ذات ہے بخلاف تمہارے کہ تمہارے اصول واحدیت میں صفات ہیں۔

(د) انا فی حضرت التقریب وحدی ۔ یصرفنی وحسبی ذوالجلال

میں بارگاہ قرب میں اکیلا ہوں ۔ پھیراتا ہے مجھے اور کافی ہے ذوالجلال میرے لئے

یعنی میں مقام تقریب میں (حق سبحانہ وتعالیٰ کا بندہ کو اپنے قرب میں لانا یا بندہ کا بندہ کو مقام قرب میں پہنچانا) بے مثل ہوں۔ اور میں اس کے قبضہ تصرف میں ہوں میرا پھرانیوالا یکے بعد دیگرے وہی ذوالجلال ہے۔

(ھ) صرت قطباً۔ یعنی میں علم پڑھتے ہوئے قطب ہوگیا۔

(و) بطراز عزم۔ یعنی مجھے ایسے خلعت پہنائی ۔ جو عزت یا عزم (پختہ قصد) کے بیل بوٹا سے منقش تھی۔

(ز) لفظ شاؤس بمعنی نقیب اور پیادہ۔

(ح) مشالی یعنی چل کر میری طرف آجائے آجائے۔ لی میں لام بمعنی الی ہے۔

(ط) ووقتی قبل قلبی قد صفالی۔ یعنی اوروں کا وقت اور وارد الٰہی تصفیہ قلب سے پہلے صاف نہیں ہوتا۔ بخلاف میرے کہ (کنت نبیا وآدم بین الماء والطین) کی طرح میرے لئے وارد الٰہی بغیر مجاہدہ وتصفیہ قلب) صاف اور غیر مکدر ہے اور کیوں نہ ہو۔ کہ آپ (علیٰ قدم النبی) کے وارث ہیں۔

(ی) عزومٌ یعنی ثابت قدم۔

(ک) نلت المعالی ۔ پہنچا میں بلندیوں کو۔ یا (نلت المنیٰ لی) پہنچا میں مقصو

Marfat.com

مخلصم مولوی محمد چراغ صاحب سلامت باشد

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللہِ اما بعد اجازت ختم کبیراست فقط والباقی عند التلاقی۔ وجہ اشاعت کتاب خوب پیدا نمودہ اند۔ از ہزار نسخہ قدرے باقی ماندہ اند۔ از ہر ملک خطوط ذلت مخالف اہلِ حق یومیہ میرسد۔ علماء اسلام از اشاعت ایں کتاب نہایت خورسند شدہ و دعا مے کنند ایں امر مخصوص بیک گروہ نیست مقلدین و غیر مقلدین و صوفیہ کرام ہمہ خوشنود اند۔ مُتَّطی صاحبزادہ صاحب و احباب را سلام۔ امروز میاں فیض رسول صاحب رخصت خواہد شد۔ برخورداران را دعا و سلام۔ مہر شاہ بقلم خود

---

شفیقی و عزیزی محمد چراغ صاحب زاد اخلاصکم

وعلیکم السلام و رحمۃ اللہ عنایت نامہ پہنچا۔ اظہار اشتیاق ملاقات اور یاد آوری کا شکریہ مضمون مندرجہ کے لئے دعا۔ برخورداران کے امتحان میں کامیابی کے لئے فاتحہ خیر۔ والباقی عند التلاقی۔ جناب مولوی صاحب کی خدمت میں نیاز مخلصی فضل الدین نووارد کو سلام۔ برخورداران کو دعا۔

از گولڑہ مہر شاہ بقلم خود

---

مخلصی و مخلصی محمد چراغ صاحب سلامت

بعد سلام و دعا آنکہ الحمد للہ کہ بارش دریں قطعہ محبت آباد گردیدہ دراں ایام اطلاع با ضرور دادہ خواہد شد۔ شعر ہندی ؎

Marfat.com

اپنے کو

(ل) مریدی ھم قطب واشطح وغنی۔ میرے مرید نشہ توحید میں مست ہوجا اور خوش باش اور بے باک ہوکر بول اور گاؤ۔ یعنی چونکہ تو میرا مرید اور میرے فتراک سے وابستہ ہے۔ لہٰذا تمہارے لئے سدِّ راہ نہ ہوں گی۔ اور وافعل ماتشاء سے مراد امر خلاف شرع نہیں۔ کیونکہ مخاطب (مریدی) جس کا ارادہ شیخ کے ارادہ میں فانی ہے۔ پس مراد وہی امور متذکرہ بالا یعنی شطح وغیرہ ہیں۔ یعنی تیرے شطحیات عکوس ہیں۔ میرے شطحیات کے۔ لہٰذا باذن اللہ ہوں گی۔ نہ نفسانی خواہش سے (فالاسم عالی) یعنی اسم جل شانہٗ یا اسم عالیجناب قدس سرہٗ۔

(۲) توحید کو بغیر کثرت دیکھنا سیر عروجی میں ہوتا ہے۔ اور کثرت میں دیکھنا سیر نزولی میں ہے اور یہ کمال ہے۔

---

حضرت شیخ اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے کشفی بیان سے بھی مطابق روایات کثیرہ یہی پایا جاتا ہے۔ کہ آیت مبارکہ تطہیر (انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت ویطھرکم تطھیرا) کا نزول آل کسا یعنی سیدۃ النساء وحسن وحسین وعلی علیہم السلام کی شان میں ہے۔ چنانچہ ۲۹ باب فتوحات میں لکھتے ہیں۔ (فدخل الشرفاء اولاد فاطمۃ کلھم رضی اللہ عنھم ومن ھو من اھل البیت مثل سلمان الفارسی رضی اللہ عنہ الی یوم القیٰمۃ فی حکم ھٰذہ الایۃ من الغفران فھم

Marfat.com

کتھوں دے لدے تے کتھے ونج لاسو دل دیاں دسو کدی وت بھی آسو

از عدم ملاقات جناب مولوی صاحب ہمیں امید داشتم کہ نوشتہ اند معاذ اللہ وجہ دیگرے کجا متصور گردد۔ مکاتیب غلام محمد زاد شوقہ میرسند۔ باباجی صاحب و جناب صاحبزادہ صاحب را تسلیم۔ ۲ جولائی سنہ ۱۸۹۹ء (مہر شاہ بقلم خود)

---

محبی و مخلصی محمد چراغ سلامت باشند

بعد از دعا و سلام کہ از مراسلات آں محب کیفیت مشتتہ معلوم گشتہ او سبحانہ و تعالیٰ رفع تشتت خواہد فرمود تسلی دارند۔ شاغلان را در ابتدا ہمیں حالت پیش مے آید۔ از تجربہ محقق است تبدل او بہ یسر و جمعیت نیز درچنیں حالت توجہ بحق سبحانہ موجب فلاح و طریان او نیز از کرشمہ الطاف خفیہ مے باشد دیدہ است نہ محض شنیدہ یا منزل السکینۃ فی قلوب المومنین ارحم وافعل بنا ما انت اہلہ ہمہ محبان را سلام۔ عبدالعزیز برادر غلام احمد مرحوم امروز ازیں جا روانہ شدہ۔ (مہر شاہ بقلم خود)

---

محبی و مخلصی حافظ محمد چراغ صاحب سلامت

الحمد للہ علیٰ کل حال بہمہ وجوہ خیریت است از مرض ہیضہ دریں نواحی ہم امن است بخدمت جناب صاحبزادہ صاحب و مولوی صاحب تسلیم۔ (الراقم مہر علیشاہ بقلم خود)

Marfat.com

المطهرون اختصاصاً من الله وعناية بهم بشرف محمد صلی اللہ علیہ وسلم وعناية الله به ولا يظهر حكم هذا الشرف لاهل البيت الا في الدار الاخرة فانهم يحشرون مغفوراً لهم واما في الدنيا فمن اتی منهم حداً اقيم عليه كالتائب اذ بلغ الحاكم امرة وقد زنى او سرق او شرب اقيم عليه الحد مع تحقق المغفرة كماعزو امثاله ولا يجوز ذمّه وينبغي لكل مسلم يومن بالله وبما انزله ان يصدق الله تعالى في قوله (ليذهب عنكم الرجس اهل البيت ويطهركم تطهيرا) فيعتقد في جميع ما يصدر من اهل لبيت ان الله تعالى قد عفا عنهم فيه فلا ينبغي لمسلم ان يلحق المذمة بهم ولا ما يشنا اعراض من قد شهد الله بتطهيرة وذهاب الرجس عنه لا بعمل عملوه ولا بخير قد موه بل بسابق عناية من الله بهم ذالك فضل الله يؤتيه من يشآءُ والله ذو الفضل العظيم۔ یعنی سادات فاطمیہ جو قیامت تک ہونے والے ہیں حکم میں اس آیت کے داخل ہیں خواہ کیسے ہی گنہگار ہوں۔ حشر ان کا اس حالت میں ہوگا۔ کہ مغفور ہوں گے۔ یہ محض خدا تعالیٰ کا فضل اور اس کی عنایت ہے۔ کسی عمل کا نتیجہ نہیں۔ اللھم صل وسلم وبارک دائماً علی سیدنا محمد والہ واصحابہ

پھر اسی باب میں لکھتے ہیں (فلو كشف الله لك يا ولي عن منازلهم في الآخرة لوددت ان يكون مولىً من مواليهم یعنی اے دوست اگر اللہ تعالیٰ تمہارا حجاب دور فرما کر تجھے اہلبیت کا شان اور رتبہ جو ان کو

Marfat.com

محبی و مخلصی محمد چراغ سلامت

بعد سلام آنکہ خداوند کریم آں محبوب و جمیع احباب را از شر بلا دو ر با شند الحمد للہ علیٰ کلِّ حالٍ بخدمت جمیع مخادیم و احباب تسلیم۔ الراقم مہر علیشاہ بقلم خود

محبی و مخلصی محمد چراغ سلمہ ربہ

تسلیم و دعا۔ الحمد للہ علیٰ کلِّ حالٍ۔ عزم ترک مطلوم کو ترک کر کے اسما سبعہ کا شغل وقت سحر یا عشاء معمول رکھیں اور تحریر علوم بدستور قائم رکھیں۔ والباقی عند التلاقی۔

یا من ھو اللہ احد اللہ الصمد لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفوًا احد صل علی حبیبک المصطفیٰ واحفظنا من خزی الدنیا وخزی الآخرۃ

۲۵ ربیع الثانی۔ مہر علیشاہ

محبی و مخلصی محمد چراغ صاحب (سلمک اللہ) سلامت باشد

بعد از سلام اینکہ۔ شاہ صاحب کو حسب عادت پہلے پہنچنا چاہیئے میرا ارادہ آخیر پر حاضری کا ہے اسوقت آپ کو اطلاع دی جائے گی۔ عریضہ کے لئے طالب خیریت ہوں مطمئن رہیں زیادہ سلام و دعا۔ داعی از گولڑہ

عزیزی محمد چراغ حفظک اللہ

دعا و سلام۔ لالہ موسیٰ سے لنڈن کے متعلق جناب قاری صاحب کی تحریر ذیل

Marfat.com

عند اللہ آخرت میں حاصل ہوگا۔ معائنہ کرائے۔ ضرور تو نتہ دل سے
ان کی غلامی کو چاہیے۔ اس سے معلوم ہُوا۔ کہ تطہیر و اذہاب الرجس کی
صورت انزال احکام و ہدایات شرعیہ نہیں۔ بلکہ بمعنی عفو و مغفرت
ہے۔ اس بیان سے یہ خیال نہ کیا جائے۔ کہ آیت تطہیر کا مطلب
اباحت و آزادی ہے۔ برخلاف تقیید با امر و نواہی بلکہ فضل و عنایت
ایزدی کی بشارت ہے جو بحسب (افلا اکون عبداً شکوراً) پابندی
احکام کے منافی نہیں۔ الحاصل آیۃ تطہیر کا مورد خواہ امہات
المومنین ہوں۔ فقط یا مع آل کساء یا صرف آل کساء علیہم السلام
ایسا ہی تطہیر در رنگ انزال احکام شرعیہ ہو۔ یا درصورت عفو و
مغفرت بہر کیف خطا کا صدور مطہرین سے ممکن ہے اور اس نعمت
عظمیٰ یعنی قرآن کریم کا نزول چنانچہ اس پاک خاندان کے طفیل ہُوا ہے
ایسا ہی قرآن کا فہم اور سمجھ بھی انہیں کی وساطت سے ہے سیدۃ
النساء علیہا و علیٰ ابیہا الصلوٰۃ والسلام کی تحریک اور سلسلہ جنبانی نے
یہ سمجھا دیا۔ کہ آیۃ یوصیکم اللہ فی اولادکم للذکر مثل حظ الانثیین
میں خطاب امت مرحومہ کی طرف ہے۔ اور علاوہ خلفاء ثلاثہ کے بھی
اہلبیت پاک علیہم السلام نے باغ فدک کے غیر مورث ہونے کو اپنی طرز
سے ثابت کر دکھایا۔ اللھم صل علیٰ محمد و آلہ و اصحابہ عدد
مافی علمک اور سارے عالم پر واضح ہوگیا۔ میری ناقص رائے
میں جناب سیدۃ النساء کی درخواست اور دعویٰ فدک اُمت مرحومہ

Marfat.com

کو ملاحظہ فرماویں۔ اٹھارہ تاریخ صفر روز سہ شنبہ گذار کر شب چہار شنبہ کو سات
بجے یہاں سے روانہ ہونگے۔ پس شب چہار شنبہ کو لالہ موسیٰ سٹیشن پر ملو۔
والسلام از گولڑہ

---

محبی و مخلصی محمد چراغ سلامت باشند۔
انشاء اللہ العزیز بتاریخ ۱۵ ماہ حال بروز چہار شنبہ علی الصبح بر اسٹیشن لالہ موسیٰ
خواہم آمد۔ ہمہ محبان را سلام۔ بخدمت جناب صاحبزادہ صاحب مدظلہ و
جناب مولوی صاحب تسلیم۔ احمد دین و غلام محمد و بختا و خدا بخش و کسانیکہ
از سادات چکوڑی در خانہ احمد دین بوقت دعوت خوردن بجانب جنوبی چہار
از جوانان نشستہ بودند او شان را نیز سلام۔ برخورداران را سلام۔
۲۔ ربیع الثانی ۱۸۹۹ء الراقم مہر شاہ بقلم خود

---

محبی و مخلصی محمد چراغ سلامت باشند
قلق و اضطراب لازم طریق مطلوب آنحب است۔ دریں راہ در خود بہ رفتن
از خود گسستن و بہ یاد کسے سوختن رفتہ رفتہ کسے بخویش مینماید۔ طوبیٰ
لمن داء ہ دوامہ و رضاءہ شفاءہ۔ حق۔ حق۔ حق ؎
بخلوتخانہ سلطان کسے دیگر نمی گنجد
غلام محمد و اکبر شاہ را سلام۔ اغلب آنکہ بعد یک ماہ ملاقات محبان برا
لالہ موسیٰ بکسے تقریب واقع خواہد شد مطمئن مانند۔ بعد سلام و دعا آنکہ

کے لئے موجب رحمت ٹھہرا۔ یعنی اس تحریک سے سب نے سمجھ لیا ہے
کہ قرآن کریم کی آیت یوصیکم اللہ فی اولادکم للذکر مثل حظ
الانثیین کا مطلب یہ ہے۔ نزول قرآن بھی اسی گھر کے طفیل ہُوا۔
پھر اسی گھر کی بدولت سمجھ بھی عطا ہوئی۔ یہ خیال کرنا۔ کہ جناب
سیدۃ النساءؓ اس فیصلہ سے ایسے ناراض ہوئے۔ کہ وفات تک
صدیق اکبرؓ سے قطع کلام کر دیا۔ اور سیدنا علیؓ کو وصیت فرمادی
کہ مجھے رات کو دفن کرنا۔ اور کسی کو مجھ پر نماز جنازہ پڑھنے کی اجازت
نہ دی جائے۔

حالانکہ آپ کی ناراضگی بموجب احادیث صحیحہ۔ یافاطمۃ ان
اللہ یغضب بغضبک ویرضی لرضاک وایضاً قال علیہ السلام
فاطمۃ بضعۃ منی من اذاھا فقد أذانی ومن أذانی فقد
آذی اللہ خدا اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی ناراضگی کا موجب
ہے۔ ٹھیک نہیں۔ آپ کا قطع کلام ہر کسی سے بباعث فرط غم تھا۔
بوجہ فراق نبویؐ آپ کو سخت تکلیف تھی۔ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ
وسلم کے بعد چھ مہینہ کا پورا کرنا سخت مشکل ہو گیا تھا۔ فیصلہ شرعی
سے ناراضگی اور پھر ایسی کہ نماز جنازہ پڑھنے تک اجازت نہ دی جائے۔
شایان شان اہلبیت پاک علیہم الرضوان نہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے
فلا وربک لا یؤمنون حتی یحکموک فیما شجر بینھم ثم لا
یجدوا فی انفسھم حرجاً مما قضیت ویسلموا تسلیما۔ یعنی خدا ورسول

Marfat.com

مکتوب برخوردار غلام دستگیر اطال اللہ عمرہ رسید۔ جناب مولوی صاحب
بوقت وداع نیافتم۔ مانعش بخیر باد سلام رسانند۔ (مہر شاہ بقلم خود از گولڑہ)

مجی و مخلصی محمد چراغ صاحب سلامت باشند

علیکم السلام ورحمۃ اللہ۔ غالباً میرا معذرت نامہ آج ۱۰ ربیع الاول آپ کو
ملا ہوگا۔ بعید از اخلاق کریمانہ نہ ہوگا۔ اگر واقعی معذوری کو منظور فرما کر
خوشنامہ سے مسرور فرماویں۔ آج کل رفع طاعون کے لئے اکثر سورہ
یٰسین مساجد و بیوت میں پڑھوایا کریں۔ اللہ تعالےٰ محفوظ رکھیگا۔ جناب مولوی
صاحب کو تسلیم برخورداران کو دعا و سلام۔ والسلام۔ (داعی مہر علیشاہ بقلم خود)

مجی و مخلصی محمد چراغ و فیض رسول سلامت باشند

دعا و سلام۔ آنچہ از رسیدن تار صدمہ بر دل دعاگوئی و احباب رسیدہ حال
میداند کہ فرستادہ است اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ دعاگو از رہائی بخار و غیرہ
معذوری است۔ بعد حصول افاقہ معتد بہا خواہم رسید۔ اندریں رہ لیکن یا
طلاع رسانند۔ حیرانم کہ ہر دو مائی صاحبہ را چگونہ اوقات تغیر شدند و شوند۔ ...
وقت فکرم صائب نیست۔ والسلام۔ (مہر شاہ بقلم خود)

مجی و مخلصی محمد چراغ صاحب حفظ اللہ تعالےٰ

بعد از سلام و دعا اینکہ ملیں تو تسہ شریف و پاکپٹن شریف سے ہوتا ہوا ...

Marfat.com

کے فیصلہ سے جو ناراض ہو۔ وہ مومن نہیں۔ اگر یہ فیصلہ مطابق حکم خدا و رسول نہ تھا۔ تو حضرات ذیل علی و امہات المومنین و حسن و حسین کیوں ناراض نہ ہوتے۔ اور کیوں بعہد مرتضوی اسی پر عمل رہا۔ رات کو دفن کرنے کا ارشاد غالباً بلحاظ اہتمام ستر ہوا ہوگا۔ پہلے بھی لکھ چکا ہوں۔ کہ اتہام ظلم و غضب وغیرہ سب کا دفیعہ قرآن کریم نے فرمادیا۔ اسی آیت استخلاف میں جملہ یعبدوننی ولا یشرکون بی شیئاً خلفائے اربعہ علیہم الرضوان کو سب بہتانات سے بری و پاک کردیتا ہے۔ ایسا ہی آیت تطہیر انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت ویطھرکم تطھیرا۔ اور نیز آیۃ مباہلہ فقل تعالوا ندع ابناءنا وابناءکم ونساءنا ونساءکم وانفسنا وانفسکم ثم نبتھل فنجعل لعنت اللہ علی الکاذبین۔ آل کساء علیہم السلام کو نامناسب الزامات سے پاک اور صاف بتاتی ہے۔ اس مقام پر آیت مباہلہ کو بھی کسی قدر بیان کردینا ضروری اور موجب تقویت ایمان معلوم ہوتا ہے۔ جو لوگ لفظ پنجتن پاک کہنے والے کو دائرہ اہلسنت سے خارج سمجھتے ہیں۔ ان کو بھی ہدایت ہو جائے۔

نقل ہے کہ امام حسن علیہ السلام اچھی پوشاک پہنے ہوئے گھوڑے پر سوار ہوکر مدینہ منورہ سے باہر جارہے تھے۔ ایک یہودی ذلیل حال نے پوچھا۔ کہ اے حسن سچ کہا ہے۔ کہ دنیا مومن کے لئے دوزخ ہے اور کافر کے لئے بہشت۔ آپ نے فرمایا۔ کہ بیشک سچ ہے۔ آپ

Marfat.com

میں تھوڑے دنوں سے پہنچا ہوں میرے پیچھے آپ کا خط آیا ہے۔ برخوردار غلام دستگیر کی صحت کے لئے فاتحہ خیر پڑھا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ شفاء کاملہ عطا فرماوے۔ باقی حالات سفر مفصل بوقت ملاقات عرض کئے جاویں گے۔ سب سے سب کو سلام۔ (مہر شاہ بقلم خود)

---

محبی و مخلصی محمد چراغ صاحب سلامت باشند

تسلیم و دعا۔ با اشتغال خواندنی و قدرے تحریری بہ تعیین اوقات مداومت ضروری دانند امیدوار ظہور رنگ دیگر خلاف تحریرآں محب ہستم۔ آنچہ نوشتہ اند از امتحان است۔ و ہر کسے را فی اول الوہلہ پیش آمدنی است۔ اگر این ہیچ تغیر نشانہا بیان نمایند۔ دفتر طویل باید۔ مطمئن باشند۔ دعاگو نیز حسب تحریر سجادہ نشین صاحب و نجم الدین صاحب بعد چند ایام بر اسٹیشن لالہ موسیٰ ملاقات نمودہ ہمراہ خواہد برد۔ اغلب آنکہ جناب صاحبزادہ صاحب را نیز تحریر رسیدہ باشد تجری پختہ قوال بیا مے آید۔ (مہر علیشاہ بقلم خود)

---

محبی و عزیزی محمد چراغ صاحب حفظک اللہ

وعلیکم السلام و رحمۃ اللہ۔ قبل ازیں ایک رقیمہ مشتمل بر حال واپسی لکھ چکا ہوں غالباً پہنچا ہوگا۔ سب طرح خیریت ہے۔ سب سے سب کو سلام برخورداران کو دعا و سلام۔ بالا پیر کو سلام۔ (راقم مہر علیشاہ بقلم خود از گولڑہ)

Marfat.com

نے فرمایا۔ کہ میرے لئے جو انعامات و احسانات وہاں تیار ہوئے ہیں۔ ان کی نسبت میری موجودہ حالت کو ہیچ بلکہ دوزخ سمجھنا چاہیئے۔ اور تمہارے لئے جو وہاں عذاب مقرر کیا گیا ہے۔ اس کے لحاظ تمہاری اس حالت کو بہشت کہلانے کا استحقاق ہے۔

**تنبیہ ضروری**:۔ قال تعالیٰ یا اھل الکتٰب لاتغلو فی دینکم غیر الحق ولاتتبعوا اھواء قوم قد ضلو من قبل واضلو کثیراً وضلو عن سواء السبیل ہ اللہ تعالیٰ کو اعتدال اور میانہ روی ہر کام میں پسند ہے۔ اور یہی ہے صراط مستقیم جس کی درخواست کے لئے ہم مامور ہیں اور غلو و تجاوز گو دین ہی میں ہو۔ موجب ضلالت و غضب الٰہی ہے۔ بسا امور ایسے ہیں کہ فی ذاتہ صحیح بلکہ منجملہ اسباب کمال ایمان کہلانے کے مستحق ہوتے ہیں باوجود اس کے بوجہ غلو اور حد سے بڑھ جانے کے بدطینت اور فاسد الرای انسان انہیں امور صحیحہ سے نتائج فاسدہ استنباط کر لیتا ہے۔

حضرت شیخ اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایسے نتائج سے شیاطین معنویہ کے ساتھ تعبیر فرماتے ہیں۔ مثلاً حب اہلبیت بشہادت قرآن و حدیث و قرار داد اہل اللہ کمال ایمان کا موجب بلکہ بلحاظ اصول عین ایمان سمجھا گیا ہے۔ اس اصل صحیح میں غلو کرنے والے دو فرقہ ہوئے۔ ایک فریق نے تو بغض و سب صحابہ کرام کا راستہ لے لیا۔ اس وجہ سے کہ انہوں نے بعد آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اہلبیت پاک کا منصب اور حق

Marfat.com

مُحبّی و مخلصی محمد چراغ سلامت

محبت نامہ رسید تعمیل ارشاد نمودہ شد۔ فالفضل منہ بل الکل بایبہ۔ از برائے ایں تقلبات قلبیہ شغل لسانی فی الصبح والمساء غرضی خدمت آں جناب نمودہ بودم۔ مداومت بر آں منتج صلاح کثیر است۔ بخدمت جناب سجادہ نشین صاحب و مولوی صاحب و جمیع محبان تسلیم۔ (الراقم محب الفقراء مہر علی شاہ بقلم خود)

---

مُحبّی و مخلصی و مکرمی محمد چراغ سلامت باشند

بعد سلام آنکہ برخوردار غلام محی الدین بالفعل بفضل اللہ سبحانہٗ بتوجہ مخلصان صحتیاب است۔ یا من ھو اللہ لہ صلّ علیٰ حبیبک المصطفٰی واستنقذنا من خزی الدنیا وخزی الآخرۃ۔ ذیقعدہ ۱۳۲۶ھ (الراقم داعی مہر شاہ بقلم خود)

---

مُحبّی و مخلصی محمد چراغ حفظکم اللہ

وعلیکم السلام و رحمۃ اللہ۔ قدرے علالت طبع و اشتغال یدفعیہ اش مانع از تحریر جوابدہی بایں معافی کا خواستگار ہوں۔ کہ فیما بین رشتہ نازک ہے۔ نہ بدیں معنی کہ ضعیف ہے۔ بلکہ اسی وجہ سے کہ لطیف ہے۔ مجھے بھی افسوس ہے۔ کہ تھوڑے روز معیت جسمانی کا اتفاق رہا۔ میری عمر دضامت پر قائم رہیں۔ برخورداران کو دعا و سلام۔ جناب مولوی صاحب و جناب صاحبزادہ صاحب و سائر مخلصین کو تسلیم۔ (الراقم مخلص مخلصین از گولڑہ بقلم خود)

---

Marfat.com

غصب کر لیا ہے۔ دوسرا فریق معاذاللہ خدا اور رسول اور جبرائیل تک گستاخ ہوئے۔ بدیں خیال کہ رتبہ اہلبیت اور تقدم علی الصحابتہ پر نص صریح کیوں نہیں وارد ہوئی۔ یہ سب نتائج فاسدہ اسی اصل صحیح حب اہلبیت کے ہیں۔ ایسا ہی حب عباداللہ الصالحین ذرائع تقرب الی اللہ میں سے اعلیٰ درجہ کا ذریعہ ہے۔ باوجود اس کے اگر حد سے متجاوز ہو۔ یعنی انہیں صلحاء کو معبود بنا لیا جائے۔ یا ان کو متصرف مستقل سمجھا جائے۔ یا شریک فی التصرف اس طرح پر کہ اللہ تعالیٰ بغیر شراکت ان کے انتظام عالم نہیں کر سکتا۔ تو یہی حب موجب شرک ہو جائے گی۔ حب اہلبیت درباہ صاحب اعتدال و صراط مستقیم کے مفید اور موجب کمال ثابت ہوئی۔ چنانچہ طرفین بوجہ افراط و تفریط منجملہ ضالین شمار ہوئے۔ خلافت و ترتیب کذائی منصوصی امر ہے۔ مگر پہلے بوجہ عدم انکشاف یہ امر کسی قدر محل نزاع و تخالف رہ کر بعدازاں وقتاً فوقتاً ظاہر ہوتا رہا۔ اور یقیناً واضح ہو گیا کہ آیت استخلاف وعد اللہ الذین امنوا منکم وعملوا الصلحت الخ سے مراد یہی خلفاء اربع ہیں۔ بلکہ اس حد تک کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بوجہ کشف نبوت و وعدہ استخلاف اس امر میں ایسا اطمینان تھا۔ کہ مرض وفات کے آخری ایام میں خیال شریف میں آیا۔ اور فرمایا۔ کہ لاؤ کاغذ میرے پاس کہ میں لکھ دوں۔ تاکہ میرے بعد گمراہ نہ ہو جاؤ۔ مگر وعدہ الٰہی کے بھروسہ پر لیستخلفنھم اور لیمکننھم اور لیبدلنھم اور نیز لیظھرہٗ علی الدین کلہ کا فرمانے والا اصدق الصادقین ہے

Marfat.com

محبی وحبی ومخلصی واخلاصی سلامت

تسلیم۔ الحمد للہ علیٰ کلِّ حالٍ والمسئول عنہ موجبانہ فی الجانبین یا فی الواحد ای واحد ماھو یحوی الاخر و یغنیہ فی مرتبۃ الامکان لا فی الوجوب فان موصوفہ ھوالمسئول عنہ لا لہ تعالیٰ عن ذالک علوا کبیرا۔ اللّٰھم صل وسلم علی المشتق مِمّا ھُوَ المنسوب الیک والہ وصحبہ وسلم۔ غلام محمود یعنی پٹھان کو سلام قبول ہو۔ کیوں ہم لوگوں کو چھوڑ گئے ہو۔

(مہر علیشاہ بقلم خود)

---

محبی وعزیزی محمد چراغ صاحب حفظکم اللہ

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ۔ الحمد للہ کہ جانبین میں خیریت ہے۔ عزیز غلام سرور کے خط کا جواب بوجہ ازدحام خلق وموجودگی جناب دیوان صاحب نہیں لکھ سکا۔ میں دعا کرتا ہوں۔ اللہ تعالےٰ آپ کو مع متعلقین مصائب سے محفوظ فرما کر اپنی طرف متوجہ رکھے۔ سب کو مادجب۔

(الداعی دُعا جوئی ودعا گوئی۔ مہر شاہ بقلم خود از گولڑہ)

---

محبی ومخلصی محمد چراغ سلامت باشد

بعد از سلام ودُعا آنکہ۔ غالباً میرا گذر حسب عادت بتقریب عرس شریف اسی لائن سے ہوگا۔ اور بر تقدیر ارادہ لائن نرڈہ پہلے آپ کو اطلاع دی جائیگی۔ بعد وظائف لسانی شغل قلبی کی کثرت نہایت ضروری اور اطمینان بخش ہوگی۔

Marfat.com

ضرور ہی اس وعدہ کو جن کے ہاتھ پر پورا کرنا ہے۔ پورا فرماوے گا بیعت صدیقی پر شکر رنجی شیر خدا کی صرف اتنی ہی بات پر تھی۔ کہ ہم اہلبیت رسول اللہ ایسے نظر انداز کیوں کیئے گئے۔ کہ بروقت تنازع فی مابین مہاجرین و انصارؓ اقامت حجت ہر ایک فریق کے ہمارا ذکر تک بھی نہ ہُوا۔ حالانکہ جس حجت اور دلیل سے مہاجرین کو بہ نسبت انصار کے اس امر کا اہل اور مستحق سمجھا گیا ہے۔ یعنی الائمۃ من قریش وہی حجت ہے۔ ہمارے لئے کیونکہ ہاشمی کو بہ نسبت قریشی کے زیادہ قرابت اور ارتباط ہے۔ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ وہ تھوڑی سی کدورت بھی صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بیان معذرت سے جاتی رہی۔ یہ لوگ علیہم الرضوان یعبدوننی و لا یشرکون بی شیئا کے مصادیق تھے۔ ان کے پاک سینوں میں کدورت کا مقام کیسے ہو سکتا تھا۔ اس روز نہ صدیقی ادراک اور نہ مرتضوی فہم موعود لھم کی شخصیت تک پہنچا ہُوا تھا۔ ورنہ اتنا تنازع بھی نہ ہوتا رفتہ رفتہ روز روشن کی طرح واضح ہو گیا۔ کہ خلافت خلفاء اربعہ کی منصوص ہے۔ اور یہی خوش قسمت لوگ اس نعمت عظمیٰ اور اقامت دین پسندیدہ کے لئے منتخب کئے گئے ہیں۔ چنانچہ جنگ فارس کے ایام میں بعد استشارہ جناب عمر فاروق باب مدینۃ العلم علی مرتضیٰ نے سب سے اول اس دقیقہ کو سمجھا۔ اور فرمایا۔ کہ نحن موعودون بالنصر یعنی آیۃ استخلاف میں ہم لوگوں کو نصرت الٰہی کا وعدہ دیا گیا ہے۔ لہٰذا فتح ہمارے ہی حصہ میں ہے۔ اور چونکہ بروقت نزول سورۃ نور الذین امنوا منکم کا خطاب

Marfat.com

جناب مولوی صاحب کے بارہ میں تو پھر اُس شریر نے کیا کیا۔ اطلاع فرمادیں
جناب صاحبزادہ صاحب کو تسلیم۔ برخورداران کو سلام۔ مہر شاہ

---

محبّی و مخلصی محمد چراغ سلامت باشند

بعد دعا و سلام آنکہ ہر کدام قلم باشد۔ ممنوع نیست اما شغل ۲۔ اگر روزمرّہ ده ہزار بودی ضروری بودے ہمہ مخلصاں را تسلیم۔ زیادہ دُعا۔

(الراقم داعی مہر شاہ بقلم خود)

---

محبّی و مخلصی حافظ محمد چراغ سلامت باشند

بعد تسلیم آنکہ محبّت نامہ رسید از کیفیت اطلاع بخشید۔ محبا ایں جانب بہمہ وجوہ خیریت است و آنجانب کذالک مطلوب۔ ازیں بے ہیچ بخدمت سجادہ نشین صاحب و مولوی صاحب و جمیع محباں را تسلیم۔

(الراقم محب الفقراء مہر علیشاہ بقلم خود)

---

محبّی و مخلصی محمد چراغ صاحب سلامت باشد

بعد سلام آنکہ۔ کل ایک خط آپکی طرف لکھ چکا ہوں۔ آپ گھبراؤ نہیں۔ قضاو الامعاملہ میں بھی اللہ تعالیٰ عزت رکھے۔ بہرکیف خیرخواہ اور دعا گو ہوں۔ حامد کا ذکر جو لکھا ہے اس سے جاسوسی ہوگئی ہے۔ وہ مفصل لکھیں کہ کون ہے۔ زیادہ سلام۔

(الراقم داعی مہر شاہ بقلم خود)

Marfat.com

علم الٰہی میں انہیں حضرات اربعہ کی طرف تھا۔ اور ایفاءِ وعدہ بھی ضروری
لہٰذا فضیلت و کمال سیاسی شیخین کے علاوہ ترتیب اعمار بھی موجب
ترتیب خلافت ٹھہری۔ کیونکہ درصورت انتفاء ترتیب خلافت بعض حضرات
کے حق میں ایفاءِ وعدہ ناممکن تھا۔ اگر بلا فصل سب سے اول حضرت عثمان
خلیفہ ہوتے تو جناب ابوبکر اور حضرت عمر محروم ہو جاتے۔ علیٰ ہذا القیاس
عمر فاروق کو اگر خلیفہ اول مانا جاتا۔ تو صدیق اکبر بے بہرہ تھے۔ ایسا ہی
علی مرتضیٰ اگر بلا فصل خلیفہ ہوتے۔ تو تینوں حضرات محروم تھے۔ کیونکہ
وفات مرتضوی سب سے پیچھے وقوع میں آئی۔ مہاجرین و انصار
کا تقاضا اس غرض سے ہوا۔ کہ ہر ایک فریق چاہتا تھا۔ کہ اقامت
دین اور خدمت اسلام سے ہم لوگ مشرف ہوں۔ نہ بوجہ نفسانیت
جیسا کہ اہل دنیا کا شیوہ ہے۔ خیال کرنا چاہیئے۔ یہ لوگ اس مقدس
ذات کے جانشین تھے۔ جس کی صحبت کا اثر سالہا تک باقی رہنا چاہیئے

---

مخلصی شیر عالم صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔ دعا ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ تم کو صحت
کاملہ مرحمت فرمائے۔ آمین والسلام۔

دعاگو از گولڑہ

---

Marfat.com

محبی و مخلصی محمد چراغ سلامت باشند

بعد از سلام آنکہ از ملاحظہ محبت نامجات کیفیت بوضوح انجامید اللہ تعالے انبساط فیما بین را یوماً فیوماً ترقی دہاد۔ وامید بارگاہ لایزال ولم یزل ہمیں مدام کہ لا تشمت بی عدوی ولا تسوء بی صدیقی بریں بے ہیچ و احباب صادق آرد۔ فی الدنیا والآخرۃ۔ دو اعدد نسخہ جناب مولویصاحب محمد غازی برائے من از لاہور مرسلہ بودند تقسیم نمودہ شدند۔ از لاہور دکان حافظ محمد دین کتب فروش صاحب مطبع بطلبد۔ مولویصاحب از خود خرچ نمودہ طبع کنانیدہ اند معظمی و مکرمی جناب صاحبزادہ صاحب و جناب مولویصاحب وجمیع احباب تسلیم۔

۵ شوال (مہر شاہ)

---

عزیزی محمد چراغ صاحب سلامت

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ۔ امابعد بالفعل بفضلہ سبحانہ وتوجہ احباب بالکل خیریت ہے۔ صاحبزادہ حسن الدین صاحب کا دوبارہ وہاں پہ جانا کس غرض سے ہوا۔ برخورداران ومولوی صاحب و خدا بخش کو دعا وسلام۔ کادیانی پہ ۵۰۰ اور اس کے مرید فضل دین پہ ۲۰۰ جرمانہ ہوا۔ ورنہ ۶ ماہ قید رہے۔

(از گولڑہ بقلم خود)

---

راسخ الاخلاص محمد چراغ صاحب سلامت

السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔ امابعد۔ غالباً متوقع آں مخلص بظہور خواہد آمد لیکن

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الحمد للہ الذی ھدانا وما کنا لنھتدی لولا ان ھدانا اللہ اشھد ان لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ موصوف بما نص علیہ فی القرآن المجید بحسب ما ارادوان محمدًا صلی اللہ علیہ وسلم عبدہ ورسولہ ۔ وان ماجاء بہ النبی علیہ السلام حقٌ وان خلافۃ الخلفاء الاربعۃ علی الترتیب الذی وقع حقٌ فھذہ عقیدتی علی سبیل الاجمال وکفیٰ باللہ شھیدًا

انا العبد

الملتجی والمشتکی الی اللہ المدعو بمہر علی شاہ عفاربہ عنہ

---

## نقل مکتوب شریف

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

حامداً ومصلیاً ۔ از نیازمند اہل اللہ المدعو بمہر علیشاہ الیٰ سید المکرم جناب مخدوم صدرالدین شاہ صاحب حفظہ اللہ تعالیٰ دامت عنایتہٗ (ملتانی) وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ ۔ اما بعد عنایت نامہ مشتمل بر تنازع علمائے کرام درباره جواز اطلاق لبشر بر آنحضرت علیہ الصلوٰۃ وعدم آں وحاضر وناظر بودن حضرت سید البشر وانتفائے آں ملاحظہ سے گذرا ۔

میں اس قابل نہیں ہوں کہ اہل علم وفضل کے مابین محاکمہ ومداخلت کروں ۔ مگر امتثالاً لامرالسامی ماحضر عرض کرنے پر مجبور ہوں ۔

Marfat.com

قبل از عرس خواجہ خواجگان قدس سرہ ناممکن۔ ضعف معدہ وقلب مانع اسفار متتالیہ است از کیفیت مزاج جناب مولوی صاحب اطلاع جدید بخشند۔ بخدمت اوشان وجناب صاحبزادہ صاحب تسلیم۔ برخورداران را دعا وسلام۔

العبد مہر شاہ بقلم خود

---

محبی ومخلصی محمد چراغ سلامت باشند

بعد از سلام ودُعا آنکہ۔ انکا ادھر جانا اچھا ہُوا۔ اور اچھا ہوگا۔ اللہ تعالےٰ مشغولی کماحقہٗ نصیب فرماوے۔ جناب مولویصاحب کو بھی تکلیف سے رہائی ہو۔ چنانچہ اس نیازمند درویش کو بھی اس قدیم الاحسان نے گوردا سپورہ کی شہادت سے باوجود نہایت اصرار ومساعی مخالفین بچالیا۔ اور وہ اصلاً مایوس ہوئے۔ اللھم اغلبنا علی من غلبنا والسلام (مہر شاہ بقلم خود)

---

محبی ومخلصی محمد چراغ سلامت باشند

تسلیم۔ صاحبزادہ محمد عبدالعزیز از چہار پنج روز وارد اند رجا، کہ چند یوم خواہد ماند مولوی غلام احمد نیز اینجا است۔ مائی بانو خوشاب والی امروز رخصت شدہ واپس رفتہ است مولوی غازی صاحب برائے مطبوع کنانیدن رسالہ در لاہور فردا بتاریخ ۲۰ ربیع الثانی فرستادہ خواہند شد قرب روحانی را بُعد جسمانی حائل نیست زیادہ دُعا۔ بخدمت جناب صاحبزادہ صاحب و مولوی صاحب وہمہ را تسلیم ✦ مہر شاہ بقلم خود

Marfat.com

مخدوما! اس میں شک نہیں۔ کہ اہل ایمان کے لئے ذکر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بطریق تکریم و تعظیم واجب اور ضروری ہے۔ اب دیکھنا یہ ہے۔ کہ لفظ بشر کے معنے میں بحسب لغت عربیہ عظمت و کمال پایا جاتا ہے یا حقارت

میری ناقص رائے میں لفظ بشر مفہوماً و مصداقاً متضمن بکمال ہے۔ مگر چونکہ اس کمال تک ہر کس و ناکس سوائے اہل تحقیق و عرفان کے رسائی نہیں رکھتا۔ لہٰذا اطلاق لفظ بشر میں خواص بلکہ اخص الخواص کا حکم عوام سے علیحدہ ہے۔ خواص کے لئے جائز اور عوام کے لئے بغیر زیادت لفظ دال بر تعظیم ناجائز (توضیح) آدم علی نبینا علیہ السلام کو بشر کس واسطے کہا گیا۔ وجہ اس کی یہ ہے۔ کہ آدم علی نبینا علیہ السلام کو شرف مباشرت بالیدین عطا فرمایا گیا ہے۔ (ما منعك ان لا تسجد لما خلقت بیدی) چونکہ ملائکہ اس کمال آدم سے بے خبر تھے ایسا ہی ابلیس بھی فقالوا ما قالوا۔ فرق اتنا ہے۔ کہ ملائکہ جتلانے کے بعد سمجھ گئے۔ اور معترف با لقصور ہوئے۔ فقالوا سبحانك لا علم لنا الا ما علمتنا اور ابلیس کو علاوہ قصور جہل کے غرور بھی تھا۔ لہٰذا ابی واستکبر الخ ھکذا قال الشیخ الاکبر قدس سرہ الاطہر بمالہ وما علیہ فی جواب سوال حکیم الترمذی۔

۲۔ بشر ہی کو کمال استجلاء کے لئے مظہر بنایا گیا ہے اور ملائکہ بوجہ نقص مظہریت اس کمال سے محروم ٹھہرے۔ اور مظاہر اور مرایا کمالات استجلائیہ سے از گروہ انبیاء علیہم السلام سیدنا ابو القاسم آنحضرت اصالتہً و از جماعت اولیاء کرام وارث مصرع وانی علی قدم النبی بدر الکمالی

Marfat.com

مجی و مخلصی مولوی محمد چراغ سلامت

بعد تسلیم آنکہ محبت نامہ پہنچا۔ کیفیت معلوم ہوئی۔ تسلی رکھیں۔ المرء مع من احب۔ گستاخی توقف جواب کے بارے میں معذور رہوں۔ بباعث کسی امر ضروری کے بخدمت سردار صاحب و مولوی صاحب و میاں فیض رسول و جمیع محبان سلام۔

الراقم محب الفقراء (مہر علیشاہ بقلم خود)

---

مجی و مخلصی معظمی و مکرمی مولوی محمد چراغ صاحب سلمہ ربہٗ

تسلیم اسم معلوم یکہزار صبح و یکہزار شام بلاناغہ معمول دارند برائے ماخوذان فاتحہ خیر خواندہ شدہ حق سبحانہٗ و تعالےٰ رحم فرماید۔ زیادہ تسلیم۔ (الراقم مہر علیشاہ بقلم خود)

---

مجی و مخلصی محمد چراغ صاحب سلامت باشد

وعلیکم السلام و رحمۃ اللہ۔ امابعد آپ بوقت صبح دوشنبہ اسٹیشن لالہ موسےٰ یا گجرات پر موجود رہیں۔ میں بباعث ورود نوازش نامہ تاکیدی حضرت صاحب سجادہ نشین سیالوی عم فیوضہم پختہ ارادہ پاکپتن شریف جانیکا کرچکا ہوں۔ یہاں سے شب دوشنبہ ۱۲ بجے سوار ہونگا۔ والسلام۔ بجناب مولوی صاحب کو تسلیم۔

(مہر شاہ بقلم خود) ۲۲ ذوالحج

---

مجی و مخلصی محمد چراغ صاحب سلامت

بعد سلام و دعا آنکہ۔ برخوردار راہر کسے آشنا آتش فروزان است۔ مہربان

Marfat.com

سیدنا عبدالقادر رضؓ وامثالہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ وراثتہ مظہر اکمل وتمام الاسم الاعظم ٹھہرے۔ بشریٰ کے لئے تنزل اخیر ہونے کے باعث اس قدر اہتمام ہوا۔ کہ ہیئت اجتماعیہ وترکیبات اسمائیہ واتصالات واوضاع انی خمرت طینۃ آدم۔ سے لے کر تاظہور جسد عنصری صلی اللہ علیہ وسلم واتباعہ من الکمل کو متوجہ کیا گیا ہے اور خدام بنائے گئے تاکہ من رأنی فقد رأی الحق کا آئینہ وچہرہ علی وجہہ الکمال اور پورا حق نما ہوا۔ قصہ مختصر بشر ہی ہے۔ کہ جس کو کہ ؎

گر خواہی خدا بینی درچہرۂ من بنگر ؎ من آئینۂ اویم او نیست جدا از من

ہونے اور کہنے کا استحقاق حاصل ہے اس تقریر سے ثابت ہوا۔ کہ عارف کا بشر کہنا از قبیل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بالاسماء المعظمہ ہوا۔ بخلاف غیر عارف کے کہ اس کے لئے بغیر انضمام کلمات تعظیم صرف لفظ بشر ذکر کرنا جائز نہیں ہے۔ چنانچہ آیت کریمہ میں بشر کے بعد یوحیٰ الیٰ اور تشہد میں عبدہٗ کے بعد رسولہٗ اور کلام اہل فضیلت وعرفان میں ہے۔ فمبلغ العلم فیہ انہٗ بشرٌ وانہٗ خیر خلق اللہ کلھم میرے خیال میں فریقین از علمائے کرام متنازعین اہل سنت والجماعت سے ہیں اور ذکر آنحضرت کو بالاسماء المعظمہ واجب اور ضروری اعتقاد کرتے ہیں۔ لہٰذا ان سے ہرگز ہرگز متصور نہیں کہ معاذ اللہ فرقہ ضالہ نجدیہ وہابیہ کی طرح صرف لفظ بشر کا اطلاق جائز کہیں۔ البتہ ان کا خیال ہے کہ بقصد تحقیر لفظ بشر کا استعمال ناجائز اور بغیر اسکے جائز

Marfat.com

وقت مصیبت بحر لطیفیکہ لطیف قبل کل لطیف کسے نیست آں برخوردار تا ہنوز نشیب و فراز زمانہ را نادیدہ۔ آئندہ ہوش دارند و بالکل مطمئن باشند انشاء اللہ تعزیز از فقدان ایں شرط آں مخلص را نقصانے نخواہد رسید۔ و اصلاً ترک نہ نمایند بہماں سیطھر بعد التلاقی۔ طریق معمول دارند۔ در اجازت آں محب و آں صاحب بودن بعید است۔ زیادہ سلام (مہر شاہ بقلم خود)

---

برخوردار محمد چراغ سلمہ ربہٗ

تسلیم۔ الحمد للہ امر معلوم پر دلیل ہیں اور ذکر قلبی پر بعد صبح قائم رہیں۔ بعد سیر ہونے کے اس شغل سے اشغال لسانی جو جو معلوم ہیں۔ پڑھ لیا کریں۔ اللّٰھُمَّ اجْعَلْہُ من عبادک المحبوبین المرضیین۔ (الراقم مہر علیشاہ بقلم خود)

---

محبّی و مخلصی محمد چراغ صاحب سلامت باشد

وَعَلَیْکُمُ السلام و رَحْمَۃُ اللہ۔ اما بعد بھولنے بھلانے کا ذکر ہی بے محل ہے ملنے ملانے کی بات کا فکر فرماویں۔ اگر ممکن ہو۔ ورنہ دعا گوئی تو خود ہی بتقریب حاضری عرس شریف ملاقات کرے گا۔ جواب کتاب امر وہی سالا تیار ہے عنقریب چھپ کر شائع ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ والسلام۔ (الراقم مہر شاہ بقلم خود)

---

محبی و مخلصی محمد چراغ صاحب سلامت

تسلیم و دُعا۔ کام میں شاغل رہو۔ بالضرور بالضرور۔ زیادہ دُعا۔
(الراقم مہر علیشاہ)

Marfat.com

مگر میری رائے وہی ہے جو اوپر بیان کر چکا ہوں۔ کہ صرف لفظ بشر کا اطلاق بغیر انضمام کلمات تعظیم نہ چاہیئے۔ کہ بوجہ شیوع عرف و قصد فرقہ ضالہ صرف بشر کہنے میں ایہام امر ناجائز کا ہے۔

۳۔ رہا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا بالجسد العنصری ہر مکان و ہر زمان میں حاضر و ناظر ہونا۔ تو یہ امر مختلف فیہ ہے۔ ففائلٌ ومنکرٌ ولکل وجھة میرے خیال میں ظہور و سریان حقیقت احمدیہ ہر عالم و ہر مرتبہ اور ہر ذرہ ذرہ میں عند المحققین من الصوفیہ ثابت ہے اس کو حقیقت الحقائق کہتے اور لکھتے ہیں۔ فھو نورہٗ صلی اللہ علیہ وسلم۔ اولاً جو بصورۃ معنویہ قلب تقی نقی اور جسد شریف عنصری کے ظاہر ہوا ظہور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بصورۃ مثالیہ شریفہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام ہر مکان و ہر زمان میں احادیث صحیحہ میں ثابت ہے۔ جس کا اقرار واقعی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اقرار اور اس کا انکار آپ کا انکار مانا گیا ہے۔ کما فی حدیث البخاری فی کتاب الایمان۔ اہل تجربہ کو ظہور کذائی مثالی کا کراتاً مراتاً اتفاق ہوتا رہتا ہے۔ البتہ ظہور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا بجسدہ العنصری العینی کا پتہ بعض اہل مشاہدہ کے ملتا ہے اور بلحاظ واقعہ معراج شریف و خصائص و لوازم مختصہ جسد شریف علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام سے مستبعد بھی نہیں۔ ھذا ما عندی والعلم عند اللہ۔

آخر معروض۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم دربارہ حضرت سیدنا حسن رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرمایا تھا کہ ابنی ھذا سیدٌ لعل اللہ یصلح بہ بین الفئتین بین المومنین

Marfat.com

مجبی ومخلصی مولوی محمد چراغ صاحب زاد اخلاصکم وظہرت ثمراتہ
وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ۔ فراہمی چندہ کی تکلیف سے جو سراسر تکلیف ہے۔
اطلاع ہوئی اَللّٰھُمَّ افعل بنا ما انت لہ اھل ولا تفعل بنا ما نحن لہ اھل
برخورداران کو دعا اور سب کی خدمت میں سلام۔
(الراقم داعی مہر شاہ بقلم خود از گولڑہ ۲۳ ربیع الاول

---

مجبی ومخلصی وعزیزی محمد چراغ صاحب سلامت باشد
وَعَلَیْکُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَۃُ اللہ۔ میں لکھنے کو تیار تھا کہ کارڈ پہنچا۔ غالباً بتاریخ
۲۹ یا ۳۰ میں بارادہ پاکپتن شریف جناب دیوان صاحب کے اصرار پر سوار ہونگا
آپ اگر شامل ہو سکیں تو عین خوشی ہے جناب مولوی صاحب کی خدمت میں تسلیم
برخورداران کو دعا و سلام۔ (مہر شاہ بقلم خود)

---

مخلصی ومولوی محمد چراغ سلامت باشد
بعد سلام آنکہ از اضطراب باسطر آں محب بے خبر نیم۔ اللہ تعالیٰ سببے را پیدا
آرد کہ موجب دفع او باشد۔ ایام سفر عنقریب آمدہ اند مضطرب نباشند۔
بذریعہ خطوط روزمرہ ہمیں فقرہا در حق کتاب مے رسند از نا تمامی تحصیل علوم و
شوق ہر دو مخلصان واقف اند نا واقفاں بزعم خود ایں بے ہیچ را نیز در زمرۂ علماء
تصور نمودہ القاب مینویسند کہ موجب ندامت مے باشد۔ خیر مرزا صاحب عیسیٰ
وقت و راقم عالم وقت شد۔ سبحان اللہ بڑے میاں چھوٹے میاں واہ۔ واہ۔
(مہر شاہ بقلم خود)

Marfat.com

آپ بھی چونکہ سید حسنی ہیں فریقین کو تحریر ہذا سناکر آپس میں ملادیں ماور ہدایت کریں کہ ایکدوسرے کو برا نہ کہیں اور ایسا ہی عوام کو بھی منع۔ این کار از تو آید و مرداں چنیں کنند۔

الملتجی والمشتکی الی اللہ الصمد عوا مہر علیشاہ از گولڑہ بقلم خود

ازجناب زبدۃ العلماء، وافضل مشائخ طریقت اکمل اولیائے حقیقت جناب مولانا سیادت پناہ حضرت پیر سید مہر علی شاہ صاحب سجادہ نشین گولڑہ شریف ادام اللہ برکاتہم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ وحدہٗ والصلوۃ والسلام علی من لانبی بعدہٗ وآلہ وصحبہ اصحاب الوفا وارباب الصفا، اما بعد شروح دیوان ترجمان لسان الغیب حضرت حافظ شیرازی علیہ الرحمۃ کہ از قلم سحر رقم مخلصی فی اللہ محمد ولی اللہ بمنصۂ ظہور آمدہ وللہ در المؤلف نبذے ازاں از مطالعہ این بے ہیچ خاک عتبہ علیہ در والہان حیرت وگمنامی وکاسہ لیس خوان سرگشتگان بادیہ بے خودی وبے نشانی گذشت. اگرچہ ادراک وفہم حقائق ومعارف اہلی مقام وحال مناسب مرتبہ امثال ما فقیراں نیست۔ چہ ہر کس بحسب استعدادوی خواہد بود لکن شرح ہذا خالی از تناسب بمقالات واحوال حضرت اوشان علیہم الرضوان وعاری از ارتباط وپیوستگی پرواز شہباز عالم قدس نیافتم۔

از فقیر دعاست کہ او سبحانہٗ وتعالیٰ شرح ہذا را موجب رضا و لقاء، در حق مؤلف وباعث خوشنودی ناظرین شائقین سلوک مسلک

Marfat.com

محبی و مخلصی محمد چراغ سلمہ ربہٗ

تسلیم۔ سفر سیال شریف میں وقفہ شغل معلوم میں ضرور پڑے گا۔ لہٰذا لامر آخر ملتوی رکھنا لکھا گیا تھا۔ اب بعد ملاحظہ مکتوبات اجازت لکھتا ہوں۔ مطمئن رہیں۔ ہر کس الخ کو ملحوظ ضرور رکھنا ہو گا۔ ہاں لکڑی کا ذکر لکھیں۔ اس نواحی کی لکڑی سیال شریف سے بھی پیدا کردہ کی طرح اکثر بیکار۔ جناب صاحبزادہ صاحب کو نہایت ہی تکلیف ہوئی ہے۔ جزاہ اللہ جزاء الخیر۔ ۸ ماہ حال سوار ہونیکا دن کی گاڑی پر ارادہ ہے۔ (راقم مہر شاہ بقلم خود

---

مخلصی و عزیزی محمد چراغ صاحب سلامت باشد

بعد سلام و دعا آنکہ۔ بالفعل بفضلہ سبحانہٗ و توجہ احباب خیریت است بعد از تودیع عزیزان یک روز ہماں عارضہ بفراق عائد گردیدہ بود باز صحت گردید۔ بوقت وداع تحریری کہ بدست کسے دادہ بودند۔ از ملاحظہ ادرفت آنچہ رفت نہ آنچناں بود کہ بفہم آں عزیز آمد۔ من از گفتہ خود و گفتہ من از من جدا نیست برخورداران را دعا و سلام جناب مولوی صاحب را تسلیم۔

---

راسخ للاخلاص والایقان محمد چراغ صاحب سلامت باشند

بعد سلام و دعا الیکہ۔ از ملاحظہ کارڈ کیفیت اشتغال بوضوح انجامید الحمد للہ والمنۃ ہمیں است موجب خوشی داعی اللہ تعالیٰ ترقی بخشد۔ رسالہ شمس الہدایت اردو را محبوب عالم بلاہور برائے طبع کنانیدن بردہ است

Marfat.com

از خود رفتن و بدو پیوستن گردانا و بحرمت النبی الہاشمی المکی وآلہ الامجاد
وآخر دعوانا ان الحمدللہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی ظہورہ
الاول و خاتم النبیین وآلہ وصحبہ اجمعین ط

العبد

الملتجی والمشتکی الی اللہ المدعو مہر علیشاہ عفی عنہ ربہ بقلم خود
از گولڑہ جمادی الاول ۱۳۳۴ھ

---

۴۸۶

از مہر علیشاہ بجواب پیغام کمشنر صاحب

آپکا پیغام دربارہ امتناعی ہدایت بعض مخالفین دولت برطانیہ
پونچا۔ اسپر

کیا مجھے غیر اسلام و غیر اہل اسلام کا طرفدار سمجھکر مخاطب بنایا گیا
ہے۔ تو یہ خیال بالکل غلط و خلاف واقعہ ہے۔

اگر اس وجہ سے مخاطب بنایا گیا ہوں۔ کہ گروہ مخالفین دولت
برطانیہ سے متفق الرائے نہیں ہوں۔ تو میرا تخالف بوجہ اصول اسلامیہ
تجاویز جزئیہ میں ہے نہ مطلقا اور نہ اصل مدعی اور نتیجہ و غایت میں
(ب) مجھ سے مطلوبہ ہدایت اسی صورت میں متصور ہو سکتی ہے۔
کہ مکانات مقدسہ مکہ و مدینہ و بغداد و بیت المقدس پہ قبضہ
چھوڑا جائے۔ ورنہ معاذاللہ دائرہ اسلام سے خارج ہو کر آپ کے

Marfat.com

دیگر ہمہ وجوہ خیریت است زیادہ دعا۔ (الراقم مہر علیشاہ بقلم خود) ۲۰ شعبان

---

## محبی و مخلصی محمد چراغ صاحب سلامت باشند

وَعَلَیکُمُ السَّلَامُ وَرَحمَۃُ اللّٰہ شاید بملاحظ ڈاک شاہ حسین منشی سنگھ کہ عنقریب منکفل ایں امر شدہ است۔ جواب واپسی اوشان نوشتہ باشد۔ راقم ازیں بے خبر است۔ و طالب معانی باوجود عدم گستاخی تدارک المافات فی ایام التراخی۔ غالباً شب بستم از صفر از گولڑہ سوار شدہ علی الصبح بلا موسے خواہم رسید۔ فالیا قی عند التلاقی۔ احمد دین و مولوی فیض رسول را سلام۔ بخدمت صاحبزادہ صاحب و مولوی صاحب تسلیم۔ برخورداران را دعا و سلام۔

(مہر شاہ بقلم خود)

---

## معظمی و مکرمی صاحبزادہ محمد چراغ صاحب سلمہ ربہٗ

تسلیم و نیاز۔ بخدمت جناب صاحبزادہ صاحب ما حضر در جواب واقعہ بو علی قلندر و محبوب الٰہی قدس سرہما فرستادہ شد۔ آنجناب بعد ملاحظ حضرت صاحبزادہ صاحب داخل لفافہ نمودہ بخدمت حضرت صاحب سیالی ارسال خواہند فرمود کہ در مکتوب شریف بارشاد ہر دو مخدومان مسطور بود۔ آں محب چونکہ واقف کاہلی راقم الحروف در ایں چنیں امور ہستند جواب مسطور را اگر چیزے از رسم خطی یا مضمون قاصر باشد اصلاح خواہند فرمود مجاز اند۔ بخدمت حضرت صاحب و جناب مولوی صاحب و جمیع احباب تسلیم و نیاز رسانند۔ (مہر شاہ از گولڑہ)

Marfat.com

پیغام کی تعمیل بالکل ناممکن ہے۔ والسلام علیٰ من اتبع الہدیٰ۔
والحمد للہ اولاً وآخراً۔

العبد

الملتجی والمشتکی الی اللہ المدعو امہر علیشاہ بقلم خود از گولڑہ

## علامہ زمان قطب دوران حضرت خواجہ سید پیر مہر علی شاہ صاحب قبلہ کے حضور سے جسٹس کنور دلیپ سنگھ کے فیصلہ "رنگیلا رسول" کے خلاف وائسرائے ہند و گورنر پنجاب کو تار

جسٹس دلیپ سنگھ کے نامبارک فیصلہ نے اسلامی دنیا کو خون کے آنسو رلا دئے ہیں۔ جو ہستیاں دنیا و مافیہا سے بالکل یک طرف ہو کر یادِ خدا میں مصروف رہی ہیں۔ اس فیصلہ نے اُن کو بھی امن سے نہیں رہنے دیا۔ ہماری مراد علامۂ زمان قطب دوران حضرت خواجہ سید پیر مہر علی شاہ صاحب قبلہ ادام اللہ برکاتہم سجادہ نشین گولڑہ شریف سے ہے۔ آپ ہی وہ بزرگ ہستی ہیں جن پر تحریکات جدیدہ کا دنیائے عالم میں طوفان برپا ہو جانے کے باوجود بھی ان کی سیاسی حیثیت کے خیال سے ایک خس برابر یا پرِ کاہ اتنا بھی اثر نہیں ہوا۔ مگر فیصلہ "رنگیلا رسول" کی خبر سُن کر کئی روز تک آپ نے بطیب خاطر کھانا تک نہیں کھایا اور آخر ذیل کا تار وزیر ہند، وائسرائے ہند اور گورنر صاحب پنجاب کی خدمت میں بھیجنا تجویز فرمایا۔ کہ اس فیصلہ کی تنسیخ سے آنے والے

Marfat.com

مجی و مخلصی مولوی محمد چراغ سلامت

بعد تسلیم آنکہ ۔ راقم الحروف باصرار تمام از محبان مخلصی یافتہ بارادۂ ایفاء عہد موعود۔ باسٹیشن خوشاب رسیدہ ٹکٹ جوڑہ بمعہ رفقاء گرفتہ باسٹیشن جوڑہ رسیدیم۔ اگرچہ در طبع قدرے آثار بخار نیز طاری شدہ بود اما بحسب العہد ارادہ مصمم بنزول بود۔ ناگاہ مسمی راجہ و دو آدم دیگر خبر اقامت آں محب بمعہ صاحبزادہ صاحب درہو کہ بیان نمود۔ لہٰذا لاچار شدہ باز ٹکٹ لالہ موسےٰ گرفتہ سوار شدیم ۔ قریب یک بجہ بخار شروع شد تا دہ بجہ شب الحال سہ نوبت تمام شدہ اند۔ الحمد للہ علیٰ کلِّ حال۔ بخدمت مولویصاحب و شاہصاحب و صاحبزادہ صاحب و دیگر محبان تسلیم۔ (از گولڑہ مہر شاہ)

---

مجی و مخلصی محمد چراغ صاحب سلامت

از وقتیکہ ازاں مخلص علیحدہ شدہ بکوٹ و غریب خانہ آمدہ ام تاہنوز علالت دامنگیر طبع ماندہ بالفعل از منضجات و مسہلات و علالت فراغت حاصل شدہ آنچہ دربارۂ بیماری نوشتہ بودند۔ انشاء اللہ تعالیٰ بفضل او سبحانہٗ خیریت خواہد بود۔ مطمئن باشند والسلام۔ (مہر شاہ)

---

مجی و مخلصی جناب محمد چراغ صاحب سلامت باشند

بعد سلام و دُعا اینکہ ۔ یہاں پر سب طرح سے خیریت اور آپ کی خیریت مطلوب ۔ آپ معتاد معلوم میں نہایت احتیاط رکھیں کثرت آمد و رفت

Marfat.com

خطرات کو روکا جائے۔ کیونکہ رسول عربی صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت شان برقرار رکھنے کے مسئلہ پر دنیائے اسلام کے تمام فرقے متفق ہیں۔

## مضمون تار

"میں اور میرے جملہ مخلصین قیام امن اور اسلامی تعلیم کو ملحوظ رکھتے ہوئے مسلمانوں کے مذہبی جذبات اور برہمی کو آپ کے پیش کرتے ہیں۔ کتاب "رنگیلا رسول" کے متعلق جسٹس دلیپ سنگھ جج پنجاب ہائی کورٹ کے فیصلہ پر آنے والے اندیشناک خطرات روکنے کی خواہش کرتے ہیں اور واضح کرتے ہیں کہ رسول عربی کی عظمت شان برقرار رکھنے پر دنیائے اسلام متفق ہے۔"

---

دفتر جمعیت اصلی وکٹوریہ اسٹریٹ لکھنؤ

مورخہ ۲۶ شوال ۱۳۴۹ھ بسم اللہ الرحمن الرحیم

حامداً ومصلیاً ومسلماً

مکرمی دام مجدہ السلام علیکم۔ چند امور متعلق امامت استرشاداً التماس کئے جاتے ہیں۔ امید ہے کہ ان کے جواب سے سرفراز کیا جاؤں گا۔ مقصد صرف اصلاح ہے نہ فساد نہ کسی منصب کی طلب نہ

Marfat.com

نہ ہونی چاہئیے۔ خدائے علیم و بصیر کو حاضر سمجھنا کام میں مشغول رہنا۔ سچ کو آنچ نہیں۔ الغرض اس مطاعن و ملامت کے بارش میں کام کو ہاتھ سے نہ دینا۔ اوقات کی پابندی ضروری ہے۔ (مہر شاہ از گولڑہ)

---

وعلیکم السّلام ورحمۃ اللہ۔ محبت نامہ کاشف ما فیہا ہوا۔ اَلحَمدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حال والباقی عند التلاقی۔ بخدمت جناب مولویصاحب تسلیم۔ برخورداران کو دعا و سلام۔ گھروں میں ادعیہ۔

(الراقم:۔ دعاگوئی دعاجوئی از گولڑہ بقلم خود)

---

عزیزی محمد چراغ صاحب

وعلیکم السلام۔ ورحمۃ اللہ۔ کارڈ مرسلہ کاشف ما فیہا ہوا۔ ان ایام میں مسبعات عشرہ صبح و عصر ایک جلسہ میں بحضور پڑھ لیا کریں۔ فَاللہُ خیرٌ حافظا وھو ارحم الراحمین۔ سب کو ما وجب۔ اور نیز حزب البحر طس طسم سے آخر تک تین دفعہ صبح و عصر معمول رکھیں۔ (داعی از گولڑہ بقلم خود)

---

محبّی و مخلصی محمد چراغ صاحب حفظکم اللہ مع اللحقۃ

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ۔ متواترہ محبت نامجات کا شکریہ۔ اور اس موذی مرض سے چھٹکوڑی میں آرام ہونیکا لاکھ لاکھ شکریہ۔ یہاں خیریت ہے۔ اطراف میں قدرے شکایت ہے۔ اگر جناب موصوف تشریف فرما ہوں تو

Marfat.com

کسی شخصیت سے عناد ہے۔ اس واسطے جواب صاف اطمینان بخش ہونا چاہیئے۔

میں اسجگہ اُن خطرات و شبہات کو بھی ذکر نہیں کرتا ہوں جو حالت مجبوری کے پیش آنے والے ہیں۔ نہ ان افعال کی حقیقت کھولنا چاہتا ہوں جو بعض اکابر سے اس قسم کے سرزد ہوئے نہ اُن تجربیات کو ذکر کرنا چاہتا ہوں جو اس تحریک میں غدر کے وقت حاصل ہوئے اور جن پر نظر کر کے یہ تحریک دبی رہی۔ اور علماء نے اس کے اجراء پر جرأت نہیں کی۔ میں صرف تین سوال کرتا ہوں۔ جو اپنے نزدیک فیصلہ کن سمجھتا ہوں۔

**سوال اوّل:۔** مسلمانان ہند میں جس قدر مذہبی سیاسی انتشار ہے اس کے دفع کرنے کے لئے کیا جمعیت علمائے ہند کافی نہیں ہے اور اس کی اصلاح پر اور اسکے کام سے کیا یہ مقصد حاصل نہیں ہو سکتا ہے۔ یہ ظاہر ہے کہ عقائد و عبادات میں کسی مرکز کا قائم ہو جانا غیر متوقع ہے اور سیاست مذہبی میں بیعت کی کیا ضرورت ہے۔

**سوال دوم:۔** بیعت امامت جب کبھی کسی غیر متسلط نے کی ہے۔ اگر کامیاب ہوئے تو فتنہ برپا ہوا۔ اگر ناکامیاب ہوئے تو ایک جدید فرقہ مسلمانوں میں پیدا ہوا جسکے نمونہ ہندوستان میں بھی ہیں۔ اس لحاظ سے بلا ضرورت اقدام اس بیعت پر کیا بے موقع

Marfat.com

آپ بھی بشمولیت مسرور فرماویں۔ جناب مولوی صاحب اور جناب صاحبزادہ صاحب و برخورداران کو سلام و دعا۔ (مہر شاہ بقلم خود از گولڑہ)

---

محبی و مخلصی محمد چراغ صاحب حفظکم اللہ و وفقکم لما یحب و یرضیٰ

علیکم السلام و رحمۃ اللہ۔ میں دعا کرتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ مائیہ صاحبہ مرحومہ مغفورہ کو مغفرت فرماوے۔ مائی جوڑہ والی سے اس مرحومہ کا اخلاص مجھے معلوم ہے۔ جوڑہ والی مائی کو میں نے ان کے انتقال کی خبر نہیں سنائی۔ کسی سے اُس نے سرسری سُنی تھی۔ تو جس پر سخت پریشان ہوئی۔ لہٰذا میں نے اس کو پتہ نہیں دیا۔ اللہ تعالیٰ پسماندگان کو سلامت رکھے۔ سب کو سلام و دُعا۔ (مہر شاہ بقلم خود)

---

محبی مخلصی محمد چراغ صاحب حفظکم اللہ و وفقکم اللہ لما یحب و یرضیٰ

بعد دُعا و سلام آنکہ۔ ہر دو کارڈ مرسلہ پہنچے۔ توجہ الی المبدء کا وہی طریق یعنی قلبی شغل اقرب الطرق اور مناسب مزاج آپ کے ہے۔ الحمدللہ کہ جہاں تک خیال کیا جاتا ہے۔ بہت ہی مناسب اسی طریق کو مزاج و نفس ناطقہ آں مخلص پاتا ہوں۔ عدم جمعیت ظاہری سدِ راہ ہے بس۔ (مہر شاہ بقلم خود)

---

محبی و مخلصی محمد چراغ سلمہ ربہٗ

دوا معہود مقدار اعتدال سے نہ بڑھا دیں۔ خوف نقصان زیادت ہے۔

Marfat.com

نہیں ہے۔

**سوال سوم:۔** مجھے جہانتک علم ہے استیلاء کفار کی صورت میں اس قسم کی بیعت خلاف سُنّت ہے بلکہ دارالحرب میں بھی ایسی بیعت لینا اہل دار سے ثابت نہیں ہے اگر جناب کو ثبوت ملا ہو تو اس سے ضرور ایماء فرمائیے۔ میں بیعت ہجرت اور جہاد کے ثبوت پر بھی اکتفا کرونگا۔ اس واسطے کہ مقصد ان بیوع کا مشترک ہے۔ اگر اس قسم کی بیعت ثابت ہوگئی تو بلا توقف میں قبول کرونگا ورنہ خطرات وشبہات کے ہوتے ہوئے اور تجربیات اکابر پر جو رای مبنی ہے۔ اس کے خلاف کرنا میرے نزدیک دانشمندی نہیں ہے۔ باوجود اس کے جمہور کی اتباع سے گریز کرنے کا قصد نہیں ہے۔ فقط

فقیر محمد قیام الدین عبدالباری
فرنگی محل لکھنو

# الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمدللہ وحدہ والصلوۃ والسلام علی من لانبی بعدہ۔

امابعد جناب کے سوالات ثلثہ مرسلہ بذریعہ ڈاک موصول ہوئے تعمیلا للارشاد ماحضر پیش خدمت ہے ورنہ بوجہ بضاعۃ علمیہ وکم فرصتی

Marfat.com

بالکل ترک بھی مرض معلوم ہُوا۔ شاید رفتہ رفتہ بالکل متروک ہو جاوے۔ بیکار نہ رہنا چاہیئے۔ میں بھی دل سے خیر خواہ اور دعا گوی ہوں۔ ڈیرہ والہ کا کام مکھڈ سے نہیں ہوا۔ پھر سفارش تونسہ شریف سے انہوں نے بھجوائی۔ مگر اتنا ہی ثمرہ نکلا۔ کہ مکھڈیوں نے بخاراوالیوں کی طرف معمولی لکھا۔ آیندہ دیکھا جاوے۔ زیادہ دعا۔ مہرشاہ

---

مخلص راسخ الاخلاص محمد چراغ صاحب سلامت

بعد السلام انکہ۔ آپ چونکہ ان لوگوں کی یہ خیر خواہی اپنے بارہ سمجھتے ہیں اور ظاہر ہے کہ وجہ اس کی بجز از تعلق ممتازہ بایں جانب اور کچھ نہیں۔ تو پھر کیا وجہ ہے کہ آپ باصرار انہیں سے دروازہ پہ بلاتے ہیں۔ ان کو بوما قبوماً رنج بر رنج دینا کیا فائدہ ہے۔ آپ جانتے ہیں کہ نیازمند اہل اللہ کا مشرب بلیاختہ ایسا ہے۔ کہ من آنانی قدس سرہ وابستہ قدم و ذراع میرے بار بار حاضر ہوتے ہی وجہ کفی مگر چونکہ میرے ہی باعث سے آپ مورد تکدر و عتاب ہیں۔ تو بکیر حجت کا کیا معنے۔ ہاں میں اپنے دلی اخلاص کو ہرگز متروک نہیں کر سکتا۔

(داعی از گولڑہ)

---

محبی و مخلصی محمد چراغ سلامت باشد

کتاب تیار ہوگئی ہے۔ جناب مولوی غازی صاحب چھپوانے کے لئے پشاور کو گئے ہیں۔ کل ایک کارڈ آپ کا پہنچا۔ کیفیت معلوم ہوئی۔ لڑکا جو لے آیا تھا اُس نے غلام محمد سے کہا۔ کہ یہ بیرنگ ہے۔ اُس نے نہ مانا۔ آخرا ستفسار

Marfat.com

میں اس قابل نہیں۔ کہ جوابات کے لئے مجھے مخاطب بنایا جاوے جناب نے تحریر فرمایا ہے کہ میں تین سوال کرتا ہوں۔ جو اپنے نزدیک فیصلہ کن سمجھتا ہوں۔

**سوال اول**:۔ مسلمانان ہند میں جس قدر مذہبی سیاسی انتشار ہے اس کے دفع کرنے کے لئے کیا جمعیت علماء ہند کافی نہیں ہے اور اس کی اصلاح و استحکام سے کیا یہ مقصد حاصل نہیں ہو سکتا ہے۔ یہ ظاہر ہے کہ عقائد و عبادات میں کسی مرکز کا قائم ہو جانا غیر متوقع ہے۔ اور سیاست مذہبی میں بیعت کی کیا ضرورت ہے۔

**سوال دوم**:۔ بیعت امامت جب کسی غیر مسلط سے کی ہے اگر کامیاب ہوئے تو فتنہ برپا ہوا۔ اگر ناکامیاب ہوئے تو ایک جدید فرقہ مسلمانوں میں پیدا ہوا۔ جسکے نمونہ ہندوستان میں بھی ہیں۔ اس لحاظ سے بلا ضرورت اقدام اس بیعت پر کیا بے موقع نہیں ہے۔

**سوال سوم**:۔ مجھے جہانتک علم ہے استیلاء کفار کی صورت میں اس قسم کی بیعت خلاف سنت ہے۔ بلکہ دار الحرب میں بھی ایسی بیعت لینا اہل دار سے ثابت نہیں۔ اگر جناب کو ثبوت ملا ہو۔ تو اس سے ضرور ایماء فرمائیے۔ میں بیعت ہجرت اور جہاد کے ثبوت پر بھی اکتفا کرونگا اسواسطے کہ مقصد ان بیوع کا مشترک ہے اگر اس قسم کی بیعت ثابت ہو گئی تو بلا توقف میں قبول کرونگا ورنہ خطرات و شبہات کے ہوتے اور تجربات اکابر پر جو رای مبنی ہے اس کے خلاف

Marfat.com

کیلئے اُس نے ڈاکخانہ کو بھیجا۔ کہ یہ خط القاب ہیں مضمون نہیں۔ منشی نے بخیال اسکے کہ غلام محمد نے واپس دیدیا ہے۔ واپس کر دیا آج منشی سے معلوم ہُوا۔ زیادہ دعا۔

---

محبی و مخلصی محمد چراغ صاحب حفظکم اللہ

بعد سلام و دُعا اینکہ اللہ تعالٰے مائیصاحبہ مرحومہ مغفورہ کو مغفرت اعطا فرماوے۔ اور برخورداران کو صبر وائیمہ و شفا و ایمان کامل۔ کل ایک خط اسی مضمون کا لکھ چکا ہوں۔ آئندہ بھی اطلاع بخشتے رہیں۔ اللہ تعالٰے اس بلا سے محفوظ رکھے۔ سب کو سلام۔ برخورداران کو دُعا و سلام۔ مہر شاہ بقلم خود از گولڑہ

---

محبی و مخلصی محمد چراغ صاحب سلامت

بعد سلام آنکہ۔ اب بالکل صحت ہے۔ فلاں میں مشغول رہنا چاہیئے میری رضا اور خوشی اس میں ہے۔ ہمارے لئے کرو۔ ناغہ نہ ہو۔ دوا معہود تدریجاً کم ہونی چاہیئے۔ ویسے نہ ہو۔ تو بالمعا وضہ ہی سہی حصول کمالات بدنی طاقت سے بھی تعلق رکھتے ہیں۔ کیا آپ روح مجرد تو نہیں جسم کا خیال ضروری ہونا چاہیئے اگر ممکن ہو تو جناب دسوندی شاہ صاحب سے وہی مضمون متعلق بجال مرزا تحریر ی لکھوا کر میری طرف بھیجدیں۔ خاص دستخط ان کا ہو۔ برخورداران کو سلام۔ جناب مولویصاحب کو تسلیم۔ الراقم داعی مہر شاہ بقلم خود ۱۲ رمضان

---

Marfat.com

کرنا میرے نزدیک دانشمندی نہیں ہے۔ باوجود اس کے جمہور کی اتباع سے گریز کرنے کا قصد نہیں ہے۔ ۱۲ بس

# الجواب وھو الموفق للصواب

میں جناب کے سوالات ثلاثہ کا صرف ایک ہی جواب فیصلہ کن سمجھتا ہوں۔ وہو ہذا:۔

امامت یا خلافت چونکہ عبارت ہے ریاست وتسلط عام سے تصدی میں اقامت دین کے لئے جس کے تحت میں کئی انواع مندرج ہیں مثلاً احیاء علوم دینیہ واقامت ارکان اسلام وقیام بالجہاد وما یتعلق بہ چنانچہ ترتیب جیوش وفرض للمقاتلہ یعنی فئی میں سے ان کو دینا اور قیام بالقضا اور اقامت حدود ورفع مظالم وامر بالمعروف ونہی عن المنکر نیابۃً عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم تو صورت استیلاء کفار یا دار حرب جب امامت ہی متصور نہیں تو بیعت امامت کا کیا معنی۔ اور طرق چہارگانہ انعقاد امامت کا کیا ذکر۔ ریاست عامہ کے مفہوم میں تعلیم علماء مسلمین جو علوم دینیہ کی اشاعت فرماتے رہے اور قضا قضاۃ امصار وتعمیلات امراء جیوش بعہد خلافت وامامت داخل نہ تھیں۔ تو آج کل بحالت استیلاء کفار جمعیت علماء کی کارروائی یا نام کی مدافعت کے لئے تسلط اور ریاست کے مفہوم میں داخل ہونے کا کیا استحقاق ہے۔ خلاصہ یہ کہ موجودہ زمانہ میں علماء کی کارروائی

Marfat.com

محبی و مخلصی محمد چراغ سلامت باشند

تسلیم و دعا ۔ اما بعد تحریر ہفت بانہ سطور ۔ اگر تمام میسر آید زہے سعادت ۔ یا چہار ساعت بتدریج و تمکین نقوش و حروف در خیال و ذکر اللہ الصمد سہ ہزار در خیال و حبس نفس و تصور شیخ اگر ممکن باشد ۔ والا بغیر حبس نیز تمام کنند ۔ بعد نماز صبح و پیشین ۔ یا ودود دو بلسان و پنجصد درود شریف ہر کدام وقت کہ میسر آید معمول دارند ۔ باقی ہمہ اوقات مطالعہ حقیقت واحدہ متعینہ بہر تعین ملحوظ دارند و یکصد لآ اِلٰہَ اِلاَّ اللہ و دو صد اِلاَّ اللہ نیز گویند ۔

(مہر شاہ)

---

محبی و مخلصی محمد چراغ سلامت باشند

بعد سلام اینکہ ۔ بتاریخ ہفتم رجب جو وقت تحریر تک یوم سہ شنبہ سمجھا ہوا ہے علی الصبح لالہ موسیٰ موجود رہنا ساتھ ہی جانا ہو گا ۔ خرچ وغیرہ کا فکر نہ فرماویں ۔ یحتمل کہ کسی شہادت سے تاریخ ہفتم دوشنبہ ہو جاوے ۔ تو دوشنبہ اور سہ شنبہ دو دن آپ کو لالہ موسیٰ رہنا ہو گا ۔ اب لکھنے کے بعد محقق ہوا ۔ کہ دوشنبہ کو لالہ موسیٰ سے گذریں گے ۔ غرہ سہ شنبہ کا ہے بخشہ کو بھی مطلع کر دینا ۔

(مہر شاہ)

---

محبی و مخلص صمیم الاخلاص رزقہ اللہ تعالےٰ جذبۃ من جذباتہ ۔

السلام علیکم و رحمۃ اللہ ۔ اما بعد بر معمول مشغول بالخصوص اسم ۲۰ کہ

Marfat.com

نہ خلافت ہے نہ امامت تاکہ منجملہ طرق اربعہ انعقاد بیعت کو بھی فی الجملہ ضروری سمجھا جائے اور نہ کوئی شخص درصورت استیلا بیعت لینے کا مستحق ہے۔ اور نہ اس کے لئے جائز کیونکہ درصورت عدم مکافات بہ تصریح فقہا کرام امام کے لئے قتل و مقاتلہ مباح نہیں مذہبی سیاسی انتشار کی مدافعت میں جمعیت علماء کی غیر مبصرانہ وکوروکرانہ تحریکات نے بغیر اس کے کہ محرک و متحرک الی الکابل کو مضحکہ و محل تمسخر کفار بنایا ہو۔ کیا فائدہ بخشا۔ معروض ہذا میں تدبر فرمانے کے بعد جناب خود ہی اپنے ارشاد مندرجہ سوال سوم (میں بیعت ہجرت وجہاد کے ثبوت پر اکتفا کرلونگا) شرطیہ صادقہ بصدق الربط الایجابی ٹھہرائیں گے نہ یہ کہ اس کو بصدق الطرفین او احدہما صادق مابین تجربیات اکابر بقول حافظ علیہ الرحمۃ ؎

بشنو کہ پند پیراں ہیچت زیاں ندارد

مبنی علیہ للآراء ہونے مستحق ہیں۔ اور یہی دانشمندی ہے۔ ہذا ما عندی والعلم عند اللہ ولہ الحمد اولاً وآخراً والصلوٰۃ والسلام منہ باطناً وعلیہ ظاہراً وآلہ وصحبہ طراً۔

العبد

الملتجی والمشتکی الی اللہ المدعو بمہر علیشاہ عفی عنہ ربہ بقلم خود

از گولڑہ

Marfat.com

قبل ازیں وقتے اشارہ بخواندن دہ ہزار او نمودہ بودم بعد تحریر سطور ہر روز دو ہزار دو سو معنی با توجہ بود ہر پنجصد معمول دارند۔ اگر زائد ازیں ممکن دہ ہزار بسیار بہتر خواہد بود وقت ظہور نتائج عنقریب است اطمینان ازیں وقت تا آخر رمضان بریں مداومت نمایند زیادہ دُعا۔

ملتزمانِ صحبت را سلام ۔ (مہر علیشاہ)

---

عزیزی محمد چراغ صاحب سلامت باشند

بعد دعا و سلام مسنون آنکہ۔ برخوردار غلام سرور بھی اسی سلک میں منسلک ہے۔ وہی وظائف مامورہ برخوردار غلام دستگیر اس کو بھی ہدایت فرماویں۔ اللہ تعالےٰ آفات و بلیّات دارین سے محفوظ رکھے۔ والسلام۔ جناب مولوی صاحب و جناب صاحبزادہ صاحب و برخورداران و دیگر احباب و سب کو تسلیم و دُعا۔ مہر شاہ

---

صمیم الاخلاص مخلصی محمد چراغ صاحب سلامت باشند

بعد از سلام اینکہ فقرات اخیرہ از حزب البحر (طٰسٓ طٰسٓمٓ حٰمٓعٓسٓقٓ) تا آخر ہفت بار صبح و سہ بار بعد عصر دریں ایام معمول دارند و ہفت حفاظ را امر فرمایند کہ ہر روز ہر یک ہفت ہفت ختم سورۂ تغابن بخوانند و اصل دریں کار ہم معموری قلب است بذکر باید کہ حسب معروض دعا گو اشغال را معمول دارند بخدمت ہمہ تسلیم
مہر شاہ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بجواب خط سجادہ نشین صاحب تھاسیانوی

مکرمی و معظمی جناب سجادہ نشین صاحب دامت عنایاتکم

تسلیمات تعمیلاً للارشاد بجواب سوالات ثلاثہ گذارش ہے۔

**سوال اوّل**:- جناب کے خیال میں شریعت اسلامی کے رو سے مسلمانان ہند کو کیا کرنا چاہیئے۔ اگر حمایت اسلام ان پر فرض ہے تو بحیثیت پا مسلمان جو مادی قوت نہیں رکھتے بید ست و پا حمایت کا کیا طریقہ اختیار کریں؟

**جواب اوّل**:- بلحاظ مصائب دائرہ نہ صرف مسلمانان ہند بلکہ کل اہل اسلام کو حاکم سے محکوم تک منشاء مصائب کو ازالہ کرنا چاہیئے یعنی تذلل سے بخضوع و خشوع ربنا ظلمنا انفسنا الآیہ بجناب باری عز اسمہٗ عرض کریں اور اپنے نامشروع افعال سے تائب ہوں۔ قال تعالیٰ ان اللہ لا یغیر ما بقوم حتی یغیروا ما بانفسھم الآیۃ ازماست کہ برماست ظھر الفساد فی البر والبحر بما کسبت ایدی الناس تاکہ یا ایھا النبی جاھد الکفار والمنافقین واغلظ علیھم کی تعمیل میں حسب وعدہ صادقہ کان حقا علینا نصر المؤمنین کی کامیابی ہو۔ آیہ استخلاف میں قید و اعملوا الصالحات واجب اللحاظ و مدار حکم لیستخلفنھم فی الارض ہے اور ظاہر ہے کہ ارشاد جہاد و کریمہ سیف کا تعلق سلاطین اسلام و اصحاب

Marfat.com

مجبی ومخلصی محمد چراغ سلامت باشند

بعد از سلام ودعا آنکہ الحمدللہ بہمہ وجوہ خیریت است قدرے علالت طبع آں مہربان وصحت مائیصاحبہ از زبان حامل رقعہ غلام احمد معلوم گشت اللہ تعالےٰ ایں خاکبوس مقیمان کوئے بے نشانی را دائما از اخبار مسرت آثار آں خاندان مسرور دارد۔ اگر نسخہ حزبیمانی برائے مقابلہ نسخہ موجودہ عندی بزودی ارسال فرمایند زہے عنایت بہمہ را تسلیم و نیازمند ۱۲ ربیع الثانی

(الراقم داعی ومستدعی مہرشاہ)

---

مجبی ومخلصی محمد چراغ سلامت باشد

بعد از سلام آنکہ۔ گو عبدالغفور خاں کیساتھ میرا تعلق وہ نہیں جو آپنے سُنا ہے مگر تاہم تعمیل ارشاد کی مقدم سمجھ کر متوکلاً علیہ سبحانہٗ سفارشنامہ لکھدیا گیا ہے۔ میں آپ کو جو کچھ کہہ چکا ہوں اور جان چکا ہوں اُس کے برخلاف انشاء اللہ تعالےٰ دارین میں متصور نہو گا۔ کیونکہ میں جانتا ہوں کہ آپ کا اخلاص اس بےہیچ کیساتھ بمدارج بلند تر ہے۔ مقاصد دارین سے ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ اور اسی محبت کے بارہ میں ہے۔ المرءمع من احب والسلام۔ (مہرشاہ بقلم خود از گولڑہ)

---

راسخ الایقان محمد چراغ صاحب عادہ اللہ تعالےٰ علی طبق اخلاصہٗ

بعد از تسلیم اینکہ! دعاگوئی انشاء اللہ تعالےٰ دو ماہ حال بر در شنبہ بوقت

Marfat.com

جمعیت سے ہے۔ خدا کرے کہ سلطنت مظلومہ اسلامیہ ظالموں کے پنجے سے خدلہم اللہ تعالےٰ نجات پاکر بعد حصول جمعیت واستطاعت جس کی مدار قلت وکثرت نہیں بلکہ تقویٰ وقوت ایمانیہ ہے تعمیل کریمہ مذکورہ بالا کا اعزاز حاصل کرے۔ بغیر اس کے امام کو بھی قتال مباح نہیں مسلمانان ہند کی ہستی تو ہیچ ہے۔ مصرحہ ومسلمہ فقہاء کرام ہے۔ ھذا اذا غلب علی ظنہ انہ یکافیھم والا فلا یباح قتالھم۔

**سوال دوم:۔** حکومت برطانیہ کے ساتھ نصرت وحمایت کے تعلقات رکھنا جن پر حکومت کو قوت وشوکت حاصل ہے حرام ہیں یا نہیں؟

**جواب دوم:۔** ایسے تعلقات جن میں اعانت کفر ومعصیت ہو مسلم سے بھی حرام ہیں فضلا عن الکافر بغیر ان کے دنیوی معاملات جس میں اسلام پر ضرر نہ ہو۔ بغیر مرتد کے کسی کافر سے مطلقاً بہ تصریح فقہا حرام نہیں البتہ بلحاظ مظالم دائرہ موجودہ زمانہ کے اگر سلسلہ تجارت کی کلی بندش ہو سکے تو کسی قدر انتقامی مد میں شمار کی جا سکتی ہے وما ذالک علی اللہ بعسیر مگر اصلی طریق ازالہ منکرات دائرہ کا وہی ہے جو کریمہ بالا میں ہے۔

**سوال سوم:۔** دنیوی لحاظ سے جو معمولی ہستیاں تھیں لیکن ان کے دل درد اسلامی سے معمور تھے انہوں نے حکومت کے خلاف صدائے احتجاج بلند کر دی ہے عوام کو مطلع کرنے کے لئے تحریر سے

Marfat.com

۸ بجے قریب طلوع آفتاب از اسٹیشن گولڑہ سوار خواہد شد۔ وقت زوال بلاد موسے خواہیم رسید۔ اشتہار مشتمل جواب خط مولوی نور الدین بشما از لاہور رسیدہ است یا نے مطلع فرمایند زیادہ سلام جناب صاحبزادہ صاحب و مولوی صاحب و ہمہ محباں والسلام۔ (الراقم داعی مہر شاہ بقلم خود)

---

مجبی و مخلصی محمد چراغ صاحب سلامت

تسلیم و دُعا۔ امابعد اسماء الٰہی یعنی یَا اَللّٰہُ یَا حَیُّ یَا وَاحِدُ یَا عَزِیْزُ۔ یَا وَهَّابُ یَا وَدُوْدُ وقت شغل معلوم بالضرور معمول دارند۔ بہ نہجے کہ در تصویرات حروف قوۃ متخیلہ و در معانے اسماء قوت دراکہ مصروف باشند بالضرور اللہ تعالےٰ از تکالیف دارین نجات عطا فرماید۔ از چند روز منضجات و مسہل شروع است از ہمہ معرکہ تسلیم۔ زیادہ دُعا۔ (الراقم مہر علیشاہ بقلم خود)

---

مجبی و مخلصی محمد چراغ صاحب سلامت

تسلیم۔ آپ کے ساتھ وہی وعدہ ہے۔ ہرگز تخلف ممکن نہیں والباقی عند التلاقی زیادہ دُعا۔ از طرف میاں عبداللہ و محبوب عالم و محبت شاہ السلام علیکم۔ ۲ صفر ۱۳۱۶ھ (الراقم مہر علیشاہ بقلم خود)

---

مخلصی و مخلصی محمد چراغ صاحب احیاک اللہ حیوۃ طیبۃ مع اللحقۃ

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ۔ آپ کی بے چینی سے بےچینی ہے۔ اللہ تعالیٰ صحت کاملہ

Marfat.com

تقریر سے وہ فریضہ تبلیغ انجام دینے میں سرگرم نظر آتی ہیں۔ لیکن جو ہستیاں اسلام کے علم بردار اور مخلوق کی نظر میں باوقار اور مؤثر تھیں وہ ساکت ہیں کہ گویا ان میں حس ہی نہیں۔

**جواب سوم:**۔ جناب خیال فرما سکتے ہیں کہ چونکہ معمولی ہستیوں کا یہ حال ہے تو علم بردار ہستیں ازالہ منکرات وارده میں ساکت و بحس کیسی ہو سکتی ہیں۔ فرق اتنا ہے کہ بوجہ اختلاف آراء درباره مدلولات آیات بینات و مشروعیت و نامشروعیت خصوصیات و کیفیات جلسات درصورت شمولیت بوجہ تفرقہ اصلی مدعا فوت ہو جاتا ہے خلاصہ یہ کہ حسب طرز مشائخ کرام حضرت خواجہ محمد سلیمان تونسوی و حضرت خواجہ اللہ بخش و سیدنا حضرت خواجہ محمد شمس الدین سیالوی رضوان اللہ تعالیٰ علیہم بفضلہ تعالیٰ و توفیقہ تبلیغ میں دریغ نہیں۔ دعا فرماویں کہ اللہ تعالیٰ ہدایت و توفیق استقامت بر صراط مستقیم عنایت فرماوے۔ زیادہ زیادہ۔

نیاز مند از گولڑہ

---

نقل فتویٰ حضور قبلہ عالم اعلیحضرت سید پیر مہر علی شاہ صاحب گولڑوی قدس سرہ الکریم

# الاستفتاء

چہ مے فرمایند علمائے دین و مفتیان شرع متین اندریں مسئلہ کہ مسمی

وعافیت مع الاستقامۃ عطا فرماوے۔ برخورداران کو دعا و سلام۔ جناب مولوی صاحب کی خدمت میں تسلیم۔ گھر میں دعا ہی پرانہ داعی۔

(الراقم از گولڑہ بقلم خود)

---

میرے مخلص یار مولوی محمد چراغ سلمہ ربہ

تسلیم۔ میں نے تو پہلے بھی کہا تھا۔ اب بھی کہتا ہوں۔ جیسا ہوں تمہارا خیر خواہ ہوں۔ کیا بلکہ چونکہ آپ نہیں میں ہوں۔ میں نہیں کون ہے۔ ھوالاول ھوالاخر ھوالظاھر ھوالباطن حق حق حق زیادہ سلام۔ سب مخادیم کو تسلیم و نیاز۔ (مہر علیشاہ بقلم خود)

اِسوقت لفافہ ٹکٹ دار موجود نہیں تھا۔ بباعث جلدی امتثالاً للارشاد بیرنگ بھیجا جاتا ہے۔

---

محبی و مخلصی محمد چراغ سلامت باشد

بعد سلام و دعا آنکہ۔ الخیر فیما وقع کے مطابق اگر ایسا بھی ہو گیا۔ تو کچھ ضرر نہیں۔ بحکم الحرکت دوریۃ پھر بھی عود ضروری ہو گا۔ اور کچھ فائدہ بہ نسبت پہلے کے ہو گا۔ آپ استقلال رکھیں۔ اور ہرگز انتقال مکانی نہ فرماویں۔ احمد دین یہاں ایک شخص کے ساتھ آیا تھا۔ پشاور بغرض خرید یک دو اسپ مادہ گیا ہے۔ اور سب طرح خیریت ہے۔ کادیانی کی طرف دوبارہ وارنٹ جاری ہو گئے ہیں۔ والسلام۔ (مہر شاہ از گولڑہ)

Marfat.com

محمد خان ساکن ملهوٹ بریکے از ہاشمیات سیدیات فاطمیات عقد نکاح و ازدواج نمود غیر مسترضی من احد من ولاۃ القریبۃ او البعیدۃ هل یجوز هذا لنکاح املا

# الجواب هو الموفق للصدق والصواب

نکاح مذکور جائز نیست و مفتی بجوازہ نہ تنہا بر ولاۃ سیدہ ظلم روا داشتہ بلکہ بر کافۂ اہل اسلام کہ بمقتضائے آیت قل لا اسئلکم علیہ اجراً الا المودۃ فی القربیٰ و بفحوائے حدیث لا یؤمن احدکم حتی اکون احب الیہ من والدہ وولدہ والناس اجمعین مودۃ و محبت قرابت نبویہ را بر خود فرض و از اصول ایمان می شمارند جور بیجا و ستم بعید نمودہ چہ ظاہر است کہ در صحت نکاح سیدہ ہاشمیہ فاطمیہ در غیر کفو بناءً علی المودۃ والمحبۃ المذکورۃ ہزارہا دل بوجہ ہتک حرمت اہل بیت رنجیدہ و شکستہ خواہند بود متون فقہ مملو اند و مشحون از عدم اینچنین نکاح لعدم الکفاءۃ العجمی لا یکون کفوا للعربیۃ ولو کان عالما او سلطانا وهو الاصح درمختار ویفتی فی غیر الکفو بعدم جوازہ اصلا وهو المختار للفتوی لفساد الزمان رد المحتار۔

پس در صورت مسطور صحبت صحبت زنا خواہد بود۔ لہذا بر اہل اسلام لازم کہ سیدہ را از عجمی جدا کنانند و مفتی صاحب را واجب کہ آئندہ اینچنین افتائے کہ مستلزم ہتک و حرمت و شان اہل بیت باشد توجہ نہ نمایند

مجی و مخلصی محمد چراغ صاحب حفظہ اللہ عن مضا الدارین

وَعَلَیْکُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَۃُ اللہِ۔ امّا بعد اسی لئے عرصہ سے آپ کو چند امور کے التزام کی تکلیف دی تھی۔ مجھے کامل یقین ہے۔ کہ اگر حسب ہدایت تعمیل ہوتی۔ تو ابتک یہ شکایتیں نہ ہوتیں۔ کچھ اور ہی رنگ ہو جاتا۔ خیر اب بھی کچھ مایوسی نہیں التزام امور ماموره متلفظ و مکتوبہ بہ تعین زمان و مکان وحضور معنی رکھنا چاہیئے۔ کوئی کچھ نہیں کہہ سکتا۔ مگر تعمیل پر رہنا چاہیئے کادیانی دو دعوے میں مع حواری جہلم میں مدعو ہؤا ہے۔ مدعی مولوی کرم الدین ساکن بھین ضلع جہلم ہے۔ ان دعاوی میں میری کوئی شہادت نہیں میری شہادت اس دعوے میں ہے۔ جو قبل از ہر دو دعوے مذکورہ بالا حکیم فضل الدین بھروی ثم الکادیانی مولوی کرم الدین صاحب پر ضلع گورداسپور میں کیا تھا۔ جس کی ایک تاریخ پر میں نہیں گیا۔ اور نہ آئندہ جانے کا ارادہ ہے۔ الّا ان یشاء اللہ کادیانی نے دوسرے ماہ کی ۱۷ تاریخ جہلم میں حاضر ہونا ہے۔ اس کے سارے الہامات و مبشرات مویدات پر پانی پڑ گیا۔ والسلام۔ (داعی از گولڑہ بقلم خود)

---

مجی و مخلصی محمد چراغ صاحب حفظکم اللہ

بعد سلام و دُعا آنکہ۔ مائی صاحبہ کے انتقال پر سخت افسوس ہے موت حق ہے۔ مگر بلحاظ درد مفارقت پر خورداران اس خورد سالگی میں نہایت رنج ہوا۔ بغیر از صبر چارہ نہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کو مغفرت اور پسماندگان

Marfat.com

ومتمسک نباشد بدینکہ سیادت قطعیہ نیست فان عدم قطعیة السیادة لا یستلزم قطعیة عدم السیادة فرائحتها تکفی مصادرۃ فی موجبات الهتك عن المحب اعاذنا الله عنه فکیف حال لو اد وقد طلب صلی الله علیه وسلم من المودة فی قرابته قال العامری ؎

احب لحبها السودان حتی ⁂ احب لحبها سود الکلاب

وقال الشیخ الاکبر قدس سرہ الاطہر فی ہذا المعنی ؎

احب لحبك الحبشان طراً ⁂ واعشق لاسمك البدر المنیرا

قیل کانت الکلاب السود تتاولته وهو یحسب الیها اعنی المجنون فهذا فعل المحب فی حب من لا یفیده محبته عند الله فهل هذا الامن صدق المحبة وثبوت الود فی النفس واو صحت محبتك لله ولرسوله صلی الله علیه وسلم رأیت کل ما یصدر منهم فی حقك مما لا یوافق طبعك ولا غرضك انه جمال تتنعم بوقوعه منهم فتعلم عند ذالك ان هذا عنایة من الله الذی احببتهم من اجله (الی ان قال) والله ما ذالك الامن نقص ایمانك ومن مکر الله بك واستدراجه ایاك من حیث لا تعلم وصورة المکر حیث ان تقول وتعتقد انك فی ذالك تذب عن دین الله وشرعه ⁂ والسلام خیر الختام۔

العبـــــــــــد

الملتجی الی الله المدعو بمہر علی شاہ عفی عنہ الله

Marfat.com

کو اجر و صبر و امان عطا فرماوے۔ آج جناب شاہ صاحب جلالپوری کا ذکر انتقال بجارضہ طاعون بوساطت ایک مُرید اُن کے سُنا گیا ہے معلوم نہیں یا واقعی ہے۔ انہ اللہ تعالٰے رحم فرماوے۔ اور اس موذی مرض سے سب کو امان بخشے۔ جناب مولویصاحب کو سلام و دُعا۔ ہر برخوردار کو دُعا و سلام۔ جناب صاحبزادہ صاحب و مخلص فیض رسول کو دُعا و سلام۔

العبد الملتجی الی اللہ المدعو بمہر علیشاہ بقلم خود

---

محبی و مخلصی راسخ الاخلاص محمد چراغ سلامت باشد

بعد سلام آنکہ۔ اجزاء مسطورہ در کسے صندوق نہادہ مدفون بجائے نمایند۔ کہ زیر اقدام کسے نیاید معمول محمد امین است کہ در حجرہ عبادت مدفون مے نمایند۔ آئندہ نہ سطر تا بہ نہ حرف یعنی ط روزمرہ بر لوح کسے کاغذ نبویسند باز شُستہ کسے بیمار را یا کسے را بنوشانند۔ والباقی عند التلاقی زیادہ سلام ہمہ را تسلیم۔ (الراقم داعی مہر شاہ بقلم خود)

---

محبی و مخلصی محمد چراغ صاحب سلامت باشد

وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللهِ۔ امابعد کیفیت معلوم ہوئی۔ میرا فرض منصبی وہی ہے۔ جو عاقل شاہ میں ظاہر کیا گیا تھا۔ یعنی بدل و جان یہ ہیچ اس امر کا خواہاں ہے۔ کہ اللہ تعالٰے جناب صاحبزادہ صاحب کو اولاد نرینہ عطا فرماوے۔ رہا یہ کونسی مائیصاحبہ سے ہو۔ سو یہ امر میرے فرض حق کی

Marfat.com

# استفتاء

۷۸۶

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ گاؤں میں جمعہ درست ہے یا نہیں؟ بینوا و توجروا۔

# الجواب هو الصواب

گاؤں میں جمعہ درست نہیں ہے اس واسطے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ و خلفاء عظام و صحابہ کرام کے وقت میں شہر و فناء شہر و قصبات کے سوا جمعہ قائم نہیں ہوا ہے۔ فلہذا استدلال ابو حنیفہ بما رواہ عبدالرزاق عن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ قال لا جمعة ولا تشریق الا فی مصر جامع وکذا رواہ ابن ابی شیبة من طریق حجاج الخ وروی ایضاً بسند صحیح حدثنا جریر عن منصور الخ
اور جو لوگ قیام جمعہ جواثی سے گاؤں میں جمعہ درست ہونے کی سند لاتے ہیں وہ صحیح نہیں اس واسطے کہ پہلے یہی امر قابل تسلیم نہیں کہ جواثی قریہ ہے کیونکہ محققین نے مدینہ یعنی شہر بیان کیا ہے اور بشرط تسلیم اس کا ثبوت کہاں سے ہوگا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو قیام جمعہ جواثی کی خبر ہوئی اور آپ نے اس کو قائم رکھا۔ اس لئے کہ حدیث اس سے ساکت ہے نیز باوجود تعمیم آیۂ کریمہ فاسعوا الی

Marfat.com

خدمت سے خارج ہے۔ ان امور میں راقم تابع ہے نہ متبوع۔ میاں احمد صاحب کے لیے حسب مافی علم اللہ بھیجا جائے گا۔ میرا کپڑا مستعمل کا عرصہ سے ایک صاحب نے وعدہ کرالیا جس کو تبرکاً رکھنا منظور ہے۔ سب کو سلام و نیاز مائی بانو کو سلام۔ (الراقم مہر علیشاہ بقلم خود)

مجبی و مخلصی محمد چراغ سلامت باشد

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ۔ از کیفیت خرید زمین مطلع نہ فرمودند۔ بجواب محبت نامہ نوشتہ مے آید کہ فقط شغل قلبی و ذکر اسماء لسانی بالطریق نختیں۔ چنانچہ اوشاں را معلوم است معمول دارند باقی از تصحیح کلام معلوم کہ استفسار فرمودہ اند۔ اورا ترک نمایند عند الملاقات گفتہ شود۔ یک فہرست تصحیح اغلاط شمس الہدایت فرستادہ میشود۔ وہمہ نسخہا را تصحیح از یں بفرمایند۔ بخدمت صاحبزادہ صاحب و مولوی صاحب تسلیم و دعا۔ برخوردار ان را دعا۔

(الراقم مہر شاہ بقلم خود)

مجبی و مخلصی محمد چراغ حفظک اللہ مع المتعلقین والاحبہ

سلام و دعا۔ داعی بروز ہفتہ مورخہ ۱۸ ماہ حال صفر ایک بجے دن کی گاڑی پر سوار ہو کر لالہ موسیٰ سے گذرے گا۔ اطلاعاً تحریر ہے۔ برخورداران کو دعا و سلام۔ جناب مولوی صاحب کو دعا و سلام گھر ملیں۔ سب مائیاں صاحبہ کو دعا و استدعا مخلصی میاں فیض رسول صاحب کو بعد سلام مضمون واحد۔ والسلام۔ (الراقم مہر شاہ بقلم خود از گولڑہ)

Marfat.com

ذٰلک اللہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ بعض اماکن میں قیام جمعہ کا اختصاص
مرفوعیت حدیث کی دلیل ہے کیونکہ خلاف قیاس قول صحابی
کا وقوع نہیں ممکن ہے مگر بوقت سماع حدیث سرور کائنات
صلی اللہ علیہ وسلم علاوہ ازیں یہ آیتہ کریمہ اپنے عموم پر تو بالاتفاق
باقی نہیں ہے۔ اس واسطے کہ کوئی شخص اقامتہ جمعہ فی البراری والصحرا
کا قائل نہیں ہے۔ پس جب آیتہ کریمہ اپنے اطلاق پہ باقی نہ
رہی تو ضرور خصوصیت مکان اقامتہ جمعہ کے لئے ضروری ہوئی
وہو المراد ؞

حررہ العبد الملتجی الی اللہ المدعو مہر علی شاہ عفی عنہ اللہ

---

# نوٹ

حضور قبلہ عالم قدس اللہ تعالےٰ سرہم العزیز کے چار اہم مکاتیب
علیحدہ "فیوضات مہریہ" کے نام سے شائع ہوئے تھے۔ مکتوبات
طیبات کی دوبارہ طباعت کے موقعہ پہ یہ مجموعہ شامل مکتوبات
کر دیا گیا ہے۔ جو حسب ذیل ہیں۔ ان کے آخر میں چند ایسے مکاتیب
بھی شامل کئے گئے ہیں۔ جو طبع اول کے موقعہ پہ درج نہ ہو سکے تھے۔

(مرتّب)

Marfat.com

عزیزی و مخلصی محمد چراغ صاحب سلامت باشد

تسلیم۔ بشب پنجشنبہ بوقت ۱۲ یا دو بجے اسٹیشن لالہ موسیٰ پر اتروں گا۔ ملاقات کو جی چاہتا ہے۔ سب کو نیاز۔ (الراقم مہر شاہ بقلم خود از گولڑہ)

---

محبی و مخلصی محمد چراغ حفظک اللہ عن الآفات والبلیات

بعد از سلام و دعا آنکہ۔ وقت کے جانے پر اطلاع ہوئی۔ لہذا کچھ نہیں ہو سکتا۔ بغیر اس کے کہ آپ حسب تحریر اس گرفتار شدہ سعی فرماویں۔ اگر سعی خطرناک نہ ہو۔ وہ شخص ضلع ہزارہ سے گرفتار ہو کر ایبٹ آباد حوالات میں کیا گیا ہے۔ افسوس کہ پہلے اُس نے خبر نہیں دی۔ چالان کنندگان بھی اب افسوس کر رہے ہیں۔ اور لاعلمی سے معذور ہیں۔ اس کی تحریر جواب میری میرے پاس پہنچی ہے۔ داخل لفافہ ہذا بھیجی جاتی ہے۔ لحاظ وقت فرما کر سعی کرنی کہ وقت نازک ہے۔ زیادہ دعا و سلام۔

(الراقم داعی مہر شاہ بقلم خود از گولڑہ)

---

محبی و مخلصی محمد چراغ صاحب سلامت باشند

تسلیم۔ ایفاء وعدہ سے رفقاء نے مجبور کیا۔ معاف فرمانا۔ اور سب طرح سے خیریت ہے۔ امر معلوم کسیطرح وسوسہ نہ فرماویں۔ بخدمت جمیع مخادیم تسلیم۔ (الراقم مہر علیشاہ بقلم خود)

---

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

حفظک اللہ۔ بعد سلام آنکہ

آیت (لِتُؤۡمِنُوۡا بِاللّٰهِ وَ رَسُوۡلِهٖ وَ تُعَزِّرُوۡهُ وَ تُوَقِّرُوۡهُ وَ تُسَبِّحُوۡهُ بُكۡرَةً وَّ اَصِيۡلًا) میں ضمائر ثلاثہ کا مرجع اللہ جل جلالہ ہے۔ ہاں ممکن ہے کہ پہلی دو ضمیروں کا مرجع رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہو۔ مگر یہ احتمال بوجہ لزوم انتشار فی الضمائر (یعنی ہر دو ضمیر اولین کا مرجع رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور تیسری کا مرجع اللہ) مرجوع اور ضعیف ہے۔ کیونکہ تیسری ضمیر کا مرجع رسول صلی اللہ علیہ وسلم بوجوہ ذیل ہرگز نہیں ہو سکتا (۱) تسبیح کا معنی یاد الٰہی بطریق تنزیہ کلی یعنے وہ سبحانہ ہر عیب ونقص سے منزہ ہے۔ لہٰذا کسی بشر کو مثلاً سبحان النبی یا سبحان الولی کہنا شرک صریح ہے۔ تسبیح کے معنے یہ نہیں کہ بعض نقائص سے مبرا ومنزہ (ب) آیۃ میں تقیید (بکرۃً واصیلا) آئی ہے اس سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مرجع ضمیر ثالث قرار دیا جائے۔ اور جلالین نے یہ نہیں لکھا کہ ضمائر ثلٰثہ کا مرجع اللہ جل جلالہ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہر دو ہو سکتے ہیں۔ بلکہ اُس نے یوں لکھا ہے کہ پہلی دو ضمیریں کا مرجع اللہ اور رسول ہر دو ہو سکتے ہیں۔ اور تیسری ضمیر کا مرجع فقط اللہ ہی ہے عبارت جلالین یہ ہے۔ وضمیرھما للّٰہ اور سولہ وتسبحوہ ای اللہ

ذٰلِكَ لِيَعۡلَمَ اَنِّىۡ لَمۡ اَخُنۡهُ نا غفور رحيم طرز

نبوت پر بولا گیا ہے۔ اور مقولہ ہے یوسف علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام کا اور نظر بخصوص طرز نبوت مقولہ زلیخا نہیں ہو سکتا۔ پس ذٰلک کا مشارالیہ

Marfat.com

محبی ومخلصی محمد چراغ سلامت باشد

بعد سلام ودعا آنکہ ۔ سارق بغیر از بعض اقارب کالعقارب دیگرے نیست۔ وبفضلہ نشدہ نتواند۔ اوشان حسب عادت از یک خانہ کہ در و امانتہائے مردمان جمع بودند۔ یک طوق یعنی ہیسری و دو کڑہ امانتی بردہ اند وحکام از خود او را بسیار بے عزت نمودہ ۔ وراقم خود نمے خواہد۔ کہ محبوس باشند انشاء اللہ بروز ہفتہ ۱۹ ماہ حال صفر ایک بجہ دن کے سوار ہوکر قریب شام پہنچیں گے ۔ آپ تیار ہوکر آنا۔ یعنی ارادہ پختہ کرکے آنا۔ باقی خرچ اخراج کا فکر نہ کریں۔ سب کو دعا وسلام ۔ ۱۶ صفر بروز چہارشنبہ

(الراقم داعی مہر شاہ بقلم خود از گولڑہ)

---

محبی ومخلصی محمد چراغ صاحب سلمہ ربہ

تسلیم۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ ۔ اما بعد رجا از روحانیت فضلش کہ باقالب توجہ احباب متعین دارد۔ خارج بودن دعوے ہنود است از رپورٹ تحصیلدار کہ دریں جا آمدہ بود ہمیں طور معلوم میشود۔ زوال ہیئۃ اجتماعیہ عزیزان کہ چند ایام درسفر میسر شدہ بود تادم تحریر اثرے دارد۔ یالیتہا تعود بخدمت جناب توحیدصاحب مولوی فیض رسول وجمیع محبان تسلیم و نیاز۔

(الراقم مہر علیشاہ بقلم خود از گولڑہ)

---

محبی ومخلصی محمد چراغ صاحب سلامت باشد

بعد سلام ودعا آنکہ ۔ نسبت ادمنتفہ جناب مولویصاحب کا کیا خیال ہے۔

Marfat.com

قول بعید ہے نہ قریب معدن کلمات قدسیہ اِنَّ اللہ لا یھدی کید الخائنین۔ وما ابرئ نفسی ان النفس لامّارۃ بالسوء الا ما رحم ربی ان ربی غفور رحیم۔ یوسفی قلب ہے نہ قلب مائیصاحبہ۔ دوسرا انی لم اخنہ جناب مائیصاحبہ ہرگز نہیں کہہ سکتی۔ کیونکہ خیانت کا معنے کسی شخص کی ملکیت میں دست اندازی کرنی لہٰذا یوسف علیہ السلام فرما سکتے ہیں کہ میں نے عزیز مصر کی ملکیت میں بحالت غیبوبت رخنہ اندازی نہیں کی اور میں چاہتا ہوں کہ میری عدم خیانت اور برأت قبل اس کے کہ میں حاضر کیا جاؤں ثابت ہو تاکہ مالک کو میرے پر بدظنی اور مجھ کو اس کے سامنے نادم نہ ہونا پڑے۔ اور اگر بطریق تکلف خیانت سے مراد یوسفی عفت و عصمت میں دست اندازی اور بہتان بندی لی جائے تو خیانت بمعنے ہذا کی نفی بقولہا (لم اخنہ) مائیصاحبہ نہیں کر سکتی کیونکہ عرصہ دراز تک خیانت ہذا یعنے بہتان بندی کی وہ مرتکب رہی ہیں۔ اخیر میں باوجود ارتکاب ممتد حیکہ الحق یعلوا ولا یُعلیٰ کا وقت آپہنچا تو (انہ لمن الصادقین) کہہ دینے سے مائیصاحبہ کو یہ استحقاق نہیں کہ (ذٰلک لیعلم انی لم اخنہ) کہہ کر احسان مندی ظاہر کرے اور ہر سے (قُلن حَاشَ لِلّٰہِ مَا عَلِمْنَا عَلَیْہِ مِنْ سُوْءٍ) عورتوں کا سچا بیان اس احسان مندی کا ممنون یوسف علیہ السلام کو نہیں ٹھہراتا چنانچہ قصہ قُدَّ مِنْ قُبُلٍ یا دُبُرٍ والے واقعہ میں ایک گہوارہ نشین بچہ کی شہادت پر مائیصاحبہ کا مقولہ ماجزاء من اراد باھلک سوءًا الا ان یسجن او عذاب الیم بے اثر ٹھہرا ہے۔ اور نیز لحاظ خصوصیت لفظ (کید) جو (وان اللہ لا یھدی کید الخائنین)

Marfat.com

میری رائے میں انکے خیال کے مطابق کاروائی کرنی چاہیئے۔ تمساح کے گوشت والا کام ضروری تھا۔ اور دن اس کے یہی ہیں۔ ورنہ پھر سال کا وقفہ ہو جاوے گا۔ گورداسپور میں مرزا کے روبرو ہماری شہادت کا حکم جاری شدہ منسوخ۔ جس میں چوتھی دفعہ ان کو سخت روسیاہی حاصل ہوئی۔ والسلام۔
برخورداران کو دعا و سلام جناب مولوی صاحب کو تسلیم۔

(الراقم داعی مہر علیشاہ از گولڑہ)

---

مجبی و مخلصی محمد چراغ سلامت باشد

بعد سلام و دعا آنکہ انشاء اللہ العزیز بتاریخ ہژدہم قمری بروز سہ شنبہ علی الصبح بابو دوا زدہ بجہ از لالہ موسیٰ گذرے خواہد افتاد۔ احتمال مرور بوقت صبح راجح معلوم میشود۔ توقف تحریرات راعنوان تعطل سر رشتہ نباید فہمید۔ حاشا و کلا بخدمت جناب مولویصاحب و جناب صاحبزادہ صاحب و ہمہ محبان تسلیم غلام محمد را سلام۔

(الراقم داعی مہرشاہ بقلم خود) ۱۱ صفر

---

معظمی و مکرمی جناب صاحبزادہ صاحب و محمد (محمد امین) چراغ صاحب لازال محفوظین و مسرورین السلام علیکم و رحمۃ اللہ۔ اما بعد حسب تحریر مخلصی مسمی مولوی محمد اکرم حال مقیم ریاست بہاولپور مکلف ام کہ بعد ملاحظہ رقیمہ اوکہ داخل لفافہ ہذا مرسولہ خدمت است سفارش نامہ بجانب عبدالمالک بحق نامبردہ ترقیم فرمایند والسلام۔ راقم الحروف آج لشب شنبہ تونسہ شریف کو بعد ازاں پاکپتن شریف کو روانہ ہوجائیگا۔

Marfat.com

میں واقع ہے ظاہر قرینہ ہے اس پر کہ (ان اللہ لا یہدی کید الخائنین) مقولہ ہے اس قائل کا کہ جسنے لفظ (کید) کو اپنی سابق کلام میں ذکر کیا ہے وہ کون ہے یوسف علیہ السلام کیونکہ پہلے (اِنَّ رَبِّیْ بِکَیْدِہِنَّ عَلِیْمٌ) فرما چکے ہیں جو بفاصلہ ایک سطر ما بین صاحبہ کے قول سے بیشتر مقولہ یوسفی میں واقع ہے۔ اس بیان سے معلوم ہو گیا ہوگا۔ کہ (ذٰلِكَ لِيَعْلَمَ اَنِّيْ لَمْ اَخُنْهُ بِالْغَيْبِ) کو بلحاظ قرب مقولہ زلیخا سمجھنا صاف ناسمجھی ہے۔ کتب نحو و معانی میں ہے کہ (ذٰلِكَ) کا مشار الیہ حقیقۃً بعید اور مجازاً امر مہتم بالشان ہونا چاہیئے۔ مانحن فیہ میں جب مجاز متصور نہیں تو پھر حقیقت کے بغیر اور کیا لے سکتے ہیں۔ بات یہ ہے کہ تمہارے بزرگ کو کسی مولوی صاحب نے فتوحات وغیرہ سے دکھلا دیا کہ دیکھو صاحب فتوحات علیہ الرحمۃ (ذٰلِكَ لِيَعْلَمَ اَنِّيْ لَمْ اَخُنْهُ بِالْغَيْبِ) کو مقولہ زلیخا لکھتے ہیں اور حضرت مولوی صاحب نے یہ خیال نہ فرمایا۔ کہ حضرت شیخ رضی اللہ تعالیٰ عنہ متعددہ نصوص میں مراد النص بیان نہیں فرماتے۔ اور نہ آپ کو اوس مراد کا انکار ہے صرف بلحاظ وسعت کلام الٰہی تلمیحاً و تلویحاً و الہاماً مدلول النص بیان کر دیتے ہیں خواہ وہ مراد ہو یا نہ ہو۔ میں از خود نہیں کہتا بلکہ حضرت شیخ نے فص نوحی فصوص الحکم میں اس امر کی تصریح فرما دی ہے۔ فص نوحی ملاحظہ ہو۔ يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا مِّنَ الظَّنِّ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ اس آیت میں بدظنی سے نہی در حق اہل خیر و صلحاء ہے۔ اور فساق پر بدظنی ہونے میں کوئی گناہ نہیں۔ جلالین میں ہے کظن السوء باہل الخیر من المومنین وہم کثیر بخلافہ بالفساق منہم فلا اثم فیہ فی نحو ما یظہر منہم قولہ تعالیٰ وَلَا تَجَسَّسُوْا یعنی مسلمانوں کے

(الراقم داعی و مستدعی مہر شاہ بقلم خود از گولڑہ)

---

محبی و مخلصی محمد چراغ صاحب سلامت باشد

بعد سلام آنکہ۔ وہاں جانے پر تسلی و دلاسا سے چند روزہ طوفان جانبین کو اُٹھانا چاہیئے۔ غالباً اُس دلاسا سے جزع و فزع تک نوبت نہ پہنچیگی۔ اور میں بہر کیف حسب التحریر تعمیل کروں گا۔ بباعث ازدحام مہمانان عرس زیادہ لکھنے سے معذور ہوں۔ میں اپنے وعدہ کو ہرگز نہیں بھولتا۔ والسلام۔

(داعی مہر شاہ بقلم خود)

---

محبی و مخلصی محمد چراغ لازال محفوظاً و محسوداً

وَعَلَیکُمُ السَّلَامُ وَرَحمَۃُ اللہ۔ اُن لوگوں کے جواب میں صرف اتنا ہی کافی ہے

بجائے طعنہ اگر تیغ بر زند دشمن ؛ ز دوست دست نداریم ہرچہ بادا باد

اے انوار و تجلیات۔ سو الحمد للہ ہمارا ہی فخر ہے۔ جو ایک شخص ہمارے گروہ میں سے کسی نعمت کا مالک ہو۔ نہ فقیر ہوں نہ ملا۔ ہاں شہسواران میادین فقر کا محب اور نیازمند ہوں۔ با ایں ہمہ مخلصوں کے لئے بہتری کا امید وار ہوں۔ (اِنَّ اللہَ لَا یُغَیِّرُ مَا بِقَومٍ حَتّٰی یُغَیِّرُوا مَا بِاَنفُسِھِم) کا لحاظ ضروری ہونا چاہیئے۔ جناب مولوی صاحب کو تسلیم۔ اور برخورداران کو دُعا۔

الراقم العبد الملتجی الی اللہ المدعو مہر شاہ عفی عنہ

۵ جمادی الاول بروز یکشنبہ

Marfat.com

پیچھے مت پڑو اور ان کے عیوب میں بحث مت کرو. کوئی شخص اگر اپنی عورت کے پیچھے درصورت مسطورہ جاتا ہے. تو اُس کی بنا بدظنی پر ہے. اور بدظنی بحق فساق ممنوع نہیں کما مر۔ ونقل من الجلالین۔ تجسس اور چیز ہے یعنی مسلمانوں کے عیوب میں بحث کرنا جلالین میں ہے لاتجسسوا حذف منه احد التائین لاتتبعوا عورات المسلمین ومعائبهم بالبحث عنها. اور اگر صورت مسطورہ میں تعاقب زوج تجسس قرار بھی دیا جائے تو یہ بھی مخصوص بحق صلحا ہوگا. نہ بحق فساق خصوصاً درصورت بدچلنی عورت اپنی کے. رہا قانون اور دفعہ ۳۰۲ سو اسکی بنا بجواز یا عدم جواز اُس فعل پر جو کہ موجب اشتعال ہو نہیں بلکہ اس کا مبنے علیہ صدور بالذات اور بلا واسطہ اس فعل کا ہے. جو موجب اشتعال ہو۔ جب شوہر نے خود بخود تعاقب کیا اور منکوحہ کو بحالت زنا مشاہدہ کیا تو بغیر مداخلت کسی دوسرے شخص موجب اشتعال کا مرتکب ہوا. لہذا قاتل عمداً کہلانیکا مستحق ہوا گویا کہ از دست کہ بر دست. اگر تعاقب نہ کرتا یا تعاقب پر باعث دوسرا شخص ہوتا تو درصورت اولی مشتعل نہ ہوتا. اور دوسری صورت میں خود بخود اور بالذات قاتل نہ ٹھہرتا. بلکہ دوسرے شخص نے اس کو اشتعال دے کر قاتل بنایا۔ یہ ہے مطلب قانون کا۔ والعلم عند اللہ۔

داعی مہر علیشاہ بقلم خود از گولڑہ

---

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ وحدہ والصلوۃ والسلام علی من لانبی بعدہ وآلہ وصحبہ

Marfat.com

مجبی و مخلصی محمد چراغ صاحب سلامت

تسلیم و دعا۔ الحمد للہ علیٰ کل حال۔ اما بعد انشاء اللہ العزیز بتاریخ ہژدہم بروز جمعہ گاڑی صبح از اسٹیشن گولڑہ سوار خواہم شد۔ شب بر اسٹیشن پنڈدادنخان ارادہ قیام است۔ مائی بیان حالت برخوردار غلام سرور اطال اللہ عمرہ وجعلہ من محبیہ نمود حضار مجلس راخیلے ابتہاج حالت روئے داد۔ مضمون غلام محمد ہم رسید۔ اللہ تعالیٰ محظوظ و محفوظ داراد و بخدمت جناب صاحبزادہ صاحب و جناب مولوی صاحب و ہمہ معرکہ تسلیم و نیاز از ہمہ ایضاً۔

(الراقم مہر شاہ بقلم خود)

---

مجبی و مخلصی محمد چراغ حفظک اللہ وجذب الیہ

بعد از سلام و دعا آنکہ جناب دیوان صاحب پاکپٹن بعد اقامت دو روزہ یہاں پر آج شب چہارشنبہ کو واپس تشریف فرما ہوگئے ہیں۔ میں آپ کی سردی کے خیال سے سفر بشمولیت شادی جناب محمود صاحب حفظہ اللہ میں تکلیف دینی مناسب نہیں سمجھتا۔ آپ ضرور بالضرور بحنا کو جس جگہ ہو ۲۴ ماہ حال تک گولڑہ میں بھیج دیویں۔ شرعی تحقیق کی رو سے یہاں پر غرہ ہفتہ کا ثابت ہوا ہے۔ جناب مولوی صاحب کو سلام۔ برخورداران کو دعا و سلام۔

(داعی مہر شاہ بقلم خود)

---

میرے سچے مہربان محمد چراغ صاحب سلامت باشد

بعد سلام و دعا آنکہ۔ حلفی بیان نہ تو سوی رسم اور نہ انتقام کشی اصل واقعہ

Marfat.com

مہربان من جناب چشتی صاحب۔ وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ۔ اما بعد آپ کے پہلے خط کے پہنچنے پر آپکے سوالات کے جوابات لکھ کر بھیجے گئے تھے جنکے بارہ میں آپ دوسرے مکتوب میں لکھتے ہیں۔ کہ مجھے تسلی نہیں ہوئی آج تیسرا خط برخوردار قائم علی کا پہنچا۔ جس میں بحکم جناب لکھتا ہے کہ لَا تَجَسَّسُوْا والا اعتراض ہماری غلط فہمی پر مبنی تھا۔ اب وہ مندفع ہوگیا۔

دوسرے خط میں آپ تحریر فرماتے ہیں (تعزروہ وتوقروہ وتسبحوہ) میں صاحب جلالین تسبحوہ کی ضمیر کا مرجع صرف اللہ جل جلالہٗ اور دو ضمیروں (تعزروہ وتوقروہ) کا مرجع اللہ جل جلالہٗ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مشترک ٹھہراتا ہے۔ میرے خیال میں ہے۔ یا تو (۱) تینوں ضمیروں کا مرجع صرف اللہ جل جلالہٗ ہونا چاہیئے (۲) یا صرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عربی صرف ونحو کا کوئی ایسا قاعدہ ہے جس کے رو سے جلالین کے اس قول متذکرہ بالا کا اثبات ہو سکے۔ انتہی۔ بمضمونہ بحذف الزائد۔ جواباً گذارش ہے۔ آیہ کریمہ لِتُؤْمِنُوْا بِاللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ سابق الذکر میں چونکہ اللہ جل جلالہٗ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم دونوں مذکور ہیں اور بلحاظ معنے تعزروہ وتوقروہ کے ہر دو مرجع بنائے جا سکتے ہیں۔ یعنے تعزیر (تائید) اور توقیر دونوں کا متعلق اللہ جل جلالہٗ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہر دو ہو سکتے ہیں۔ تائید دین الٰہی اور تائید رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایسا ہی تعظیم الٰہی اور تعظیم رسولی ہر دو واجب ہیں علےٰ حسب شانہما بخلاف تُسَبِّحُوْہُ کے کہ مسبّح ومنزہ والد ومولود وزوجہ وغیر وغیرہ مما لایلیق بشانہٖ سبحانہ وتعالےٰ کے بغیر کوئی فرد مخلوق میں سے نہیں ہو سکتا۔ خواہ فرشتہ

چونکہ ہم نے آپ کی تار کا جواب بہ تعین وقت و روانہ دیدیا تھا۔ اور اسی بھروسہ پر ٹکٹ جوڑا کے لئے۔ وہاں پہنچنے پر جب میں اُترنے کو اُٹھا تو محبوب عالم وغیرہ احباب نے کہا کہ یہاں پر تو دُور تک کوئی صاحب نظر نہیں آتا۔ اتنے ہی میں اہل اسٹیشن سے سُنا کہ وہ لوگ کل آئے تھے۔ آج نہیں آئے۔ شاید مایوس ہو گئے ہونگے۔ تعجب ہوا کہ جواب تار اور پھر مایوسی معلوم ہوا کہ جواب ان کو نہیں ملا۔ نامعلوم کیا وجہ تھی۔ سب کا خیال یہی پڑا۔ کہ اب اگر کوئی چکوڑی جاوے اور وہاں سے پھر آتی سواری کا انتظام نہیں۔ سارا دن یہاں خرچ ہوگا۔ ٹکٹ لے کر چلنا چاہیئے۔ ادھر پیچھے کا بھی اضطراب اقارب کی مہربانی جوآپ کو معلوم ہے۔ لہٰذا وہاں سے ٹکٹ لے کر چلے آئے۔ اگر کوئی شخص اتنا کہہ دیتا۔ کہ تھوڑی دیر کے بعد سواری لے کر پہنچ جاویں گے۔ یا تھوڑی دیر نہ سہی بلکہ ضرور ضرور آویں گے۔ مایوسی نہیں تو ہم وہاں بیٹھے رہتے بایں معافی کا خواستگار ہوں۔ برخورداروں کو دعا و سلام۔ جناب مولوی صاحب کو سلام و مضمون واحد۔ الراقم داعی مہر شاہ بقلم خود از گولڑہ
۷ ربیع الاول

---

محبی و مخلصی محمد چراغ صاحب سلامت باشد

بعد تسلیم و دعا آنکہ باعث توقف در تحریر جواب دریں ایام آنست کہ ماجرا اکثر احباب چیزے متعلق اعتراضات ابناء زماں کہ برنزول مسیح بن مریم نمودہ خلق را لغزانیدہ مے نویسم۔ عنقریب انشاء اللہ تعالےٰ زیر طبع خواہد شد دریں مکتوب از کیفیت قضا چیزے مندرج نبود والسلام (الراقم داعی مہر شاہ بقلم خود)

Marfat.com

نبی کیوں نہ ہو تسبیح کا معنے تنزیہ جزئی نہیں نہ لغۃً نہ شرعاً۔ لہٰذا سبحان الرسول مثل سبحان اللہ ہرگز نہیں کہا جا سکتا۔ اسلئے صاحب جلالین نے تیسری ضمیر کے مرجع میں تخصیص اور مرجع ضمیرین اولین میں تعمیم فرمائی نہ اس بناء پر کہ قاعدہ صرفی یا نحوی اس تعمیم اور تخصیص کا مقتضی ہے۔ اسی دوسرے مکتوب میں آپ لکھتے ہیں (اس بارہ میں میرا اطمینان نہیں ہوا کہ صرف و نحو عربی کے کون سے قاعدہ کے مطابق ضمائر ثلثہ کا مرجع اللہ جل جلالہٗ کو قرار دیا جائے درآنحالیکہ عبارت میں (رسولہ) کے ساتھ ضمائر ثلاثہ کا زیادہ تر اتصال ہے انتہیٰ اقول ارجاع ضمائر ثلثہ بجانب اللہ جل جلالہ صحت معنی پر مبنی ہے کما مر نہ کسی صرفی یا نحوی قاعدہ پر اور سابق الذکر (لتؤمنوا باللہ ورسولہ) میں دو مرجع قریب ہی ہیں۔ ہاں تسبحوہ کا معنے اگر کسی پہلو سے جائز التعلق رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہوتا تو بے شک ضمائر ثلثہ کا مرجع لفظ رسول صلی اللہ علیہ وسلم بھی ہو سکتا۔ مگر اس کا کیا علاج کہ تسبیح کا وقوعی تعلق مختص بذات باری عز اسمہٗ ہے۔ **قال** غالباً لف نشر مرتب کا مسئلہ یہاں پیدا نہیں ہوتا۔ ؟ **قول** غالباً یہ جملہ استفہامیہ ہے بحذف حرف استفہام یعنے کیا۔ جواب میں کہتا ہوں کہ نہیں ہوتا۔ لف نشر مرتب جب ہو کہ وقوعی تعلق تو قردہ کا بذات باری ناممکن ہو اور نیز درصورت لف نشر امور لاحقہ و سابقہ تعداد میں برابر ہونے چاہئیں۔ واذ لیس فلیس **قال** جناب کے جواب باصواب سے یہ بات ثابت ہو گئی کہ صاحب جلالین کی تفسیر اس بارہ میں مرجوح اور ضعیف ہے اور ضمائر ثلثہ کا مرجع صرف اللہ جل جلالہ ہے۔ **اقول** چشتی

Marfat.com

محبی ومخلصی محمد چراغ سلمہ ربہ

تسلیم و دعا۔ الحمد للہ کہ آں محب حسب اقتضاد دعا گوئی مشغول است اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ عَلٰى حُبِّكَ وَحُبِّ حَبِيبِكَ مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وَمِنْ عِبَادِكَ الْمَقْبُولِيْنَ۔ آمین زیادہ دعا۔ (الراقم مہر علیشاہ بقلم خود)

---

مکرمی مولوی محمد چراغ صاحب

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ۔ جوڑہ پہنچ گیا ہے۔ خاطر جمع فرمائیں۔ اور اس کی باقی قیمت سے اطلاع دیجیئے کہ روانہ کر دیجائے۔ حضرت قبلہ عالم صاحب مدظلہ العالی سیال شریف اس عرس پر تشریف نہیں لے جائیں گے۔ والسلام میر سلاداعی از گولڑہ۔

---

محبی ومخلصی محمد چراغ سلامت

بعد سلام ودعا آنکہ یہاں پر سب طرح سے خیریت ہے الاحباب والد صاحب بیمار ہیں۔ کیفیت پیشی مقدمہ سے جلد مطلع فرماویں۔ جناب مولوی صاحب کو سلام۔ برخورداران کو دعا۔ (الراقم داعی مہر شاہ بقلم خود)

---

محبی ومخلصی محمد چراغ صاحب سلامت باشد

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ۔ امابعد بفضل او سبحانہٗ انتفاء سلامت مطلقہ خواہد بود مطلع فرمایند کہ جناب مولوی صاحب کتاب را بمطالعہ بالاستیعاب مشرف

Marfat.com

صاحب سطحیوں کی طرح یہ ناکردہ جرم مجھ پر کیسے عائد کیا گیا۔ یا محاورہ جن
دفعہ قائم کیا گیا۔ میرا جواب غور سے ملاحظہ ہو۔ بات یہ ہے کہ ضعف
فی الکلام یعنی کلام کی نظم و سوق ایسے نہج پر ہو جو مسلمہ قاعدہ نحاۃ یا اہل
محاورہ کے برخلاف ہو تو فصاحت و بلاغت میں مخل ہوتا ہے۔ مثلاً
ضمار قبل الذکر مطلقاً یا انتشار فی الضمائر وغیرہ وغیرہ کہ اس میں سامع کو فہم
مراد میں اشتباہ ولبس واقع ہوتا ہے۔ ہاں درصورت عدم اشتباہ
بروقت وجود قرینہ چنانچہ آیت کریمہ زیر بحث میں خصوصیت ہے۔
تسبیح کی بذات باری عز اسمہ فصاحت میں کوئی مخلل واقع نہیں ہوتا
باایں ہمہ بظاہر متبادر عند السامع یہی ہے کہ ضمائر ثلثہ کا مرجع ایک ہی ہو
اور بوجہ خصوصیت معنے تسبیح چونکہ لفظ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم نہیں تو پھر اللہ جل جلالہ ہو گا۔ فتدبر۔ یا پہلے بھی تین امر کا ذکر ہوتا
کہ علے طریق اللف والنشر مؤید ہو تبادر ذہن سامع کے لئے۔
قال کیا کل لغات کی کتابوں میں تسبیح کا لفظ صرف اُس تنزیہ کلی کے
معنے میں آیا ہے یا اور کسی معنے میں بھی اقول نہیں قال اسوقت اس
امر سے بحث نہیں۔ کہ حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے فص نوحی کے آغاز
میں تنزیہ کے قائلین کی نسبت کیا فرمایا ہے۔ اقول اسوقت مجھے بھی
اس امر سے بحث نہیں کہ حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے فص نوحی کے آغاز میں
تنزیہ من حیث ہو کے قائلین کی نسبت ہرگز ہرگز نہیں فرمایا جو کچھ کہ فرمایا
قال حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے فص نوحی میں یہ تحریر نہیں فرمایا ہے کہ ہم

Marfat.com

فرمودہ اند یا نہ و بخدمت اوشان و جناب صاحبزادہ صاحب تسلیم رساند۔
برخورداران را دعا و سلام۔ دریں وقت لفافہ ٹکٹ والہ موجود نبود۔ مہر شاہ بقلم خود

---

مجبی و مخلصی صمیمی محمد چراغ صاحب سلمہ ربہٗ

تسلیم و دعا۔ در رمضان شریف زائد از عدد معلوم۔ اگر جمعیت قلب ممکن باشد
بہتر و الّا ہماں عدد اقل .... ۱ دہ ہزار دارند۔ چہ اصل جمعیت است رابطہ خود
بخود در چنگ آں محب خواہد آمد۔ حقیقت رابطہ با آں محب معیّت اغلب
اوقات مے دارد۔ مگر شعور معیّت نے و صورت رابطہ چونکہ روی باطلاق
است لہٰذا تشبث بذیلش متعسر بلکہ نے۔ چہ آثار و لوازم و عوارض
سر رشتہ مستحکم است۔ المؤمن مع من احب مبنی بر ہمیں است زائد ازیں
معیّت عینیت است آں ہم بعد استغراق در بے رنگی حاصل خواہد شد العجب
العجائب آنکہ دراں وقت حاصل لاحاصل بنظر مے آید
آں شد کہ بار منت ملاح بردمے نقد وقت میگزرد سر دانہ در حفظ اوقات باید بود
دردانہ روزی بکف خواہد آمد۔ اللہ تعالیٰ آں محب را جذب غیبی عطا فرماید
ہمہ محباں را سلام۔ (مہر علی شاہ بقلم خود)

---

مجبی و مخلصی محمد چراغ سلامت باشند

بعد از سلام مسنون و دعا آنکہ۔ بباعث علالت طبع دریں ایام در تحریر جواب
توقف روئے نمود۔ اللہ تعالیٰ اضطراب شما را دفع نماید۔ درحالت از عدم

Marfat.com

مراد النص بیان نہیں کرتے ۱۲ **اقول** ۔ہم نے کب کہا کہ حضرت شیخ قدس سرہ نے ایسا فرمایا ہے۔ کہ ہم مراد النص بیان نہیں کرتے اور ہم کو اس افتراء کی جانب حاجت ہی کیا تھی ہم کو تو بحوالہ فص نوحی اظہار سلب جزئی سے ایجاب کلی کا نقض مقصود تھا۔ سو وہ حاصل ہے۔ یہ مضمون آج تک فتوحات میں مینے نہیں دیکھا۔ جب آپنے (ذالك ليعلم انی لم اخنه بالغیب) کو مقولہ زلیخا بوقت شب لاہور میں مخلصی غلام محمد کے مکان پر ٹھیرایا اور فرمایا کہ جناب مولوی عبدالقادر صاحب مرحوم بھیروی نے بحوالہ فتوحات ایسا ہی کہا ہے۔ لہٰذا میں نے جوابی خط میں اس قصہ کی طرف اشارہ کیا بچشم خود جبتک فتوحات میں دیکھ نہ لوں مجھے یہ جرأت انتساب الی الشیخ رض نہیں ہو سکتی ۔اور بر تقدیر تسلیم درجواب پہلے خط آپ کے نقض ایجاب کلی کیلئے میں نے بھی سلب جزئی کا ذکر بحوالہ فص نوحی کر دیا۔ **قال** اس موقع پر حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے الہام کو دلیل قرار نہیں دیا۔ بلکہ الفاظ کے مفہوم کو اور الہام کا ذکر تک نہیں **اقول** مہربان من فصوص اول سے لے کر آخر تک الہامی کتاب ہے۔ آپ نے فصوص کا خطبہ ملاحظہ نہیں فرمایا ہوگا۔ وہاں پر فرماتے ہیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ میں ایک کتاب تھی اور فرمایا کہ یہ کتاب فصوص الحکم ہے اس کو لے لے اور اس کو لوگوں کی طرف پہونچا ۱۲ یہ لینا دینا از قبیل الہام ہی تو تھا اور کیا تھا پھر اسی خط میں کتاب ہذا کے الہامی ہونے کے ساتھ تصریح فرماتے ہیں۔ بالالقاء السبوحی والنفث الروحی فی الروع النفسی ۱۲ میں نے جوابی خط

Marfat.com

حصول مراد مناسب بودن خون جگر خوردن۔ فی المعنی شکایت است۔ بر قسام حقیقی الا در صورت یکمراد کہ قبلہ اہل دل ست چہ قلق و اضطراب بیں تقدیر اشتہی داخلی است معلوم میشود کہ از عدم نیل بہ منصب قضا یک گونہ ملالتی روئے دادہ۔ الخیر فیما وقع را ملحوظ دارند۔ ببینید کہ فردا چہ بظہور مے آید۔ استعمال اشغال کہ مے فرمائید بسیار مبارک است۔ اللہ تعالےٰ منفعت ملمولہ بظہور آرد ہرگز ہرگز از شغل ایں گنج عظیم یعنی شغل معلوم تہی دست نہ خواہند گردید۔ آرے ایں قدر است در ظہور بتاجیل یا بہ تعجیل اسباب خفیہ و مصالح غیبیہ ہستند بہر حال از اشغال دست نہ دارند نیستی و تہیدستی اولاہر قدر کہ روئے دہد ہماں قدر مشعر است از تجلیہ کہ الخلاء محال کارگاہ استے اندر نیستی است بہ تعین اوقات و مکان حضور سرگرم مانند۔ زیادہ سلام و دعا۔

الراقم داعی مہر علی شاہ بقلم خود ۲۱ رجب

---

برخوردار محمد چراغ سلمہ ربہ

تسلیم و دعا۔ بخیریت بروز یکشنبہ علی الصبح تقریب خانہ رسیدم اگر جناب صاحبزادہ صاحب برائے مطالعہ چندروزہ کتاب سراج السالکین عنایت فرمایند بزودی بسبیل ڈاک یا بدست کسی معتبر روانہ فرمایند بعد ایام قلیلہ واپس نمودہ خواہد شد بخدمت جناب صاحبزادہ صاحب و مولوی صاحب و ہمہ محبان تسلیم۔

(مہر علی شاہ بقلم خود)

---

Marfat.com

میں اگر مضمون قصوص کو الہامی کہا ہو تو بایں معنی ہوگا قال تو ایسی حالت میں مدلول النص سے زیادہ گمراہ کرنے والی کوئی چیز نہیں ہو سکتی اور بادیٔ النظر میں وہ الہام بھی سخت خطرناک ہے اقول الہام یا مدلول النص جنکا ذکر میرے جوابی خط میں کیا گیا ہے نہ وہ گمراہ کرنے والے ہیں نہ خطرناک ایسے مضامین اہل اللہ علیہم الرضوان کے کسی با سمجھ خوشہ چین و فیض یافتہ سے حل ہو سکتے ہیں قال سمجھ میں یہ امر نہیں آتا کہ ترتیب قصہ کی یوں چلی آتی ہے۔ کہ اوّل تو یہ نظارہ بیان ہو رہا ہے کہ عزیز مصر نے حضرت یوسف علیہ السلام کو جیل خانہ سے بلوا بھیجا۔ اقول عزیز مصر نے نہیں بلوایا۔ بلکہ بادشاہ نے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے (وقال الملك ائتونی به) قال اور وہ تمکنت و وقار کے ساتھ فرمانے لگے کہ میں نہیں آتا جبتک مقدمہ کی تحقیقات ہو کر میری بریت نہ ہو جائے۔ دوسرا نظارہ بعد ازاں عزیز مصر کا دربار ہے۔ اور دربار میں اسکی تحقیق مقدمہ کرنے کا حال ہے اقول عزیز مصر کا دربار نہیں اور نہ وہ مقدمہ کی تحقیق کرنے والا ہے عزیز مصر وزیر تھا اور یہ بادشاہ کا دربار تھا اور بادشاہ ہی یوسف علیہ السلام کو تعبیر خواب کی سننے کے بعد بلوانے والا تھا اور مقدمہ کی تحقیق کرنے والا۔ اور مصر کی عورتوں سے دریافت کرنے والا (قال ما خطبکن اذ راودتن یوسف عن نفسه) قال کا فاعل بادشاہ ہے نہ عزیز اور قائل اللہ جل شانہ ہے نہ بادشاہ قال کہ اس نے بی بی زلیخا اور دیگر عورتوں کو بلوا بھیجا الی ان قال پہلے نظارہ ہے یوسف

Marfat.com

عزیزی محمد چراغ دائماً محفوظ و مامون و محسود باشند

بعد دعا و سلام آنکہ انشاء اللہ تعالےٰ بشب بسیم یہاں سے سوار ہو کر لالہ موسیٰ تخمیناً دو بجے پہنچیں گے۔ وہاں پر موجود رہنا جمعہ کا دن گذار کر شنبہ کی رات ہو گی۔ جناب مولوی صاحب کی خدمت میں تسلیم۔ جناب صاحبزادہ صاحب کی خدمت میں تسلیم برخورداران کو دعا و سلام۔

(الراقم مہر شاہ بقلم خود از گولڑہ)

---

مخلصی مولوی محمد چراغ صاحب حفظکم اللہ تعالےٰ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔ پہلے دن خط میں تحریر کیا گیا تھا کہ برخوردار غلام دستگیر کو لالہ موسےٰ بغرض ملاقات لایا جائے۔ مگر اب لالہ موسےٰ میں بلانا مناسب نہیں معلوم ہوتا ہے۔ کیونکہ ہم لالہ موسےٰ تین بجے شب کو پہنچیں گے۔ اور وہ وقت سردی کا ہوتا ہے۔ اور برخوردار ناساز ہے۔ لہٰذا جب ہم سیال شریف سے واپس ہو کر وزیرآباد آئیں۔ اس موقعہ پر برخوردار وزیرآباد لایا جائے پندھویں صفر روز شنبہ گذار کر شام کے آٹھ بجے ہم روانہ سیال شریف ہوں گے۔ اور شب یکشنبہ کو تین بجے کے قریب لالہ موسیٰ سے گذریں گے۔ والسلام۔

---

محبی و عزیزی محمد چراغ صاحب سلامت باشند

بعد دعا و سلام آنکہ۔ غزل آپ کی شعراء متقدمین اہل لسان کے اشعار سے

Marfat.com

علیہ السلام کے جیل خانہ میں ہونے کا۔ بعدازاں دوسرا نظارہ ہے دربار عزیز[۱] مصر کا جس میں مسلم طور پر حضرت یوسف علیہ السلام غائب ہیں۔ تیسرا نظارہ ہے پھر یوسف علیہ السلام کا جیل خانہ میں جہاں ان کو پیغام دعوت حاضری دربار پہونچا بعدازاں چوتھا نظارہ ہے حضرت یوسف علیہ السلام کا دربار عزیز[۲] مصر میں آنے کا پس یہ خیال میں نہیں آتا کہ نظارہ نمبر دوم میں جہاں دربار عزیز[۳] مصر کا لگا ہوا ہے۔ جس میں مستغیثہ[۴] کا بیان ہو رہا ہے۔ اس کے ساتھ ہی بیچ میں آکر حضرت یوسف علیہ السلام کیونکر بولنے لگ گئے جو مسلمہ طور پر اس وقت تک جیلخانہ میں ہیں۔ **اقول** ہم بھی کہتے ہیں کہ اس وقت حضرت یوسف علیٰ نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مقولہ (ذالك لیعلم انی لم اخنه الخ) نہیں بولا **قال** یہ تاویل تو بالکل معقول نہ ہوگی کہ حضرت یوسف علیہ السلام دربار میں صرف یہ بات کہنے کے لئے جیل خانہ سے آئے اور پھر جیل خانہ میں چلے گئے اور بعدازاں پھر آئے **اقول** ہم بھی اس نامعقول تاویل کے قائل نہیں۔ **قال** دوسرا سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ حضرت یوسف علیہ السلام نے قول زیر بحث یعنے (لم اخنه الخ) اور (وما ابرئ نفسی) کس سے مخاطب ہو کر کہا۔ اور کہاں کہا اور کونسا موقع اس قول کا آپڑا تھا۔ الے آخر ما قال **اقول** اس قول کا مخاطب وہی مخبر اور بادشاہ کا فرستادہ ہے۔ جس کو پہلے بھی مخاطب

[۱] یہ وہی غلطی ہے ۱۲ منہ

[۲] یہ وہی غلطی ہے ۱۲ منہ

[۳] یہ وہی غلطی ہے ۱۲ منہ

---

[۴] یہاں پر مستغیثہ بی بی زلیخا نہیں اور نہ کوئی اس کا استغاثہ ہے۔ ہاں اگر مستغیث ہے تو یوسف علیہ السلام جنکے استغاثہ پر عورتوں کو بلوا کر استفسار کرنا منظور ہے ۔۱۲ (از حضور غریب نواز)

Marfat.com

کم نہیں ۔مولوی محمد یوسف یہاں پر نہیں تھے ۔میں نے خود ہی حاضرین کو سُنائی ۔ لاتجسسوا کیا واشہدوا ذوی عدل سے بھی کچھ ڈر نہیں ۔ کہ رخصت عمدہ ہے ع اے وقت تو خوش باد کہ وقت ما خوش کردی ۔ بیماری سے اب بفضلہ سبحانہ افاقہ ہے ۔جناب مولوی صاحب سے سفوف اسنان تیار کرا کر ارسال فرماویں ۔جناب صاحبزادہ محمود صاحب تونسوی کی تحریر مرسلہ کے ملاحظے سے معلوم ہوا ۔کہ جناب کو فرقت نے بہت ستایا ہے ۔یہ ان کی شرافت اور رقت قلبی و لطافت مادہ سے مشعر ہے ۔اللہ تعالیٰ حوادث زمان سے محفوظ رکھے ۔جناب صاحبزادہ صاحب و جناب مولویصاحب و برخورداران کو تسلیم و دُعا ۔

(الراقم مهر شاہ بقلم خود از گولڑہ)

---

۵ ذیقعدہ بروز پنجشنبہ

مخلصی و عزیزی محمد چراغ سلامت باشد

بعد سلام و دعا آنکہ ۔میں بخیریت مکان پر پہنچ گیا ہوں ۔شب یکشنبہ کو لالہ موسےٰ سے گذر ہوا ۔جناب سجادہ نشین صاحب سیالوی عم فیضہم کا ارادہ ایسا ہی ہے جیسا کہ آپنے تحریر فرمایا ہے ۔جناب مولویصاحب کی خدمت میں تسلیم ۔ برخورداران کو دُعا مخلصی فضل الدین کو سلام ۔کیفیت معالجہ سے بحسب کم وکیف فائدہ مطلع کریں ۔جناب صاحبزادہ صاحب کی خدمت میں تسلیم و نیاز ۔

(الراقم داعی مهر علیشاہ بقلم خود از گولڑہ)

---

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ہ

محبی و مخلصی محمد چراغ سلمہ ربہٗ

Marfat.com

بنا کر واپس کر دیا گیا تھا۔ اللہ تعالےٰ فرماتا ہے (فلما جاءہ الرسول قال ارجع الی ربک) ارجع کا مخاطب وہی مخاطب ہے (ذالک لیعلم الخ) کا یا کوئی اور فرستادہ شاہی۔ وجہ اس کی یہ تھی۔ کہ جب پہلے یوسف علیہ السلام نے اس کی پیغام رسانی پر تعمیل نہ فرمائی اور کہدیا کہ جا کر بادشاہ سے کہو کہ تا وقت برئیت و تحقیق حادثہ ماضیہ میں حاضر نہیں ہونا اس نے جا کر اسی طرح عرض کر دی۔ اب بادشاہ نے عورتوں کو بلوا کر استفسار کیا سب نے مع بی بی زلیخا یوسف علیہ السلام کی برئیت بیان کی پھر دوبارہ اس کو یا کسی اور کو بادشاہ نے بعد تعمیل ارشاد یوسفی بلانے کے لئے بھیجا تاکہ یوسف علیہ السلام کو کہدے کہ آپ آئیے تاکہ ملزموں کو سزا دی جاوے۔ کما قال الکاشفی۔ اُس نے جا کر یوسف علیہ السلام سے عورتوں کا جوابی ماجرا اور انکی برئیت وغیرہ کا ذکر کیا تب یوسف علیہ السلام نے اُس سے مخاطب ہو کر پہلی دفعہ حاضری سے انکار کرنے کی اور شاہی حکم کی تعمیل نہ کرنے کی وجہ بقولہ (ذالک لیعلم انی لم اخنہ بالغیب ای لیعلم العزیز انی لم اخنہ او لیعلم الملک انی لم اخنہ ای الملک فان خیانۃ الوزیر خیانۃ الملک او لیعلم الملک انی لم اخنہ ای العزیز) بیان فرمائی اور کہا میں ان کو سزا دلانی نہیں چاہتا میرا مطلب تحقیق طلبی سے صرف اتنا ہے کہ لیعلم الخ اور ظہور برئیت پر احسان خداوندی بقولہ الا ما رحم ربی جتلایا چونکہ لم اخنہ سے مدح نفس خود اور استقلال فی الصلاحیت سمجھا جاتا تھا۔ لہٰذا دفعیہ اس کا بقولہ (وما ابرئ نفسی الخ) سے واجب ہوا گویا (وان

Marfat.com

تسلیم و دعا اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ اما بعد

رفتنت بر گفتنم پس گفت از رفقاء خویش ؎ شرح آں مسئول سوئے دوستاں خواہم نوشت
یعنی شرح کیفیت ثمرہ مجاہدہ تو بیان باشند

خویش را بیروں فگندن از حریم وصل دوست ؎ شرط کل اشغال سوئے ہمرہاں خواہم نوشت
تا کہ ہجر و وصل را ذکرے نماند درمیاں ؎ دید بحر و حد تش را بالعیاں خواہم نوشت

بخدمت جناب صاحبزادہ صاحب و مولوی صاحب و مخلصی غلام محی الدین صاحب و ہمہ احباب تسلیم و نیاز ۔ (الراقم مہر علیشاہ)

---

محبی و مخلصی عزیزی محمد چراغ صاحب سلامت باشند

بعد از سلام و دعا اینکہ خدا بخش کی ہمشیرہ بذریعہ دعا نامہ حاضر خدمت ہوگا
مہربانی فرما کر خدا بخش کو شادی پر مستعد فرما دیں ۔ اور اس کے ہمراہ روانہ کر دیویں
خدا بخش کی فکر نہ کریں پھر بھی آزاد ہی رہیگا ۔ والدین اس کے بغیر اس کام
کے سخت بے چین ہیں ۔ آج مقدمہ والا بھی بذریعہ نوازش نامہ پہنچا ۔ اللہ تعالےٰ
رحم فرمادے ۔ (مہر شاہ بقلم خود از گولڑہ)

---

محبی و مخلصی محمد چراغ صاحب سلامت باشند

بعد سلام اینکہ خبر انتقال مخلص صمیم متفق الظاہر والباطن غلام احمد مرحوم بذریعہ
تحریر برادر او عبد العزیز در ایام ماضیہ رسیدہ بود ۔ او شاں را ایں خیال کہ
بذریعہ راقم خبر وحشت اثر نہ شنوند ۔ نہ نوشتہ ام عبد العزیز برادر او ہمانجا

لمن الصادقین) کے بعد اور ذالک لیعلم کے ماقبل (فاخبر یوسف بذالک
فقال مقدر ہے۔ (ذالک لیعلم انی لم) قال میرے خیال میں یہاں مختلف
جرائم کو گڈمڈ ذکر دیا ہے۔ کید یعنی مکر الگ جرم ہے۔ افترا اور بہتان کرنا الگ
جرم ہے۔ خیانت ایک الگ جرم ہے امر یہاں تک صاف ہے کہ واضعان
انگریزی قانون نے بھی ازالہ حیثیت عرفی یعنی افترا اور بہتان کے لئے الگ
تعریف اور دفعہ قائم کی ہے یعنی دفعہ ۵۵۵ تعزیرات ہند اور کید اور دغا کے
لئے الگ دفعہ ۴۱۵ اور خیانت کے لئے الگ دفعہ ۴۰۶ اقول کید لفظ
عربی ہے نہ انگریزی کید کا معنی مطلق حیلہ سازی۔ اور یہ جنس ہے اپنے ماتحت
کے لئے انواع ہوں یا اشخاص کوئی اہل عقل جنس اور اس کے انواع یا
اشخاص کے مابین تقابل اور تغائیر فی الوجود کا قائل نہیں یعنی یہ نہیں
کہا جاسکتا۔ ہذا اما حیوان واما فرس وغیرہ وغیرہ۔ آپ کے واضعان
انگریزی موضوع مسئلہ سے خارج ہیں کیونکہ وہ اپنے آپ کو اعلم من اللہ
العلام سمجھکر برخلاف قرآن کریم کے قانون بندی پر کمربستہ ہیں۔ کید کے
جزئیات میں سے کتمان شہادت حقہ بھی ہے یوسف علیہ السلام فرماتے
ہیں (ان ربی بکیدھن علیم) یعنی ہاتھ کاٹنے والی عورتوں کا یہ کید کہ
باوجود اس کے کہ ان کو زلیخا کا اقرار میری عفت کے ساتھ معلوم تھا کیونکہ
انکو مخاطب بناکر زلیخا نے کہا تھا (ولقد راودتہ عن نفسہ) اور یوسف علیہ
السلام کی برئیت کا فاستعصم کے ساتھ اظہار واقرار کیا تھا انہوں نے
اس اقرار زلیخا پر شہادت نہ دی۔ یعنی (وشھد شاھد) کے موقعہ پر کید

Marfat.com

باخلاص مردماں از ہر جہت خرم است۔ سوائے ایں حادثہ جانکاہ کہ از وے مغموم است اللہ تعالے اورا مغفرت و رحم فرماید۔ احیاناً بتقریب عرسے بغیر از دیدن مزارش می شود و شخصے در ایام سابقہ بود کہ در سیال شریف از چکوڑی رفتہ بوقت شب شکایت آں محب نمودہ کہ غریب نواز فلاں مقابلہ با مولوی صاحب پیدا نمودہ است و از حد لاچار شدہ مرا اینجا فرستادہ اند و یک عریضہ بجانب تونسہ شریف نوشتہ اند۔ و نیز گفت کہ منو سلان شاہ صاحب جلالپوری گاہے کسے کلمہ نگفتہ اند۔ و مخلصان فلاں اینچنیں کلمات کہ فلاں را فیض از غوث پاک قدس سرہٗ است نہ از سیال شریف مے گویند۔ ایں شخص تعلق بگمان راقم عبداللہ سبز پوش خواہد بود۔ مقصود از یں اخبار اینکہ ہمراہ جناب صاحبزادہ صاحب طریق ادب و تعظیم را نہ گذارند کہ سعادت دارین در ین است و کلمات مسطورہ بالا را در حق ایں بے ہیچ ہم نہ گفتہ باشند۔ عبداللہ سبز پوش را کسے خبر دادہ باشد اگرچہ جناب سجادہ نشین صاحب سیالوی ادام اللہ برکاتہ باینچنیں سخناں حاسدانہ در حق ایں نیاز مند التفات نمے دارند لیکن تاہم ما را بر وضعے و نہجے باید بود۔ کہ ہتک کسے از مشائخ عظام در آں نہ باشد۔ ہمہ محباں را سلام۔ ۱۹ ر رمضان

العبد

داعی مہر علیشاہ نیاز مند درویشاں

کے جزئیات میں سے بہتان وافتراء بھی ہے چنانچہ زلیخا نے کہا (قالت
ماجزاء من اراد باھلك سوءً الا ان یسجن او عذاب الیم) ایسا ہی
وہ تدابیر جن کو موصل الی المطلوب سمجھا جاوے۔ کامیابی ہو یا نہ چنانچہ اپنے
ہاتھ کاٹنے والیوں عورتوں نے بی بی زلیخا کے (لیسجنن ولیکونًا من
الصاغرین) کہنے کے بعد یوسف علیہ السلام سے کہا تھا۔ اطع مولاتك
(اپنی مالکہ کی اطاعت کر) بی بی زلیخا والے بہتان مذکور اور عورتوں کے تدبیرات
موصلہ الی المقصود سے لفظ کید کے ساتھ تعبیر فرمائی گئی (قال انہ من کید
کن ان کید کن عظیم) ایسا ہی تدبیر خفی الٰہی سے جو کامیابی یوسف علیہ
السلام کے لئے کی گئی تھی تاکہ بھائی ان کا بنیامین ان کے پاس ہی رہے
لفظ کید کے ساتھ تعبیر فرمائی گئی۔ قال اللہ تعالےٰ (کذٰلك کدنا
لیوسف) وہ کید الٰہی نفع رسانی یوسف علیہ السلام کے لئے کیا تھا۔ یہ
تھا۔ کہ ان کے بھائیوں سے یہ کہلوایا کہ (جزائہ من وجد فی رحلہ
فھو جزائہ) ورنہ بادشاہ مصر کے قانون میں سارق کی سزا ضرب وغیرہ
تھی نہ یہ کہ سارق کو مال مسروقہ کے مالک کے سپرد کیا جاوے۔ کید
کے جزئیات مواضع متعددہ قرآنیہ سے آپ معلوم فرما سکتے ہیں (الم
یجعل کیدھم فی تضلیل۔ وارادوبہ کیداً فجعلنٰھم الاخسرین
وغیرہ وغیرہ۔ بلکہ خیانت خائن (یعنی خیانت ورزی عزیز درباره امانت الٰہی
یعنی یوسف علیہ السلام کو قید میں ڈالنا) سے بھی تعبیر کید کے ساتھ کی گئی
ہے۔ اسی آیت زیر بحث میں غور فرمائیے (وان اللہ لا یھدی کید الخائنین

Marfat.com

معظمی ومکرمی جناب صاحبزادہ صاحب حفظکم اللہ

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ۔ عنایت نامہ کا شکریہ الحمد للہ والمنۃ کہ متعلقین کو شافی مطلق نے شفا بخشی۔ ان ایام میں متواتر خبر دیتے رہا کریں۔ کہ از حد فکر رہتا ہے۔ محمد چراغ صاحب کو جہاں پر رہے ہیں۔ جواب لکھا گیا ہے۔ مگر آج اُن کی تحریر سے معلوم ہوا۔ کہ ان کو جواب نہیں پہنچا۔ لہٰذا آپ ان کو جہاں ہوں میری جانب سے پہنچا دیویں۔ کہ میں دعاگوئی سے غافل نہیں ہوں۔ اور جناب مولوی صاحب کی صحتیابی کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ یہاں مکان پر بالکل خیریت ہے۔ شہر میں گاہے گاہے ایک دو آدمی نقصان ہو جاتے ہیں۔ کچھ بد بو موجود نہیں۔ زیادہ دُعا و سلام۔

---

معظمی ومکرمی مجمع الفضائل والفواضل جناب صاحبزادہ صاحب (محمد امین) بسط ظلہم

بعد تسلیم آنکہ۔ میاں عبداللہ درویش کہ دریں ایام جناب سجادہ نشین صاحب سیالوی او را بپائے رکابی خود بجانب تونسہ شریف بُردہ اند۔ از مٹھ ٹوانہ مکتوبے فرستادہ بود ہماں مکتوب بخدمت فرستادہ مے شود۔ زیادہ استدعا وفاتحہ خیر۔ بعد تحریر ہذا خط مرسلہ میاں عبداللہ از محبوب عالم طلبیدہ شد۔ گفت کہ بالفعل دستیاب نمے شود مضمونش آنکہ۔ شما محمد چراغ را بنویسید کہ مبالغ لنگر قبل از عرس برساند زیرا کہ حضرت صاحب فرمودہ اند کہ بر تقدیر عدم ارسال ما روپیہ لنگر از فلاں یعنی پیر صاحب خواہیم گرفت۔ بعد دستیابی مکتوب نیز فرستادہ خواہد شد۔ زیادہ نیاز۔ (الراقم مہر علیشاہ بقلم خود ۲۹ محرم)

Marfat.com

اس مقام پر ایک محقق ماہر عربیت لکھتے ہیں (وسمی فعل الخائن کیداً لان شانہ ان یفعل بطریق الاحتیال والتلبیس) فمعنے ھدایۃ الکید انمامہ وجعلہ مؤدیا الی ما قصد بہ انتھٰے۔ اب آپ ہی فرماویں کیا میں نے برخلاف واضعان انگریزی جو تغایر وجودی فیما بین جنس وجزئیات اس کے ٹھیرانے والے ہیں گڈ مڈ بقول جناب مجائی۔ یا کہ کلام معجز نظام میں ایسا ہی آیا ہے جس کی شان یہ ہے (قُل لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلٰٓی اَنْ یَّاْتُوْا بِمِثْلِ ھٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا یَاْتُوْنَ بِمِثْلِہٖ وَلَوْ کَانَ بَعْضُھُمْ لِبَعْضٍ ظَھِیْرًا) **قال مجاصلہ** اِنَّ اللّٰہَ لَا یَھْدِیْ کَیْدَ الْخَآئِنِیْنَ) کو بعد اقبال جرم مائی زلیخا کی طرف منسوب کرنا موزون معلوم ہوتا ہے ایسا ہی (وَمَآ اُبَرِّئُ نَفْسِیْ اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَۃٌ بِالسُّوْٓءِ) ایک عام گنہگار بندہ کی جانب سے زیادہ موزون معلوم ہوتا ہے۔ بہ نسبت اسکے کہ اس کو ایک نبی کی طرف منسوب کیا جائے جو کہ مسلّمہ طور پر معصوم ہے اور جس کے مقابل اس کا نفس امارگی نہیں کرسکتا۔ اور جس کی ذات مبارک میں گناہ وسواس کا دخل وتصور نہیں ہوتا۔ **اقول** یہاں پر گنہگار بندہ مائی زلیخا تھیں۔ کوئی عاقل یا کسی عاقل کا وجدان شہادت دے سکتا ہے کہ مائی صاحبہ جو واقعہ ہذا کے وقت بت پرست تھیں اور حصول مقصود (وصال یوسفی) کے لئے اپنے بتوں کے سامنے سربسجود ہو کر حصول مدعا مانگتی تھیں اس مائی صاحبہ مشرکہ بت پرست کے یہ نورانی الفاظ ہوں (اِنَّ اللّٰہَ لَا یَھْدِیْ کَیْدَ الْخَآئِنِیْنَ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّیْٓ اِنَّ

Marfat.com

معظمی ومکرمی جناب صاحبزادہ صاحب (محمد امین) جیو برسر مستفیدان ظل افاضہ گسترده باشند

از فقیر الی طالب دعا محب الفقراء مہر علیشاه ۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ مطالعہ فرمایند ۔ اما بعد حامل عریضہ ہذا جناب مولوی امام الدین صاحب معہ سرفرازنامہ مشرف نمودہ اند از ما فیہ اطلاع بخشید اگرچہ بلحاظ مایۂ علمی وعملی بدیں ہمہ گذاشت کہ بدرج نمودن نام گمنام در سلک اسامی سامیہ گستاخی ورزد اما للارشاد السامی ونظر بہ رنج کشیدن مولوی صاحب داشتہ امتثال امر اوشان نمودہ شد زیادہ طلب دعا بخدمت جناب مولوی صاحب وہمہ محبان تسلیم ۔ الٰہی دیدہ چراغ ما را از کحل مازاغ ختمی وافر نصیب گرداند ۔ آمین ۔ ونیز الحال مولوی صاحب ... بہ روپیہ کہ ہمراہ رسیدہ بود وجہ معذرت طلبی از التجا بدانہا بد زوال مرغوص نمودہ شد ۔

(الراقم محب الفقراء مہر علیشاه)

---

مکرمی معظمی سیدی وسندی جناب صاحبزادہ صاحب (محمد امین) مد اللہ ظلہ

از طالب دعا مہر علیشاه تسلیم با تعظیم مطالعہ فرمایند اما بعد مکتوب بہجت اسلوب کہ در تفقد حال این بے ہیچ اصدار شدہ بود رسید الحمد للہ کہ عزیزان متوجہ حال این شکستہ بال اند از مین توجہ اوشان بود کہ بے تکلف حضور کچہری دعویٰ ہنود خارج گردید ۔ آئندہ نیز امید وار توجہ سامی ظاہراً و باطناً ہستم جواب سوال سلب نعمت حسب ارشاد حضرت صاحب وآنجناب از بادی النظر بہ کاغذ دیگر نوشتہ شدہ بخدمت منیفہ فرستادہ مے شود ۔ از مکرر نوشتن چونکہ معذورم محبی ومحبوبی محمد چراغ تفقدی خواہند فرمود کہ نقل جواب نمودہ

رَبِّیْ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ) ابھی تو عزیزِ مصر زندہ ہے۔ اس کی وفات کے
بعد بھی مائی صاحبہ بحالت شرک رہیں بعد ازاں بت کو توڑا کتب تاریخ
اور نہ سہی قصہ یوسف زلیخا مؤلفہ حضرت مولانا جامی علیہ الرحمۃ ملاحظہ ہوں
اور نیز مائیصاحبہ کا شاہی دربار میں یہ ظاہر کرنا (لیعلم انی لم اخنہ) بے
محل معلوم ہوتا ہے۔ البتہ مصر کی عورتوں اور یوسف علیہ السلام سے علیحدگی
میں مناسب تھا۔ تیسرا عزیزِ مصر نے یوسف علیہ السلام کو ناحق قید کروا ڈالا۔
پھر (لم اخنہ) کیسے کہہ سکتی ہے۔ کیا آپکا وجدان اور طبع سلیم اس امر کو گوارا
کر سکتی ہے کہ اضافت تحبیبیہ جو ربی میں ہے۔ اس کو ایک محبوبہ مشرکہ کی
طرف منسوب کیا جائے اور بحکم (ادوا الامانات الی اھلھا) ان نورانی کلمات
کا منبع قلب نبی والنسان مقدس نہ ٹھیرایا جائے۔ ہمارے خیال میں یہ آیہ
ذلك لیعلم سے لیکر غفور رحیم تک مقولہ ہے یوسف علیہ السلام
کا خواہ کیسی ہی دقتیں اس تقدیر پر پیش آئیں تو وہ گوارا ہو سکتی ہیں۔
کیونکہ ممکن نہیں کہ مشرکہ بت پرست یہ کہے کہ میرا رب غفور رحیم ہے
مگر بفضلہ تعالیٰ یہاں پر کوئی دقت بھی بعد ادنے تامل نظر نہیں آتی ایک
انسان کی کلام کا اتصال کلام دوسرے انسان سے بغیر فصل اس کی نظیر قرآن
مجید میں موجود ہے قال الملاء من قوم فرعون ان هٰذا لسٰحر علیم
یرید ان یخرجکم من ارضکم) کلام ہے جماعت کا اور بلا فصل متصل
اس کے (فماذا تامرون) فرعون کا کلام ہے۔ یوسف علیہ السلام لبعد اخبار مخبر
فرماتے ہیں۔ وہ تحقیق طلبی اس غرض سے تھی تا کہ بادشاہ یا عزیز میری ملاقات سے

Marfat.com

بخدمت سامیہ خواہند داشت۔ و ہماں خط منقول ہمنہ کہ بنام حضرت صاحب سیالی نوشتہ شدہ است بذریعہ ڈاک بسیال شریف بزودی روانہ خواہند فرمود۔ بخدمت جناب مولوی صاحب و محمد چراغ و فیض رسول و ہمہ متعلقان حضور تسلیم و تکریم

(مہر علیشاہ)

---

حضرتی و مکرمی

تسلیم۔ مجھے چونکہ جناب حضرت صاحب کا نوازشنامہ مشتمل بر طلب ضروری پہنچا ہوا ہے۔ لہٰذا میں جانے کا ارادہ ملتوی نہیں کر سکتا۔ عزیزی محمد چراغ صاحب کو بھی برخلاف تحریر سابق (جس میں لالہ موسیٰ کی حاضری کا مضمون تھا) سفر بذا کے التوا کی اجازت دیتا ہوں۔ یہاں پر مکان میں بفضلہ بالکل خیریت ہے۔ شہر میں طاعون۔ بیس ۲۰ پچیس ۲۵ روز سے قدرے متوار ہے۔ عزیزی محمد چراغ صاحب و جناب مولوی صاحب و مخلصی فیض رسول وغیرہ احباب کو تسلیم

(مہر شاہ بقلم خود)

---

مخلصی فی اللہ و مکرمی جناب مولوی صاحب حفظکم اللہ تعالیٰ مع المتعلقین

بعد سلام و دُعا آنکہ۔ الحمد للہ۔ کہ جانبین میں خیریت ہے۔ عزیزی غلام سرور کو واضح ہو کر (الاستقامۃ خیر من الکرامۃ) قضیہ مسلمہ ہے پابندی اوقات و ترک مالا یعنی و اخلاص و مراقبہ (اللّٰہُ حَاضِرِی اللّٰہُ نَاظِرِی۔ اللہ معی فی کل حین) پر قائم رہیں۔ عزیزی غلام دستگیر کو دُعا و سلام اس وقت میرے

Marfat.com

پہلے معلوم کر لیوے کہ میں نے ان کے حق میں بحالت غیبوبیت خیانت نہیں کی اور نیز یہ بھی ان کو معلوم ہو جائے کہ بحسب عادت الٰہیہ خیانت کنندہ کے فعل کا نتیجہ اچھا نہیں ہوتا۔ اگر میں بھی خائن ہوتا تو آخر جا کر بے عیب اور بری کیوں ثابت ہوتا۔ گویا کہ یہ جملہ قول یوسفی میں قیاس استثنائی کی طرز پر استدلال ہے ثبوت بریت یوسفی کیلئے اور تعریض ہے ساتھ زلیخا و عزیز و باقی عورتوں مصر کے ایسا ہی (ان النفس لامارۃ بالسوء) کے ساتھ جب الاما رحم ربی منضم ہے تو اس سے یہ کیسے لازم آتا ہے کہ قائل قول ہذا کا نفس امارگی کر سکے۔ کمال تو اسمیں ہے کہ نفس بحسب الطبع میلان کرے اور خوف الٰہی و حفظ ایزدی درجہ اختیار و قصد مصمم تک بھی نہ پہنچنے دے یخعی اور عنین میں قابلیت مدح کیا ہوگی۔ اگر آپ ذرا غور سے کام لیویں تو فوراً سمجھ سکتے ہیں کہ (ان النفس لامارۃ بالسوء الا ما رحم ربی) بعینہ بیان ہے اس قول یوسفی کا وَاِلَّا تَصْرِفْ عَنِّيْ كَيْدَهُنَّ اَصْبُ اِلَيْهِنَّ ای اصل الیهن بطریق العزم المصمم لکن صرفت عنی کید هن فما صبوت بھر آپ ہی فرماویں کہ ایک قول جو متحد المعنی ہے دوسرے قول کے ساتھ جس میں صرف تغائر لفظی ہے مقولہ ٹھیرایا جائے انسان کامل یعنی نبی کا اور دوسرا قول متحد المعنی با قول اول مقولہ ایک بت پرست کا مانا جائے (هل هذا الا تهافت وهل هذا الا بهتان عظیم) اس میں شک نہیں کہ نفوس مقدسہ انبیاء صافیہ راضیہ مرضیہ ہوتے ہیں مگر اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ بحسب الطبع آمادگی ان کی طرف منسوب نہ کی جاوے بلکہ بحسب الطبع میلان ہو مگر بحسب حفظ الٰہی متصور نہیں کہ

Marfat.com

سچے مخلص مولوی محمد چراغ صاحب کا نقشہ میری آنکھوں کے سامنے ہے۔ جس سے میں متاثر ہو رہا ہوں۔ اللہ تعالےٰ ان کی اولاد کو موجبات رضا اور لقاء عطا فرماوے۔ اندرون دولتخانجات دعوات۔ وفقکم اللہ تعالیٰ لما یحب ویرضی والحمد للہ اولاً و اخراً والصلوٰۃ والسلام منه باطنا علیه ظاھراً۔ العبد الملتجی والمشتکے الی اللہ المدعوا بمہر علیشاہ بقلم خود از گولڑہ

---

عزیزانم حفظکم اللہ تعالےٰ بعد سلام آنکہ

دُعا ہے کہ ستر العرش مسبول علینا وعین اللہ ناظرۃ الینا

بحول اللہ و قوتہ لا یقدر احد علینا سبحان اللہ المقتدر لما یشاء بقدرتہ تعال لما یرید بعزتہ۔ والسلام والدعا سب کو ماوجب۔ (بقلم خود از گولڑہ)

---

عزیزی غلام سرور و غلام دستگیر حفظکم اللہ تعالےٰ

خط ملا۔ حاکم حقیقی رحم فرماوے۔ نعم المولےٰ ونعم النصیر سب کو ماوجب

(داعی از گولڑہ بقلم خود)

---

عزیزی غلام سرور حفظکم اللہ تعالےٰ

بعد سلام آنکہ۔ کارڈ کاشف مافیہا ہوا۔ دُعا ہے کہ اللہ تعالےٰ عزیزی غلام دستگیر کو صحت عطا فرمائے۔ اور سب کو مکروہات زمانہ سے محفوظ رکھے بخدمت باباجی صاحب سلام سب کو ماوجب۔ دعاگو از گولڑہ بقلم خود

Marfat.com

ان سے آثار امارگی ظہور اور وقوع میں آئیں حتیٰ کہ میلان بھی قصد مصمم کی حد تک ممکن نہیں کہ پہنچے۔ طبعی میلان کو بحد قصد مصمم وارتکاب جرم تک نہ پہنچنے دینے کی غرض سے (والانصراف عنی کیدھن اور ایسا ہی الامار حم ربی اور حدیث شریف رب لا تکلنی الی نفسی طرفۃ عین ولا اقل من ذالک وارد ہوا ہے۔ سورہ انعام میں ہے (وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا شَيٰطِينَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ حضرت شیخ نجم الدین دایہ قدس سرہ فرماتے ہیں۔ فشیطان الانس نفسہ الامارۃ بالسوء وھی اعدی الاعداء انتہی۔ یوسف علیہ السلام جبکہ اپنی صلاحیت وبریت وتقوے بقولہ انی لم اخنہ سے ظاہر فرما چکے جس کا مفاد تزکیۂ نفس اور مدح ہے حالانکہ فلا تزکوا انفسکم آچکا ہے لہٰذا بقول ذیل حقیقت امر کو ظاہر فرمایا اور قول سابق کو واجب التدارک سمجھا اور کہا کہ اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌ بِالسُّوْءِ یعنی بحسب الطبع گو ہر ایک نفس میلان رکھتا ہے بدی کی طرف اور میرا نفس بھی منجملہ افراد نفس مطلقہ کے ہے مگر اللہ تعالیٰ اپنے خاص بندگان کو بچا لیتا ہے تو یہ بچنا گناہ سے میرے نفس کا ذاتی کمال نہیں بلکہ میرا رب اپنی عنایت اور عصمت کاملہ سے بعض نفوس (انبیاء واولیاء) کو بچا لیتا ہے۔ آثار امارگی ظاہر ہونے نہیں پاتے۔ حتیٰ کہ عزم مصمم تک بھی صرف میلان طبعی محل شکایت نہیں۔ چنانچہ صرف بھوک پیاس کے ہونے سے جبتک مملوک غیر کو استعمال نہ کرے یا استعمال کرنے پر عزم مصمم نہ کرلیوے محل شکایت نہیں ہو سکتا۔ اگر بھوک پیاس طبعی نہیں تو مردہ ہے نہ زندہ اور مسئلہ زیر بحث میں عنین ہے الامارحم ربی سے مشرف

Marfat.com

برخورداران غلام دستگیر و غلام سرور حفظکم اللہ تعالےٰ

بعد سلام آنکہ۔ وہاں ہی رہو۔ حافظ حقیقی اچھا کرے گا گھبراؤ مت

حسبنا اللہ ونعم الوکیل۔ سب کو ما وجب۔ والسلام۔

دعاگوئی از گولڑہ بقلم خود

---

عزیزانم غلام سرور و غلام دستگیر در حفظ و امان الٰہی باشند

بعد سلام اینکہ بخور صرف عطریات نہیں بلکہ وہ اشیاء جو جلائے جاتے

ہیں۔ مثلاً لُبان وغیرہ ان کا دُخان یعنی (دود) شرائط میں سے ہے۔

برخوردار غلام دستگیر کی صحت کے لئے دُعا باباجیو صاحب کیخدمت میں

سلام و دُعا و استدعا۔ ۲۴ شوال (مہر علیشاہ بقلم خود از گولڑہ)

---

برخوردار غلام دستگیر دائماً در حفظ و امان الٰہی بودہ باشند

بعد دُعا و سلام آنکہ۔ میں نے ایک لفافہ بدستخط خاص بھیجا ہے۔ غالباً

پہنچا ہوگا۔ جس میں مفصل طور پر میرا اترنا موجب ہے۔ میں دُعا کرتا ہوں۔ اللہ

تعالےٰ مصائب دارین سے محفوظ رکھے۔ محبی و مخلصی محمد چراغ صاحب

بعد از مطالعہ سلام و دُعا از رسید خط اطلاع بخشند والسلام۔

(مہر شاہ بقلم خود)

برخوردار غلام دستگیر و غلام سرور احیا کما اللہ حیوٰۃً طیبۃً

بعد دُعا و سلام آنکہ۔ بہر کیف میں تمہارے لئے کیا بلکہ کل خاندان کے لئے

Marfat.com

ہونے کی قابلیت کہاں اِنَّ رَبِّیْ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ میرا رب بحق تعمیل کنندگان نفس اماره مغفرت کرنے والا ہے۔ اور (رحیم) مبالغ فی الرحمۃ ہے نفوس انبیاء کے لئے کہ ان سے مقتضی طبعی صادر ہونے نہیں دیتا۔ غفور متعلق ہے امارۃ بالسوء کے ساتھ اور رَحِیْمٌ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّیْ سے تعلق رکھتا ہے فافہم۔

پہلے لکھ چکا ہوں کہ قول یوسفی (وَاَنَّ اللّٰہَ لَا یَھْدِیْ کَیْدَ الْخَائِنِیْنَ) معرض استدلال میں اپنی برأت پر بطرز قیاس استثنائی قائم کیا گیا ہے۔ اس تقدیر پر یہ جملہ تاکید ٹھہرا پہلے جملہ انی لم اخنہ بالغیب کے لئے حاصل یہ ہوا کہ اگر میں خائن ہوتا تو اللہ تعالیٰ میرے امر کے لئے بحسب عادت الٰہیہ پختگی اور درستی اور حسن خاتمہ نہ فرماتا۔ لکن التالی باطل فالمقدم مثلہ پس ثابت ہوا کہ میں خائن نہیں ہوں۔ اور نیز مقصود اس جملہ ثانیہ سے تعریض بھی ہے۔ بی بی زلیخا اور اس کے شوہر عزیز اور ایسا ہی مصر کی عورتوں کے ساتھ یعنی بی بی زلیخا نے اپنے شوہر کی امانت میں خیانت ورزی پر عزم مصمم کر لیا اور تحصیل خیانت میں اپنی طرف سے کوئی حیلہ باقی نہیں چھوڑا اور شوہر یعنے (عزیز مصر) نے امانت خداوندی کے متعلق خیانت کی کیونکہ اس نے باوجود مشاہدہ کر لینے امارات و علامات برأت میرے کے مثلاً شہادت طفل وغیرہ اپنی بی بی کی میرے بے گناہ قید کر لینے میں اطاعت کی اور مصر کی عورتوں نے باوجود علم باقرار زلیخا دربارہ برأت یوسفی کتمان شہادت کیا مگر آخر الامر بحسب عادت الٰہیہ (وَاَنَّ اللّٰہَ لَا یَھْدِیْ کَیْدَ الْخَائِنِیْنَ) خائب و خاسر رہے اور میں اظہار برأت و عدم خیانت ورزی اپنی کا بطریق مدح و تزکیہ نفس

Marfat.com

دُعا کرتا ہوں۔ وفقکم اللہ تعالےٰ "لما یحب ویرضیٰ" جناب والد صاحب کو سمجھائیں۔ کہ جسمانی ملاقات سے محظوظ فرماویں۔ زیادہ دُعا و سلام۔
(الراقم داعی مہر شاہ از گولڑہ بقلم خود)

---

برخوردار غلام سرور سلامت

بعد از سلام و دُعا اینکہ۔ اللہ تعالےٰ برخورداران کو مع والدین موجبات رضا و القا و حفظ از مصائب دارین عطا فرماوے۔ دعا گو بتاریخ ۲۰ ماہِ حال یعنی صفر بروز شنبہ بوقت صبح لالہ موسیٰ سے انشاءاللہ تعالےٰ گذرے گا۔ اپنے والد صاحب کو اطلاع دیویں اپنے بھائی اور والدہ اور بابا صاحب اور جی صاحب کو میرا سلام پہنچانا۔ سلام و دعا۔ اس وقت لفافہ ٹکٹ دار موجود نہ تھا اور نسیان کے خوف سے توقف نہیں کیا گیا۔
(الراقم داعی مہر شاہ بقلم خود از گولڑہ)

---

عزیزی غلام سرور حفظک اللہ

دعا و سلام۔ تعویذ داخل لفافہ ہذا بھیجا جاتا ہے۔ دائیں بازو پر باندھیں۔ سب کو ما وجب۔ (الراقم داعی مہر علیشاہ بقلم خود از گولڑہ)

---

عزیز القدر برخوردار غلام دستگیر و غلام سرور حفظکم اللہ تعالےٰ

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ۔ دُعا ہے کہ اللہ تعالےٰ میرے سچے مخلص

Marfat.com

خود نہیں کرتا کیونکہ اگر عصمت الٰہیہ و حفظ خداوندی سے قطع نظر کی جاوے
تو ضرور یہی نفس پورا کرنے میں متفقی طبعی و فطرتی اپنے کے کامیاب ہو سکتا ہے،
ابو البشر آدم علیٰ نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام مجرد دیکھنے مائی حوا صاحبہ کے مائل
ہوتے مگر آپ محل شکایت نہیں ہو سکتے کہ ابھی تک من جانب اللہ کوئی ہدایت
اس بارہ میں نہیں پہنچی تھی۔ بعد ازاں نکاح کی ہدایت ہونے پر عقد کیا گیا۔
یہاں تک بیان ہے (وَمَا اُبَرِّئُ نَفْسِیْ اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَۃٌ بِالسُّوْءِ اِلَّا مَا
رَحِمَ کا پھر فرمایا۔ اِنَّ رَبِّیْ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ پہلے غفور اور بعدش رحیم
اس لئے کہ جملہ سابقہ (ان النفس الخ) دو گروہ پر حاوی ہے۔ عوام اور انبیاء
و اولیاء مطلب یہ ہوا کہ غیر انبیاء و اولیاء سے اگر اطاعت امر نفسانی ونخالفت
حکم ربانی ہو جائے تو اللہ تعالیٰ اگر چاہے مغفرت فرما دیتا ہے اور دوسرے
گروہ انبیاء و اولیاء کے حق میں تو رحیم صیغہ مبالغہ کا ہے یعنی مبالغ فی الرحمۃ
اس حد تک ہے کہ ان کو حفظ و عصمت کی چادر سے ڈھانک لیتا ہے
جن کے شان میں وارد ہے (اِنَّ عِبَادِیْ لَیْسَ لَکَ عَلَیْهِمْ سُلْطَانٌ)
معلوم ہو کہ فقرہ (الا ما رحم) اور ایسا ہی (رحیم) علیٰ ہذا القیاس (اِنَّ
عِبَادِیْ لَیْسَ لَکَ عَلَیْهِمْ سُلْطَانٌ) وغیرہ امثال ان کے ظہور میلان طبعی
کے منافی نہیں۔ جبتک میلان بحد قصد مصمم و عزم بالجزم نہ پہنچا ہو۔ یہاں پر
تین امر ہیں (۱) نفس میلان طبعی اضطراری (۲) میلان اختیاری معہ آمادگی و کمربستگی
(۳) ارتکاب جرم۔ آیت (وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهٖ) میں ھم زلیخا سے وہی دوسرا امر
(میلان مع آمادگی) اور (هَمَّ بِهَا) میں ھم یوسفی سے مراد امر اول یعنی

Marfat.com

مرحوم محمد چراغ غفر اللہ لہ کی اولاد میں ہر طرح سے خیر و برکت عطا فرمائے اور موجبات رضاء و لقاء نصیب کرے۔ معمولات مجازہ پر مستقیم رہیں۔ بخدمت بابا صاحب کان اللہ لہ سلام و دعا پہنچا دیں۔ والسلام۔

(العبد الملتجی والمشتکی الی اللہ المدعو مہر علیشاہ بقلم خود از گولڑہ)

---

عزیزی غلام دستگیر حفظک اللہ تعالیٰ و شفاک

بعد سلام و دعا آنکہ۔ حالیہ دعا نامہ سے مضطربانہ حالت آں عزیز سن کر اضطراب ہوا۔ یا غیاثنا عند کل کربۃ یا معاذنا عند کل شدۃ یا مجیبنا عند کل دعوۃ یا مونسنا عند کل وحشۃ ویا رجائنا حین تنقطع حیلتنا صل وسلم وبارک دائماً علیٰ سیدنا محمدن المصطفیٰ واٰلہ وصحبہ والحمد للہ اولاً واٰخراً۔ سب کو دعا۔

(العبد الملتجی والمشتکی الی اللہ المدعو ا مہر علیشاہ بقلم خود از گولڑہ)

---

برخوردار غلام سرور حفظک اللہ

دعا و سلام۔ میں تمہارے اور تمہاریوں کے لئے دل سے دعا گو ہوں۔ بھائی صاحب ذرا جلد گھبرا جاتے ہیں۔ بعد سلام و دعا ان کو پہنچا دینا۔ کہ بغیر اطلاع میرے غلام محمد نے لکھا جو کچھ کہ لکھا مطلع ہونے پر اس کو سمجھا دیا گیا ہے۔ اس وقت مجھے معلوم نہیں کہ اس نے تعمیل کر دی ہے۔ اگر نہیں تو عنقریب

Marfat.com

نفس میلان ہے۔ یہاں پر بحسب الطبع سوال پیدا ہوتا ہے کہ لفظ ھم ایک ہے تو پھر ھم زلیخاوی سے مراد دوسرا امر محل شکایت اور ھم یوسفی سے مراد پہلا ھم یعنی نفس میلان طبعی جو عنداللہ موجب شکایت نہیں اس کی کیا وجہ؟ جواباً گذارش ہے کہ وجہ اس کی نظم قرآنی میں غور کرنے سے معلوم ہو سکتی ہے۔ بی بی زلیخا کا علانیہ اقرار ہے (وَلَقَدْ رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ) اور قرآن کریم میں بھی حق سبحانہ وتعالیٰ فرماتا ہے (وَرَاوَدَتْهُ الَّتِیْ هُوَ فِیْ بَیْتِهَا عَنْ نَّفْسِهٖ وَغَلَّقَتِ الْاَبْوَابَ وَقَالَتْ هَیْتَ لَكَ) اس لئے ہَمّ زلیخاوی سے مراد عزم مصمم مع آمادگی ہے اور یوسف علیہ السلام کے بارے میں اللہ تعالےٰ خبر دیتا ہے (وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ قِیْلًا) قال اللہ تعالےٰ (قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اِنَّهٗ رَبِّیْۤ اَحْسَنَ مَثْوَایَ اِنَّهٗ لَا یُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ) اور نیز بی بی زلیخا نے عفت یوسفی کا اقرار مصر کی عورتوں کے سامنے کیا تھا۔ (وَلَقَدْ رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ فَاسْتَعْصَمَ) عورتوں کو مخاطب کر کے کہتی ہے کہ میں نے اس کا نفس لینے میں یعنی تحصیل جماع میں حتی الوسع حیلہ سازی بحسب ہدایات تمہارے کی پھر اُس نے اپنے آپ کو بچا ہی لیا اور بچا ہی لیا۔

یوسفی عفت وتقوے پر یہ آیات روز روشن کی طرح شاہد ہیں لہٰذا (وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهٖ وَهَمَّ بِهَا) میں ھمّ زلیخاوی سے عزم بالجزم مع آمادگی اور ھمّ یوسفی سے صرف میلان طبعی مراد ہے۔ یہی وجہ ہے۔ کہ (وَلَقَدْ هَمَّا) بصیغہ تثنیہ اور ایسا ہی (وَلَقَدْ هَمَّ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا)

Marfat.com

کرنے والا ہے۔ حافظ راجہ کی خبر پھر کوئی نہیں پہنچی۔ اُس سے مطلع کریں سب کو ماوجب۔
(داعی و مستدعی مہر شاہ بقلم خود از گولڑہ)

---

برخوردار غلام دستگیر حفظکم اللہ

بعد دعا و سلام آنکہ۔ اشعار مرقومہ تمہارے ملے۔ اللہ تعالیٰ برخوردار ان کو درازی عمر و ترقی مدارج عطا فرماوے۔ جناب بھائی صاحب و جناب مولوی صاحب کو سلام برخوردار غلام سرور کو دعا و سلام۔
(الراقم داعی بقلم خود از گولڑہ)

---

مجبی و مخلصی محمد چراغ صاحب سلامت

بعد سلام آنکہ۔ مایوسی را اصلا راہ نہ دہند شاغل مانند۔ عدم مایوسی و الحاح و تشبث بجناب باری ہم از اوکد شرائط است مجبی شنیدہ نہ گشتہ ام دیدہ معروض نمودہ ام واز جناب اطمینان دارم۔ ہاں از نفس طبع وزود ملالی برخوردار قدرے اندیشہ روئے نماید شغل شغل شغل
(مہر علیشاہ)

---

مجبی و مخلصی وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ

دو خط جواباً لکھ چکا ہوں۔ عنقریب گذشتے وقت ملاقات ہونے پر زبانی بھی عرض کیا جائے گا۔ سب کو دعا و سلام۔
(داعی از گولڑہ)

---

Marfat.com

نہیں فرمایا گیا گویا اشارہ ہے اس بات کی طرف کہ ھمّ یوسفی اور ھمّ زلیخاوی ایک جیسے اور ایک نوع سے نہیں تھے۔ ہاں تعبیر بالھمّ صرف مشاکلت کے لئے کی گئی یعنی فعل یوسفی کا ذکر چونکہ فعل زلیخاوی کے قرب وہمسائیگی میں کیا گیا ہے۔ لہٰذا ایک ہی لفظ کے ساتھ دونوں فعلوں سے تعبیر کی گئی اور ایک ہی شکل دونوں فعلوں کو دی گئی۔ ورنہ درحقیقت فعل یوسفی صرف میلان تھا جو طبعاً واضطراراً انسان کامل الرجولیتہ کو ہوتا ہے نہ اختیاراً وقصداً اور فعل زلیخاوی اختیاراً وقصداً نہایت ہی آمادگی کے ساتھ چنانچہ (غلقت الابواب) وغیرہ۔

حضرت شیخ اکبر رضی اللہ عنہ بروقت حصول معراج معنوی وملاقات یوسفی فرماتے ہیں (وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهِ) زلیخا نے عزم مصمم تحصیل جماع پر کرلی اور (وَهَمَّ بِهَا) یوسف علیہ السلام نے عزم مصمم اس کے دفعیہ میں کی۔ مکرراً معروض ہے کہ (ذلك ليعلم) سے لے کر (غفور رحیم) تک بعد استماع برأت از مخبر وپیغام دہندہ کلام یوسفی ہے جبکہ دوبارہ بادشاہ نے پیغام بھیجا کہ اب آ جیئے میں نے حسب الطلب تحقیق کرلی اور آپ کی برأت ثابت ہوگئی۔ قال الکاشفی ملک یوسف راپیغام داد کہ زناں بگناہ معترف شدند بیا تا بحضور تو ایشاں را عقوبت کنم یوسف فرمود غرض من عقوبت نبود ایں خواست برائے آں کردم کہ (لِيَعْلَمَ أَنِّي لَمْ أَخُنْهُ بِالْغَيْبِ الخ) پیغام رسان کے پیغام اور خبر سنانے پر اتنے کلمات آپ نے بولے اور یہ بولنا بے محل نہ تھا اس

Marfat.com

مخلصی فی اللہ جناب مولوی (محمد عالم) صاحب حفظکم اللہ تعالےٰ

بعد سلام آنکہ مرحوم و مغفور محمد چراغ صاحب کے انتقال کا سخت صدمہ جانبین کو پہنچا ہے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔ بغیر صبر کوئی چارہ نہیں۔ اللہ تعالےٰ اُس مغفور کو بطفیل مقبولانش اپنے جوارِ عطوفت میں جگہ دیوے۔ اور آمدن بالخیر کرے۔ برخوردار غلام محی الدین کی سخت بیماری کی وجہ سے میرا جانا سیال شریف کا بھی ملتوی ہو گیا ہے۔ عزیز غلام سرور و غلام دستگیر اور سب اہل خانہ پس ماندگان کو دعوات۔ (دعا گو مہر علیشاہ بقلم خود از گولڑہ)

---

مکرمی و معظمی جناب مولوی صاحب حفظکم اللہ

بعد سلام مسنون الاسلام آنکہ۔ برخوردار غلام سرور کے متعلق اتنا لکھنا ضروری ہے۔ کہ ہر دو برخورداران کو پڑھا دیں۔ تضییع اوقات نہ کریں۔ بالفعل برخوردار غلام سرور کا یہاں پر قطبی میں شریک ہونا مفید نہیں۔ کہ بباعث عدم انضباط و حفظ مسائل صرف و نحو و رسائل منطق قطبی پڑھنے کی لیاقت نہیں رکھتا۔ مجھ کو بغیر سبق قطبی کے وقت نہیں ملتا۔ کہ میں اس کو چھوٹی کتابیں پڑھاؤں۔ آپ ان دونوں کو صرف و نحو رسائل منطق کی باقاعدہ تعلیم دیویں۔ یا دلا دیں۔ سب کو دُعا۔

(داعی از گولڑہ بقلم خود)

---

مہربان من جناب فخر الدین صاحب سلامت باشد

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ۔ مہربان من سورۂ اخلاص نہ صرف دفع ہم و غم کیلئے

Marfat.com

تقدیر پر طبعاً سوال پیدا ہوتا ہے کہ عدم خیانت ورزی یوسف علیہ السلام کی بادشاہ اور عزیز مصر کو اول سے معلوم تھی۔ جبکہ شہادت بچہ کی خرق عادت کے طریق پر ہوئی تھی جواب انی لم اخنہ از قبیل ما انا قلت کے ہے۔ قائل کے قول ہذا مزعومی تخصیص خیانت بمسند الیہ یوسف علیہ السلام کی تردید میں مجموعہ سلب مسندالیہ اور مفاد جملہ معطوفہ (وَاَنَّ اللّٰہَ لَا یَھْدِیْ کَیْدَ الْخَآئِنِیْنَ) سے تردید میں کام لینا چاہتا ہے فتدبر۔ اور یہ مجموع بعد داست بیانی زلیخا و عورتوں مصر کی عزیز اور بادشاہ کو معلوم ہوا) بی بی زلیخا کو عرصہ دراز تک کلمات و عبادات یوسفیہ کے دیکھنے سننے کا اتفاق ہوا۔ اِنَّ رَبِّیْ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ کو بے تعداد مرتبہ ان کی زبان پاک سے سنا۔ لہذا جس وقت سات کوٹھیوں کے دروازے بند کر دئے اور جماع کی خواہش ظاہر کی تو یوسف علیہ السلام نے انکار کیا اور اس فعل شنیع سے پہلو تہی کرنے کے متعلق جامی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں

نہ ہے خجلت کہ در روز قیامت ؛ کہ اُفتد بر زناکاراں غرامت
جنائے آں جفاکیشاں نویسند ؛ مرا سر دفتر ایشاں نویسند

بی بی زلیخا کی نہایت التجا پر فرمایا ؎

بگفتا مانع من ایں دو چیز است ؛ عتاب ایزد و قہر عزیز است

در جواب اس کے مائیصاحبہ کا قول ذیل محل استشہاد ہے ؎

تو میگوئی خدائے من کریم است ؛ ہمیشہ بر گنہگاراں رحیم است

Marfat.com

ہے۔ بلکہ جو کچھ آپ نے لکھا ہے۔ سب کی دوا ہے۔ دفع ہم وغم۔ مغفرت گناہاں۔ رضا الٰہی۔ عشق الٰہی۔ اخلاص توکل وغیرہ وغیرہ جن کو مفصل لکھنا محال ہے۔ یہ وہ نعمت عظمٰی ہے۔ جس سے اعراض کر کر کشف واستخارہ کی طرف متوجہ ہونا عاشق کے لئے موت کا سامنا ہے ع

معذور دارمت کہ تو اورا ندیدۂ

نثر دفعہ استغفار کی بھی اجازت ہے۔ دوا وہی آپ استعمال فرمادیں جس سے آپ کو پہلے کچھ فائدہ معلوم ہوا ہے۔ کسی مخلص نے ہمارے سامنے سنگرف کی تعریف کی تھی۔ لہذا میں نے آپ کو لکھا تھا۔ مگر مجرب غیر مجرب سے اولیٰ ہے۔ سورۂ اخلاص اگر ہزار دفعہ نوافل رات میں ہو تو اپنی قسمت ورنہ سو ہی سہی۔ اس کا نتیجہ وہ مقام ہے جس کے پہنچنے کے لئے قُلْ بَلْ مِلَّةَ اِبْرَاهِيْمَ حَنِيْفًا فرمایا گیا ہے۔ اس کا ثمرہ وہ سیری اور غنا ہے جس سے مازاغ البصر و ماطغیٰ پتہ دے رہا ہے کہاں وہ استخارہ واستکشاف اور کہاں یہ دولت شہود۔ بیت

نہ شبم نہ شب پرستم کہ حدیث خواب گویم ٭ چو غلام آفتابم ہم ز آفتاب گویم

حق حق حق کی بار تم و چہ مے نویسم برادر خیر الکلام ما قل و دل مطلب خود را ازیں چند سطور دریاب ورنہ تو معذوری کہ مہجوری و مارا ست گویم کہ بہ دیدہ خود بوئیم۔ از شنودہ گوئیم کہ ہمہ اوئیم۔ من بعد معذور دارند کہ بدیں ماموریم والسلام۔

(الراقم نیاز مند اہل اللہ المدعو مہر شاہ عفی عنہ)

بنام ملک غلام حسین ۔۔۔ مخلص برخوردار غلام حسین حفظک اللہ تعالےٰ

بعد سلام و دعا آنکہ۔ محبت نامہ کاشف مافیہا ہوا۔ الحمد للہ کہ جانبین میں

Marfat.com

یعنی تیرا ہر وقت کا وظیفہ ہے۔ ان ربی غفور رحیم۔ ان ربی غفور رحیم۔
تو میری مطلب برآری میں پھر تجھے کیا خطرہ ہے۔
مجھے عدیم الفرصت ہونے کے علاوہ آجکل ضعف طبع بھی تعمیل ارشاد
سے مانع تھا۔ مگر بہر کیف حسب الطلب کچھ لکھنا ضروری سمجھا گیا۔
جس سے مقصود مجھے اپنا خیال ظاہر کرنا ہے نہ یہ کہ بالضرور میری بات
کو خلعت تسلیم سے مشرف کیا جاوے۔ وما انا علی ھذا بحریص۔
اب تیسرے خط جناب کی تعمیل کی جاتی ہے جس کا مضمون یہ ہے
کہ لا تجسسوا فی لا تجسسوا قال میرے سوال کی بنا غلطی
پر تھی لہٰذا قول اچھا بس والسلام خیر ختام

العبد

الملتجی والمشتکی الی اللہ المدعو مہر علیشاہ بقلم خود از گولڑہ
۲۸ شوال ۱۳۳۴ھ

---

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ و نصلی علی رسولہ الکریم و آلہٖ و صحبہٖ

مہربان من چشتی صاحب حفظک اللہ تعالیٰ

بعد سلام آنکہ آج فتوحات کے دیکھنے سے معلوم ہوا۔ کہ جن لوگوں نے
کہا ہے کہ حضرت شیخ رضی اللہ تعالیٰ عنہ آیت کریمہ (ذالک لیعلم انی لم
اختنہ بالغیب) کو مقولہ زلیخا ٹھہراتے ہیں وہ لوگ میرے خیال میں حضرت

Marfat.com

خیریت ہے۔ مکرمی پیر ولایت شاہ صاحب ساکن نوشہرہ کے علاقہ سوات[1] وجہ النواء و ترک ارادہ سفر سوات وغیرہ آپ معلوم کر سکتے ہیں۔ قصہ طویل ہے

دعا گو مہر علیشاہ بقلم خود

---

الہ آباد مورخہ ۲۸ اپریل ۹۶ء

بندہ نے کی صدا تو بس خاموش ہو گئے — اہل کرم کہاں ہیں جو سائل کو ڈھونڈتے ہیں

قبلہ السلام علیکم۔ بس غریب نواز۔ سائل کی صدا کا جواب تک نہ ملا۔ چند تیر کیسے نرگس بیمار لیل و نہار بانتظار تحریر حضور اشکبار ہے۔ دل غمناک بیقرار ہے واللہ اعلم۔ کیا اسرار ہے بندہ کے عریضہ میں کوئی فرق آ گیا ہو۔ تو غلام معافی کا خواستگار ہے۔ زیادہ حد آداب۔ سگ دربار غلام غلامان غلام حسین جو مدت سے جلوۂ تحریر کا منتظر ہے۔

از طرف ملک غلام حسین

دل میں مقام الفت ہم دل کو ڈھونڈتے ہیں

جواباً

از طرف حضرت صاحب

دل ہاتھ میں لئے ہوئے ہم[1] دل کو ڈھونڈتے ہیں۔

[1] ہم یعنے دو بدن اور ایکدل اتحاد و اتفاق کیوجہ سے گویا ایک ہی دل ہے۔ یعنی موافق دل ۱۲

بجواب مضمون

پانی کھوہ اُتوں پی ماہیا [ماہیا] میری ہکا ہی دعا شالا چیراں نائیں جی ماہیا

ترقی کی انتظار کرو۔ والسلام از گولڑہ بقلم خود

شیخ کے مطلب کو نہیں سمجھے۔ **قال الشیخ** رضی اللہ تعالیٰ عنہ لو نسب الیہ صلی اللہ علیہ وسلم ما نسب الی لطلب صحۃ المراۃ لغیبتہ فانہا ادل علی برأتہ من حضورہ حضرت شیخ اپنے معراج معنوی کے بیان میں بعد ذکر معراج جسمی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فرماتے ہیں کہ میں نے یوسف علیہ السلام سے دریافت کیا کہ آپ نے بلانے والے کے حکم کی تعمیل کیوں نہیں کی حالانکہ سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر میں ہوتا تو ضرور بادشاہ کے بلانے پر فوراً جیل خانہ سے نکل آتا اور اس امر کا منتظر نہ ہوتا کہ بادشاہ کی تحقیق پر عورتوں نے کیا کہا۔ اور بادشاہ کی خبر رسانی کا درباره نتیجہ تحقیق واقعہ انتظار نہ کرتا۔ عبارت یہ ہے (ولم یبق فی السجن حتی یاتیہ الجواب من الملک بما تقول النسوۃ) اس سے صاف معلوم ہوا کہ بادشاہ کی جانب سے یوسف علیہ السلام کو قول ذیل کہنے کا موقعہ ملا۔ (ذالک لیعلم الخ) گویا (فاخبر یوسف بذالک فقال (ذالک لیعلم الخ) ایسے تقدیرات کلام اللہ میں بہت ہیں اسی مقام پر ملاحظہ کیجئے (قال ما خطبکن) کے ماقبل (فرجع فاخبر الملک فجمعھن) مقدر ہے بغیر اس کے چارہ نہیں عبارت مذکورہ کے بعد لکھتے ہیں (والرسول یطلب ان یقرر فی نفس المرسل الیہ ما یقبل بہ دعاء ربہ فیما یدعوہ الیہ والذی نسب الیہ معلوم عند کل احد انہ لا یقع من مثل من جاء یدعوہ الیھم فلابد ان یطلب البراءۃ من ذالک عندھم لیومنوا بما جاء بہ من عند ربہ ولم یحضر بنفسہ ذالک المجلس حتی لا تدخل الشبھۃ

Marfat.com

حفظک اللہ تعالیٰ دعا و سلام

سابقہ مضمون مرسلہ ہمارا شاید آپ کو بھول گیا۔ کہ (اہل غرور حسن سے یکدلی ناممکن ہے)
خود آپ نے لکھا تھا۔ کہ اب قافیہ ہے تنگ ؎

پید نرگس بیمار کے گھائل کو ڈھونڈتے ہیں

پہلے بھی لکھ چکا ہوں کہ اہل کرم جہاں میں موجود ہیں مگر وہ یکدل کو ڈھونڈتے ہیں۔ آخری خط میں آپ نے اپنی آنکھ کو نرگس بیمار لکھا ہے۔ جو حسب عرف عام محبوبوں کی آنکھ کے بغیر کسی آنکھ پر بولا نہیں جاتا۔ اب فرمائیے صدا کرنا کس کا حق ہے اور کرم کرنا کس کا منصب۔ پھنسے پر سخت پھنسے ؎

مرا خواندی و خود بدام آمدی نظر پختہ تر کن کہ خام آمدی

دوسرا صفحہ ملاحظہ ہو۔

(ح) حیران ہوئی پریشان ہوں اس نرگس بیمار نوں ویکھ کے جی
بن پینے شراب خراب پھرن اس مستا سرشار نوں ویکھ کے جی
بن قید زنجیر ہن پھس گئے اس زلف دی تار نوں ویکھ کے جی
شالا نرگس مست نوں مہر ہووے کرم مہر بیمار نوں ویکھ کے جی

سب کو ما وجب (الراقم دعا گوئے نرگس بیمار از گولڑہ بقلم خود)

حفظک اللہ تعالیٰ دعا و سلام

کیپکا۔ دل ہے مقام الفت ہم دل کو ڈھونڈتے ہیں
راقم۔ دل ہاتھ میں لئے ہوئے ہمدل کو ڈھونڈتے ہیں

Marfat.com

فی نفوس الحاضرین بحضورہٖ وفرق کثیر بین من یحضر فی مثل ھذا الموطن وبین من لا یحضر۔ یعنی قاعدہ کی بات ہے کہ خدا کے رسول و پیغمبر جن لوگوں کی طرف تبلیغ کے لئے بھیجے گئے ہیں اُن لوگوں کے دلوں میں اپنی صداقت وبے عیبی کو اس لئے ثابت کرنا چاہتے ہیں تاکہ ان کے اصلی مطلب تبلیغ میں نقص واقع نہ ہو اور وہ لوگ حسب پیغام دہی ان کے تعمیل کریں۔ اس عبارت سے بھی صاف طور پر ظاہر ہے کہ رسولوں کو اپنی بے عیبی وبرأت مبلغ الیہم وامت کو جتلانی منظور ہوتی ہے اور یہ مضمون اُسی تقدیر پر مفہوم ہو سکتا ہے۔ جبکہ (ذالک لیعلم انی لم اخنہ) کو مقولہ یوسفی ٹھہرایا جائے زلیخا کا مقولہ ہونے کی صورت میں زلیخا کو اپنی بے عیبی یوسف علیہ السلام کو جتلانی منظور ہوگی۔ جو غرض شیخ سے بعید ہونے کے علاوہ سوق آیتہ سے بھی نامناسب ہے۔ اس کے بعد حضرت شیخ کی عبارت اسی طرز پہ واقعہ ہوئی ہے۔ کہ ضرور ہی ناظرین کو اس امر کا یقین دلاتی ہے کہ (ذالک لیعلم انی لم اخنہ الخ) زلیخا کا مقولہ ہے۔ مگر غور کرنے سے معلوم ہو سکتا ہے۔ کہ عندالشیخ آیتہ کریمہ ہذا یوسف علیہ السلام کا مقولہ ہے وہ عبارت جس سے دہوکہ لگتا ہے یہ ہے (فما برأت نفسھا بل قالت ان النفس لامارۃ بالسوء) پس اس سے صاف ظاہر ہے کہ (ان النفس الخ) مقولہ زلیخا ہے دوسری عبارت کہ جو اس دھوکہ کی تائید کرتی یہ جملہ ہے (فاذا کانت المرأۃ لم تخن یوسف فی غیبتہٖ الخ) اس سے بھی بظاہر یہی پایا جاتا ہے کہ حضرت شیخ (انی لم اخنہ بالغیب) کا معنیٰ اور مطلب بیان فرما رہے ہیں

Marfat.com

(جواب)

اہلِ غرورِ حسن جس جا ہوئے تھے ایک اس منزل کو ڈھونڈتے ہیں
اس سے ملائے کوئی ایسے کامل کو ڈھونڈتے ہیں

راقم
کامل نہ ہوں جہاں میں تو یکدم نظام بگڑے
اہلِ جہاں سے وہ بھی تو یکدل کو ڈھونڈتے ہیں
یکدل نہ ہوں گے ہرگز اہلِ غرورِ حسن
بے جرم قتل کے لئے بیدل کو ڈھونڈتے ہیں
باہم ازل سے حسن و محبت کا ہے پیار
ہر ایک دوسرے ہی کی محمل کو ڈھونڈتے ہیں

(دُعاگو بقلم خود از گولڑہ)

---

عزیزی غلام حسین حفظک اللہ تعالےٰ

بعد سلام آنکہ۔ آجتک جواب سے جواب ہے الٰہی مانعش بجز بنگی خا قیادر نہو۔

کیوں آجتک ہم کو جواب سے رہا جواب اہلِ کرم طبعاً تو سائل کو ڈھونڈتے ہیں

والسلام از گولڑہ ۲۴ جمادی الاولیٰ

---

۲۴ اکتوبر ۱۹۲۷ء مخلصی فی اللہ مولوی فضل احمد صاحب

بعد سلام و دعا آنکہ۔ بوجہ علالت طبع بجواب مکتوب توقف ہوا۔ مگر مسئلہ افضلیت

Marfat.com

**اقول۔** بحول اللہ وقوتہ دراصل یہ بات نہیں ساری عبارت کو ملاحظہ کیجیئے۔ فاذا کانت المرأۃ لم تخن یوسف فی غیبتہ لما برّئت واضافت المراودۃ الی نفسہا لیعلم ان یوسف لم یخن العزیز فی اہلہ جس سے صاف پایا جاتا ہے کہ لیعلم ان یوسف آیۃ کریمہ کا بیان ہے اس میں یعلم کا فاعل بادشاہ ہے۔ اور انی والی ضمیر منسوب متصل سے مراد یوسف علیہ السلام پھر حضرت شیخ کی طرف کیسے منصوب کیا جاتا ہے۔ کہ آپ ذالک لیعلم کو مقولہ زلیخا ٹھہراتے ہیں۔ معلوم ہوا کہ پہلی عبارت فاذا کانت المرأۃ لم تخن یوسف فی غیبتہ آیۃ کریمہ لیعلم کا بیان نہیں بلکہ وہ بیان ہے متفرع علیہ معنی نص کا۔ اس لئے اس کو بعنوان شرط ذکر کیا گیا ہے اور نص (لیعلم الخ) کو علت غائیہ ٹھہرایا گیا ہے وھذا من محسنات البلاغۃ یعنی زلیخا جب کہ راست بیانی میں یوسفی خیانت کی مرتکب نہیں ہوئی اور بالتخصیص کہہ دیا کہ (انا راودتہ عن نفسہ) میں نے ہی نہ یوسفؑ نے کیا جو کچھ کہ خیانت ورزی کے مقامہ میں کیا جس کی علت غائیہ یہ ہے یعنی تاکہ (لیعلم الخ) بادشاہ کو میری (یوسفی) عدم خیانت در بارہ عزیز کا علم بالغیب ہو۔ یعنی میری غیر حاضری وغیبوبت کی حالت میں اس کو یقین ہو جائے۔ حاضری کی صورت میں شبہ کا اندیشہ ہوتا ہے۔ یہاں تک عبارت شیخ کا مطلب بالکل صاف ہے اور صریح طور پر نتیجہ یعنی علم بادشاہ بعدم خیانت یوسفی کو مدلول و مراد نص (ذالک لیعلم الی لم اخنہ بالغیب) ٹھہرایا گیا ہے۔ ناظرین کو دھوکہ صرف پہلی عبارت سے لگ گیا ہے جو متفرع علیہا ہے لیعلم کے لئے یعنی فاذا کانت المرأۃ لم

Marfat.com

میں حق بجانب آپ ہیں۔ جو شخص آنحضرت صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر مساجد کی افضلیت کا معتقد ہے وہ سراسر لسان شریعت ولسان حقیقت سے بے بہرہ ہے فقہا و محدثین و سائر علمار اسلام کا معتقد یہ و مجمع علیہ یہی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم افضل المخلوقات ہیں حتیٰ کہ مساجد و سائر امکنہ متبرکہ و عرش وکرسی سب سے اور بحسب لسان حقیقت اعیان و اسمار سب ظہورات ہیں حقیقت محمدیہ کا بنا علیہ افضلیت اسکی سائر صفات پر ٹھہری صفت بکون ہو یا غیر اس کا لہٰذا واعظ صاحب کو بوجہ عدم رسائی مبنی علیہ دوسری جملہ افضلیت علی القرآن میں بھی جاہل کہنا مناسب نہیں۔ ھٰذا ما عندی والعلم عند اللہ والحمد للہ اولاً و آخراً والصلوٰۃ والسلام منہ باطنا علیہ ظاہراً و آلہ وصحبہ۔

(دستخط خاص حضرت قبلہ عالم)

---

۱۴ اگست ۱۹۲۵ء مخلصی فی اللہ الطاف حسین صاحب حفظک اللہ تعالےٰ

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ۔ محبت نامہ کاشف مافیہا ہوا۔ سوال (۱) مُردہ کی روح وفات کے بعد کہاں جاتی ہے۔ آیا جوابدہی میں ماخوذ ہوجاتی ہے یا دنیا میں اپنے جسم عنصری کے اوپر پرواز کرتی رہتی ہے جیسا کہ بعض اہل ہنود کا خیال ہے۔

جواب } مومنین کی روح افلاک سبعہ سے اوپر مقام علیین میں اور کفار کی اسفل السافلین میں قیام پذیر ہوتی ہے۔ صرف جوابدہی کے لئے بدن عنصری کے ساتھ تعلق دیا جاتا ہے۔ جس کا اثر دگرگونہ حیات

Marfat.com

تخن یوسف فی غیبتہ) حالانکہ وہ بیان معنی نص کا نہیں بلکہ وہ اظہار ہے اس امر کا جو معنی منصوص کے لئے متفرع علیہ واصل ہے. یا یوں کہئیے بحسب وجود ذہنی معلول ہے اور باعتبار وجود خارجی علت. اب دوسرا مقام جس سے سخت دہوکہ ناظر کو لگتا ہے یہ ہے قال الشیخ رض (وعلمت انہ احق بهذا الوصف منہا فی حقہ فما برئت نفسہا بل قالت ان النفس لامارۃ بالسوء جبکہ ان النفس لامارۃ بالسوء کو زلیخا کا مقولہ ٹھہرایا گیا. تو پھر ممکن نہیں کہ (ذلک لیعلم انی لم اخنہ) مقولہ یوسفی ہو. حالانکہ اوپر ثابت ہو چکا ہے کہ یہ مقولہ یوسفی ہے. درحقیقت یہاں یہ بھی مطلب حضرت شیخ رض کا یہ نہیں. غور کرنے سے اس مقام میں ایک ایسا قرینہ ظاہر ہو جاتا ہے جو ظاہری معنی سے قطعی طور پر صارف اور روکنے والا ہے کیونکہ جب پہلے قاعدہ کے مطابق ہونے کے علاوہ بالخصوص نتیجہ یعنی لیعلم کو نہ متفرع علیہ (فاذا کانت المرأۃ الخ) کو معنی نص یقینی طور پر قرار دیا گیا ہے تو پھر ان النفس لامارۃ بالسوء کو مقولہ زلیخا کیسے مانا جا سکتا ہے. تو ممکن نہیں کہ (ذالک لیعلم انی لم اخنہ) کو حسب قاعدہ مسطورہ بالا و تصریح شیخ بقولہ (لیعلم ان یوسف لم یخن العزیز فی اهلہ) مقولہ یوسفی ٹھہرانے کے بعد صرف ان النفس لامارۃ بالسوء کو زلیخا کا مقولہ ٹھہرائیں تو ضرور لامحالہ یہ امر واجب التسلیم ہو گا کہ عبارت مذکورہ (فما برئت نفسہا بل قالت ان النفس لامارۃ بالسوء) کا معنی یہ ہے فما برئت نفسہا یعنی زلیخا نے مراودہ کی نسبت اپنے نفس کی طرف کی ہے اپنے نفس کو بری ظاہر نہیں کیا (بل قالت) کا مقولہ (انا راودتہ عن نفسہ

ہے۔ نہ یہ حیات دنیوی جو منشا ، تغذی اور چلنے پھرنے کا۔ جوابدینے کے بعد یہ تعلق بھی نہیں رہتا۔

**نوٹ** :۔ دنیا میں روح حقیقی جو (قل الروح من امر ربی) سے مُراد ہے رُوح ہوائی کیساتھ راکب اور مرکب کا تعلق رکھتا ہے۔ بعد الموت روح ہوائی بعنوان دیگر بخار لطیف مع جسم عنصری کے فنا ہو جاتے ہیں۔ اور روح حقیقی کو بجائے روح ہوائی کے ایک اور روح برزخی سواری کے لئے ملتا ہے۔ جو عالم مثال میں سے ہے۔ دنیا میں بھی اور بعد الممات عالم مثال میں بھی یہ مرکب جسے نسمہ سے تعبیر کرتے ہیں۔ روزن ہے۔ قبول فیضان کے لئے روح حقیقی سے جو عالم قدس میں ہے تفصیل اس اجمال کی ان اوراق میں گنجائش نہیں رکھتی۔

**سوال** (ب) بارہ سال سے کمسن بچے کیساتھ بھی وہی سلوک ہوتا ہے جو بڑوں سے ہوتا ہے۔ یا کچھ رعایت ملتی ہے۔

**جواب** ۔ مومنوں کے نابالغ بچے جنت میں اور ایسا ہی کفار کے بھی بقول بعض قیام پذیر ہوتے ہیں۔

**سوال** (ج) کیا یہ درست ہے۔ کہ جہاں آدمی مرتا ہے وہاں چالیس دن تک روح آتی ہے۔

**جواب** ۔ روح کا آنا تو نہیں البتہ ایک گونہ تعلق اور لگاؤ خاص طور پر رہتا ہے۔ اسی جواب سے سوال چہارم کا جواب بھی سمجھ لیویں۔

الحمد للہ کہ جانبین میں خیریت ہے والسلام۔

(العبد الملتجی والمشتکی الی اللہ المدعو مہر علیشاہ بقلم خود از گولڑہ)

Marfat.com

ہوگا۔ اور (ان النفس لامارۃ بالسوء) جملہ تعلیلیہ ہے یا (ان النفس لامارۃ بالسوء) عبارت ہے اسی (انا راودتہ عن نفسہ) سے بہرکیف یہ جملہ ان النفس لامارۃ بالسوء مندرجہ عبارت زلیخا وہ جملہ تندیہ قول یوسفی نہیں اس لئے (الا ما رحم ربی) کے بغیر مذکور ہے اس لئے کہ شان زلیخا سے الا ما رحم ربی اور ایسا ہی ان ربی غفور رحیم یعنی ذکر صفات الٰہیہ بطرز پیغمبروں کے بمراحل بعید ہے۔ فاذا کانت المرأۃ لم تخن یوسف فی غیبتہ لما برأتہ واضافت المراودۃ لنفسہا لیعلم[1] ان یوسف لم یخن العزیز فی اہلہ وعلمت انہ احق بہذا الوصف منہا فی حقہ فما برأت نفسہا قالت ان النفس لامارۃ بالسوء اس عبارت میں کانت المرأۃ لم تخن جملہ معطوفہ علیہا اور علمت انہ احق الخ معطوفہ فعل شرطیہ اور فما برأت نفسہا الخ جزاء شرط حضرت شیخ رضی نے حضرت یوسف علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے اثناء تقریر میں بہ شرطیہ بیان فرمایا ہے جس سے مقصود یہ ہے کہ زلیخا کا بیان چند امور پر حاوی ہے (۱) برأۃ یوسف علیہ السلام اس میں زلیخا کے ساتھ ہاتھ کاٹنے والی عورتیں بھی شامل ہیں۔ (۲) نتیجہ یعنی بادشاہ یا عزیز مصر کا یقین کر لینا یا زلیخا کا جتلا دینا کہ یوسف علیہ السلام نے عزیز مصر کے حق میں خیانت نہیں کی (۳) اظہار اس امر کا کہ میں نے چونکہ بحق عزیز شوہر خود خیانت ورزی کی ہے لہٰذا میرا حق نہیں کہ میں انی لم اخنہ کہوں بلکہ یہ کہنا یوسف علیہ السلام کا حق ہے

---

[1] فتوحات کے دو نسخے ہیں ۱ لتعلم اور ۲ لیعلم۔ ۱۲ منہ

Marfat.com

۲۲ محرم الحرام ۱۳۵۱ھ مخلصی فی اللہ مولوی تاج الدین صاحب حفظکم اللہ تعالےٰ

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ۔ محبت نامہ کاشف مافیہا ہوا۔ مخلصا اتنا تو علماء ظواہر میں سے ہر کوئی جانتا ہے۔ کہ علم غیب بالذات علام الغیوب کا خاصہ ہے اور انبیاء واولیاء علیہم السلام کو بالواسطہ ہوتا ہے (لا یعلم من فی السمٰوٰت والارض الغیب الا اللہ جملہ اولی پر اور فلا یظھر علیٰ غیبہ احداً الا من ارتضیٰ من رسول) قضیہ ثانیہ پر ناطق ہے۔ اس باب میں لسان حقیقت کا بیان جو بمدارج برتر ہے عقل وقیاس سے بغیر تعلم کتب مدونہ مالک مقام احدیۃ الجمع ناممکن ہے۔ جس کے حصول کیلئے کم ازکم ایک ہفتہ آپ کو سفر کرنا پڑیگا۔ والسلام۔ والحمد للہ اولاً وآخرا والصلوٰۃ والسلام منہ باطناً علیہ ظاہراً وآلہ وصحبہ اجمعین

دستخط قدس نمط حضرت قبلہ عالم صاحب بقلم خود

---

مہربان من حکیم شمس الدین صاحب حفظک اللہ تعالیٰ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ عنایت نامہ کاشف مافیہا ہوا۔ آپ تحریر فرماتے ہیں کہ اس وقت آپ خدا سے دعا کریں کہ فیصلہ ترکوں کے حق میں ہو پہلے عنایت ناجات میں دعا کو بے معنی اور لاشئے قرار دیا گیا تھا۔ اور آخری عنایت نامہ میں دعا سے آویزش موجب تعجب ہے۔ آپ لکھتے ہیں کہ جو کچھ آپ کو کرنا چاہیئے تھا۔ اور نہایت آسان تھا۔ اس کا وقت گذر چکا ہے۔ الخ

ایسے فقرات کے متعلق گفتگو ملاقات پر رہنے دیجئے۔ آپ خواہ کچھ

Marfat.com

اس لیئے زلیخانے انا راودتہ عن نفسہ بولا یعنی میں نے ہی خیانت ورزی بحق عزیز کی ہے اور میرے ہی نفس امارہ نے یہ بات کرائی وانہ لمن الصادقین شرطیہ مذکورہ بالا بیان ہے یہاں تک کا۔ اس کے بعد مقولہ یوسفی بعد پیغام رسانی فرستادہ بادشاہ کے شروع ہوا۔ فتدبروا غتنم اس تفسیر یوسفی سے یہ بھی ثابت ہوا۔ کہ تہمت وافترا بھی خیانت ہے والحمد للہ اولاً وآخراً والصلوٰۃ والسلام منہ باطناً علیہ ظاہراً ؂

## العبــــــد

الملتجی والمشتکی الی اللہ المدعو بمہر علیشاہ بقلم خود ۳ ذیقعد ۱۳۲۴ھ

---

برخوردار قائم علی حفظک اللہ تعالےٰ

بعد سلام ودعا آنکہ تحریرات کو بعد ملاحظہ کرنے اور کرانے کے واپس بذریعہ ڈاک ارسال کرنا والسلام۔ والد صاحب کو سلام پہنچانا۔ داعی بقلم خود کل والی تحریر میں عبارت ذیل لکھہ دیویں۔ حضرت شیخ نے حضرت یوسف علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی اثناء تقریر میں یہ شرطیہ بیان فرمایا ہے ایک اور ضروری امر جسکی تعمیل تمہارے پر لازم ہے۔ تحریر ثالث میں جبکہ حضرت شیخ کا مطلب بیان کیا گیا ہے۔ اس مقام میں عبارت ذیل مسطورہ صفحہ دوم ضرور نقل کرنی۔

حضرت شیخ جلد چہارم فتوحات وصایا میں تصریح فرماتے ہیں۔ کہ وما ابری نفسی ان النفس لامارۃ بالسوء الا ما رحم ربی ان

Marfat.com

سمجھیں اور خواہ ہم اِس قابل نہیں مگر ہم بلحاظ اخوت اسلامی وحق صحبت سالہا گذ آپ کے بہی خواہی میں قاصر نہونگے۔ اور ہمیں کب یہ دعوے تھا۔ کہ ہم ایسے ہیں اور ایسے اور ہم نے کب آپ کو پنجاب میں بلانے کی تکلیف دی تھی۔ وہی لایا جس کے ہاتھ میں ملکوت کل شئے ہے۔ وہی صراط مستقیم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔

گو میں ایک ایسا ہوں مگر سب بزرگان دین کے حق میں آپ کا ایسا زعم بالکل غلط ہے۔ آپ کے سچ کے بالمقابل سچ کہنا ضروری سمجھا جاتا ہے کہ آپ میں مادہ سوء ظنی کا غالب ہے۔ ہماری نسبت آپ کے خیالات (خیر خواہی برطانیہ وغیرہ وغیرہ) بالکل غلط اور خلاف واقع ہیں۔ وَکَفٰی بِاللّٰہِ شَہِیۡدًا۔ ہر شخص کو اپنے قلبی عقائد اور ادراکات پر علم ہوتا ہے۔ پھر کیونکر نہ کہوں کہ مادہ سوء ظنی اور کج فہمی غالب ہے۔ آپکے ہدایت نامجات میں کتاب اللہ و کتاب الرسول سے اصلاً کام نہیں لیا گیا۔ آجکل کے لوگوں کی طرح صرف خیالی امور مبنی علیہا قرار دیگئی ہیں۔ آپ جیسے تحصیل یافتہ انسان سے ایسے معلومات کا ظہور مقام حیرت ہے۔ آپ ناراض تو ضرور ہونگے۔ مگر ہماری اس پیشینگوئی کو یاد رکھنا کہ آپ کے حق میں ہم ویسے ہیں اور ہونگے جو پہلے تھے۔ ہمکو آپکے مدح یا ذم یا لوگوں کے مطاعن سے بچنا جیسا کہ آپ لکھتے ہیں ملحوظ نہیں اس علیم اور لطیف فعل کل لطیف نے محض اپنے فضل و کرم سے امور مذکورہ کو ملتفت الیہا نہیں چھوڑا۔ (واما بنعمۃ ربک فحدث) آپ کا ویسا ہی دعاگو جیسا کہ تھا۔

از گولڑہ بقلم خود

ربی غفور رحیم یوسف علیہ السلام کا مقولہ ہے بما نصہ ھذا
واذا صرفت عنك معصیته فقل کما قال یوسف علیہ السلام
وما ابرئ نفسی ان النفس لامارۃ بالسوء الا ما رحم ربی ان ربی غفور
رحیم انتھی بقدر الحاجۃ

اس تصریح سے معلوم ہو سکتا ہے کہ عبارت شیخ منقولہ بالا کا مطلب یہی ہے جیسا کہ لکھا گیا ہے۔ دوسری صورت میں غایتہ ما فی الباب بیان ہوگا بعض محتملات نص کا ولو بتکلفٍ ۱۲

# تکملہ

اور اگر تسلیم کیا جائے کہ حضرت شیخ رض کا مطلب جملہ شرطیہ ( فاذا کانت المرأۃ لم نخن یوسف الخ سے بیان ہے قول زلیخا کا چنانچہ نسخہ (لنعلم) اس کا موید ہے۔ گو دوسرا نسخہ (لیعلم) بھی منافی نہیں تو غایتہ ما فی الباب حضرت شیخ بھی منجملہ قائلین بقول ثانی ٹھہریں گے۔ اور از روئے نظریہ وسعت کلام الٰہی مضمون ہذا کو ہم بھی مدلول و مفہوم اور ایک محتمل من المحتملات مان سکتے ہیں مگر بلحاظ خصوصیت مضمون و الفاظ موحدانہ و تفسیر افقہ الناس عبداللہ بن عباس رض غالباً مراد النص اسی کو مانا جائے گا۔ کہ ذالك لیعلم انی لم اخنه بالغیب الخ قول ہے یوسف علیہ السلام کا۔ لہٰذا ابن جریر و ابن ابی حاتم نے بغیر اس کے کوئی اور قول ذکر نہیں کیا۔ قال ابن جریر حدثنا ابوکریب حدثنا وکیع عن اسرائیل عن سماك عن عکرمۃ عن ابن عباس

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مخلصی فی اللہ حکیم شمس الدین صاحب حفظک اللہ تعالےٰ

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ امابعد عنایت نامہ کاشفِ مافیہا ہوکر موجب تعجب ہوا۔ آپ جیسا فہیم جو عرصہ دراز سے ہماری روش و عقائد سے پورا واقف ہو پھر ہماری نسبت یہ خیال کرے۔

(الف) مدت مدیدہ سے ہمارا خیال درباره عدم جواز فوجی ملازمت مجسٹریٹی خاص و عام پر روز روشن کی طرح ظاہر ہے اور بفضلہ تعالےٰ بحسب ہدایات ہمارے بہت لوگوں نے ترک بھی کر دیں۔

(ب) ہمارا تنفر جمعیت آراء سے اصول شرعیہ پر مبنی ہے۔ وہ بھی بعض امور میں نہ مطلقاً اور نہ اس بناء پر کہ معاذ اللہ ہمیں کفار کی طرفداری منظور ہے۔ چنانچہ آپ نے ہمارے قول سے (کافر کا طرفدار من جہتہ الکفر کافر ہوتا ہے) استنباط کیا ہے اور شکوک اربعہ میں سے اوّل ہی تحریر فرمایا (اول میرے خیال میں آپ گورنمنٹ کے طرفدار تو ہیں مگر من جہتہ الکفر نہیں الخ حضرت صاحب! آپ کی بڑی مہربانی ہوئی جو آپ گورنمنٹ کے اُن احسانات کو تحریر فرما گئے جن کے باعث آپ طرفدار ہیں۔

جواباً گذارش ہے کہ آپ نے پہلے عنایت نامہ میں تحریر فرمایا تھا کہ آپ (راقم) کو لوگ گورنمنٹ کا طرفدار کہتے ہیں۔ ان کے تردید میں جملہ ذیل میں نے لکھا تھا۔ کافر کا طرفدار من جہتہ الکفر کافر ہوتا ہے۔ جس سے مطلب یہ تھا کہ ایسے وقت میں جبکہ اسلام و کفر کا مقابلہ ہو۔ کافر کا طرفدار مسلمان نہیں ہو سکتا۔ بلکہ وہی ہو گا جس کو کفر مرغوب و محبوب ہوا در من جہتہ الکفر

Marfat.com

قال لما جمع الملك النسوة فسالهن هل راودتن یوسف عن نفسه قلن حاش للہ ما علمنا علیه من سوء قالت امرأة العزیز الآن حصحص الحق الآیه قال یوسف ذلک لیعلم انی لم اخنه بالغیب الخ جن لوگوں نے اس قول کو مقولہ زلیخا ٹھہرایا ہے انہوں نے صرف اتصال کلام کو ملحوظ رکھ کر ٹھہرایا ہے۔ اور استبعاد ہذا کا دفعیہ پہلے نظیر قرآنی (قال الملاء سے تا فماذا تأمرون کے ساتھ کرچکا ہوں۔ والسلام ٭ العبد

الملتجی والمشتکی الی اللہ المدعو مہر علیشاہ بقلم خود ۶ ذیقعد

# مژدہ

واضح رہے کہ مولوی محمد حبیب اللہ صاحب ساکن امرتسر نے حضور میں ایک عریضہ لکھا ہے جس میں آٹھ سوالات کے جوابات طلب کئے ہیں۔ وہ اعتراضات فی الواقع مرزا غلام احمد قادیانی کے ایک معتقد مرزا ابوالعطاء حکیم خدا بخش قادیانی نے اپنی کتاب "عسل مصفی" میں حیات مسیح اور رجوع موتی پر کئے ہیں۔

مولوی صاحب مذکور لکھتے ہیں کہ میں نے امرتسر کے چند ایک علماء مثلاً محمد داؤد بن عبدالجبار مرحوم غزنوی۔ خیر شاہ صاحب حنفی نقشبندی۔ ابوالوفاء ثناء اللہ وغیرہ سے ان اعتراضات کے جوابات کے متعلق استفسار کیا۔

Marfat.com

اس کی طرفداری کرے۔ اور بحمد اللہ و احسانہ میں مسلمان ہوں گویا اثبات المدعی بابطال نقیضہ در رنگ قیاس استثنائیے ٹھہرا۔

قید (من جہتہ الکفر) بوجہ اس کے کہ اس کو صحت قضیہ میں دخل ہے ضروری الذکر ٹھہری۔ اور قضیہ مذکورہ بالا میں بعد ملاحظہ مقابلہ اسلام وکفر اس احتمال کی گنجائش ہی نہیں۔ جس کو آپ نے لیکر استفسار فرمایا ہے۔ کہ حضرت صاحب الخ

تعجب اس پر ہے کہ باوجود مانعین ؑ ایک ملاحظہ مقابلہ دوسرا ہمارا معاملہ و روش مذکورا لصدر جس سے آپ بخوبی واقف ہیں۔ وعموم ؑ نقیض قید یعنے لا من جہتہ الکفر اسی احتمال کو لیا۔ اور اس میں انحصار سمجھا اور استفسار فرمایا۔ الزام ودفع الزام میں جانبین کو ملاحظہ وقت و مقابلہ منظور ہے نہ اطلاق تاکہ منوطیت حکم بالقید المذکور نفیاً و اثباتاً مقصود ہو۔ کما فی العقائد ہاں اس پہلو کو بھی ہم عند الملاقات بیان کر دینگے۔ جس پر الزام عائد نہوگا میرے خیال میں باقی شکوک ثلاثہ کے متعلق لکھنے کی حاجت نہیں۔ اسی قدر لکھنا کافی سمجھا جاتا ہے۔ والتفصیل عند التلاقی۔ والسلام

العبد

الملتجی والمشتکی الی اللہ المدعو مہر علیشاہ بقلم خود از گولڑہ

---

مجبی و مخلصی جناب حکیم شمس الدین صاحب حفظک اللہ تعالیٰ

دعا و سلام۔ جوابی عنایت نامہ کا شکریہ۔ معافی سبقت رنجش کے مقتضی ہے

مگر افسوس کہ کسی نے تسلی بخش جوابات نہ دیئے۔ لہذا اب حضور میں ارسال ہیں کہ آپ بخیال ثواب دارین اُن کا جواب تحریر فرما کر فرقہ مرزائیہ کے دام مکر سے اہل اسلام کو خلاصی دیں گے۔

نیز مولوی صاحب موصوف لکھتے ہیں کہ میری خود یہ حالت تھی کہ عسل مصفےٰ کو پہلی بار پڑھنے سے دل میں طرح طرح کے شکوک اُٹھے۔ اور وفات مسیح پر پورا یقین ہوگیا۔ مگر الحمدللہ کہ آپکی سیف چشتیائی اور شمس الہدایت نے میرے متذبذب دل پر تسلی بخش اثر پہنچایا۔ اور نیز چند ایک مرزائیوں نے اسے پڑھا چنانچہ حکیم الٰہی بخش صاحب مرحوم مع لڑکے اپنے کے آخر مرزائیت سے توبہ کر گئے اور اسلام پر ہی فوت ہوئے۔

لہذا حضور اقدس نے بوجہ افادہ خلق اللہ کمال مہربانی سے باوجود اپنی عدیم الفرصتی کے اُن آٹھ سوالات کے جوابات صرف قرآن کریم سے اس پیرایہ میں تحریر فرمائے ہیں کہ "بآبِ زر باید نوشت"۔ واللہ اگر دنیا بھر کوئی پھرتا تو ایسے جوابات پیدا نہ کر سکتا۔ علاوہ متضمن ہونے حقائق و معارف کے نظائر و امثال سے سلیس عبارت اردو میں ایسے مشرح ہیں۔ کہ ہر ایک شخص فائدہ حاصل کر سکتا ہے۔

چونکہ سیف چشتیائی ایک ضخیم کتاب ہے جس کا مطالعہ ہر ایک انسان کے لئے مستفید ہے لہذا صرف آٹھ جوابات مع سوالات طبع کرا کر ہدیہ ناظرین میں تاکہ سب کو فائدہ ہو۔

(حلقہ بگوش فقیر احمد پشاوری)

Marfat.com

واذلیس فلیس رہے ڈھکوسلے سو یاد رکھنا کہ بحول اللہ وقوتہ ہماری جانب سے بے غرض اور سچا تعلق ایکدن بطرز ع موئے کشانم آریم (بقول جناب ایسے ڈھکوسلے (عقیدہ توحید ورسالت) کیطرف لاکر سچے خیر خواہوں کو مسرور وممنون باری عز اسمہ کریگا۔ حکیم صاحب آپ دانا ہیں سمجھ سکتے ہیں۔ کہ میری وضع اس امر کے مصدق ہے۔ کہ میں بفضلہ تعالےٰ احباب سے القاب و آداب کا خواہاں نہیں ہوں۔ اس سے بڑھ کر میری وسعت نظر پہ کیا ثبوت ہوسکتا ہے۔ کہ ہمارے ایمان کو ڈھکوسلا و احمقانہ وساوس قرار دینا ہمارے تکدر کا موجب اس لئے نہیں ہوسکتا۔ کہ مسطر اعیان ثابتہ بتوجہ روحی حضرات علیہم الرضوان ہمارے پیش نظر ہے۔ جو بالاتفاق احاطہ ارادہ واختیار سے خارج کیا گیا ہے۔ آپکا اس عنایت نامہ میں لکھنا کہ (آپ یہ خیال نہ کریں) عجیب بے بنیاد خیال ہے۔ کیا آپ اس امر کا ثبوت دے سکتے ہیں کہ در اثنائے تعارف فیمابین میری جانب سے اس تعلق کے لئے تقاضا یا اس پہ اتنا یا اظہار قطع محررہ جناب پر رنجش واقع ہوا ہے۔ ہرگز نہیں آپ یقین کرلیویں کہ آپکے فلسفیانہ یا طفلانہ یا قیاساً علیٰ ابنا الزمان من المتشیخین مزعومانہ خیالات پر آشنائی اور خیر خواہی کو ہرگز ترک نہ کیا جائے گا۔ اور بھی آزمالیویں۔ والباقی عند التلاقی۔ خدا کرے کہ جلد ملاقات ہو۔ والسلام

آپ کا خیر خواہ مہر علیشاہ بقلم خود

مہربان من جناب چشتی صاحب حفظک اللہ

دعا و سلام۔ میں اور آپ جو کچھ کر رہے ہیں۔ لڑکے کی بہتری کیواسطے کر رہے

Marfat.com

نقل عریضہ مولوی حبیب صاحب مذکور                                                    از امرتسر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

جناب حضرتنا شیخنا سیدنا و مولانا زبدۃ المحققین و رئیس العارفین بعد سلام علیکم کے عاجز یوں گذارش کرتا ہے۔ کہ فرقہ باطلہ مرزائیہ کی تائیدی مرزا غلام احمد صاحب قادیانی کے ایک معتقد مرزا ابو العطاء حکیم خدا بخش قادیانی نے ایک ضخیم کتاب "عسل مصفّٰے" لکھی ہے اس کتاب میں مرزا موصوف نے اپنے زعم میں وفات مسیح کو جہاں تک ہو سکا ثابت کیا۔ مرزا صاحب قادیانی نے تو ازالۂ اوہام مطبع ریاض ہند امرتسر ۱۳۰۸ھ کے صفحہ ۵۹۱ سے تا ۶۲۷ میں ۳۰ آیات قرآنی سے وفات مسیح کا استدلال پکڑا۔ مگر حکیم صاحب اپنے پیر سے بھی بڑھ نکلے یعنی انہوں نے ساٹھ آیات قرآنی سے وفات مسیح کا استدلال پکڑا مثل مشہور ہے "گرو جنہاں دے جاندے ٹپ چیلے جان شڑپ"۔ راقم الحروف کی اکثر اوقات امرتسر کے مرزائیوں کے ساتھ گفتگو ہوتی رہتی ہے آپ کی کتاب سیف چشتیائی نے مجھے بڑا فائدہ دیا۔ اور چند ایک مرزائیوں نے اسے پڑھا۔ چنانچہ حکیم الٰہی بخش صاحب مرحوم معہ اپنے لڑکے کے آخر مرزائیت سے توبہ کر گئے۔ اور اسلام پہ ہی فوت ہوئے۔ اور باقی مرزائیوں کے دل ویسے ہی سخت رہے۔ سچ ہے کہ

بھلا کس سمجھائے کوئی عشق کے دیوانے کو ٭ زندگی اپنی سمجھتا ہے جو مرجانے کو

Marfat.com

ہیں۔ مگر اثناء الطریق میں ایک نہایت خطرناک امر مشہود ہو رہا ہے۔
آپ چاہیں گے کہ یہ لڑکا فلاں بزرگ کا خلوص دل سے معتقد ہو۔ اور یہ گو نارسیدہ ناتمام غیر مہذب سب کچھ ہے۔ مگر علمی بصارت و بصیرت اندھا دھند تقلید و اتباع کی اجازت اُسے ہرگز نہ دیگی۔ قاعدہ کی بات ہے۔ کہ جب انسان ایک شخص کو اپنے آپ سے مایۂ علمی میں بمدارج کمتر پائے تو ہرگز اس کو خضر وقت نہیں مان سکتا۔ تاوقتیکہ اس میں کمال خضری و شمس تبریزی شعلہ زن نہ ہو۔ اس لڑکے میں اب بھی یہ عیب ہے جو آئندہ بوجہ ترقی بصارت و بصیرت ترقی پر ہوگا۔ کل اگر آپ کو اس کا تخالف فی الاعتقاد والرسوم ناگوار گذرے تو ابھی وقت ہے آپ اس کو وہاں پر رکھیئے اور موجودہ لیاقت کو نتیجہ دعائے مشائخ اور مشہودہ بدتہذیبی و عیوب کو ہمارے پاس رہنے والوں کے بدصحبت کا اثر سمجھیں۔ عندالجانبین گو یہ نالائق علماً و عملاً قرار دیا ہوا ہے۔ مگر اتنی بصیرت سے معرے بھی نہیں کہ سچی اور بناوٹی اور واقعی و تصنعی درویشی کو سمجھ نہ سکے۔ اگر یہ عیب منظور ہے تو آپ اس کو بھیجیں ورنہ وہاں پر رکھیں۔ والباقی عندالتلاقی۔

راقم وہی دعاگو بقلم خود از گولڑہ

---

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمدللہ والسلام علی عبادہ الذین اصطفیٰ

بخدمت فیضدرجت جناب صاحب کمالات صوری و معنوی

Marfat.com

میری خود یہ حالت تھی کہ عسل مصفےٰ کو پہلی بار پڑھنے سے دل میں طرح طرح کے شکوک اُٹھے اور وفات مسیح پر پورا یقین ہوگیا۔ مگر الحمد للہ کہ آپ کی سیف چشتیائی اور شمس الہدایت نے میرے متذبذب دل پر تسلی بخش امرت ٹپکا۔ امید ہے کہ کئی برگشتہ آدمی اس سے ایمان میں تروتازگی حاصل کرینگے۔ عرصہ ایک سال سے عاجز نے کمربستہ ہوکر یہ ارادہ کر لیا ہے کہ ایک ضخیم کتاب بنا کر "عسل مصفےٰ" کی تردید بخوبی کی جائے اور اس کی تمام چالاکیوں کی قلعی کھولی جاوے۔ چنانچہ راقم الحروف "عسل مصفےٰ" کے رد میں ایک کتاب "صاعقہ رحمانی بر نخل قادیانی" لکھ رہا ہے اور اس کے پانچ باب ترتیب وار باندھے ہیں (۱) حیات مسیح ۱۵ فصلوں پر (۲) حقیقت المسیح ۱۵ فصلوں پر (۳) حقیقت النبوت ۱۵ فصلوں پر (۴) حقیقت المہدی ۱۲ فصلونپر (۵) حقیقت الدجال ۸ فصلوں پر۔

مصنف "عسل مصفےٰ" نے چند ایک اعتراضات مسیح اور رجوع موتیٰ پر کئے ہیں۔ عاجز ذیل میں وہ اعتراضات تحریر کر دیتا ہے اور آپ سے ان کے جوابات کا خواستگار ہے۔ میں نے امرتسر کے چند ایک عالموں مثلاً محمد داؤد بن عبدالجبار مرحوم غزنوی خیر شاہ صاحب حنفی نقشبندی۔ ابوالوفا ثناء اللہ وغیرہ سے ان اعتراضوں کے جواب پوچھے مگر افسوس کہ کسی نے بھی جواب تسلی بخش نہیں دیئے۔ اب اُمید ہے کہ آپ بخیال ثواب دارین ان اعتراضوں کے جواب تحریر فرما کر فرقہ مرزائیہ کے دام مکر سے اہل اسلام کو خلاصی دینگے۔

اوّل۔ (۱) صحیح بخاری مطبع احمدی جلد ا ص ۴۸۱ میں ہے۔ عن ابن عمر قال

Marfat.com

کاشفِ اسرارِ خفی و جلی رہنمائے سالکین پیشوائے محققین جناب حضرت پیر صاحب ادام اللہ تعالےٰ فیوضاتہم

بعد از تبلیغ مراتب تسلیمات بغایات و آداب وافیات معروض ضمیر منیر باد احوال این حدود بفضل رب المعبود قرین حمد و عافیت است. صحت و تنومندی مزاج وہاج آنصاحب مدام مطلوب القلوب المرام من الارقام اینکہ دریں اوال مولویان ملتان اختلافی و نزاعی در دو مسئلہ پدید آوردند یکے ازاں این است کہ بٹن نقرہ یا ذہب برائے رجل جائز است یا حرام بعض اثبات جواز مے نمائند بعض اثبات منع می نمائند. مانعین احادیث عمومہ واردہ در حرمت ذہب و فضہ در حق رجال بمعرض استدلال پیش مے کنند۔ مجوزین استدلال خود کتاب درالمختار پیش مے کنند چنانچہ در کتاب الحظر والاباحۃ جلد خامس شامی در متن وے درالمختار اثبات جواز اں کردہ و نیز مے گویند کہ برائے مقلدانِ کتب مذہب باید فکر در احادیث شریفہ و در نکاتِ لطیفہ و در ناسخ و منسوخ نمے تواند رسید۔ چنانچہ در توضیح شرح تنقیح آوردہ الادلۃ الاربعۃ انما یتوصل بھا المجتھد لا المقلد واما المقلد فدلیلہ قول المجتہد ۂ انتہیٰ۔ علاوہ ازیں در حدیث بخاری شریف کہ صحابی ضعیف البصر راکہ قبا کہ تکمۂ او طلائی بود عطا فرمود ظاہراً مفہوم مے شود کہ لباس ہم فرمودہ واللہ اعلم۔

مسئلہ دوم اینست کہ کفش طلائی جائز است یا نہ۔ اگر طلا صادق باشد کہ اصلش ذہب می باشد چہ قدر جائز باشد اگر طلاء کاذب باشد کہ اصلش مس

قال النبي صلی اللہ علیہ وسلم رایت عیسیٰؑ وموسیٰؑ وابراھیمؑ
فاما عیسیٰؑ فاحمر جعد عریض الصدر الخ (۲) پھر اسی بخاری میں ہے۔
حدثنا احمد قال سمعت ابراھیمؒ عن ابیہ قال لا واللہ
ما قال النبیؐ بعیسیٰؑ احمر ولکن قال بینما انا نائم اطوف
بالکعبۃ فاذا رجل آدم سبط الشعر یھادی بین رجلین
ینطف رأسہ ماء او یھراق ..... الخ

پہلی حدیث میں عیسیٰ مسیحؑ ابن مریم ناصری کا حلیہ سرخ رنگ۔ بال
گھونگر دار سینہ چوڑا تھا۔ اور دوسری حدیث میں مسیح موعود کا حلیہ
گندم گوں رنگ۔ بال کندھوں پر لٹکے ہوئے اور سر کے بالوں سے
پانی ٹپکتا ہوا ہے۔ پس اس سے ثابت ہے کہ مسیح ناصری اور ہے
اور آنے والے مسیح جس نے دجال کو مارنا ہے اور ہے۔

دوسری حدیث میں یہ بھی ہے۔ قال ثم اذا برجل جعد قطط
اعور العین الیمنی کان عینہ عنبۃ طافیۃ کاشبہ من رایت
من الناس یابن قطن واضعا یدیہ علی منکبی رجلین یطوف
بالبیت الخ۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دجال
کو بھی کعبہ کا طواف کرتے دیکھا۔ مگر دوسری صحیح حدیثوں سے صاف
عیاں ہے کہ دجال پر مکہ و مدینہ حرام کئے گئے ہیں پھر مسیح دجال کا
طواف کرنا کیا معنے رکھتا ہے۔

دوم۔ صحیح بخاری میں ہی ہے۔ عن ابن عباسؓ قال قال رسول اللہ

Marfat.com

باشد مطلقاً قلیل وکثیر حرام مے باشد یا مقداری است کہ آں جائز باشد مہربانی فرمودہ ہر دو مسئلہ بااولہ معتبرہ مفصلہ ارقام فرمائند کہ ہیچ فریق را کلام نباشد۔ عنداللہ ماجور وعندالناس مشکور خواہند شد۔ نیز براہ مہربانی ہر چند کہ توانند از جواب ایں ہر دو مسائل جلدی سرفراز فرمایند بعید از مہربانی نخواہد بود۔ فقط۔

# الجواب ھو الصواب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مہربان من جناب نواب احمد یار خانصاحب حفظکم مع اللحقہ

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ۔ عنایت نامہ کاشف مدعا ما فیہا ہوا صرف تعمیل کرنی ضروری سمجھکر قلم اُٹھاتا ہوں۔ ورنہ من آنم کہ من دانم۔

## بٹن سونا وچاندی

میری ناقص رائے میں ان کی حرمت نہ صرف احادیث صحیحہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام سے ثابت ہے۔ بلکہ کتب فقہ سے بھی استعمال ان کا ناجائز معلوم ہوتا ہے۔ علماء کرام میں سے جنہوں نے عبارت ذیل درمختار سے جواز پر سند لی ہے۔ یا مخرمہ والی حدیث بخاری کو حجت بنایا ہے۔ ٹھیک نہیں والعلم عنداللہ درمختار کی عبارت منقولہ از تتارخانیہ (لاباس بازرار الدیباج والذھب) کا یہ مطلب نہیں۔ کہ گھنڈی سونیکی جو بٹن کے طور پر علیحدہ اور مستقل ہو۔ اس کا استعمال جائز ہے۔ بلکہ مطلب یہ ہے کہ گھنڈی سونیکی جو اشیاء طلائی میں بطور نافت وپیچیدگی ہو اور جس کو

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم تحشرون حفاۃ عراۃ غرلا ثم قرأ کما بدأنا اول خلق نعیدہ وعدا علینا انا کنا فاعلین فاول من یکسی ابراہیم۔ ثم یوخذ برجال من اصحابی ذات الیمین وذات الشمال فاقول اصحابی فیقال انہم لم یزالوا مرتدین علی اعقابہم منذ فارقتہم فاقول کما قال العبد الصالح عیسی بن مریم وکنت علیہم شہیداً مادمت فیہم فلما توفیتنی الخ

جزء، سورۃ مائدہ میں ذکر ہے کہ مسیح پر سوال ہونے پر مسیح جواب دینگے۔ کہ سبحانک ما یکون لی ان اقول مالیس لی بحق ان کنت قلتہ فقد علمتہ تعلم ما فی نفسی ولا اعلم ما فی نفسک انک انت علام الغیوب ما قلت لہم الا ما امرتنی بہ ان اعبدوا اللہ ربی وربکم وکنت علیہم شہیداً مادمت فیہم فلما توفیتنی کنت انت ۔ ۔ ۔ الخ قیامت کے دن رسول اللہ یہ آیات اپنے اوپر پیاں کرکے فرماویں گے۔ اور اپنے بیان کو عیسیٰ کی طرح بیان فرماوینگے۔ اس سے بھی ظاہر ہے کہ آپ فوت ہوچکے ہیں۔ پس آپ یہی کہیں گے۔ کہ جب تونے مجھے وفات دی۔ اور کما قال العبد الصالح صاف ظاہر کرتا ہے کہ مسیح بھی یہی کہیں گے "جب تو نے وفات دی"۔

اب اس سے معنی وفات کے لے کر یہ کہا جائے۔ کہ اس سے مراد وہ موت ہے جو مسیح کو زمین پر آنے کے ۴۵ سال بعد آئے گی۔ تو اس پر یہ اعتراض لازم آئے گا کہ مسیح کے پیرو مسیحی ابھی گمراہ نہیں ہوئے بلکہ مسیح کی وفات

Marfat.com

تابع کپڑے کا لنگی وغیرہ کے اطراف یعنے پلے کی طرح سمجھا جائے۔ ایسی گھنڈی کا استعمال جائز ہے۔ درمختار کے قول کے متعلق علامہ طحطاوی لکھتے ہیں۔
قال فی المنتقی عن محمدؒ لاباس ان تکون عروۃ القمیص وزرارہ حریراً وَھُوَ کَالعلم یکون فی الثوب ومعہ غیرہ فلاباس بہ وان کان وحدہ کرھتہ الخ طحطاوی جملہ آخیرہ سے ثابت ہوتا ہے کہ بٹن کے طرز پر درست نہیں۔

---

مخلصی ومکرمی جناب مولوی صاحب حفظکم اللہ تعالےٰ

وَعَلَیْکُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَۃُ اللہ :۔ عنایت نامہ مشتمل بر وصولی تحریرایں بے ہیچ دربارہ تشریح رباعی معلوم واستکشاف واستیضاح۔ لفظ بیم مندرج مصرعہ اخیر رباعی ووجہ مناسبت فیما بین رباعی وصحت موصول گردید۔ مکرما! لفظ بیم نیز مندرج تحریر سابق است بغور ملاحظہ فرمائید یعنے ابدال و رہروان طریقت را در اثناء مسافت نوردی بوجہ استغراق وغلبۂ وحدت بیم وخوفِ تعطل از تعمیل شرائع لاحق گردیدہ ناچار مخلصی بغیر از تمسک و تشبث بداماں مصحف کہ جامع جمع وفرق ہر دو است ندیدند۔ چہ تمسک بکتاب اللہ وسنت غریق بحر جمع را بساحل فرق رسانیدہ در ظلِ انبیاء کرام علیہم السلام رنگین برنگ اوشاں مے سازد ووجہ مناسبت فیما بین رباعی وحصول صحتِ آں خواہد بود والعلم عند اللہ کہ مضمون رباعی مفید ابتلاء ونجات است۔ ابتلاء غوطہ خوردن است در بحر جمع وتعطل از

Marfat.com

کے بعد ہونگے۔ اور ... آئندہ وفات مراد لینا اس وجہ سے بھی غلط ہے کہ ... تو مسیح سے اس زمانے کی نسبت سوال کیا ہے جبکہ مسیح کو بنی اسرائیل کی طرف بھیجا نہ کہ آئندہ زمانہ کی نسبت اور پھر مسیح اتنا زمانہ چھوڑ کر آئندہ موت کی بابت کس طرح گفتگو کرتے اور پھر تفسیر مثلاً کمالین وحسینی وغیرہ میں فلما توفیتنی کے معنی رفع الی السماء نہ ہوتا۔

اور گذشتہ زمانے میں یہ کہنے پر کہ "جب تو نے مجھے آسمان پر اٹھا لیا" یہ اعتراض آتا ہے کہ آنحضرت پھر کما قال العبد الصالح فرما کر قیامت کو یہ کس طرح کہہ سکتے ہیں کہ "جب تو نے مجھے فوت کر لیا" ورنہ یوں کہنا چاہیئے "جب تو نے مجھے آسمان پر اٹھا لیا"۔ اور یہ غلط ہے جس حالت میں کہ مسیح کی طرح ہی آنحضرت فرماوینگے تو یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ مسیح کی بابت تو آسمان پر اٹھایا جانا معنی کریں اور آنحضرت کی بابت فوت ہو جانے کے معنے کریں۔ کیونکہ اس سے تو مماثلت درست نہیں رہتی۔

**سوم**۔ صحیح بخاری میں کتاب التفسیر میں ہے۔ "قال ابن عباس رض متوفیک ممیتک" بعض تفسیروں میں لکھا ہے کہ ابن عباس رض ایسے معنے کرنے میں آیت یا عیسٰے انی .... الخ میں تقدیم و تاخیر کے قائل ہیں اسپر یہ اعتراض آتے ہیں (۱) صحیح بخاری سے یہ ثابت نہیں کہ ابن عباس رض تقدیم و تاخیر کے قائل ہیں۔ کیونکہ

Marfat.com

اتباع شرائع گویا حالت این چنیں صوفی بحالت مریض مے ماند و نجات عبارت است از مقام صحو کہ بوجہ تمسک بکتاب و سنت حاصل گشتہ گویا مریض سکر را صحت صحو عطا، فرمودند پس ہر مریض را بایں مرض کان استعمال شغل رباعی بایں مناسبت مفید مے باشد والسلام ۱۶ شوال ۱۳۳۲ھ

خود را بنظارہ نگارم صف زد — یک خال سیاہ برآں رخ مطوف زد
رضواں زتعجب کف خود بر کف زد — ابدال زبیم چنگ در مصحف زد

قال خود را الخ اقول یعنے برائے نظارہ و دیدن خود نگار و محبوب من آمادہ و جلوہ گر شد گو او سبحانہ و تعالےٰ قبل از ایجاد موجودات حسن و جمال ذاتی خود را در خود مے دید در بطون کنت کنزاً مخفیاً لیکن بمقتضائے حسن و جمال و تعین حبی کما یدل علیہ فاحببت ان اعرف خواست کہ جمال و کمال خود را در مرایا و آئینہ ہائے کثرت و مجالی و مظاہر تماشا کند. فان رویۃ الشیٔ نفسہ فی نفسہ لیس کرویۃ الشی نفسہ فی المرءۃ

قال یک خال اقول رخ مطوف صیغہ اسم مفعول از باب تفعیل یعنی چہرہ ایں چہرہ کہ گردانیدہ شدہ است ہمہ عالم طائف و طواف کنندہ بگرد او. خال سیاہ را دو لحاظ است در بادی نظر داغ و عیب گفتنش بیجانہ باشد و در نظر ثانی موجب زینت و ظہور جمال و کمال فہمیدہ مے شود. خال سیاہ کنایہ ست از داغ کثرت بر چہرۂ وحدت و داغ و عیب شمردہ شدن عروض کثرت بر وحدت بہ نسبت محبوب است نہ بلحاظ عارف چہ عارف کامل محمدی المشرب را دو شہود مے باشد یکے شہود وحدت در کثرت دوم شہود کثرت

Marfat.com

کتاب التفسیر میں صرف متوفیک کے معنے بیشک لکھے ہیں۔
(۲) اگر رافعک کے بعد متوفیک کو رکھیں تو لازم آویگا کہ مسیح کا رفع تو ہوگیا ہے۔ ومطہرک وجاعل الذین الخ کا وعدہ ابھی پورا نہیں ہوا بلکہ بعد وفات کے ہوگا اور یہ غلط ہے۔
(۳) اگر متوفیک مطہرک کے بعد رکھیے تو لازم آویگا کہ رفع و مطہر ہونے کے وعدے تو پورے ہوگئے ہیں مگر مسلمان کافروں پر غالب نہیں ہیں بلکہ موت کے بعد ہوں حالانکہ یہ غلط ہے۔
(۴) اگر متوفیک کو سب کے آخر رکھیں تو لازم آویگا کہ قیامت کے دن جب کہ اور لوگ زندے ہوکر اٹھیں گے مسیح فوت ہوجائیں گے کیونکہ چوتھا وعدہ یہ ہے کہ قیامت تک تیرے پیروؤں کو کافروں پر غالب رکھونگا (۵) یہ چار وعدے ترتیب وار ہیں اگر واؤ ترتیب کے لئے نہیں ہے بلکہ قیامت کے پہلے پہلے یہ سب وعدے پورے ہوجانے چاہئیں تو الی یوم القیمۃ کی ضرورت نہ تھی۔ اور اسکی نظیر میں کوئی اور آیت بھی پیش کرنی چاہیئے۔

**چہارم۔** بعض مفسرین نے آیت وان من اھل الکتاب الخ کے معنے یہ کئے ہیں کہ مسیح موعود کے وقت میں جتنے اہل کتاب ہونگے وہ سب مسیح کی موت کے پہلے پہلے اس پر ایمان لائیں گے۔ اس پر "عسل مصفےٰ" کے یہ اعتراض ہیں کہ (۱) آیت وجاعل الذین... الخ آیت سے صاف عیاں ہے کہ کافر قیامت تک رہیں گے پھر مسیح

Marfat.com

در وحدت وکل من المشھودین لدینا فی الاخر بخلاف محجوب کہ از ہر دو شہود محروم است ومجذوب کہ بسبب استہلاک در شہود اول ناقص ماندہ قال رضوان اھ اقول رضوان یعنی محافظ وناظر باغ کثرت کہ عبارت است از عارف محمدی المشرب از تماشا حسن وجمال لم یزل حظ وافر ونصیب کامل برداشت کہ حیرت مے باشد قال علیہ السلام رب زدنی فیك تحیرًا قال الصدیق رضی اللہ عنہ کمال الادراك العجز عن الادراك عارفے گفتہ

عشق بازی نہ ہمیں زاری وگریاں شدن است　　حسن معشوق عیاں دیدن وحیراں شدن است

ووجہ محافظ بودن عارف کامل مر باغ کثرت را از حدیث صحیح لاتقوم الساعۃ الحدیث واز فص آدمی فصوص الحکم باید جست

قال ابدال آہ اقول مراد از ابدال رہروان طریقت کہ از لغزش پا در راہ سلامت ماندہ اند وبوجہ استغراق واستہلاک در مشاہدہ وحدت مثل مجاذیب یا بوجہ نارسائی بمغز سخن وراز وحدت وجود رشتۂ سخن را بسرحد الحاق وزندقہ رسانیدہ مثل متصوفہ از نقص ولغزش محفوظ بباعث چنگ زدن بمصحف واتباع شرعی شدہ اند نہ مشاہدہ تجلی تنزیہی "لیس کمثلہ شیٔ" در حق او شان مانع از شہود تجلی تشبیہی ہو الظاہر گشتہ ونہ بالعکس وذلك فضل اللہ یوتیہ من یشاء قل ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی یحببکم اللہ والحمد للہ اولًا وآخرًا والصلوٰۃ والسلام علی رسولہ سیدنا محمد وآلہ وصحبہ ظاہرًا وباطنًا این است اجمال آنچہ مامور شدم باظہار آں والعلم عنداللہ۔ والسلام۔

Marfat.com

کے وقت کس طرح سب مومن ہو جاویں گے (۲) یہ معنے مفسرین کے اس آیت کے مخالف ہیں۔ یہاں ارشاد ہے کہ ہم نے یہود اور نصاریٰ کے درمیان تاقیامت بغض ڈالا ہے (۳) اور اس آیت کے بھی مخالف ہے کہ جہاں ہے کہ اگر خدا چاہتا تو تمام لوگوں کو ایک ہی امت پیدا کر دیتا۔ مگر یہ سنت اللہ کے برخلاف ہے (۴) یہ کہ جب آنحضرت صلعم کے عہد مبارک میں تمام اہل کتاب مسلمان نہیں ہوتے۔ تو پھر مسیح کے زمانے کو کیا خصوصیت ہے (۵) دجال یہودی ہوگا اور اس کے ساتھ ۷۰ ہزار یہود ہونگے۔ باوجود اہل کتاب ہونے کے پھر وہ کیسے ایمان لانے کے بغیر مر جائیں گے

پنجم۔ عمل مصطفےٰ والے مسیح کے معجزات احیائے موتے۔ ابراہیمؑ کے رب انی کیف تحی الموتی ... الخ عزیرؓ کے ۱۰۰ سال کے بعد زندہ ہو جانے۔ بنی اسرائیل کے ۷۰ سرداروں کے زندہ ہو جانے سے صاف انکار کیا ہے اور اسی کی باطل تاویلیں کی ہیں۔ اور عدم رجوع موتے پر یہ آیات قرآنی پیش کئے ہیں۔

(۱) وحرام علی قریۃ اھلکنھا انھم لا یرجعون۔ (جز ۱۷ رکوع ۷)
(۲) الم یروا کم اھلکنا قبلھم من القرون انھم الیھم لا یرجعون (جز ۲۳ رکوع ۱) (۳) حتی اذا جاء احدھم الموت قال رب ارجعون لعلی اعمل صالحا فیما ترکت کلا انھا کلمۃ ھو قائلھا ومن ورائھم برزخ الی یوم یبعثون (جز ۱۸ رکوع ۶) (۴) اللہ یتوفی

جناب مولینا سید مہر علیشاہ صاحب زاد لطفہٗ — از راولپنڈی مورخہ ۱۲ جولائی ۱۹۰۰ء

سلام و علیک :- مزاج مبارک۔ آپنے جو حسن سلوک بے تعصبانہ اپنے دولتخانہ پر مجھ پر فرمایا۔ یہ تو محمدیت کے واقعی ایک عجیب مثال دی۔ جہاں تک میری معلومات ہے۔ دریں بارہ علماء ہند میں فرد واحد ہیں۔ جزاک اللہ خیراً

اُمید ہے کہ آپ حُسنِ عقیدت ہی سے بائیبل اقدس کا مطالعہ فرماویں گے۔ کیونکہ یہ وہ کتاب ہے جو انسان کو دار الفناء میں راہِ مستقیم پر چلاکر دار البقاء میں داخل کر دیتی ہے۔ انبیاء کا نور۔ شہداء کا انگبین گمراہیوں کی ہدایت ہے چنانچہ قرآن شریف فرماتا ہے۔ نور، وھدی للناس

پس جناب اس روحانی خوراک سے اپنے روح کو بے بہرہ نہ رکھیں گے۔ زیادہ آداب۔

(الراقم نیاز مند پادری یعقوب مسیح از صدر بازار راولپنڈی)

---

مہربان من جناب پادری یعقوب صاحب رزقک اللہ موجبات رضائہ

وَعَلَیْکَ السلام۔ باجابۃ الدعاء المذکور (الباء للتعقیب) ارشاد جناب کی تعمیل میں حسب شعر ذیل معذور ہوں ؎

ہمہ شہر پُر ز خوباں من و خیال ماہی ۔۔۔ چہ کنم کہ چشم خوشخو نکند بکس نگاہے

والمعذور غیر مجبور سیما الممتثل لامر الحکیم الغفور والرحمۃ للعالمین الحلیم الشکور۔

الراقم جناب کا خیر خواہ مہر علیشاہ المحمدی الغنی عمن سواہ

---

Marfat.com

الانفس حین موتھا والتی لم تمت فی منامھا فیمسک التی قضیٰ علیھا الموت ویرسل الاخریٰ الیٰ اجل مسمی... الخ (جزء ۲۴ رکوع ۲) (۵) ثم انکم بعد ذالک لمیتون ثم انکم یوم القیمۃ تبعثون (جزء ۱۸ رکوع ۱)

**ششم۔** جزء ۳۔ سورۃ البقرہ میں جہاں ابراہیمؑ کا ذکر ہے فرمایا کہ رب ارنی کیف الخ اس پہ مرزائی کہتے ہیں کہ مفسرین نے قیمہ کرنا کوٹنا کس کے معنے کئے ہیں۔ گو فصرھن کے معنے کوٹنا بھی ہیں مگر یہاں "الیک" ایسے معنوں سے روکتا ہے۔ کہ اگر کوٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا معنے ہوتے تو صرف فصرھن کافی تھا نہ کہ فصرھن الیک اور جزء صرف ٹکڑوں کو ہی نہیں کہتے بلکہ ثابت جسم کو بھی کہہ سکتے ہیں۔ جیسے ۱۶ آدمیوں کا جزء ۴ آدمی ۲ آدمی و آٹھ آدمی و ایک آدمی بھی ہو سکتا ہے۔ پس اسی طرح ابراہیمؑ نے چار جانوروں میں سے ایک ایک جانور پہاڑ پر رکھا اور پھر آواز دے کر ان کو اپنے پاس بلا لیا۔

**ھفتم۔** جس حالت کو قرآن مجید کی بیس سے زیادہ آیتوں میں متوفی کے معنے موت کے آئے ہیں۔ تو پھر یہاں مسیح کو کیا خصوصیت ہے۔ اگر پورا لینے کے معنی لیں تو پھر بھی یہ ایک معما باقی رہتا ہے کہ (۱) کیا عمر کو پورا کرنا (۲) کیا جسم و روح کو پورا کر لینا (۳) یا اور کوئی اور معنی اور اگر جسم مع الروح پورا لینا مراد ہے تو باقی آیات میں جہاں توفی وغیرہ ہے تو کیا یہ معنے بنیں گے کہ خدا یا فرشتے لوگوں کو

Marfat.com

سیدی و سندی و مولائی دام ظلکم

بعد سلام مسنون معروض خدمت سراپا برکت اینکہ پارہ چہارم سورۃ النساء تحت آیۂ کریمہ واتقوا اللہ الذی تسالون بہ والارحام علی المہائمی رحمہ اللہ تعالیٰ در تفسیر تبصیر الرحمٰن می فرمائید ھذا علی قرأۃ الجر بحذف المعطوف من الاصل والمعطوف علیہ من الفرع فما مطلب عبارۃ الشیخ المرحوم وتفسیرہ المذکور عندکم موجود۔

فقط والسلام علیکم غلام محمد عفی عنہ از پشاور

---

قولہ بحذف المعطوف من الاصل ای واتقوا اللہ والارحام والمعطوف علیہ من الفرع ای باللہ

تقدیر الکلام واتقوا اللہ الذی تسالون بہ والارحام یہ جملۂ اصل ہے۔
والتی تسالون باللہ والارحام یہ جملہ فرع ہے

پہلے جملہ میں معطوف علیہ یعنی اللہ مذکور اور معطوف یعنی والارحام مقدر دوسرے جملہ میں معطوف علیہ یعنی (باللہ) مقدر اور معطوف یعنی والارحام بالجر مذکور

داعی و مستدعی مہر علی شاہ بقلم خود والسلام

---

سوال (شعر)

ولو انما اسعی لادنی معیشۃ کفانی ولم اطلب قلیل من المال

کفانی ولم اطلب کے متنازع ہونے کی صورت میں کونسا فساد لازم آتا ہے

جسم مع الروح اُٹھا لیتے ہیں۔ بعض مفسرین نے قبض کرنا کے معنے لئے ہیں اور قبض ہمیشہ روح کا ہوا کرتا ہے۔

**ہشتم۔** جبکہ خدا تعالٰے فاعل ہو اور کوئی ذی روح مفعول تو متوفی کے معنی ہمیشہ قبض روح کے ہوا کرتے ہیں اور اگر مرزائیوں کے آگے آیات "توفی کل نفس" "ابراھیم الذی وفا" وغیرہ پیش کی جاتی ہیں تو وہ کہتے ہیں کہ یہ تو باب تفعل سے نہیں ہیں گو اس کا ماخذ وفا ہی ہے۔

یہ آٹھ سوال گویا تمام "عسل مصفٰے" کے اعتراضوں کا خلاصہ ہے۔ ان کا جواب دینا گویا مشن مرزائیہ کے سر پر آسمانی بجلی گرانا ہے۔ امید ہے کہ آپ ان کے جوابات تسلی بخش تحریر فرما دیں گے۔

خادم الاسلام محمد حبیب اللہ کٹڑہ مہاں سنگھ
کوچہ ناظر قطب الدین۔ پاس مسجد غزنویاں امرتسر۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ وحدہٗ والصلوٰۃ والسلام علی من لا نبی بعدہٗ وآلہٖ وصحبہٖ

**جواب سوال نمبر (۱)** احمر اور آدم سے مراد ایک ہی شخص ہے کیونکہ درصورت تغائر دوسری حدیث کا جملہ (لا واللہ ما قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لعیسی احمر ولکن قال بینما انا نائم اطوف بالکعبۃ فاذا رجل آدم الخ) بے محل اور غیر مربوط ثابت ہوتا ہے اگر احمر و آدم

Marfat.com

اور شعر ہذا بصیر میں کوفیین میں سے کس کے لئے موید ہے ؟

## جواب

قبلہ شعروں کا معنی کرنے سے فساد معلوم ہو جاتا ہے (معنی) اگر کوشش کرتا میں واسطے ادنیٰ معیشت کے کافی تھا مجھ کو تھوڑا سا مال اور طلب کرتا میں تھوڑے مال کی ۔ مطلب تو اس کا یہ ہے ۔ کہ جب ادنیٰ معیشت کی کوشش میں نے نہیں کی تو اس واسطے مجھے تھوڑا مال کافی نہیں ہے ۔ اب اس کے مطلب اور شعر کا معنی اس طرح کرنے میں فساد لازم آگیا ۔

نوح منصرف ہے اس واسطے کہ متحرک الاوسط نہیں ۔ اور عجمہ میں شرط ہے ۔ ہونے متحرک الاوسط کی

راقم ایک کیکا

المجیب مصیب والجواب عجیب لکنہٗ فی کل خمیس غریب

العبد المفتقر الی اللہ المدعو مہر علیشاہ بقلم خود

---

لایا مہندی خون اجل دی لے ایہ اج دی نہیں نہ ایہ کل دی اے
لے مہندی روز ازل دی اے
لے مہندی فاطمہ سین دی لے خون پاک شہید حسین دی لے
لے ہورا ندے نال تہ رلدی لے لایا مہندی خون اجل دی لے
نبی علی دا دتہ یگانہ مائی فاطمہ دا مال خزانہ

Marfat.com

دو شخص ہوتے تو ایک شخص کا سرخ رنگ اور دوسرے کا گندم گوں ہونا ناممکن اور غیر واقعی نہیں مانا جا سکتا تو پھر حلفی نفی کا کیا معنے۔ اس قدر تشدد اور تاکید بالحلف اُس صورت میں شایاں ہے کہ ایک ہی شخص کی نسبت حلیہ بیان کیا جاتا ہے۔ اور اُسی شخص کو ایک راوی احمر بتاتا ہے اور دوسرا آدم روایت کرتا ہے۔ اور راوی ثانی کو اجتماع بین الحلیتین فی شخص واحد غیر واقعی نظر آتا ہو۔ یا صرف روایت باللفظ اُس کا مقصود ہو۔ دراصل بات یہ ہے کہ مسیح ناصری وہی مسیح موعود ہے، اور فی الواقع دونو حدیثیں صحیح مانی جا سکتی ہیں۔ راوی ثانی کا مطلب اور مطمح نظر صرف روایت باللفظ ہے۔ نفیاً و اثباتاً مسیح علی نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام کی رنگت میں چونکہ سرخی و سپیدی ملی ہوئی تھی کما فی ابی داؤد وغیرہ (فاذا رایتموہ فاعرفوہ فانہ رجل مربوع الی الحمرۃ والبیاض الخ) ایسی رنگت والے کو اگر سرخ کہا جائے تو بھی اور اگر گندم گوں بتایا جائے تو بھی بجا ہے۔

رہا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا مسیح اور دجال دونوں کو بیت اللہ کا طواف کرتے ہوئے دیکھنا سو معلوم ہو کہ خیال منفصل اور عالم رؤیا میں عالم شہادت کے محالات ممکنات دکھائی دیتے ہیں ایسا ہی مجردات مجسم ہو کر۔ چنانچہ حق سبحانہ و تعالےٰ کا بروز حشر ایک صورت میں جلوہ گر ہونا جس کا مومنین انکار کریں گے۔ پھر دوسری صورت میں متجلی ہونے پر اقرار۔ ایسا ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا علم کو در صورت لبن

Marfat.com

نانے پاک دا پہن کے بانہ　　طرف مقتل دے تھیا روانہ
جنبش ہوئی زمین آسمانہ　　نالے عرش عظیم پئی ہلدی اے
لایا مہندی خون اجل دی اے

آکھے نبی علی تے فاطمہ زہرا　　فرزند حسین توں وہلا آ
سانوں سِک تیری ملیپل دی اے　　لایا مہندی خون اجل دی اے
شاہ تیری مہندی دا پتر ساوا　　کوفیاں کیتا رَل مِل دھاوا
اینویں لکھی ہوئی روزازل دی اے　　لایا مہندی خون اجل دی اے
شاہ تینڈی مہندی دا رنگ سوہا　　اُمت نوں ہے تیرا بوہا
ساری اُمت جلدی بلدی اے　　لایا مہندی خون اجل دی اے
شاہ تینڈی مہندی دا پتر پیلا　　سونپیوئی رب نوں خویش قبیلہ
تینوں پئی مصیبت کربل دی اے　　لایا مہندی خون اجل دی اے
شاہ تینڈی مہندی دا رنگ نرالا　　روندا تینوں عالم سارا
ساری خلقت تلیاں ملدی اے　　لایا مہندی خون اجل دی اے
ایہہ مہندی سوہنڑیں باغ دی اے　　ویطھر کم والی لاگ دی اے
ساری آل مہندی رل مل دی اے　　تاہیں ہوراں نال نہ رلدی اے
لایا مہندی خون اجل دی اے

ادھر پاک معصوم پیاسے ترسن　　پانی منگن مینہ تیر اندے برسن
ادھر تیغ حسین تے چلدی اے　　لایا مہندی خون اجل دی اے
رہنوں آہا ایہو بھاو سنڑاں　　رتبہ شہیدی تینوں دوانڑاں

Marfat.com

مشاہدہ فرمانا۔ اور نیز واضح رہے کہ ہر ایک شخص اپنے خیالات اور اعتقادات واعمال میں مرکز استعداد ذاتی اپنے کے ارد گرد گھومتا رہتا ہے یعنی اُن اسماء الٰہیہ کے دائرہ سے باہر نہیں جا سکتا۔ کہ جن اسماء کے لئے اُس کا عین ثابت فیض اقدس میں بغیر تخلل جعل مظہر قرار دیا گیا ہے۔ صدیقی عین ثابت (ھادی) اور ابوجہل کا عین ثابت (مضل) کے احاطہ سے باہر نہیں جا سکتا۔ ایسا ہی عیسیٰ علیٰ نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام کا عین ثابت اور دجال کا بھی۔ حدیث کا مطلب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مشاہدہ فرمایا کہ عیسیٰ ابن مریم اور دجال دونو اپنے اپنے بیت اللہ اسمائی کا طواف کر رہے ہیں۔ ایک یہدی من یشاء کے اظہار میں اور دوسرا یضل من یشاء کے اسباب میں سرگرم اور کمر بستہ رہے۔ ہادی اور مضل کا موصوف چونکہ ذات واحدہ ہے لہٰذا عالم رویا میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک ہی بیت اللہ مشہود ہوا۔ یہ ہے مطلب مسیح اور دجال دونوں کے طواف کرنے کا۔ واللہ اعلم وعلمہ اتم

دوسری حدیث جس میں دجال کی عدم رسائی بیت اللہ تک کا ذکر ہے وہ بھی صحیح و بجا ہے۔ ہمارا ایمان ہے کہ حسب ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم دجال کو عالم شہادت میں بیت اللہ تک رسائی نہ ہوگی۔

**جواب سوال نمبر ۲ و ۳۔** توفّی کا معنے موت نہیں بلکہ موت ایک نوع ہے معنی توفی کے انواع میں سے۔ توفی کا معنی قبض کر لینا، اٹھا لینا، پورا کر لینا، سولانا، دیکھو لسان العرب قاموس صراح وغیرہا سیف چشتیائی ملاحظہ ہو۔ پھر قبض کر لینا عام ہے۔ ایسا ہی اُٹھا لینا۔ اگر اس قبض و رفع

Marfat.com

نہیں تاں بھوڑا دیتھے کیہڑی گلدی اے — لایا مہندی خون اجل دی اے
سبحان اللہ تیرے رنگ الٰہی — دم مارن دی جا نہ کائی
اوہ سوہنی صورت فاطمہ جائی — اَج خاک وِچ پئی رلدی اے
زینب فاطمہ جائی سڑدی بلدی اے — لایا مہندی خون اجل دی اے
مہر علیشاہ ایہ جھوک فنادی — دائم قائم ذات خدا دی

تیری وسدی بھی پل چھلدی اے
لایا مہندی خون اجل دی اے

---

## مکتوب امیر قوام الدین

ہر کہ از یں نیست شین بود — عین اگر نیست نور عین بود

## جواب شیخ زین الدین

عین در پیش عین شین بود — زین اگر ہست بہیم این بود
شربت وحدت علی الاطلاق — کہ بود با قوام زین بود
مشرب موسوی اگرچہ علی است — در مشہود حبیب غین بود
راندن معرفت حجاب آرد — کشف اندر سکوت حین بود
وادی ایمنی قدم خواہی — در عدم شیر فرض عین بود

---

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
یا اول یا آخر یا ظاہر یا باطن یا من ہو بکل شئی علیم۔ صل وسلم وبارک ادم

Marfat.com

کا متعلق نفوس وارواح ہوں اور فاعل اللہ تعالےٰ تو اس کے لئے دو
صورتیں ہیں ایک موت دوسری نیند۔ پس موت ونیند معنی توفی کے لئے
جزئیات ومواد ٹھہرے چنانچہ آیت ذیل سے صاف ظاہر ہے (اللہ
یتوفی الانفس حین موتہا والتی لم تمت فی منامہا) یعنی قبض نفوس و
ارواح کی دو صورتیں ہیں ایک موت دوسری نیند اگر یتوفی کا معنی موت دینا اور
مارنے کا لیا جائے تو کلام الٰہی (معاذ اللہ) بالکل بے معنی ہو جاتا ہے کیونکہ
جب توفی کے مفہوم میں موت ہے تو پھر (حین موتہا) لغو ٹھہریگا اور
(والتی لم تمت) میں بوجہ عطف کے (الانفس) پر اجتماع ضدین (موت و
عدم موت) کا سامنا آئیگا وہو باطل۔ آیت کا مطلب یہ ہوا کہ قبض نفوس
کو دو صورتیں موت ونیند میں ہوتا ہے مگر درصورت موت نفس مقبوضہ
کو چھوڑا نہیں جاتا بخلاف حالت نیند کے کہ اس میں نفس مقبوضہ
کو اجل مسمّٰی ومیعاد معین تک چھوڑ دیا جاتا ہے۔ ساری آیت پڑھو
(اللہ یتوفی الانفس حین موتہا والتی لم تمت فی منامہا فیمسك
التی قضی علیہا الموت ویرسل الاخریٰ الی اجل مسمی) پس ثابت ہوا
کہ توفی کا معنے صرف قبض ہے اور مقبوض شدہ شے خواہ نفوس وارواح ہوں
اور پھر چھوڑے نہ جائیں۔ چنانچہ موت کی صورت میں یا پھر چھوڑ دیئے
جائیں چنانچہ بحالت نیند وبیداری۔ یا غیر نفوس ہوں۔ چنانچہ توفیت مالی
وغیرہ محاورات عرب کما فی لسان العرب وغیرہ ایسا ہی (متوفیك) اور
(فلما توفیتنی) خارج ہے موضوع لہ توفی سے کہ (المضاف اذا اخذ

Marfat.com

علی المظہر الاتم لاسمک الاعظم بالمومنین رؤف رحیم و علی آلہ وصحبہ الذین ہم من العلم حظ عظیم۔ بعد حمد و صلوٰۃ از بے ہیچ نیاز مند اہل اللہ مہر علیشاہ دعا و سلام مطالعہ نمایند۔ و آنکہ محبت نامہ مشتمل بر اظہار فرط اشتیاق اراکین انجمن نعمانیہ صانہ اللہ عن المحن والفتن۔ درباره حصول شرف جلسہ متبرکہ رسید لیکن قطع نظر از موانع دیگر کہ ہر یکے را بانفراده علی سبیل التناوب مدخلیت تام است در تعویق صرف داعیہ ذیل نصب العین در پیش نظر آمده وھو ھذا :-

غالباً دریں چنیں مجامع اشخاص مختلفۃ المشارب والاذواق ہم مے آیند کہ توافق او شان بر تصویب و تعظیم اہل اللہ خصوصاً قائلین بوحدۃ وجود رضی اللہ تعالے عنہم از ممتنعات عادیہ است و در اثنائے استماع تکلم مخالفانہ بباعث دیوانگیہائے عشقی کہ دعا گوئی را با حضرات شہبازان عالم قدس است سکوت متعذر۔ دم زدن ہم نامناسب کہ حرف از عالم عشقی بالا میرود ؎

ہرگز در پیش وکم نمے باید زد | از حد بیروں قدم نمے باید زد
عالم ہمہ مرآت جمال ازلی است | میباید دید و دم نمے باید زد

چشم دید احیب است کہ امسال در پیران کلیر شریف بوجہ ہمیں دیوانگی وقتیکہ یکے از فضلائے عصر بر حجۃ اللہ الی الخلق شیخ اکبر بتحویل جناب مولانا فضل حق مرحوم و تقلیدش معترض گشت تا بجدیکہ رشتہ سخن معاذ اللہ بہ تکفیر رسانیده۔

Marfat.com

من حیث انہ مضاف یکون التقیید داخلا والقید خارجا) قاعدہ مسلمہ ہے۔

فرض کیا کہ زید مر گیا اور عمرو سو رہا ہے اور دونوں کے متعلقین نے بعد مر جانے زید کے اور سو جانے عمرو کے ارتکاب جرائم اعتقادی و عملی کرنا شروع کیا زید و عمرو دونوں سے سوال کرنے میں ایک ہی عبارت کا استعمال بحسب شہادت آیۃ مذکورہ بالا (اللّٰہ یتوفی الا نفس) کیا جا سکتا ہے مثلاً (أ انتما قلتما ان یعتقدوا ویعملوا کذا وکذا) بجواب اس کے دونوں کہہ سکتے ہیں کہ (ما کان ان نقول لھم کذا کذا الا ما امرتنا وکنا علیھم شھیدین ما دمنا فیھم فلما توفیتنا کنت انت الرقیب علیھم وانت علی کل شیئ شھید) یعنی برخلاف ارشاد الٰہی ان کو کہنا ہم کو شایاں نہیں تھا۔ ہم جب تک ان میں موجود تھے ان کو ہدایت کرتے رہے اور فرمان خداوندی پہنچاتے رہے۔ پھر جب تو نے ہمارے ارواح کو قبض کر لیا اور اٹھا لیا پھر تو ان پر نگہبان تھا بشہادت آیۃ مسطورہ بالا و کتب لغت (لسان العرب۔ قاموس صراح) توفی کا معنی قبض و رفع کا ٹھہرا اور موت و نیند انواع و اقسام ٹھہرے معنی قبض کے لئے اور مسلمہ قاعدہ ہے کہ استعمال کلی کا جزئی میں مجاز ہے نہ حقیقت لہٰذا اہل لغت نے موت کو معنی مجازی ٹھہرایا ہے توفی کے لئے سیف چشتیائی ملاحظہ ہو۔ ایسا ہی آنحضرت صلی اللّٰہ علیہ وسلم اور مسیح ابن مریم علیہما السلام بجواب سوال مذکور لفظ فلما توفیتنی استعمال

Marfat.com

## حاصل اعتراض

ایں بود کہ صاحب فصوص چونکہ در فص حقی خواب سیدنا ابراہیمؑ را تغلیط کردہ واز قبیل وہم شمردہ پس فصوص چگونہ قابل اعتبار ماند کہ او ہم حسب بیان شیخ از آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم در عالم رویا بحضرت شیخ رسیدہ انتہی - ۱۲

منشائے ایں چنیں شکوک واعتراضات بر کلام ایں چنیں حضرات بغیر از پے نہ بردن بسراغ مراد وجہالت چیزے نیست -

## جواب اعتراض مذکور

عرض کردم کہ مقصود حضرت شیخ رضی اللہ تعالےٰ عنہ دریں فص توزیع وتقسیم رویاست یعنی بعض ازاںہا تعبیر طلب میباشند مثل نوشیدن آنحضرت صلی اللہ علیہ والہ وسلم شیر را در خواب ودادن بقیۂ آں بعمر رضی اللہ عنہ کہ تعبیر فرمودند شیر را بعلم وبعضی تعبیر طلب نمے باشند بلکہ آنچہ در خواب دیدہ میشود بعینہٖ در خارج متحقق میگردد - مثلاً کسے در شب دوشنبہ بعالم رویا بیند کہ فاضل در گولڑہ آمدہ است ودر خارج بروز دوشنبہ ہماں فاضل موجود آید - سیدنا ابراہیم علیٰ نبینا وعلیہ السلام در خواب دید کہ فرزند خود را یعنی اسمٰعیل بقول جمہور (واسحاق علیہما السلام عند الشیخ) ذبح میکند حالانکہ در خارج ذبح فرزند متحقق نگشتہ - بلکہ ذبح گوسفند لہٰذا ایں خواب از قسم اول یعنی تعبیر طلب است بلکہ ذبح گوسفند بصورت ذبح فرزند در عالم رویا دیدہ شد وغلطی ووہم ابراہیمی اینجا ہمین است کہ او شان خواب را از قسم ثانی یعنی عینی فہمیدند لہٰذا بر ذبح

Marfat.com

فرما سکتے ہیں یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم باین معنی پھر جب قبض کر لیا تو نے روح میرا اور مسیح علی نبینا و علیہ السلام پھر جب قبض کر لیا تو نے مجھ کو یعنی میرے جسم کو مع الروح پکڑ لیا اور اُٹھا لیا۔ وجہ اس کی وہی ہے کہ توفی کا معنی مطلق قبض و رفع کا ہے اور شئی مقبوض و مرفوع اس کے معنے سے خارج ہے۔ جملہ توفی اللہ زیداً۔ کو تینوں صورتوں میں بول سکتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے زید کو مار دیا یعنی اس کی روح کو قبض کرنے کے بعد نہ چھوڑا یا اللہ تعالیٰ نے زید کو سلایا یعنی اس کی روح کو بعد القبض چھوڑ دیا۔ یا اللہ تعالیٰ نے زید کو بالکلیہ (جسم مع الروح) قبض کر لیا اور اُٹھا لیا۔ تیسری صورت محل نزاع ہے اور پہلی دو صورتیں آیۃ (اللہ یتوفی الانفس) سے صراحۃً ثابت ہیں۔ بلکہ اس آیت میں یتوفی کے معنی میں غور کرنے پر یہ اشکال جاتا رہتا ہے کہ جسم مع الروح کا اُٹھا لینا جملہ مذکورہ سے کیسے مراد ہو سکتا ہے۔

حالانکہ محاورہ قرآنیہ میں جس جگہ توفی کا فاعل اللہ تعالیٰ ہو وہاں معنے موت ہی مراد ہے۔ کیونکہ مطلق قبض و رفع توفی کا معنے ہے نہ خاص موت ہی۔

جو لفظ کہ معنی کلی (مطلق رفع و قبض) کے لئے موضوع بشہادت لغت و قرآن کریم ہے اُس لفظ (توفی) کو ایک اُس معنے کی جزئی کیلئے موضوع سمجھ لینا مثلاً لفظ انسان کو خاص زید کے لئے موضوع قرار دے لینا سراسر جہالت ہے۔

Marfat.com

فرزند آمادہ گشتند وہمیں است رائے مفسرین وعلمائے ظاہر بدلیل قولہ تعالیٰ وفدیناہ بذبح عظیم یعنی بدل وعوض فرزندش ذبح گوسفند نمودیم۔ وحضرت شیخ قدس سرہ میفرمایند کہ اطلاق وفدیناہ این جا برعایت فہم وشان ابراہیمی است میگوید۔ محرر سطور عفی عنہ کہ حضرت شیخ درامثال تفسیرات کذائیہ تابع کشف وشہود خود اند و ماموربابراز مکشوف ومشہود خود۔

والمامور معذور۔ ودر ذہن این بے ہیچ وجہ وجیہ برائے تفسیر حضرت شیخ آنکہ از مسلمات است کہ رؤیا الانبیاء وحی یعنی خواب پیغمبران از قسم وحی است ودر وحی امکان خطا ومجال توہم نے آرے خطا فی التعبیر منافی نیست بشان نبوت چہ تعبیر از قبیل وحی نیست۔ بلکہ منشائش اجتہاد است وھو قد یخطی وقد یصیب چنانچہ حدیث فذھب وھلی انہا الیمامۃ وارادہ مکہ معظمہ بعد رویت دخول درمسجد حرام وامثالہا شاہد اند براں نعم بقا علی الخطا مطلقا منافی شان نبوت است۔ پس بر تقدیر مکشوف ومشہود حضرت شیخ خطا فی الوحی لازم نمے آید۔ بلکہ خطا فی الاجتہاد یعنی تعبیر مے را عیبی شمردن ولا شائبۃ فیہ بخلاف زعم مخالف کہ درآں صورت خطا درخواب پیغمبر منصور مے شود کہ بوجہ لزوم خطا فی الوحی ناممکن است این است مطلب حضرت شیخ اکبر قدس سرہ الاطہر۔ حالا مے آیم بسر اصل مطلب ودفع اعتراض دیدن صاحب فصوص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم را درعالم رویا کہ نسخہ فصوص بایشان عطا فرمودند۔ کما ذکر فی اول الفصوص از قسم عینی است تعبیر طلب نیست چہ وقوعش برحسب رویت متاہی گشتہ وقوع کذائی دلیل است

سطحی فرقہ کو دہوکا لگنے کی وجہ علاوہ قلت مبلغ علمی کے یہ بھی ہے
کہ معنے کلی توفی کے جزئیات و مواد میں سے موت والا مادہ فی الواقع
بھی بہت ہے اور قرآن کریم میں بھی بکثرت وارد ہوا ہے یہاں تک کہ اس
کثرت کی وجہ سے عوام نے موت کو معنے حقیقی توفی کے لئے سمجھ رکھا
ہے۔ مگر اہل تحقیق و اہل بصیرت کی نظر واقعات پر ہوتی ہے یعنی وہ
لوگ مثلاً دیکھتے ہیں کہ گو قرآن کریم ہی میں خلقت انسان نطفہ سے
بتائی گئی ہے اور اس کے نظائر و جزئیات کے لئے اس قدر وسعت و
فراخی ہے کہ شمار میں نہیں آسکتے۔ اور (انا خلقناہ من نطفۃ) اور
ایسا ہی (خلق من ماءٍ دافقٍ یخرج بین الصلب والترائب)
بھی کثرت مذکورہ پر شاہد ہیں۔ مگر اس سے ہرگز ہرگز یہ نتیجہ نہیں نکلتا
کہ لفظ خلق کا معنی یہی قرار دیا جائے کہ نطفہ سے پیدا کرنا بلکہ معنی خلق کا
مطلق پیدا کرنا ہے خواہ نطفہ والدین سے ہو چنانچہ کثیر الوقوع ہے یا صرف
نطفہ والدہ سے چنانچہ مسیح ابن مریم یا جسم انسانی کے پہلو سے چنانچہ حوا
علیہا السلام یا مٹی سے چنانچہ آدم علی نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام لہٰذا
توفی کا معنے صرف موت بشہادت کثرۃ نظائر قرآنیہ سمجھ لیا گیا ہے
یہاں پر بالطبع سوال ذیل پیدا ہوتا ہے کہ انا خلقناہ من نطفۃ یا خلق
من ماءٍ دافقٍ یخرج من بین الصلب والترائب کے عموم سے نصوص
قرآنیہ مثلاً (خلقہٗ من تراب) اور (ان مثل عیسیٰ عند اللہ الخ) آدم و
عیسیٰ علی نبینا و علیہما السلام کو استثناء کنندہ موجود ہیں۔ اور عیسیٰ علی نبینا

Marfat.com

بر صدق و راستی خواب درحق ہر کسے عموماً اما درحق متبعان صاحب وحی و ارباب تقویٰ پس بدلیل قولہ تعالیٰ ان تتقوا اللہ یجعل لکم فرقانا وقولہ تعالیٰ ادعوا الی اللہ علیٰ بصیرۃ انا ومن اتبعنی بصیرۃً وفارقاً بین الحق والباطل وعلامات عطا نمودہ میشوند کہ بآنہا فی ما یجری علیہم فی النوم والیقظۃ امتیاز تام در خاطر ربانی وملکی ونفسی وشیطانی مینمایند وکسانے را از مستفیدان اوشان کہ بآں درجات و حالات رسیدہ اند اشتباہے نماندہ وکسیکہ از نارسائی بآں مقامات عالیہ استبعاد آں مے نماید از جہل خود معذور است۔ اما ہر مدعی صاحب ہوا سزاوار آں نیست کہ بایں صاحب دولتان لاف ہمسری زند و خطا فی التعبیر سپر اغلوطات مکاشفات و پیشگوئی ہائے خود بر وقت ظہور خلافِ آنہا ساختہ کار پاکاں را قیاس از خود گیرد۔

چہ بقا علی الخطاء گو در تعبیر باشد بمراحل از مقام صاحب وحی ومتبعان آن بعید است چنانچہ بعضے از متنبیان زمانہ حال مکاشفہ نبویۃ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام نزول مسیح ابن مریم را از قبیل خطا فی التعبیر زعم کردہ اند چہ دریں صورت بقائے معصوم بر خطا الی الموت لازم مے آید وآں منافی است معصومیت اورا۔ الحاصل دعوئے ایں ہا نے باید پس شخصیکہ واقعات سوانح عمری او ہمہ مخالف پیشگوئی ہائے او باشند چہ گونہ در زمرۂ صدیقاں شمردہ میشود بلکہ واقعات کذائیہ او بہیئت مجموعی وافرادی براہین اند بر خلاف مدعائش ایں قدر کہ گفتم کافی است در دفع اعتراض بر حضرت شیخ قدس سرہ وحسن

Marfat.com

علیہ السلام کو کونسی نص قرآنی کثیرۃ الوقوع جزئیات و مواد سے مستثنی کرتی ہے۔ جواب:۔ آیت وما قتلوہ یقینا بل رفعہ اللہ الیہ نص قطعی ہے۔ عیسیٰ بن مریم علی نبینا و علیہ السلام کے بتمامہ و زندہ اٹھائے جانے پر۔ سوال:۔ بل رفعہ اللہ الیہ سے مراد رفع درجات و اعزاز ہے کما قال سبحانہ و رفع بعضہم فوق بعض درجات نہ یہ کہ اللہ تعالےٰ نے مسیح ابن مریم علی نبینا و علیہ السلام کو زندہ اٹھا لیا۔ جواب:۔ بل رفعہ اللہ الیہ سے رفع درجات مراد لینا بالکل مخالف ہے سیاق کلام الٰہی کے۔ اس لئے کہ ماقبل میں قول یہود کا ذکر ہے کہ انا قتلنا المسیح عیسیٰ بن مریم رسول اللہ۔ یعنی یہود کا یہ خیال تھا کہ ہم نے مسیح علی نبینا و علیہ السلام کو بذریعہ صلیب مار ڈالا جسکی تردید میں اللہ تعالےٰ فرماتا ہے نہ مسیح کا بذریعہ صلیب قتل کرنا یہ محض یہود کا غیر واقعی زعم ہے۔ انہوں نے مسیح علی نبینا و علیہ السلام کو قتل نہیں کیا تھا۔ بلکہ اللہ تعالےٰ نے اس کو اٹھا لیا یعنی مسیح کو ان کے ہاتھ سے بچا لیا۔ چنانچہ دوسری جگہ فرماتا ہے واذ کففت بنی اسرائیل عنک یعنی اے مسیح منجملہ ہمارے انعامات و احسانات کے جو تجھ پر ہم نے کئے ہیں۔ اور جن کا ذکر ماقبل میں ہے مثلاً احیاء موتےٰ و ابراء اکمہ و تائید بروح القدس ایک یہ بھی احسان ہے کہ ہم نے تم کو یہود کے ہاتھ سے بچا لیا۔ اور ظاہر ہے کہ یہ تردید اسی صورت میں تردید ماقبل یعنی قول یہود کی ہو سکتی ہے کہ رفعہ اللہ الیہ سے رفع جسمانی لیا جائے یعنی اللہ تعالےٰ نے

Marfat.com

ظن بہ تصریحاتش در حق عوام اما خواص او شاں را باعتقاد حصول مقامات و مشاہدات مرۃ بعد مرۃ اشتباہے نمے ماند۔ والسلام

لہٰذا فصوص از مغتنمات و موہبات است نہ از قبیل مرئیات اضغاث احلام واز ما قبل بفہم آمدہ باشد کہ حضرت شیخ خواب ابراہیمی را غلط و مشوب بالوہم نفرمودہ حتی یلزم علیہ ما زعم المعترض بل انعکس الامر فعلیہ الجواب من جانب الجمہور بلکہ خطا فی الاجتہاد بزعم التعبیر عینا تصریح نمودہ واین ہذا من ذالک این است بعض از وجوہ عدم حضور جسیمی۔

برخوردارا۔ ازیں جا دانستہ باشی کہ فاضلیت واقعیہ آساں نیست ؎

اے دل بہوس بسر کارے نرسی | تا غم نخوری بغمگسارے نرسی
تا شانہ صفت سر نہ نہی در تہ ارہ | ہرگز بسرے زلف نگارے نرسی

و برائے حصول علم اہل اللہ بمدارج ازیں کہ گفتم جد و جہد باید نمود ؎

خون نابۂ دل خور کہ شرابے بہ ازیں نیست | دندان بجگر زن کہ کبابے بہ ازیں نیست
در کشتر دہدایہ نتواں یافت خدا را | در صفحۂ دل بیں کہ کتابے بہ ازیں نیست

اَللّٰھُمَّ وفق اھل النعمانیۃ من المعلمین والمتعلمین والمعاونین لما تحب وترضی واجعل آخرتھم خیراً من الاولیٰ فانہ لاحول ولا قوۃ الا بک وصل وسلم علی خیر رسلک والحمد للہ رب العالمین ٥

(داعی مہر علیشاہ از گولڑہ بقلم خود)

Marfat.com

مسیح کے جسم کو اُٹھالیا اور یہود کے پنجہ سے بچالیا کما قال واذ کففت بنی اسرائیل عنک اور نیز درصورت رفع درجات واعزاز کلمہ بل کے ماقبل اور مابعد یعنی قتل و رفع میں علاوہ مخالفت سیاق کلام کے تضاد بھی نہیں پایا جاتا جو کہ قصر قلب کا مفاد ہوتا ہے. چنانچہ کہا جاتا ہے. ما اھنت زیدا بل اکرمتہ میں نے زید کی اہانت نہیں کی بلکہ اس پر اکرام کیا ہے اور اس کو عزت بخشی ہے۔ اہانت اور اکرام میں تضاد ہے دونوں جمع نہیں ہوسکتے ایسا ہی قتل اور رفع کا بھی اجتماع نہ چاہیئے۔ قتل جسمی اور رفع جسمی میں تو بیشک تضاد اور عدم اجتماع ہے اور قتل جسمی اور رفع درجات میں تضاد نہیں کیونکہ جو شخص بے گناہ مقتول و شہید ہو اس کے لئے رفع درجات بھی ہوتا ہے لہٰذا (رفعہ اللہ الیہ) سے رفع جسمی مراد ہے نہ رفع درجات

**سوال**۔ قتل صلیبی چونکہ حسب تصریح توراۃ موجب لعن وملعونیت ہے لہٰذا ذکر ملزوم وارادہ لازم کے طریق پر گویا کلام مذکور بمنزلہ وما کان ملعونا بل رفعہ اللہ الیہ کے ٹھہرا اور ملعونیت اور رفع درجات روحی کے مابین تضاد ہے۔ دونوں باہم جمع نہیں ہوسکتے۔ **جواب**۔ مقتول صلیبی کا مستوجب لعن ہونا اسی صورت میں ہے جبکہ مقتول مرتکب جرم ہو۔ ورنہ درصورت غیر مجرم ہونے کے مستحق اعزاز واکرام ہوتا ہے۔ دیکھو نور لمتہ کتاب استثنا ا ٓیتہ ۲۲ اور ۲۳ میں اس امر کی تصریح کردی گئی ہے جس کو ہم سیف چشتیائی میں توراۃ سے بعبارتہ نقل کرچکے ہیں اس وقت قلم برداشتہ میں لکھ رہا ہوں کوئی کتاب سامنے نہیں آیتہ بل رفعہ اللہ الیہ میں تحقق ہے اس

Marfat.com

مہربان من جناب مولوی محمد عالم صاحب حفظکم اللہ

بعد دعا و سلام آنکہ۔ آپ کی بیماری میں جو کچھ تشویش گذری ہے۔ خدا شاہد حال ہے۔ مگر الحمد للہ کہ آج بذریعہ تحریرات متواترہ جناب کی شفایابی کی خبر پہنچی۔ اللّٰھمّ لک الحمد والیک المشتکی وانت المستعان ولاحول ولا قوۃ الا بک والسلام۔

(العبد الملتجی الی اللہ المدعو بمہر علیشاہ بقلم خود از گولڑہ)

---

# چند اشعار

ما از میانِ خلق کنارے گرفتہ ایم
واندر کنارِ خویش نگارے گرفتہ ایم

دامن نخست بر ہمہ عالم فشاندہ ایم
وانگہ بصدق دامن یارے گرفتہ ایم

پرواہ نمے کند دلِ شیدا بہر کسے
از صدق دست قطب مدارے گرفتہ ایم

طی سماء و ارض بگوشہ نہادہ ایم
بر یاد کوئے دوست قرارے گرفتہ ایم

---

مزاجش عکس آں گلفام کردند
بر آں صورت جہاں را رام کردند

نخستیں بادہ کاندر جام کردند
ز چشم مست ساقی وام کردند

ہمہ آنکہ غیرش نیست موجود
ز خود آغاز و ہم انجام کردند

---

گفت گفت اندر نماند گفت آں ماند کجا
چونکہ خود عاشق نماند گفت آں ماند کجا

Marfat.com

وعدہ کا جو آیۃ (انی متوفیک ورافعک الی الخ) میں دیا گیا تھا

خلاصہ کلام یہ ہے کہ آیۃ (بل رفعہ اللہ الیہ) نص قطعی ہے رفع جسمی و حیات مسیح پر اور تحقق ہے اس وعدہ کے لئے جو کہ (متوفیک) و (رافعک دونوں سے کیا گیا ہے اور (فلما توفیتنی) میں وہی مطلق رفع مراد ہے یعنی درجواب سوال خداوندی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم و مسیح علے نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام دونوں اسی (توفیتنی) کو استعمال فرمائیں گے۔ چنانچہ اوپر لکھ چکا ہوں۔ پس ثابت ہوا کہ (انی متوفیک) اور (فلما توفیتنی) اور (بل رفعہ اللہ الیہ) میں رفع جسم والروح مراد ہے۔ واضح ہو کہ ابن عباس بخاری رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا مذہب حیات مسیح کا ہے۔ چنانچہ مرویات ابن عباس مندرجہ تفسیر درمنثور و کتب احادیث اور تراجم بخاری سے ظاہر ہے

اور حدیث برمثلا وصی عیسیٰ ابن مریم سے بھی کل صحابہ علیہم الرضوان کا اجماعی عقیدہ ثابت ہوتا ہے۔ سیف چشتیائی ملاحظہ ہو۔ لہٰذا قول ابن عباس متوفیک ممیتک مندرجہ بخاری سے یہ ثابت نہیں ہو سکتا کہ ان کا مذہب برخلاف عقیدہ اجماعی کے ہو ممکن ہے کہ متوفیک کا معنے ممیتک امتحاناً فرما دیا ہو۔ چنانچہ آپ (ابن عباسؓ) مباحثات یومیہ میں جو فیما بین صحابہ آیات قرآنیہ کے متعلق ہوا کرتے تھے اثناء تقریر میں مسح علی الرجلین کو مدلل طور پر امتحاناً بپایہ ثبوت پہنچاتے تھے۔ حالانکہ مذہب ان کا غسل رجلین کا ہے۔ اور نیز یہ روایت معارض ہے۔ دوسری روایات ابن عباس سے جن کو درمنثور وغیرہ نے باسانید صحیحہ ذکر کیا ہے۔

Marfat.com

وہ منہ کو پھیر کے عذرِ وصال کرتے ہیں　　پھر ہم ہی کو اُلٹی چھُری سے حلال کرتے ہیں

---

ما بوئے پیرہن را درجاں ذخیرہ داریم　　شاید ز مصر نایدہر روز کاروانے

---

حضور انور نے سیٹھ میاں عبدالرحیم مرحوم کی تربت پر شعر ذیل فرمایا تھا ؎

جس نے نہ دیکھی ہو شفقِ حُسن کی بہار　　آکر مرے شہید کو دیکھے کفن کے بیچ

---

مخلصی محمد حسین حفظک اللہ تعالےٰ

بعد سلام آنکہ کام بھی کرا کرو۔ اور وظائف بھی بدستور۔ والسّلام۔

(دعا گوی مہر علیشاہ بقلم خود از گولڑہ)

---

مخلصی محمد حسین حفظک اللہ تعالےٰ

بعد سلام و دُعا آنکہ۔ خط تمہارا ملاحظہ سے گذرا دُعا ہے کہ اللہ تعالےٰ مصائب سے محفوظ فرما کر اپنی طرف متوجہ رکھے۔ والسلام۔

(دُعاگو مہر علیشاہ بقلم خود از گولڑہ)

---

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت شیخ رضی اللہ عنہ فتوحات کے ۲۸۶ باب میں فرماتے ہیں:۔

(جب میں داخل ہُوا۔ اس منزل میں تجلّی ہوئی میرے لئے اس نور

Marfat.com

**جواب سوال نمبر ۴**:- آیت (وان من اھل الکتاب الا لیؤمنن به قبل موته) مسیح موعود کے وقت جتنے اہل کتاب ہونگے وہ سب مسیح کی موت کے پہلے اُس پر ایمان لاوینگے مرزائیوں کے اس پر اعتراضات (۱) یہ معنے مخالف ہے آیۃ (وجاعل الذین اتبعوك فوق الذین کفروا الی یوم القیامۃ) سے کیونکہ اس آیت سے صاف ظاہر ہے کہ کافر قیامت تک رہیں گے پھر مسیح کے وقت کس طرح سب مومن ہو جائینگے۔

(۱) **الجواب**:- قیامت تک غالب رہنے کا معنی مدت دراز تک تا قریب قیامت غالب رہنے کا ہے نہ یہ کہ شروع یوم حشر تک عرصہ دراز سے قرآن کریم میں تعبیر نہ صرف (الی یوم القیامۃ) کے ساتھ کی گئی ہے بلکہ اس معنے کو (خالدین) کے ساتھ بھی تعبیر کیا گیا ہے۔ دیکھو (خالدین فیھا مادامت السموات والارض الا ماشاء ربك) حالانکہ مدت دوام آسمان وزمین دنیویہ معدود اور متناہی ہے نہ بطریق خلود۔ اہل عرب کا محاورہ ہے کہتے ہیں (لا آتیك مادامت السموات والارض وما اختلف اللیل والنھار) اور مطلب یہ ہوتا ہے کہ میں جب تک زندہ ہوں تیرے پاس نہ آؤں گا۔ اس سے اگر کوئی یہ سمجھ لے کہ قائل لا آتیك تا مدت بقاء آسمان وزمین اور تا تعاقب لیل ونہار زندہ رہے گا تو یہ حماقت ہے۔ جس کا منشاء بغیر از جہالت اور نہیں اسی تقریر سے مطلب آیۃ (والقینا بینھم العداوۃ والبغضاء الی یوم القیامۃ) کا بھی معلوم ہو سکتا ہے

Marfat.com

میں جس کے لئے شعاع نہیں۔ پس دیکھا میں نے اس کو اور اپنے نفس کو اور دیکھا میں نے سب اشیاء کو اپنے نفس کے ساتھ) اس کے بعد لکھتے ہیں۔ (پس دیکھا میں نے اس مشہد عظیم حسی اور صوری کو نہ عقلی اور معنوی کو پس ظاہر ہوا میرے لئے اس تجلی میں چھوٹی چیز میں بڑی چیز کا سما جانا۔ بغیر اس کے کہ چھوٹی چیز کو بڑا اور کشادہ کیا جائے۔ اور بغیر اس کے کہ بڑی اور کشادہ چیز کو چھوٹا یا تنگ کیا جائے۔ بلکہ مثلاً اونٹ کا سما جانا۔ سوزن کے سوراخ میں یہ مشاہدہ کے ساتھ ہوا۔ نہ ساتھ صرف خیال کے۔ والسلام۔

(العبد الملتجی والمشتکی الی اللہ المدعو مہر علیشاہ بقلم خود از گولڑہ)

---

مخلصی محمد حسین حفظک اللہ تعالےٰ

بعد سلام آنکہ دُعا ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ جانبین کو مکروہات زمانہ سے محفوظ فرما کر اپنی طرف متوجہ رکھے۔ والسلام۔

(دُعا گو مہر علیشاہ بقلم خود از گولڑہ)

---

۲۳ رمضان بروز شنبہ

اخلاص نشان محمد حسین حفظک اللہ تعالیٰ

بعد سلام آنکہ خط تمہارا ملاحظہ سے گذرا دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ تم کو صحت و توفیق طاعت اور قرض سے نجات فرماوے۔ والسلام۔

(دُعا گوے مہر علیشاہ بقلم خود از گولڑہ)

Marfat.com

رہی آیت (ولوشاء لهدٰکم اجمعین) سو اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر اللہ تعالے چاہتا تم سب کو رہ راست پر کر دیتا مگر ایسا نہیں چاہا یعنی کسی کو کافر کسی کو مومن بنایا۔ اس سے یہ نہیں پایا جاتا اگر مثلاً خطہ عرب کے سارے موجودہ لوگ مشرف بالایمان بعد از کفر و شرک ہو جائیں چنانچہ ایسا ہوا ہے تو یہ امر آیت لوشاء لهدٰکم سے برخلاف ہو گا۔ ایسا ہی کسی شہر یا کسی ملک یا روئے زمین کے باشندے مختلف المذاہب اگر مسلمان ہو جائیں تو آیتہ مذکورہ کی مخالفت نہیں۔ ایسا ہی مسیح علی نبینا و علیہ السلام کے وقت موجودہ لوگ جو قتل و ہلاکت سے بچ رہے ہوں سارے ہی مسلمان ہو جائیں تو ہو سکتا ہے۔

دجال کے ستر ہزار یہود اگر بغیر ایمان لانے کے مر جائیں تو اس سے اس کلیہ میں جو مدلول آیت (وان من اهل الکتاب الخ) کا ہے کوئی خلل نہیں آتا کیونکہ (لیؤمنن) قضیہ موجبہ ہے اور صدق ایجاب وجود موضوع کا مقتضی ہوتا ہے پس محکوم علیہا وہ افراد ہونگے جو کہ قتل و ہلاکت سے بچ جائینگے۔ مثلاً اگر کہا جائے عرب میں سب لوگ مسلمان رہینگے یا ہونگے تو اس کا یہ مطلب ہو گا کہ بعد جہاد و مقابلہ جو بچ رہیں گے وہ مسلمان ہی ہوں گے (صدق الایجاب یقتضی وجود الموضوع) قضیہ مسلمہ ہے۔

یہ خیال کرنا کہ جب بعہد مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمام اہل کتاب مسلمان نہیں ہوئے تو پھر مسیح کے زمانہ کو کیا خصوصیت ہے بالکل بے جا اور جہالت ہے۔

Marfat.com

مخلصی محمد حسین حفظک اللہ تعالیٰ

بعد سلام آنکہ۔ خط تمہارا ملا۔ کیفیت معلوم ہوئی۔ تنگدستی و فراخ دستی بحسب (اِنَّ مع العُسرِ یُسراً اِنَّ مع العُسرِ یُسراً) انسان پہ وارد رہتی ہے گھبرانا نہ چاہیئے اور خدائے لم یزل و لایزال پہ کامل اُمید رکھنی چاہیئے اور ہر حال میں اس کا شکریہ واجب ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالےٰ آں مخلص کو مصائب سے نجات بخشے۔ والسلام۔

(مہر علیشاہ بقلم خود از گولڑہ)

---

# غزل فارسی

صبا ز طرۂ شبرنگ مہوشے طناز
کشود نافۂ مشکیں بروئے اہلِ نیاز

کیم گدائے در مفلسی و کوتہ دست
کجا ایں غالیہ عطری و قصہ ہائے دراز

توئی کہ ذرہ صفت را بآسماں بُردی
چگونہ شکر تو گوید کمینہ بندہ نواز

غرض ادائے نیاز است ورنہ حاجت نیست
کمال حشمتِ محمود را بعجز ایاز

چو فیض اقدس سطار فیض تقدیس است
مرا چہ غم ز رقیبانِ دیر و حانِ مجاز

رہین ساقیٔ چشمم کہ جرعہ بچشاند
ز جام چہرۂ ترکاں مہوشان حجاز

بہ بزم بادہ فروشان بہ نیم جو نخرند
متاعِ زاہدِ طامع چہ حج و صوم و نماز

مرا ز پیرِ مغاں رازہائے سربستہ است
فغاں ز واعظِ خود بیں کجا است محرمِ راز

اگرچہ حسن تو از مہر غیر مستغنی است
من آں نیم کہ ز ایمانِ خویش آیم باز

Marfat.com

اگر کوئی کہے کہ اہل فارس وروم وغیرہ بعہد نبوی مشرف باسلام نہیں ہوئے تو بعہد خلیفہ اوّل یا ثانی یا ثالث یا رابع یا بعہد خلیفہ آخری (مہدی موعود) کیسے مسلمان ہوسکتے ہیں۔ تو ایسے قائل کو جواباً یہی کہا جائیگا۔ کہ خلفاء علیہم الرضوان کی کارروائی چونکہ تاسیس نبوی کی ترقی ہے اوس بنیاد ڈالی ہوئی کی تعمیر ہے۔ لہٰذا بعینہٖ نبوی کارروائی کہلانے کا استحقاق رکھتی ہے بلکہ پیشین گوئی آیت (لیظھرہ علی الدین کلہ) والی آخری خلیفہ نبوی کے زمانہ میں بروقت نزول مسیح متحقق ہوگی چنانچہ وعدہ فتوح بلاد شام مندرجۂ سفر توراۃ موسوی زمانہ میں ظہور میں نہیں آیا تھا بلکہ بعہد یوشع خلیفہ موسے علی نبینا وعلیہما السلام متحقق ہوا۔ ایسا ہی وعدہ لیظھرہ علی الدین کلہ بعہد خلیفہ آخری بروقت نزول عیسٰی علی نبینا وعلیہ السلام ظہور میں آئیگا۔ اور یہ سب کمال نبوی ہوگا صلی اللہ علیہ وسلم۔

**جواب سوال نمبر ۵۔** انکار معجزات مرزا اور مرزائیوں سے کوئی نئی بات نہیں فلاسفہ اور معتزلہ ان سے پہلے منکر چلے آئے ہیں اور اہل السنت اپنے تفاسیر ومولفات میں جابجا مع مالہا وما علیہا ان کا ذکر کرتے رہے ہیں۔ آیات خمسہ ذیل میں (۱) وحرامٌ علی قریۃ اھلکنا ھا انھم لا یرجعون (۲) الم یروا کم اھلکنا قبلھم من القرون انھم الیھم لا یرجعون (۳) حتیٰ اذا جاء احدھم الموت الخ (۴) اللہ یتوفی الانفس الخ (۵) ثم انکم بعد ذٰلک لمیتون الخ بیان ہے اکثریہ کا اور

Marfat.com

# اُردو اشعار

خدائی جلوہ دکھلا کر پیارے — بتوں سے سجدہ کروایا تو ہوتا
پڑے ہیں دیے سے کوچہ میں تیرے — کبھی ٹھوکر سے جھنجلایا تو ہوتا
رسیلی آنکھ کے مارے پڑے ہیں — مسیحیت کو دکھلایا تو ہوتا
کیا کچھ کم کیا نوکِ مژہ نے — بھنواں کے بل کو سمجھایا تو ہوتا
جگر میں تیر مژگاں رہنے دیجو — رفوگر پاس بلوایا تو ہوتا
شبِ دیجور فرقت ختم ہوتی — کبھی زلفوں کو سرکایا تو ہوتا
غریق بحرِ ہجراں مہر شاہ کو — مدینے جلد بلوایا تو ہوتا

---

نہ پوچھا ہم سے کیسے ہو کیا ہے — غریبوں کا وہی مالک خدا ہے
فیض عالم کیا اگر ہو فضل دین بھی — سبھی رملِ سنو حکم قضا ہے
جلانا ہم کو ان کو شاد رکھنا — مقدر کا یہی پہنا لکھا ہے
کیا ہوتا اگر اک بار لکھتے — ہمارے ہجر میں کیا کچھ مزا ہے
ہم ہی سے پوچھتے کہدیتے سبھی — تمہارا ہجر کیا مہلک بلا ہے
رقیبوں کو جتانا تھا فلاں پر — ہمارے ساتھ کیا کچھ ہو رہا ہے
یہی لو لگ رہی ہے رات دن میں — پیارا کیوں ہوا ہم سے جدا ہے

شبِ دیجور کیونکر ختم ہووے
رُخِ تابان پہ زلفِ دوتا ہے

---

Marfat.com

انتفاء امر طبعی کا یعنی موتے بحسب الطبع رجوع کو نہیں چاہتے کما قال (لا یرجعون) اس سے یہ نہیں ثابت ہوتا کہ اگر اللہ تعالے موتے کو اس عالم میں دوبارہ لائے تو بھی نا ممکن اور غیر واقع ہے ہاں اس میں شک نہیں کہ خرق عادت ہوگا نہ بروفق عادت اور قولہ تعالے (ولن تجد لسنۃ اللہ تبدیلا) خرق اور وفق دونوں کو شامل ہے۔

**جواب سوال نمبر ۶۔** رب ارنی کیف تحیی الموتیٰ۔ اس آیت سے صاف ظاہر ہے کہ وہ چار پرندے پہلے مار دئے گئے تھے۔ بعد ازاں زندہ کیا جانے پر ابراہیم علیہ السلام کے پاس دوڑ کر پہنچے۔ قیمہ کوٹنا وغیرہ ہو یا نہ ہو پہلے ان کی موت تو ضروری ٹھہرتی ہے تاکہ احیاء موتی کا معنے متحقق ہو۔ بخلاف اُس صورت کے کہ جب چاروں زندہ پہاڑوں پر چھوڑ دئے گئے ہوں اور بعض کو اُن میں سے بلایا گیا ہو۔ کیونکہ اس صورت میں احیاء موتیٰ والا معنیٰ جس کو ابراہیم علیہ السلام نے معاینہ کرنا چاہا تھا پایا نہیں جاتا۔ مفسرین علیہم الرضوان کا بیان (قیمہ کوٹنا وغیرہ) بیان تاریخی ہے نہ ترجمہ۔

**جواب سوال نمبر ۷۔** قرآن کریم میں بیس کی جگہ اگر لاکھ جگہ متوفی کا معنی موت لیا گیا ہو تو بھی کلیہ اس سے ثابت نہیں ہو سکتا چنانچہ جواب سوال نمبر ۲ میں لکھا گیا ہے۔

(۸) آٹھویں سوال کا جواب بھی پہلے جواب سوال نمبر ۲ سے آپ معلوم کر سکتے ہیں۔

والسلام خیر ختام والحمد للہ اولاً وآخراً والصلوٰۃ والسلام منہ باطناً علیہ ظاہراً

العبد الملتجی والمشتکی الی اللہ المدعو بمہر علی شاہ عفی عنہ ربہ بقلم خود از گولڑہ

(۱۸ ذوالحجہ ۱۳۲۴ھ)

Marfat.com

مکتوب ۶۱

از ذخیرہ مکتوبات شریفیہ صوفی فضل الدین صاحب

کبھی اس شوخ نے پھر کر نہ دیکھا — کسی نے اس کو سمجھایا تو ہوتا
ہم آئے سر کے بل سے بے تحاشا — رقیبوں سے یہ منوایا تو ہوتا
قتیل ہجر کو آ کر کے زندہ — کبھی اعجاز دکھلایا تو ہوتا
قتل گاہ اُنکی میں ہے آج دعوت — خدا را ہم کو بلوایا تو ہوتا

---

۵ رمضان المبارک — عزیزی ملک سلطان محمود حفظک ربک المعبود

مکتوب ۶۲ — دُعا و سلام: شعر مندرجہ خط میرے ملاحظہ سے گذرا وھو ھذا

گر چارہ میرے زخم جگر کا نہیں کرتے — اچھا ہی کہدو کہ ہم اچھا نہیں کرتے

در جواب اس کے اُسپر سے

اس چشم سیاہ مد بھری پر سحر فتن سے — سلطاں بھی اگر اُلجھیں تو اچھا نہیں کرتے
بے ساختہ تھا زخم جگر نوک مژہ سے — پھر شکوہ ہی کیا ہے کہ وہ اچھا نہیں کرتے
ہاں بخیہ گری بھی ہے انہیں کا خاصہ — گر رفو نہ کر دیں تو پھر اچھا نہیں کرتے
کہدیوے بھلا کیسے کوئی میر عرب سے — اچھا ہی کہدو کہ ہم اچھا نہیں کرتے
ہے مہر و وفا طرز و ادا آل عبا کی — ہرگز نہ کہیں گے کہ ہم اچھا نہیں کرتے

سب کو ما وجب والسلام برخورداران حفظہم اللہ تعالے

العبد

سائل مشکلکشاء عبدہٗ مہر علیشاہ جعل اخیرتہ خیرا من الاولی از گولڑہ

---

Marfat.com

مَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ خَيْرًا يُّفَقِّهْهُ فِي الدِّيْنِ

## ایضاح المراد لدفع الایراد

### بجواب عنایت نامہ محبی مولوی عبد اللہ صاحب سجادہ نشین گڑھی شریف

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

حامداً ومصلیاً ومشتکیاً ومتشبثاً

از مشتکی الی اللہ متشبث بذیل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم المدعوبہ **مہر علی شاہ** عفی عنہ ربہ۔ بخدمت معظمی ومکرمی جناب مولوی عبد اللہ جیو صاحب متع اللہ المسترشدین بطول حیوٰتہ۔ وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ اما بعد صحیفۂ گرامی ونمیقۂ سامی مشتملبر اظہار[1] ماہو الحق وازھاق ماہو الباطل متفقہ حال این بے پروبال گردید۔

اشعار:۔

ولما تجلت للعیون تزاحمت — علی حسنہا للناظرین مطامع
تجمعت الابصار فیہا وحسنہا — بدیع لانواع المحاسن جامع
اذا ما بدت عینا فکلی اعین — وان ھی ناجتنی فکلی مسامع
فیا قلب شاھد حسنہا وجمالہا — ففیہا لاسرار الکمال ودائع

---

[1] ونیز مشتمل بود بر خوشنودی از اندراج اسم جناب موصوف در۔ رد الرد وعدم رضا بر اخراج بعد الاندراج کما اخر (الحمد للہ وکفی باللہ شہیدًا) کہ غایت خوشنودی حاصل گردید۔ اما بعد از اندراج محو کردن وجہے ندارد۔ انتہی بلفظہ ۱۲ م ح غ

Marfat.com

مکتوب ۷

نخستیں بادہ کاندر جام کردند — مزاجش عکسِ آں گلفام کردند
چو خود کردند رازِ خویش را فاش — عراقی راچرا بدنام کردند
بریں از قبیلہ عالم حیات
مئے توحید از خمخانۂ غیب — بمستانِ الست انعام کردند
چو غلطیدم ز مستیہا بہر سو — حریفاں مستی از من وام کردند
ہویدا شد در امکاں صورتِ حق — بآں صورت جہاں را رام کردند
بہر آنکہ غیرش نیست موجود — بخود آغاز و خود انجام کردند

مکتوب ۸ مُناجات بعالیجناب حضرت غوث الاعظم قدس سرہٗ

رو رو لکھیئے چِٹھئے درداں بھر ٹییے پتہ گھیں بغداد دیاں وا سیاندا
دیویں جا سنیہوڑا دکھاں بھریاں انہاں اکھیاں درس پیاسیاندا
آہیں سولاں بھریاں سینے سڑے وچوں آکھیں حال ایہ سدا اُداسیاندا
تیرے مُڈھ قدیم دیاں بردیاں نوں لوک دسدے خوف چپڑاسیاندا
دستگیر کرو مہر توں مہر علی اُتے کون باجھ تیرے اللہ راسیاں دا

مکتوب ۹
نیہے قاصدا نہ ویس لائیں — لوجہ اللہ ماہی دے دیس جائیں
ادب سینی دیویں بوسہ زمیں نوں — تے آکھیں اس شوخ نازنیں نوں
مدت ہوئی نہ ملیا یار پیارا — کیہڑی منزل کیتا سوہنے آتارا
بہاواں کول آکھاں بول ویے ڈھول — تیرے بولن اُتوں عالم کراں گھول
کے ہوسی چا نوازیں گولڑی نوں — زیادہ نہ کریں گل تھوڑی نوں

Marfat.com

وصاحب بموسٰی العزم خضر دلانہا ۔ دفیہا الی ماء الحیات منا فع
فقری بہا یا نفس عینا فانہ ۔ تحدثنی والمولنون ھوا جع

در بارۂ (بل رفعہ اللہ الیہ) ہدایت شدہ بود کہ ابطال (انا قتلنا است نہ قتلوا انتہٰی بجصلہ) مخدوما در آیت کریمہ وَمَا قَتَلُوہُ یَقِیْنًا بَلْ رَفَعَہُ اللّٰہُ اِلَیْہِ ابطال عکس مایذکرہ المتکلم است اولاً کہ نقیض صریح اوست وابطال (انا قتلنا) است ثانیاً بوجہ اتحاد معنون۔ واو جمع۔ ونا ضمیر متکلم مع الغیر تشریح ایں را در ردالرد مطالعہ فرمائید کہ بہ مصطلحات اہل معانی تعلق دارد۔

## ہدائیت ثانیہ

در آیت کریمہ اِنَّکَ مَیِّتٌ وَّاِنَّھُمْ مَّیِّتُوْنَ مرجع ضمیر غائب کفار است نہ انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام پس حاجت نیست بہ تکلف کہ قضیہ مطلقہ عامہ است نہ دائمہ۔ انتہٰی بلفظہ معظما منشاء ایں ہدایت نیز ذہول است از طرز استدلال خصم کہ مثبت وفات مسیح است بدلالت ایں نص نہ بعبارت او ومحل استشہاد (انک میت) است فقط کہ عبارتاً دال است بر وفات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ودلالتہً[1] بر موت سائر انبیاء علیہم السلام چنانچہ (انہم میتون) دال است بر موت کفار مکہ عبارتہً وغیر مکہ دلالتہً اگر گوئی پس آیت مذکورہ صریح چگونہ خواہد بود در وفات مسیح ابن مریم کما ذکر فی السوال۔ گویم علماء اصول تصریح نمودہ اند بآنکہ دلالت النص قطعیۃ یعرفہا کل من کان من اہل

---

[1] علی ما ھو المقرر فی علم الاصول من ان المعتبر وجود المناط سواء کان المسکوت اولیٰ او مساویاً ۱۲ منہ

Marfat.com

وچھوڑا نہ کسی دے پیش آوے — کسی دا یار نہ پردیس جاوے
کدی پردیسیاں نوں یاد کرنا — غریب الوطن دا دلشاد کرنا
کوئی ہووے سیو کشتی مہاناں — اساں سر پر سجن دے دیس جانا
ہوواں ہیں سگ مدینہ دی گلیدا — ایہو رتبہ ہے ہر کامل ولی دا
دلا سمجھا توں اکھیاں روندیانوں — جگر دے خون بھر بھر روندیانوں
رہی سمجھا تے آون باز ناہیں — رووں دھوتی تے دسن راز ناہیں

مکتوب ۱۰۲ از جامی رح

خون نابۂ دل خور کہ شرابے بہ ازیں نیست — دنداں بہ جگر زن کہ کبابے بہ ازیں نیست
درکنز و ہدایہ نتواں یافت خدا را — در صفحۂ دل بیں کہ کتابے بہ ازیں نیست

مکتوب ۱۰۳ ترجمہ ابیات قصیدہ فارسیہ از حضور قبلہ عالم صاحب گولڑوی

سائق الاذعان یطوی البید طے — منعماً عرج علی کثبان طے
ساربانان مہربانان راہیا — شالا جیویں خیر تھیوی ماہیا
آکھیں جا انہاں پیاریاں دلجانیاں — گوہڑے نیناں والیاں مستانیاں
لا پریتاں دے دلاسے اوہ گئے — اوہ گئے دلدے پیارے اوہ گئے
سارا عالم صدقے آکھاں بول توں — واراں سر میں اس توں کھڑے ڈھول توں
بن تساڈے اک گھڑی سو سالدی — یہ ٹکا تے ہی تساڈے بھالدی
اک وچھوڑا دوجے طعنے جگدے — بیرا تھیں سر تک لنبے اگ دے

اللسان وجلی بخلاف القیاس فانہ ظنی وخفی۔ ومراد از انہم میتون که بسر سطر ہژدہم واقع است ہماں مفہوم بحسب الدلالت است۔ نہ مذکور فی الآیتہ بحسب العبارۃ۔ فالجواب ھو الجواب لا کما زعم الجناب +

## ہدایت ثالثہ

"جواب مرزا قادیانی کہ در آیت خاتم النبیین بانقطاع نبوت و رسالت دادہ اند خلاف از دلائل قطعیہ است جواب شافی کافی آنست کہ مفسرین دادہ اند مراد از خاتم النبیین قاطع حدوث و استقلال نبوت است صلی اللہ علیہ وسلم۔ انتہٰی بلفظہٖ۔ مگر ما جواب بانقطاع نبوت و رسالت را کہ خلاف ماذکرہ المفسرون انگاشتہ اند البتہ از موجبات تعجب مینماید۔ مزید برآں او را مخالف از دلائل قطعیہ ہم فرمودہ اند مع آنکہ کلام مفسرین صراحۃً و احادیث صحیحہ عبارۃً شاہد اند بر انقطاع مذکور۔

قال الامام احمد حدثنا عفان حدثنا عبد الواحد بن زیاد حدثنا المختار بن فلفل حدثنا انس بن مالک رضی اللہ تعالی عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان الرسالۃ والنبوۃ قد انقطعت فلا رسول بعدی ولا نبی۔ حدیث دیگر کہ امام احمد بروایت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ اخراج نمودہ۔ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال مثلی فی النبیین کمثل رجل بنی دارا الی فانا فی النبیین موضع تلک اللبنۃ۔ حدیث۳ دیگر کہ ابو داؤد طیالسی بروایت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ آوردہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ

Marfat.com

بالڈی دیوے پئی خانقاہاں تے — آوندا ویکھاں ڈھولا اینہاں راہاں تے
جتھاں فرش وچھاواں خاطر ڈھول دی — مرحبا یا مرحبا پئی بول دی
پہنچیں جدتوں سوہنیاں دی جھوک تے — خیر ہووی اینہاں نوں فرار وکدے
جا سنیہڑا دیویں اتھاں جانیاں — گوہڑے نیناں والیاں ستانیاں
لست انسی بالشنا یا قولہا — کل من فی الحی اسرئ فی یدے
بھلدے نہیں او بول مٹھڑے ڈھولدے — بول سانول یار روہی رولدے
رات ساری گذری تارے گندیاں — یاد کرکر قول میزاں مکدیاں

---

مکتوب ۱۲

جو چمن سے گذرے تو اے صبا یہی کہنا بلبل زار سے — کہ خزاں کے دن بھی قریب ہیں نہ لگانا دل کو بہار سے

اس پر حضور قبلہ عالم گولڑوی نے فرمایا :-

ہے دل سے میرے یہی دعا کہ نصیب دشمن بھی نہ ہو — وہ گھڑی کہ جس میں ہو جدا کوئی یار اپنے یار سے

---

مکتوب ۱۳ قاضی سربلند خان پشاوری سے حضور خوش طبعی فرمایا کرتے تھے۔ قاضی صاحب بھی ہنس مکھ تھے۔ ایکدفعہ قاضی صاحب حضور قبلہ کی خدمت میں بذریعہ نامہ عرض کرتے ہیں۔ کہ حضور کبھی یاد نہیں فرماتے۔ مدت ہوئی ہے۔ حضور جواب میں فرماتے ہیں۔ صرف ایک شعر

خاکساروں سے خاکساری ہے — سربلندوں سے انکسار نہیں

جواب قاضی صاحب :-

Marfat.com

مثلی ومثل الانبیاء کمثل رجل بنی دارا۔ الی ختم بی الانبیاء علیہم
الصلوۃ والسلام۔ وبخاری ومسلم وترمذی نیز ایں را بہ طرق متعددہ ذکر نمودہ۔
حدیث دیگر کہ امام احمد بروایت ابوالطفیل اخراج نمودہ یقول قال رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لانبوۃ بعدی الا المبشرات الخ وحدیث دیگر کہ
امام احمد بروایت ابی ہریرہ آوردہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
ان مثلی ومثل الانبیاء۔ الی فکنت انا اللبنۃ۔ حدیث دیگر کہ او را مسلم و
ترمذی وابن ماجہ بطرق مختلفہ ذکر نمودہ۔ عن ابی ہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ
ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال فضلت علی الانبیاء بست
اُعطیتُ جوامع الکلم ونصرت بالرعب واحلت لی الغنائم وجُعِلتُ
لی الارض مسجداً وطهوراً وارسلت الی الخلق کافۃ وختم بی النبیون
وحدیث دیگر کہ امام احمد بروایت ابی سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ
اخراج فرمودہ قال قال رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مثلی ومثل
الانبیاء الی فجئت انا فاتممت تلک اللبنۃ۔ حدیث دیگر کہ امام احمد
بروایت عرباض بن ساریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ آوردہ۔ قال قال النبی
صلی اللہ علیہ انی عند اللہ لخاتم النبیین وان آدم لمنجدل
فی طینہ۔ حدیث دیگر کہ زہری بروایت جبیر بن مطعم رضی اللہ تعالیٰ عنہ
آوردہ عنہ قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول
ان لی اسماء انا محمد وانا احمد وانا الماحی الذی یمحو اللہ تعالے
بی الکفر وانا الحاشر الذی یحشر الناس علی قدمی وانا العاقب

Marfat.com

حلقہ گوشوں میں سربلند ہے آج　　حضرتِ مہر شاہ کا خیال نہیں

حضور فرماتے ہیں :-

شاعری میں بھی سربلندی ہے　　قافیہ بھی یہاں بکار نہیں
مہر اور پھر بے مہر کیا صاحب　　جمع اضداد ناگوار نہیں

---

ایکدفعہ حضور ضلع ہزارہ میں تشریف لے گئے وہاں سمع شریف میں آیا کہ ایک بزرگ سید سید حسین نامی سکنہ تسی مونن تحصیل ہری پور نے ایک رسالہ تعریف اہلبیت کرام میں تحریر فرمایا ہے جس پر ایک مولوی صاحب سکنہ تسی شاہ محمد نے کفر کا فتویٰ دیا ہے۔ حضرت نے وہ تالیف ملاحظہ فرما کر فرمایا کہ اس پر کوئی کفریا خطر لازم نہیں آتا۔ حضور کی واپسی کے بعد شاہ صاحب موصوف نے حضرت کی خدمت میں تحریر کیا کہ آں مفتی صاحب نے آپ پر بھی فتویٰ لگادیا ہے۔ تو اس پر حضور نے جواباً غزل تحریر فرمائی۔ غزل یہ ہے۔

گو نامہ سیاہ کردم از بسکہ گنہگارم　　اما نظرے بستہ بر رحمتِ غفارم
احباب بہ تکفیرم گر قلم و زباں راندند　　حاشا کہ بحقِ شاں جز عفو روادارم
در کوئے خدا بیناں زاں روز کہ شد گذرم　　از مذہبِ خود بینی بیزارم و بیزارم
رم کردہ ز غیر او دارم دلکے شیدا　　بیہوشم و باہوشم بے کارم و باکارم
تا ساقیٔ مستانم مے ریختہ در کامم　　عریان و خراباتم رقصانم و سرشارم
الملک لمن غلب نامیست زمن باقی　　از قرب مع اللّٰہی برتر شدہ زاں کارم
از سلسلۂ فقرم اے دوست چہ مے پرسی　　دلدادہ بہ مہرِ آں شہ حیدرِ کرارم

Marfat.com

الذی لیس بعدہ نبیؐ۔ حدیثؔ دیگر کہ امام احمد بروایت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ تعالٰی عنہ آوردہ یقول خرج علینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوما کالمودّع فقال انا النبیّ الامی ثلثا ولا نبیّ بعدی الخ وغیرہ احادیث۔

عبارات مفسرین را نیز ملاحظہ فرمائید۔ قال البیضاویؔ (ولا یقدح فیہ نزول عیسٰے بعدہ لانہ اذا نزل کان علی دینہ مع ان المراد انہ اٰخرمن نبی) انتہٰی۔

قال الخازنؔ (قلت ان عیسٰی علیہ السلام ممّن نبیٔ قبلہ وحین ینزل فی اٰخر الزمان ینزل عاملا بشریعۃ محمد صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم ومصلّیا الی قبلتہ کانہ بعض امتہ) انتہٰی وفی المدارکؔ (وعیسٰے ممن نبیٔ قبلہ وحین ینزل ینزل عاملا علٰے شریعۃ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کانہ بعض امتہ) انتہٰی وفتح البیانؔ (وعیسٰی ممن نبیٔ قبلہ وحین ینزل ینزل عاملا علی شریعۃ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کانہ بعض امتہ) انتہٰی وقال العلامۃ ابوالسعودؔ (ولا یقدح فیہ نزول عیسٰے بعدہ علیہما السلام لان معنٰے کونہ خاتم النبیین انہ لا ینبأ احد بعدہ وعیسٰے ممن نبیٔ قبلہ وحین ینزل انما ینزل عاملا علی شریعۃ محمد صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم ومصلّیا الی قبلتہ کانہ بعض امتہ) انتہٰی۔ وفی روح البیانؔ۔ (ولا یقدح فی کونہ خاتم النبیین نزول عیسٰی بعدہ لان معنٰے کونہ

Marfat.com

# غزل حضور قبلہ عالم صاحب گولڑوی قدس سرہٗ

ایکدفعہ طلباء ہمدرس نے اپنے اپنے اشعار لکھکر حضور میں پیش کئے اور مولوی قائم علی فاضل لاہوری نے بھی چند اشعار لکھ کر پیش کئے اسپر حضور نے فی البدیہہ یہ غزل فرمائی :-

آشفتہ ماہ روئے پر ناز ستمگارم
من کشتۂ ابروئے آں دلبر عیارم

بر یاد سیاہ چشمے ہمہ روز سیاہم شد
از ناوک مژگانش صد خار بدل دارم

از زلف پریشانش شد خانہ بدوشی من
در مصحف روئے او آیاتِ خدا خوانم

عشق آمد و شد ساری چوں بو بگلاب اندر
او در من و من در وے رمزیست ز اسرارم

بیروں نہ زدم قدمے دیر طرفہ تماشا بیں
پر آبلہ شد پایم عمریست کہ سیارم

قد کان و ما معما کان من الاکوان
الآن کما کان مشہود دل زارم

تا یافتہ ام خبرے از باب علوم دل
دلدادۂ مہر آں شہ حیدرِ کرارم

## مکتوب نمبر ۱۷

کن فیکون جداں فرمایا تاں اسی بھی کولے ہاسے
ہکے لامکان مکان اساڈا ہکے بت وچہ آن پھتیاسے
ہکے تے ماہی کول اساڈے ہکے جگو چہ ڈھونڈ رہیا سے
مہر شاہ اس نفس شیطان پلید کیتا کوئی اصل پلید تے ناسے

## جواب حضرت قبلہ عالم

Marfat.com

خاتم النبیین انه لاینبأ احد بعدہ کما قال لعلی رضی اللہ عنہ انت منی بمنزلة هارون من موسیٰ الا انه لانبی بعدی۔ و عیسیٰ ممن تنبأ قبله وحین ینزل انما ینزل علی شریعة محمد علیه السلام مصلّیا الی قبلته کانه بعض امته فلایکون الیه وحی ولانصب احکام بل یکون خلیفة رسول اللہ) انتہیٰ موضع الحاجة۔ وقال ابن کثیر فهذہ الایة نص فی انه لانبی بعدہ واذا کان لانبی بعدہ فلارسول باالطریق الاولیٰ والاحری لان مقام الرسالة اخص من مقام النّبوة۔ وفی روح المعانی لکنه لایتعبد بها لنسخها فی حقه وحق غیرہ وتکلیفه باحکام هذہ الشریعة اصلاً وفرعاً فلایکون الیه علیه السلام وحی ولانصب احکام بل یکون خلیفة رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم وحاکما من حکام ملته بین امته انتہیٰ موضع الحاجة۔ وفی الشهاب علی البیضاوی (فالظاهر ان المراد من کونه علی دینه انسلاخه عن وصف النبوة والرسالة بان یبلغ ما یبلغه عن الوحی الخ) انتہیٰ از عبارات مسطورہ پیداست کہ عیسیٰ را علی نبینا وعلیہ السلام پیش از آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نبوت تشریعیہ بالاستقلال ووحی بشرع عیسوی بودہ وبعد از نزول در رنگ احاد امت مرحومہ عامل بشرع محمّدی علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام خواہد بود ونبوت تشریعیہ ووحی بشرع عیسوی منقطع خواہد گشت وہمیں است مراد شہاب از انسلاخ او از وصف نبوت ورسالت واز انقطاع مذکور در احادیث صحیحہ نہ آنکہ مسیح علیہ السلام بعد از نزول از منصب رسالت

Marfat.com

کن فیکون ناں کل دی گل ہے اساں اگے پریت لگائی
نوں ہیں حرف نشان نہ آہا جد دتی میم گواہی
اجے بھی اوہ پئے دِسدے سانوں بیلے بُوٹے کاہی
مہرعلی رل تاہیوں بیٹھے جد سِک دوہاں نوں آہی

---

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ وحدہٗ والصلوٰۃ والسلام علیٰ من لانبی بعدہٗ
کما ارادہ والہٖ وصحبہٖ طُرّاً کما افادہٗ

امّابعد صاحبان! آج اسلام اور اہل اسلام کو کیسی مصیبت کا سامنا ہے۔ سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا سچا اور پاک فرمان (الاسلام بدء غریباً وسیعود غریباً فطوبیٰ للغرباء) ظہور میں آرہا ہے یعنی اسلام پر ہر چاروں طرف سے حملے ہو رہے ہیں۔ مگر اس کے فرزندوں کی بدمستی اور خوابِ غفلت کا نشہ ٹوٹتا ہی نہیں۔ کہاں ہے۔ وہ قوت ایمانیہ و مشاہدۂ روحانیہ و حکمت یمانیہ و موعظہ حسنہ وعلوم الٰہیہ و حقائق ربانیہ و معارف الہامیہ و دقائق لدنیہ جنہیں ہم عرب شریف کے ریگستانوں سے لیکر نکلے تھے۔ اور جن کی زبردست سپر پر آج بیرہ سو برس تک ہم نے اُن بوچھاڑوں کو روکا تھا جو ہند فارس۔ روم۔ یونان وغیرہ کے فلاسفہ نے اپنی دماغی کمانوں سے

Marfat.com

معزول خواہد گشت واطلاق نبی و رسول بر و نخواہد ماند۔ حاشا و کلا۔ چنانچہ صاحب روح المعانی دربیان مراد شہاب مے فرماید۔ ولا اظنہ عنی بالانسلاخ عن وصف النبوۃ والرسالۃ عزلہ عن ذلک بحیث لا یصح اطلاق الرسول والنبی علیہ السلام فمعاذ اللہ ان یعزل رسول او نبی عن الرسالۃ او النبوۃ بل اکاد لا تعقل ذلک ولعلہ اراد انہ لیس لہ ور ف تبلیغ الاحکام عن وحی کما کان لہ قبل الرفع۔ پس جناب را حسب اقرار خویش ہذا (جواب شافی و کافی آن است کہ مفسرین دادہ اند) لازم کہ جواب شمس الہدایت را قبول فرمائید۔ وآنچہ فرمودہ اند کہ (جواب بانقطاع نبوت و رسالت خلاف از دلائل قطعیہ است) منشاء او بغیر اغماض از احادیث صحیحہ واقوال مفسرین مرقومہ بالا چہ خواہد بود۔ مخدوما آیا ایں ہمہ مفسرین برخلاف دلائل قطعیہ فرمودہ اند آنچہ بالا مرقوم گشتہ۔ و بر تقدیر انکار از دلیل قطعی بر کفر و درصورت عدم علم بداں بر جہالت مردہ اند۔ حاشا و کلا۔ یا شارع علیہ السلام از دلائل قطعیہ جناب بے خبر ماندہ۔ در احادیث مذکورہ تصریح بہ انقطاع نبوت فرمودہ۔ العیاذ باللہ۔ مخدوما اعتراض جناب نہ تنہا بر شمس الہدایت است بلکہ بر فرمان پاک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کہ موصوف است بہ (وما ینطق عن الھوی ان ھو الا وحی یوحی) بودہ لہٰذا بلب ادب ملتمس کہ ازیں عقیدہ نافہمیہ کہ ناشی است از التزام مطالعہ کتاب امروہی توبہ نمایند۔ مومن چگونہ روا دارد کہ سرور عالم مالک علم اولین و آخرین صلے اللہ علیہ وسلم برخلاف دلائل قطعیہ ارشاد فرمودہ باشند۔ معاذ اللہ سخت متعجب ام کہ جناب چگونہ احادیث

Marfat.com

ہم پر چلائے تھے۔ یا حسرتا و یا اسفا۔ آج کہاں ہیں وہ شیر ببران علوم حنفیہ جن کی ایک غرش سے شغالان مذاہب باطلہ تھر تھراتے تھے۔ اور جن کے لوائے بلند نے دنیا کے تمام جھنڈوں کو سرنگوں کر دیا تھا۔ افسوس کہ آج میدان خالی پاکر عقل جزئی اور فلسفہ کے چیلے چاپنٹے دین اسلام اور ملت حنفیہ کی جڑیں کھوکھلی کرنے کے لئے ایڑی سے چوٹی تک کا زور لگا رہے ہیں۔ خذلہم اللہ۔ کوئی تو قدم ہیولیٰ کے نشہ میں سرشار ہو کر خاتم الرسل علیہم السلام حشر و نشر کا انکار کر رہا ہے۔ اور کوئی کہتا ہے۔ (پرمیشر کا آواگون نہیں۔ کیونکہ لامتناہی اور ہر جائی ہے۔ ایک جسم میں پورا پورا سما نہیں سکتا۔ انتہیٰ بلفظہ)

کوئی کہتا ہے آسمان خلا ممتد سے عبارت ہے۔ یہاں پر ہم کو مذاہب باطلہ کی تردید بالتفصیل و بجمیع المحتملات منظور نہیں۔ بلکہ صرف اتنا ہی ظاہر کر دینا مقصود ہے کہ کیا کوئی مسلمان مدارس اسلامیہ و کالجوں جو فی زمانناہذا کے تعلیم یافتگان سے ایسا ہے جو منتہا ادراک عکمائے شائین ہیولیٰ اجسام سے اوپر ہیولیٰ عالم کا وجود یا عدم ایسا ہی قدم یا حدوث قال اللہ قال الرسول سے سمجھ کر اور اپنا مومن بہ ٹھیرا کر بہ تمہید اصول موضوعہ و ترتیب مقدمات یقینیہ قدم عالم کے قائلین اور جنہم کے معتقدین اور فلسفہ مخالف کتاب اللہ و رسول صلی اللہ علیہ وسلم مروجہ مدارس کے مصدقین پر وار کرے اور ان کے اوہام باطلہ کا قلع قمع کر دکھائے۔ بادی النظر میں تو کوئی ایسا دیکھنے میں نہیں آتا۔ تو پھر تسمیہ بمدارس اسلامیہ از قبیل

Marfat.com

انقطاع نبوت و رسالت را مع اتفاق الائمۃ علی صحتہا مخالف از دلائل قطعیہ انگاشتہ اند اگر فرمائید کہ مراد از انقطاع نبوت و رسالت آنست کہ ایں ہر دو بطریق حدوث و استقلال منقطع شدہ اند گویم ہمیں است معنے عبارات منقولہ مفسرین و معنے عبارت شمس الہدایت و معنے احادیث صحیحہ منقولہ بالا۔

از ایں بیان کالشمس فی النہار واضح گشتہ کہ جناب در اعتراض ثالث کہ بعنوان جواب ثالث تعبیر فرمودہ اند چہار وجہ فکر صائب را مبذول نہ فرمودہ اند۔ اوّل آنکہ انقطاع نبوت و رسالت را بعد آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم خلاف از دلائل قطعیہا نوشتہ اند مع آنکہ بہ نصوص قطعیہ ثابت است کما ذکرنا۔

دوم۔ آنکہ مفسرین را با نقطاع نبوت و رسالت قائل نشمردہ اند مع آنکہ از تصریحات اوشاں ثابت است ؎

سوم۔ آنکہ بر ناصیہ علم ایں متبحران داغ جہل و نادانی از احادیث مذکورہ بالا نہادہ اند۔

چہارم۔ آں معنی کہ جناب بہ نسبت مفسرین ذکر فرمودہ اند۔ او را مغائر از انقطاع نبوت و رسالت دانستہ اند مع آنکہ انقطاع استقلال نبوت عین انقطاع نبوت و رسالت تشریعیہ است۔ زیرا کہ استقلال فی النبوت عبارت است از تعمیل تشرع خویش بغیر اتباع یکسے پس انقطاع استقلال فی النبوت عین انقطاع نبوت و رسالت تشریعیہ خواہد بود۔

شاید وجہ انکار جناب از قول بانقطاع نبوت و رسالت آنست کہ قول

Marfat.com

(بر عکس نہند نام زنگی کافور) نہیں تو اور کیا ہے۔ آج چونکہ ظلمت کفر و جہالت میں اسلام اور ملت حنیفہ کا نورانی چہرہ پوشیدہ اور حجاب در حجاب میں آگیا ہے لہذا آپ صاحبان اہل اسلام ایک ایسی بارش برسانے کی کوشش فرمائیں جو کہ اس کفر اور ضلالت کی گرد و غبار کو زمین پر بٹھا دے یعنی اشاعت علوم اسلامیہ وغیر اسلامیہ میں اس طرز کو اختیار فرمائیں جس سے قال اللہ قال الرسول صلعم پر فلسفہ غالب نہ آئے اور اطفال کے سادہ اذہان میں عقائد باطلہ نہ سما جائیں اور بغیر اس کے کہ معلم با خبر حاوی علوم ہونا ممکن ہے اس سے کیا ہوتا ہے کہ برائے نام تعلیم القرآن بھی مدرسین جاری ہے مگر مضامین فلسفہ مدلل طور پر سمجھنے اور سمجھانے کی وجہ سے برخلاف قال اللہ قال الرسول صلعم معتقد بہ اور مومن بہ ٹھہر چکے ہیں پھر آمنت باللہ و ملائکتہ وکتبہ و رسلہ لفظ بے معنی اور بے سود یا نفاق نہیں تو اور کیا ہوگا۔

لا یجاوز القرآن حناجرھم والی بات ہوگی حاضرین کو مایوس ہونا چاہئیے کیا مخالفین کے حملوں کی باد سموم اور اندھیری آندھی سے وہ آفتاب چھپ جائے گا جس کا طلوع کوہ حرا کی غاروں سے ہوا تھا اور پہاڑ بوقبیس کی چوٹیوں سے چمکا تھا کیا وہ سراج منیر روشن چراغ گل ہو جائیگا۔ جسے وادی ایمن والے خدا عزوجل نے کوہ فاران کی چوٹیوں پر روشن کیا تھا۔ جس کے گل کرنے کے لئے ہر قرن اور ہر دور میں عبدۃ الطاغوت و الشیاطین نے پوری پوری کوششیں کیں۔ لیکن بعد کو جب دیکھا گیا تو وہی بدبخت آنکھیں مل رہے تھے۔ انہیں کی آنکھیں اندھی تھیں کیے ہمارا خدا عزوجل فرماتا ہے۔ یریدون لیطفئوا نور اللہ بافواھھم واللہ متم نورہ ولو کرہ الکافرون ٥

Marfat.com

مذکور بزعم جناب مستلزم معزولیت معصوم است از منصب نبوت۔ چنانچہ مرزا در ایام صلح و امروہی در شمس بازغہ ہمیں معنی را دلیل آوردہ اند برائے بطلان نزول مسیح اسرائیلی۔

وہمہ مفسرین ومحدثین وفقہا امت مرحومہ را از خیر القرون الی یومنا ہذا زیر ایں الزام داشتہ اند۔ مخذ وما ایں الزام اوشاں فی الواقع ناشی است از جہالت واز ہمیں قبیل است استدلال بعض معتزلہ وجہمیہ بآیت خاتم النبیین برائے انکار از احادیث نزول تشریحش آنکہ نبوت ورسالت را دورخ است ظہور وبطون۔ ظہور عبارت است از توجہ الی الخلق و دعوت الی الشریعت چنانچہ بطون عبارت است از استفاضہ من اللہ وحصول مقام اختصاص۔ وظہور نبوت بسبب تغیر وتبدل شرائع واحکام متغیر و متبدل میگردد وہیچ نقصے ازیں تغیر وتبدل عائد بہ حال نبی ورسول نمیشود۔ بلکہ حکیم مطلق ایں تغیر وتبدل را در حق داعی ومدعو سبب تکمیل حالات اوشاں ساختہ۔ ہرچند کہ دعوت بشرع مستقل خویش منصبی است عظیم لکن اتباع شرع محمدی علٰی صاحبہ الصلوٰۃ والسلام مقامیست بس بلند وبزرگ کہ تابع را بعد حصول فنا اتم از ثرے تا بہ ثریا بل بما فوق العرش و وراء الورے میرساند۔ وہمہ انبیاء عظام چونکہ فی الحقیقت نواب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بودہ اند کما صرح بہ صاحب الفتوحات پس بر تقدیر حیات اوشاں در دورہ محمدی صلی اللہ علیہ وسلم لابد است از اتباع ہمیں شرع شریف کما قال علیہ السلام لو کان موسےٰ حیا ما وسعہ

Marfat.com

# مناجات بدرگاہ مجیب الدعوات

الٰہی احدی صمدی تو رحیمی وکریمی ہمارے منہ شامت اعمال کی وجہ سے اس قابل نہیں کہ عرض حال کر سکیں۔ ہاں تیری ستاری وغفاری اور قل یا عبادی الذین اسرفوا علی انفسہم لا تقنطوا من رحمۃ اللہ ان اللہ یغفر الذنوب جمیعا کے سہارے اور تیری رحمت کاملہ کے ندا ہ

بازآ بازآ ہر چہ ہستی باز آ — گر کافر وگبر وبت پرستی باز آ
ایں درگہ ما درگہ نومیدی نیست — صد بار اگر توبہ شکستی باز آ

بیک پرچم سب حاضرین جلسہ کی نہایت تضرع وزاری سے التجا ہے کہ مدرسہ اسلامیہ ہذا کو جس کی بنیاد ڈالنے واغراض مدرسہ کے پورا کرنے تن دل سے اہتمام بجالانے کی توفیق تو نے اپنے بندے آغا نعمت خان حفظ اللہ تعالےٰ کو عطا فرمائی ہے۔ سرانجامی بوضع مذکور بالا عطا فرما اور آغا کو مع معاونین اپنے اس نیک ارادہ میں کامیاب فرما۔ آمین۔ آمین۔ آمین وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ خیر خلقہ شفیع المذنبین سیدنا محمد وآلہ واصحابہ اجمعین یا ارحم الراحمین۔ العبد

الملتجی والمشتکی الی اللہ المدعو اد عاگوئی ودعاجوئی
مہر علی شاہ از گولڑہ

زیارت شریف ۹/۱۸ ۶ مطابق ۲۹ ذیقعد ۱۳۳۶ھ

Marfat.com

الا انبیا ءی تخصیص ہوسے ازروئے نظر بہ خصوص محل است والا فالحکم عامٌ۔ ولنعم ما قیل ؎

ایکہ از بہر وجود ہمہ عالم سببی | شافع روز جزا دافع رنج و تعبی
ہمہ خوانند بشوقت چہ نبی وچہ ولی | مرحبا سید مکی مدنی العربی

دل وجاں باد فدائت چہ عجب خوش لقبی

گفتنت شمس و قمر گہ نہ پسند د جانم | نسبت حور و ملک با تو محقر دانم
چہ بگوئم چہ نویسم چہ بحسنت خوانم | من بیدل بجمال تو عجب حیرانم

اللہ اللہ چہ جمال است بدیں بوالعجبی

اے فلک اوج و ملک فوج و شہ ہر دو سرا | بشرے را بتو ہم پلہ مشمارم حاشا
عالم پاک کجا مرتبۂ خاک کجا | نسبتے نیست بذات تو بنی آدم را

بہتر از آدم و عالم تو چہ عالی نسبی

واز جہت نیل ہمیں شرف و فوز ہمیں سعادت سیدنا الغوث الاعظمؓ فرمودہ خضنا بحرا لم یقف علی ساحلہ الانبیاء مراد از بحر ذات مبارک آنحضرت است صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کما فی (شعر)

کالزھر فی ترفٍ والبدر فی شرفٍ ٭ والبحر فی کرمٍ ٭ والدھر فی ھمم

آری بطون نبوت و مقام اختصاص بالکل مبرا و منزہ است ازینکہ زوال و انقطاع را در و مساغی باشد۔ چہ ایں مستلزم خزی و خذلان است کہ انبیاء و رسل علیہم السلام بالقطع محفوظ و مصون اند از د۔ کما صرح بہ العلامۃ السیوطی وغیر واحدٍ من السلف و صاحب روح المعانی حیث قال

Marfat.com

مکتوب ۱۹

مولوی فتح الدین صاحب

السلام علیکم و رحمۃ اللہ۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ تم کو مصائب و تکالیف سے نجات بخشے اور مقاصد دارین میں کامیابی عنایت فرماوے۔ آمین
تم اسی جگہ اپنی جگہ پر مقیم رہو۔ اپنے والد کی بے عنوانیوں کا خیال نہ کرو۔
والسلام۔ دعا گو از گولڑہ مکتوبہ قاری صاحب

---

مکتوب ۲۰ ۷۹۶

بروز جمعہ ۱۴ ماہ رمضان المبارک ۱۳۳۲ھ۔ یہ مسئلہ دوبارہ کسی پیر بھائی کی طرف سے پیش ہوا۔ تو حضور قبلہ عالم نے یہ جواب بدست خود تحریر فرمایا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

میں حنفی المذہب ہوں جس کی رو سے جمعہ قریٰ میں پڑھنا جائز نہیں۔ امصار میں بھی حکومت نصاریٰ میں احتیاطی پیشین پڑھتا ہوں یعنے جمعہ فرض کر کے پڑھا جاوے اور بعد ازاں ظہر بھی احتیاطاً۔ میری نسبت الزام مندرجہ بالا تحریر کا منشاء بغیر از نافہمی یا عمداً افتراء کے سوا کچھ نہیں۔ سیال شریف میں بعہد ہمارے حضرت اعلیٰ خواجہ محمد شمس الدین صاحب رضی اللہ تعالے عنہ کے جمعہ نہیں پڑھا گیا۔ مجھے یاد ہے۔ کہ مکہ معظمہ زادہا اللہ شرفاً میں جناب فخر العلماء مولوی رحمۃ اللہ صاحب مرحوم مہاجر مکی بعد استفسار مسئلہ ہذا از ہیچ مہیچ جواباً میری اس رائے مسطورہ بالا سے اپنی رائے کا اتفاق ظاہر فرمایا تھا۔ ہذا ما عندی والعلم عند اللہ۔ مسئلہ ہذا

Marfat.com

(فمعاذالله ان يعزل رسول او نبيّ عن الرّسالة او النّبوة بل اكاد لا تعقل ذلك وايضاً ذكر) (ثم انه عليه السلام حين ينزل باقٍ على نبوته السابقة لم يعزل عنها بحال الخ. پس مراد از نبوت ورسالت منقطعه ظهور اوست یعنے تبلیغ و دعوت بحسب شرع عیسوی صلی اللہ علیہ وسلم محدود است تا بظہور شرع محمدی صلی اللہ علیہ وسلم نہ اینکہ عیسیٰ علی نبینا وعلیہ السلام بعد النزول از منصب مقام اختصاص کہ لازم غیر منفک است مر انبیاء را علیہم السلام معزول خواہد بود چہ قول بانقطاع نبوت و رسالت باین معنے کفر است وخلاف نصوص بینہ وچونکہ حصول این مقام حضرت عیسیٰ علیہ السلام را پیش از سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم بودہ لہٰذا نزول او باوصف نبوت من حیث البطون منافی بآیت خاتم النبیین نخواہد بود مگر نبوت مزعومہ کادیانی کہ بوجہ حدوث بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لامحالہ باآیت مذکور منافی است۔ از اینجا بر ناظر زکی بوضوح پیوستہ باشد کہ حصول بطون نبوت عیسویہ قبل از بعثت محمدیہ ولبودن عیسیٰ بعد النزول در رنگ احاد اُمت مرحومہ ہر دو را دخل است در دفع منافات مذکورہ۔ پس جواب خازن ومدارک وفتح البیان وابوالسعود وصاحب روح البیان اتم واسلم است از آنچہ قاضی بیضاوی دریں مقام فرمودہ۔ الا ان یحمل کلامہ علی خلاف الظاہر۔

ونیز وجہ تطبیق میان قول بانسلاخ از وصف نبوت وقول بعدم انسلاخ از و کما صرح بہ العلامۃ السیوطی ویدل علیہ حدیث عائشۃ الصدیقۃ

Marfat.com

کی مالہا و ماعلیہا بالمشافہ عرض کی جاسکتی ہے۔ زیادہ تحریر کی فرصت نہیں۔

العبد

الملتجی الی اللہ المدعو بمہر علیشاہ عفی عنہ بقلم خود از گولڑہ

---

محبی و مخلصی میاں عبداللہ سلامت باشند

تسلیم۔ اما بعد از ملاحظہ مکتوب آں محب کیفیت بوضوح پیوستہ آں محب را معلوم است کہ بوقت فرستادن روانہ کردن محض برائے دلاسا و شرکت بودن درعین وقت غم ملک صاحب بود کہ تنہا نہ در رنج باشد اگرچہ او شمارا و ملک صاحب را آشتے کہ بر ملک صاحب آمدنی بود معائنہ شدہ بودے تا اینقدر مصیبت کہ بہ نسبت آں کوہ نہایت بسیار است ہیچک متاثر نبودے فالمحسن الطاف خفیۃ۔ ملک صاحب را بعد از سلام ازیں مضمون اطلاع دادہ بگویند کہ جمعیت و ہمت را کاربند بچشم زدن ایام قلیلہ خواہند گذشت۔ ہنوز ہم خیرخواہان شما است۔ ہرقسم حتی الوسع باز نماندہ اند۔ چنانچہ عنقریب ان شاء اللہ العزیز بشرط مشیئتہ او سبحانہ بظہور خواہد آمد ہمہ محباں را سلام مولوی صاحب و حافظ صاحب وغیرہ پیر بھائیاں را و زود ارادہ واپسی دارند۔ والسلام۔

الداعی مہر علیشاہ بقلم خود

---

Marfat.com

رضی اللہ تعالیٰ عنہا لا تقولوا لا نبی بعدہ کما فی در المنثور بظہور پیوست
یعنی مراد از نبوت و رسالت منقطعہ نبوت و رسالت تشریعیہ است۔ آرے
نبوت و رسالت غیر تشریعیہ بحال خود است فعیسٰی علیہ السلام بعد
النزول نبیٌ و رسولٌ برسالۃ غیر تشریعیۃ عاملٌ بشرع محمد صلی
اللہ علیہ وسلم والحاصل ان اللازم غیر قادح والقادح غیر لازم
کما قال الشیخ رضی اللہ عنہ فی الباب الثالث والسبعین من الفتوحات
(۲) انقلاب حقائق واقعیہ کا خواہ مورد ذات سے ہوں مثل انسان فرس۔بقر۔غنم کی یا مراتب عددیہ سے ہوں مثلاً ایک دو تین چار یا مختلف یعنی معدود بحیثیت عروض مرتبہ عددی مثلاً زید جو اول مولود ہے۔ بہ نسبت باقی اولاد عمرو کے ممتنع بالذات ہے۔

(۳) نظیر کسی چیز کی اسی کو کہا جاتا ہے کہ علاوہ مشارکتہ نوعیہ کے اوصاف ممیزہ کاملہ میں اس چیز کی ہم پلہ ہو۔

(۴) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بحسب الحقیقۃ الروحانیہ النوریہ اول مخلوق ہیں اول ما خلق اللہ نوری۔ اول ما خلق اللہ العقل تصریحات محققین از اہل کشف وشہود اس پر شاہد ہیں۔ کما قال الشیخ الاکبر قدس سرہ الاطہر۔ فلم یکن اقرب الیہ قبولا فی ذلک الھباء الا حقیقۃ محمد صلی اللہ علیہ وسلم المسماۃ بالعقل فکان مبدأ العالم باسرہ واول ظاہر فی الوجود فکان وجودہ من ذلک النور الالٰہی اور آخر الانبیاء بھی ہیں۔ قال اللہ تعالےٰ ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین ط

اہل بصیرت کو ان مقدمات پر گہری نظر ڈالنے سے ثابت ہو جاتا ہے

Marfat.com

یحق علی الخلق کان کبیرالشان ؕ) یعنی اولیاء میں سے ایک ولی ایسا ہوتا ہے۔ کہ سوائے حق سبحانہ تعالےٰ کے ہر چیز پر غالب و متصرف رہتا ہے اور پُر زور دعاوی کرتا ہے۔ مگر اس کا دعویٰ اور اس کا قول بالا سچا ہی ہوتا ہے۔ ایسا ہی حکم اس کا بھی عدل و انصاف سے ہوتا ہے۔ اس مقام کے صاحب بغداد میں عالیجناب شیخ ہمارے عبدالقادر جیلی گویا آیۃ وھوالقاھر فوق عبادہ کا مظہر تھے۔ اسی باب ۷۳ میں لکھتے ہیں کہ محمدؐ اوانی المعروف بابن قائد افراد میں سے تھے۔ اولیاء افراد وہ ہوتے کہ جو خضر علیہ السلام کی طرح دائرہ قطب سے خارج ہوں۔ عالیجناب غوث پاک قدس سرہٗ محمدؐ اوانی مذکور کے بارہ میں فرمایا کرتے تھے۔ کہ یہ اولیاء افراد سے ہے اور یہ محمدؐ اوانی غوث پاک کے اصحاب و خدام میں سے تھے۔ حضرت شیخ اکبر رضی اللہ تعالےٰ کی تصریح ہذا سے نتائج ذیل ثابت ہوئے:۔

(۱) عالیجناب نہ صرف مقام غوثیت کے مالک تھے۔ بلکہ اس سے بالاتر تھے۔

(۲) آپ ہر شئے پر سوائے خدائے عزوجل کے غالب و متصرف تھے۔

(۳) ایسا شخص لاف زن و کم ظرف نہیں ہوتا۔ بلکہ سچا اور صاحب تمکین ہوا کرتا ہے۔

(۴) ہر زمانہ میں ایسا ولی ہونا چاہیئے۔ اسی باب میں ہے۔ وہ عبارت جس سے یہ نتیجہ برآمد ہوتا ہے مگر خوف طوالت کیوجہ سے نقل نہیں کی گئی۔

Marfat.com

کہ نظیر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وجو ممتنع بالذات بدیں معنی ہے کہ خالق سبحانہ وتعالے نے آپکو ایسا بنایا ہے اور ایسے کاملہ ممیزہ مختصہ صفات کے ساتھ سنوارا ہے کہ جس سے یہ کہا جاسکتا ہے کہ درصورت فرض وجود نظیر انقلاب حقیقتہ لازم آتا ہے اور نظیر کہلانے کا مستحق جب ہی ہوسکتا ہے کہ وصف ممیز کامل یعنی اول مخلوقیت وختم نبوت میں مشارک ہو تو معروض مرتبہ ثانیہ کا معروض مرتبہ اولی کا ہوا ایسا ہی بلحاظ خاتمیت فرض کیا کہ آپ مثلاً چھٹے مرتبہ میں تو نظیر آپ کی معروض ساتویں مرتبہ کی مثلا ہو کر معروض مرتبہ سادسہ کی ہوگی وھو خلف۔ ہاں اسمیں شک نہیں کہ ممتنعات ذاتیہ میں سے دو قسم اولین اور قسم ثالث میں فرق ظاہر ہے کیونکہ قسم ثالث کا امتناع اوصاف عارضہ کے لحاظ سے ہے اس لئے کہ محل بحث امتناع یا امکان نظیر ہے نہ امتناع یا امکان مثل۔

خلاصہ یہ کہ آئینہ احمدی صلی اللہ علیہ وسلم میں خالق عز مجدہٗ نے جداگانہ کمال دکھایا یعنی ایسا بنایا کہ نظیرش امکان ندارد فھذا الکمال راجع الیہ سبحانہ کما ان ھذا الجمال مختص بہ من منح اللہ تعالیٰ فسبحان من خلقہ واحسنہ واجملہ واکملہ۔

ناظرین کو بعد از غور واضح ہوسکتا ہے کہ مسئلہ امتناع نظیر میں فقیر کا مسلک وطرز اثبات مدعا میں جداگانہ ہے۔ کیونکہ اس مدعا میں لزوم کذب فی کلام الباری عز اسمہ سے کام نہیں لیا۔ ھذا ما فی ذھنی

Marfat.com

(۵) حضرت شیخ کے زمانے میں اس تصرف کا مالک حسب تصریح شیخ رضی اللہ عنہ ایک ولی تھا۔ مگر اسی باب میں لکھتے ہیں۔ کہ گویہ ولی مقام وھوالقاھر فوق عبادہ میں ہے۔ لیکن شیخنا عبدالقادر رضی اللہ عنہ میں علاوہ مقام ہذا کے اور وجوہ فضیلت بھی موجود تھے۔ چنانچہ سیدنا عبدالقادر وسیدنا خواجہ نظام الدین ہر دو مقام محبوبیت میں شریک ہیں مگر حسب تصریح حضرت خواجہ نظام الدین اورنگ آبادی حضرت خواجہ نظام الدین محبوب الٰہی دہلوی سیدنا عبدالقادر سے مستفید ہیں۔ (نظام القلوب ملاحظہ ہو) اور نیز محبوبیۃ قادریہ عالمگیر ہے۔ اور محبوبیۃ نظامیہ کئی قطعات ارض تک نہیں پہنچی۔ رہا لفظ سبحانی والٰہی سو مقام جذب و محبوبیّت سے جیسا تناسب کہ لفظ سبحان کو ہے۔ لفظ الہ کو نہیں۔ کما قال اللہ تعالیٰ سُبْحَانَ الَّذِیْ اَسْرٰی بِعَبْدِہٖ لَیْلًا اور نہ لفظ الہ ذات بحت پر دال ہے۔ بلکہ سبحان کہ رتبۂ ذات کا نام ہے۔ (فتوحات وشرح فصوص ملاحظہ ہوں) حضرت مجدّد الف ثانی دوسرے جلد کے آخری مکتوب میں حضور غوث اعظم کے بارے میں فرماتے ہیں۔ وصول فیوض وبرکات دریں راہ بہر کہ باشد از اقطاب و نجبا بتوسط شریف او مفہوم مے شود۔ چہ ایں مرکز غیر او را میسّر نہ شدہ الخ

اس موقعہ پر برائے فائدہ مندرجہ ذیل سوالات وجوابات بھی درج کئے جاتے ہیں۔

سوال :۔ لفظ ولی اللہ اصحاب کرام پر بھی بدلیل قولہ تعالےٰ

Marfat.com

القاصر الآن لعل الحق لا یتجاوز عنه الحمد للہ اولاً واٰخراً وھو یقول الحق ویھدی السبیل۔

**نوٹ**:۔ یہ مضمون حضور کریم غریب نواز دامت برکاتہم کے مصنفہ رسالہ "عجالہ بر دو سالہ" کے اول میں بھی درج ہے ؁

---

## نقل از اخبار "الوکیل" امرتسر مورخہ ۲۳ جولائی ۱۹۲۴ء

## بجواب خط از واحدی صاحب معہ خط واحدی صاحب

مخدوم محترم!

السلام علیکم۔ آپ کو ایک تکلیف دینی چاہتا ہوں۔ اُمید ہے کہ اللہ کے واسطے اسے قبول فرماویں گے۔ دو ایسے شخصوں کے درمیان جن کا ہزارہا بندگان خدا پر اثر ہے سجدۂ تعظیم یا سجدۂ للمرشد کی بابت بحث چل رہی ہے۔ ایک کا خیال ہے کہ سجدہ للمرشد جائز ہے اور اس کی تمام اشاعت کرنی چاہئیے۔ اور دوسرا اس کو ناجائز کہتا ہے اور روکنا چاہتا ہے۔ دونوں نیک نیت ہیں جس کی غلطی ثابت ہو جاویگی وہ ہرگز ہرگز ہٹ دھرمی نہیں کریگا۔ آنجناب اگر توجہ فرماویں تو قصہ بآسانی طے پا سکتا ہے برائے نوازش اس مسئلہ کی نسبت اپنی رائے سے مطلع کیجئے اور بے شمار مسلمانوں کو گمراہی سے بچا کر ماجور ہوجیئے۔ مفصل لکھنے کی فرصت نہ ملے تو چند سطریں ہی سہی مگر جلد۔

خادم خیر طلب واحدی ایڈیٹر خطیب نظام المشائخ از دہلی

Marfat.com

اللہ ولی الذین آمنوا و سائر آیات قرآنیہ پر بولا جاسکتا ہے۔ تو حسب قول مذکور چاہیئے۔ کہ آپ کا قدم اصحاب کرام کی گردن پر بھی ہو۔ حالانکہ یہ مسلم امر ہے۔ کہ کوئی ولی خواہ کیسا ہی کامل ہو۔ صحابہ کے مرتبہ کو نہیں پہنچ سکتا۔

**جواب** :۔ متاخرین کے عرف و محاورہ میں ولی اللہ ما سوی اصحابی پر بولا جاتا ہے۔

**سوال** :۔ عبارت فتوحات مسطورہ بالا سے یعنی لہ الاستطالۃ علی کل شیئ سوی اللہ پایا جاتا ہے۔ کہ ایسے ولی کا تصرف انبیاء علیہم السلام پر بھی ہوتا ہے۔

**جواب** :۔ عالیجناب رضی اللہ عنہ کا زمانہ انبیاء کا زمانہ نہ تھا۔

**سوال** :۔ لفظ (فی کل زمان) مندرج عبارت فتوحات مسطورہ بالا سے پایا جاتا ہے۔ کہ انبیاء علیہم السلام کے زمانہ میں بھی ایسے ولی کا ہونا واقعی امر ہے۔ اور نیز اسی باب میں قبل از عبارت مذکور حضرت شیخ تصریح فرماتے ہیں۔ کہ بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم چار انبیاء باجسامہم زندہ ہیں۔

**جواب** :۔ مفضول کا تصرف فاضل پر مثل تصرف جبرائیلی بر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم واقعی اور مسلّم شدہ امر ہے۔ کیونکہ بوجہ تخالف فیما بین وجوہ فضیلت استبعاد مندرجہ سوال بخوبی مندفع ہو سکتا ہے۔ وہی آخری مکتوب شریف ملاحظہ ہو۔

Marfat.com

الجواب بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مخلصی فی اللہ ایڈیٹر خطیب صاحب حفظک اللہ تعالےٰ

بعد سلام و دعا آنکہ شریعت محمدیہ علی صاحبہا الصلوۃ والسلام میں سجدہ کو عبادت مختصہ بالخالق عز اسمہٗ ٹھہرایا گیا ہے اور اسی پہ ہے تعامل صحابہ و تابعین و تبع تابعین و من بعدہم الی یومنا ہذا علیہم الرضوان۔
یہ اور بات ہے کہ کسی مقبول سے جس وقت اس کی چشم شہود میں غیر اللہ نہ ہو سجدہ مخلوق کی طرف وقوع میں آئے۔ غایۃ ما فی الباب از روئے نظر بجانب مستی و غلبہ وہ مقبول خدا ہیں عند ارباب التحقیق ماخوذ و مجرم نہ ٹھہرایا جائیگا۔ ہذا ما عندی واللہ اعلم وعلمہ اتم۔

الملتجی والمشتکی الی اللہ المدعو بمہر علیشاہ عفی عنہ ربہ بقلم خود از گولڑہ

---

(بقیہ خطوط حضرت مولانا محمد چراغ صاحب چکوڑوی رح)

عزیزی و مخلصی محمد چراغ صاحب حفظکم اللہ مع المتقین

بعد سلام و دعا اینکہ سفر ہندوستان سے بخیریت بفضلہ تعالےٰ و توجہ احباب واپس ہو کر مکان پر پہنچ گیا ہوں۔ اگر ممکن ہو تو معہ برخوردار ان غلام دستگیر شفاہ اللہ تعالےٰ مجھ سے ملیں۔ میں بوجہ علالت طبع سیال شریف حضرت ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ و من مشائخہ کے عرس پہ حاضر نہیں ہونگا۔ جناب مولویصاحب کو تسلیم۔ سب کو ماوجب۔

داعی و مستدعی از گولڑہ بقلم خود

Marfat.com

چنانچہ عالیجناب رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں کہ خضنا بحراً لم یقف علےٰ ساحلہ الانبیاء یعنے ہم ایسے دریا میں ڈوبے ہیں۔ کہ جس کے کنارے پر انبیاء علیہم السلام کو کھڑا ہونا نصیب نہیں ہوا۔ بحر و دریا سے مراد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ یعنے ہم کو بوجہ کمال اتباع ظاہری و باطنی شریعت و طریقت ذات پاک محمدی میں کامل فنا حاصل ہے بخلاف سائر انبیاء علیہم السلام کہ وہ اپنی اپنی شرائع میں رنگین ہونے کے باعث اس فنا کامل سے عاری ہیں۔

**سوال**:۔ عیسیٰ ابن مریم علیٰ نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام جوب احادیث صحیحہ بعد النزول شرع محمدی کے پابند ہونگے۔ لہذا کامل فناء کے مستحق ہوئے۔ اور عالیجناب کے فرمان مذکور لم یقف علےٰ ساحلہ الانبیاء سے سمجھا جاتا ہے۔ کہ کسی پیغمبر کو ذات محمدی میں فناء ظاہری و باطنی نہ ہوگی۔

**جواب**:۔ فرمان مذکور کا مطلب یہ ہے کہ میرے قول ہذا سے پہلے کسی نبی کو بحر و ذات محمدی میں فناء کامل و اتباع شرع محمدی حاصل نہیں ہوا۔ کیونکہ لم یقف میں کلمۂ لم مضارع پر ماضی منفی کا معنی دیتا ہے۔ بنابریں اگر بعد اس فرمان کے قرب قیامت میں عیسےٰ علیہ السلام کو اتباع شرع محمدی میں فناء کامل حاصل ہو۔ تو مخالف قول مذکور نہ ہوگا۔ والحمد للہ اوّلاً و آخراً والصلوٰۃ والسلام علیہ ظاہراً و متہ باطناً۔ العبد مہر و محبّت کا بندہ علی کا نام لیوا۔ شاہ جیلان و اجمیر کا حلقہ بگوش از گولڑہ بقلم خود۔ ۱۸ صفر ۱۳۲۱ھ

م۔ اس مقام پر بہتیرے سوالات اور جوابات ابھی باقی ہیں۔ جن کی یہاں پر گنجائش نہیں۔

Marfat.com

مجی و مخلصی محمد چراغ صاحب سلامت باشد

بعد از سلام و دعا آنکہ ہر ایک انسان کے لیئے ایک خناس محرک سلسلہ وساوس اور دوسرا قرین ملکی لگا ہوا ہے قابل شکریہ ہے یہ امر کہ بئس القرین جدا گانہ اپنے سے معلوم ہوتا ہے بغیر از بیخودی جو نتیجۂ استغراق ذکر قلبی ہے اس بلا سے نجات شاغل کیلئے غیر متصوّر ہے۔ اللہ تعالٰی معموری اوقات عطا فرماویں۔ ایام عرس قریب ہیں تسلی فرماویں۔ سب حضرات کو تسلیم۔ مہر شاہ بقلم خود

---

مجی و مخلصی محمد چراغ صاحب حفظک اللہ تعالٰی امع اللحقہ

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ۔ دعا و سلام داعی بفضلہ سبحانہ بخیریت تونسہ شریف سے واپس ہوکر راولپنڈی حسب عادۃ باصرار احباب اترا ہے جمعہ تک یہاں قیام ہے اور سب طرح سے خیریت۔ سب برخوردارا کو دعا و سلام۔ جناب مولوی صاحب کو تسلیم۔ خدابخش کو دعا و سلام سب کو سلام۔ داعی مہر شاہ بقلم خود از راولپنڈی

---

مجی و مخلصی راسخ الاخلاص محمد چراغ صاحب سلامت

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ۔ امابعد بخیریت مکان پر پہنچ گیا ہوں ہر طرح سے خیریت ہے محبت نامہ کو مفصل طور پر ملاحظہ کیا۔ اللہ تعالٰی آپ نادم نہ کریگا۔ زیادہ دعا۔ مہر شاہ بقلم خود

Marfat.com

# کلام الملوک ملوک الکلام

یعنے خلاصہ تقریر علامۂ زمان آیتہ من آیات الرحمن شمس ہدایت مہر ولایت سیدنا و مقتدانا حضرت خواجہ سید پیر مہر علیشاہ صاحب مسند آرائے گولڑہ شریف لایزال ینیر قلوبنا بعلومہ و یقر عیوننا بمنطوقہ و مفہومہ و لازالت اشعۃ علمیہ یستنیر منہا کل فاضل نبیل۔ جو حضرت ممدوح الشان نے محرم ۱۳۳۱ھ میں بوقت معاودت از زیارت حضرت بابا فرید شکر گنج رحمۃ اللہ علیہ الرحمن نعمانیہ لاہور کے پچیسویں سالانہ جلسہ میں منتظمین کی التجا پر مشاہیر علمائے کرام کے سامنے فرمائی۔ اور بندہ حلقہ بگوش بارگاہ نے برائے افادہ و استفاضہ اہل علم و عرفان طبع کرا کر حضور کی مصنفہ کتاب ہذا کے ساتھ شامل کر دی۔ (حبیب اللہ عفی عنہ)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

سُبْحَانَ مَنْ ھو الاول والاخر والظاھر والباطن وھو بکل شیئٍ علیم والصلوٰۃ والسلام علی من انزل فیہ عزیز علیہ مَا عَنِتُّمْ حریص علیکم بالمؤمنین رؤف رحیم وعلی اھل بیتہ وعترتہ المطھرین بتطھیرہ واصحابہ واحبابہ الذین معہ اشداء علی الکفار رُحَمَاءَ بینھم الفائزۃ منہ بفضل جسیم وعلم عمیم فاولیتہ فی اخریتہ واخریتہ فی اولیتہ کما ان ظھورہ فی بطونہ وبطونہ فی ظھورہ لشیئتنا الثبوتیۃ فی قولہ

Marfat.com

مجبی و مخلصی محمد چراغ صاحب سلامت باشد

بعد سلام آنکہ داعی بخیریت تونسہ شریف سے واپس آگیا ہے۔ تاریخ شادی کاتک ۱۳ر ۱۴ر مقرر ہوئی ہے۔ بر وقت روانگی اطلاع دیجاویگی حضور تونسوی مغفور و مرحوم کا وصال یوم شنبہ وقت سحر بعد ادائے نماز باشارہ ہوا ہے۔ زیادہ سلام برخورداران کو دعا و سلام۔ زیادہ سلام۔

مہر شاہ بقلم خود

---

مجبی و مخلصی حافظ محمد چراغ سلامت

بعد سلام آنکہ انشاء اللہ العزیز بتاریخ ۱۸ بروز ہفتہ سوار شدہ علی الصبح در لالہ موسے پائیں خواہم شد۔ باز بر گاڑی ظہر سوار شدہ بخوشاب . . . . . . . . . والباقی عند التلاقی۔ از کیفیت مزاج خویش و جناب سجادہ نشین و مولویصاحب اطلاع بخشند تسلیم ہم رسانند۔ والسلام

محب الفقرا، مہر علیشاہ از گولڑہ

---

مجبی و مخلصی عزیزی محمد چراغ سلامت باشند

بعد دعا و سلام آنکہ انشاء اللہ تعالیٰ دوشنبہ کا دن گذار کر منگل کی شام کے بعد ۷ بجے پھر اسٹیشن گولڑہ سے سوار ہونگا۔ آپ اسی شب گجرات میں شامل ہو سکتے ہیں۔ وہ کتاب جو جناب صاحبزادہ صاحب کو نقل کرنے کے لئے میں نے دی تھی ہو سکے تو ہمراہ لاویں۔ جناب مولویصاحب

Marfat.com

اذا اراد شیئًا ان یقول لہٗ کن وموجودیتہ بقولہ فیکون
ذواتنا مع مکامن استعدا داتہا فی الحضرۃ العلمیۃ خزائنہ
وفیضہ الاقدس کما ان وجوداتنا مع لواحقہا فی عرصۃ العین
المکتسی کساء وما ننزلہ الا بقدر معلوم فیضہ المقدس منا
علینا لا منہ کما ان منہ لا منا ما لنا واول ظہوراتہ حین
الرحمن علی العرش استوٰی ثانی شیوناتہ المبشر بما ارسلناک
الا رحمۃ للعالمین کما ان اٰخر رحماتہ اذا ما یشفع عندہ
الا باذنہ اوّل اذناتہ فہو صلی اللہ علیہ وسلم اول ما خلق
اللہ نورہ کما ان اٰخر خاتم النّبیّین ظہورہ ومن ھنا
امتنع مثلہ ونظیرہ فان الاوّل لیس ثان وکما ان الثانی
لیس باول فامتناع شریک الباری عز اسمہٗ من ذاتہ کما
ان عدم امکان نظیرہ صلی اللہ علیہ وسلم من حیث بعض
صفاتہ فظاہر ان المقدورات غیر محیطۃ بالمعلومات فاتضح
الامر باوضح الدلالات بغیر مدخل مسئالۃ امکان
الکذب وامتناعہ۔ اللّٰھم ارنا حقائق الاشیاء کما ھی۔

حمد بے حد اس رب کریم ورحمان ورحیم کے لئے کہ جس نے بعد
الوجود ہم کو اشرف مطالب وافضل مراغب یعنے علم کے وہبانیت
واظہار فضیلت سے بقولہ تعالےٰ قل ھل یستوی الذین یعلمون
والذین لا یعلمون وقولہ تعالیٰ وما یعقلہا الا العالمون و

Marfat.com

و برخورداران کو سلام۔ جناب صاحبزادہ صاحب کیخدمت میں تسلیم۔
مہر شاہ

---

محبی و مخلصی محمد چراغ سلامت باشند

بعد سلام آنکہ مکرر مے نویسم کہ نسخہائے شمس الہدایت دہ عدد مرسل جناب مولوی محمد غازی صاحب براقم رسیدہ بودند باضلاع مختلفہ مثل تونسہ شریف و سیال شریف و دکن حیدرآباد۔ بخدمت مخدومی صاحب مولانا محمد لطف اللہ صاحب دام فیضہ وہکذا تقسیم نمودہ فرستادہ شدند۔ میاں احمد خوشحالی و صاحبزادہ عبدالعزیز قبل از رمضان تاکیداکید چونکہ نوشتہ بودند اوشاں راہم فرستادہ شدند بالضرور نسخہ از دکان حافظ محمد الدین کتب فروش بطلبند۔ بذریعہ خطوط مطلع شدم کہ جواب نویساں اقرار نمودہ اند کہ لاریب جواب این تحریر تا حال از ما یاں کسے نداده واکثر مرزائیاں از عقیدۂ خود برگشتہ اند۔ زیادہ سلام
مہر شاہ

---

محبی و مخلصی محمد چراغ سلامت باشد

تسلیم۔ از ملاحظہ مکتوبات کیفیت بظہور پیوست مبلغ عہ پانزدہ روپیہ بذریعہ منی آرڈر فرستادہ شد۔ باقی نیز فرستادہ خواہد شد۔ باقی معمول بدستور قائم دارند انشاء اللہ العزیز تکلیف رفع خواہد شد تسلی دارند از غلام محمد و محیاں سلام۔ الراقم مہر علی شاہ

Marfat.com

قولہ تعالیٰ۔ انما یخشی اللہ من عبادہ العلماء وقولہ تعالےٰ
فی ایحایہ لابراھیم علیہ السلام انی علیم احب کل علیم
ممتاز فرمایا۔ اور درود بے عد اس رؤف ورحیم پر کہ جس نے اپنی مجسمہ
رحمت ورافت اور مکمل عنایت وشفقت سے بقولہ علیہ السلام فضل
العالم علی العابد کفضلی علی ادناکم رجلا۔ اس میں شک نہیں
کہ شرف صفت بحسب شرف موصوف ہوا کرتا ہے۔ اور علم مقابل
جہل چونکہ صفات الٰہیہ واجبیہ سے ہے۔ لہٰذا فضیلت علمی پر کوئی برہان
قائم کرنے کی ضرورت معلوم نہیں ہوتی حسن وقبح اشیاء شرعی ہو یا عقلی
بہرکیف بیان مذکور بنا بر مسلک ہر دو فریق اہل نقل وعقل علمی فضیلت
کے لئے کافی ثبوت ہے۔ چونکہ جمیع علوم کا احاطہ خارج از قدرۃ عبد و
ناممکن ہے۔ لہٰذا اہم العلوم ومہتم بالشان علم یعنی علم دین کی طرف توجہ
اولاً ضروریات میں سے سمجھی جاتی ہے۔ چونکہ اس اشرف الانواع مہجور
الوطن حضرت انسان کا اپنے اصل تک رسائی کا یہی ذریعہ ہو سکتا ہے
نہ علوم عقلیہ محضہ مثلاً مبداء فیاض حق سبحانہٗ وتعالےٰ نے اس غریب
مسافر سے پسماندہ ومہجور کو وطن اصلی میں پہنچنے کے لئے ہدایت
فرمائی۔ کہ خبردار کہاں تو اور کہاں میں کہاں ہستی اور کجا نیستی۔ نابود کو کیا
مجال ہے کہ بالذات خود کچھ دکھا سکے یا حق مولیٰ ادا کر سکے وہ خود ناچیز
ہے بغیر امداد وتوفیق ہماری کیا کر سکتا ہے۔ اگر کچھ توفیق خدا داد کے
بعد تم سے ہو سکے۔ تو صرف اپنی کارروائی کو اکیلا ہر ایک شخص عابد

Marfat.com

برزمرہ محباں و مخلصاں از اہل اسلام واضح باد کہ معظمی رائے گھیبہ ساکن بھوچھال کلاں از عرصۂ دراز تعلق محبت و داد بایں کمینہ ترین خلق اللہ میدارد مے خواست کہ رشتۂ ہذا در سلک تحریر بظہور آوردہ شود۔ بپاس خاطرش ایں چند سطور نوشتہ دادہ مے شود۔ اللہ تعالیٰ کاتب و مکتوب لۂ و ناظرین مجلہ را موجبات رضا و لقا نصیب گرداناد والسلام۔

العبد الملتجی الی اللہ المدعو بمہر علی شاہ بقلم خود

---

چوہدری اورنگزیب صاحب ریٹائرڈ ڈی سی نے بیان فرمایا۔ کہ پاکپتن شریف میں ایک معمر حکیم صاحب قدرت اللہ نامی رہتے ہیں۔ جو ابوہر کے علاقہ کے باشندے ہیں۔ انہوں نے بیان کیا۔ کہ غزل ذیل حضور کریم غریب نواز دامت برکاتہم نے کسی سے لکھوا کر ان کو عطا فرمائی تھی۔ (یہ حکیم صاحب خواجہ اللہ بخش صاحب تونسوی کے مرید ہیں۔ اور پاکپتن میں حضور کی خدمت میں حاضر ہوئے تھے۔ اور وہیں یہ عطیہ پایا۔)

## غزل

گرچہ غرق بحر عصیانیم ما — آیتِ لاتقنطوا خوانیم ما
کن بشایان درت ما را قبول — حضرتت را گرنہ شایانیم ما
بر زمینِ عجز بہرِ وصلتت — عمرہا شد جبہ سایانیم ما
گر نہ باشد لام لطفت دستگیر — در خجالت تا ابد مانیم ما

Marfat.com

حضرت سلطان یعنی ہماری عالیجناب میں مت پیش کرنا۔ کیونکہ ناقص اور ردی متاع بالذات خود در علیحدگی اس قابل نہیں ہوتا۔ کہ حضرت سلطان میں پیش کیا جائے۔ البتہ عیب پوشی کا ہم ہی تجھے ایک آسان رستہ بتاتے ہیں۔ اس معیوب اور ردی رخت اپنے کو درضمن جید و عمدہ متاعوں اور رختوں کے ہمارے پیش کرو۔ یعنی اپنی ردی اور ناقصہ عبادت و بندگی کو انبیاء اولیاء و ملائکہ کی عبادات میں شامل کر کر بصیغہ جمع ایاك نعبد وایاك نستعین عرض کرو۔ ہماری شریعت منزلہ کا مسئلہ ہے۔ کہ جب اجناس مختلفہ کو ایک عقد میں بیع کیا جاوے۔ اور پھر بعض اشیاء کا عیب ظاہر ہو تو اس صورت میں مشتری یا ساری چیزوں کو واپس کرے یا سب کو رکھ لے نہ یہ کہ ردی کو واپس کرے اور اچھی کو رکھ لے۔ جب بندے کے حق میں ہماری شریعت صرف ردی اور معیوب کے واپس کرنے کا فیصلہ نہیں دیتی۔ تو سلطان الکل و مولی الکل کی شان خداوندی سے زیبا نہیں۔ کہ ردی عبادت کو واپس کیا جاوے۔ بلکہ یہی زیبا ہو گا۔ کہ سب کو منظور کیا جاوے۔

حضرات سامعین یہ ایک تمثیل بطور مشت نمونہ خروارے از ہزار صرف اس غرض کے لئے پیش خدمت کر دی گئی ہے۔ کہ یہ ثابت ہو جاوے۔ کہ بغیر علم دین و تعلیم شارع ایسے رستے کا معلوم کر لینا کہ جس سے اپنے خالق کی رضا، حاصل کی جائے۔ یا وطن اصلی تک پہنچا جائے۔ ناممکن ہے بغیر علم کے انسان گویا مردہ ہوتا ہے۔ ولنعم ماقیل

Marfat.com

عقل کل عاجز بماند در صفات — کنہ ذاتت را کجا دانیم ما
مور لنگیم و ضعیف و مضطرب — چوں نظر افتد سلیمانیم ما
خواجۂ ما رحم بر جمع ضعیف — بر درت للّٰہ گویا نیم ما
گر نباشی رہنما در وصل خود — ہمچناں اعمے و بے راہا نیم ما
میکنم دریوزۂ وصل ترا — شیئاً للّٰہ از گدایا نیم ما

مے کند مہر علیؒ از سوزِ دل
نالہا کہ وصل جویا نیم ما

---

# نقل سند حدیث شریف عطا فرمودہ بمولانا الشیخ الجامع غلام محمد گھوٹوی رحمۃ اللہ علیہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للّٰہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی خاتم النبیین سیدنا محمد وآلہ الطاہرین واصحابہ اجمعین ط

اما بعد فیقول العبد الملتجی والمشتکی الی اللّٰہ المدعو بمہر علیشاہ الحسنی نسباً والحنفی مذہباً والقادری والچشتی النظامی والصابری مشرباً ان المولوی غلام محمد بن چودھری عبد اللّٰہ الساکن فی الملتان قد عرض علی من الصحیح البخاری قرأتہٗ وسماعتہٗ رحمہ اللّٰہ

Marfat.com

وفی الجهل قبل الموت موت لاهله فاجسامهم قبل القبور قبور
وان امرءً لم یحیی بالعلم میت فلیس له حتی النشور نشور

(یعنے جاہل مرنے سے پہلے مُردہ ہے۔ جہال کے اجسام گویا قبریں ہیں ظاہری قبور سے پہلے اگر شخص علمی حیات سے بے بہرہ ہے تو وہ مردہ ہے نہ زندہ قیامت تک وہ مردہ ہی ہے۔

دینی علم کی طلب ہر مسلمان پر فرض ہے۔ قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم طلب العلم فریضۃٌ علی کل مسلم۔ قال اللہ تعالیٰ فلولا نفر من کل فرقۃٍ منھم طائفۃ لیتفقھوا فی الدین ولینذروا قومھم اذا رجعوا الیھم لعلھم یحذرون ط

عبداللہ ابن عمر سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد میں دو مجلس مجلس اہل ذکر مجلس تعلیم و تعلم کو ملاحظہ فرمانے پر ہر دو مجلس کے اہل پر خوشنودی ظاہر فرمائی اور سلسلۂ تعلیم والے گروہ کو ذاکرین پر ترجیح دی اور فرمایا۔ کہ انما بعثت معلما میں بحیثیت و منصب معلمی مبعوث ہوا ہوں۔ اور گروہ اہل علم کو شرف شمولیت بخشا اور اُن کے پاس جلوس فرمایا۔

یونس ابن میسرہ سے مروی ہے۔ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ الخیر عادۃ والشر لجاجۃ ومن یرد اللہ بہ خیرا یفقھہ فی الدین وایضاً خیار امتی علمائھا وخیار علمائھا فقھائھا بہترین اُمّت علما ہیں اور علماء سے برگزیدہ اہل الفقاہتہ و فہم ہیں۔

Marfat.com

مولفہ وجامعہ وانی قد عرضت النصف الاول من الصحیح البخاری
واکثر صحیح المسلم رحمہا اللہ تعالیٰ علی الشیخ المکرم ومولانا الاعظم مولوی
احمد علی السہانفوری رحمہ اللہ تعالےٰ وقد اجازنی بالاشتغال
بالکتابین وتعلیمہا وتعلیم غیرہما من کتب الحدیث بالشروط المعتبرۃ
عند اہل الحدیث وبالمراجعۃ الی الشروح وانا اجیز للمولوی غلام محمد ان
یشتغل بتدریس الصحیحین وغیرہما من کتب الحدیث بالشروط
المذکورۃ واللہ المستعان وعلیہ التکلان ۔ لہ الحمد والیہ المشتکے
والصلوٰۃ والسلام علے من اسری بہ لیلاً من المسجد الحرام الے
المسجد الاقصیٰ الے السموات العلی وآلہ واصحابہ اہل
التقی والنقی وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین ۔
حررہ:۔ فی المحرم سنۃ اربع وثلاثین بعد الالف وثلاثۃ مائۃ
من الہجرۃ ۔

العبد الملتجی الی اللہ المدعو بمہر علیشاہ الگولڑوی

---

(خط بنام مولانا غلام محمد گھوٹوی مرحوم الشیخ الجامع فی بہاولپور)

مخلصی فی اللہ مولوی غلام محمد صاحب حفظکم اللہ تعالےٰ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔ اس خط سے پہلے بھی مجھ کو اس کا خیال ہے اور دست بدعا ہوں کہ اللہ تعالیٰ آپکو اس کا نعم البدل عطا فرمائے اور دوسرے امر میں بھی حسب منشا کامیابی بخشے۔ آمین۔ والسلام۔

دعاگو از گولڑہ

Marfat.com

آیت مذکورہ وحدیث ہذا سے ثابت ہوا۔ کہ اہل قرآن واہل حدیث میں سے برگزیدہ گروہ اہل فقاہتہ وفقہا کرام کا ہے یعنی جن کو قرآن وحدیث میں سمجھ وفقاہت ہو۔ بخلاف خیال اہل زمانہ موجودہ کے کہ فقہا کو مقابل اہل قرآن وحدیث ٹھہراتے ہیں۔ بروایت حضرت انس رضی اللہ تعالے مروی ہے۔ کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا۔ التفقه فی الدین حق علی کل مسلم. الا تعلموا وتعلموا وعلموا وتفقهوا ولا تموتوا جهالاً ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے مروی ہے۔ کہ حضور نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا۔ ما عند الله بشیئ افضل من فقهٍ فی الدین فقیه واحد اشد علی الشیطان من الف عابد ولکل شیئ عماد وعماد الدین الفقه وایضاً العلماء ورثة الانبیاء وایضاً للانبیاء علی العلماء فضل درجتین وللعلماء علی الشهداء فضل درجة سیدنا علی کرم وجهه فرماتے ہیں۔ العلم خیر من المال العلم یحرسك وانت تحرس المال العلم حاکم علیك والمال محکوم علیه مات خزائن المال وبقی خزائن العلم اعیانهم مفقودة واشخامهم فی القلوب موجودة طالب علم دینی کا شان۔ قوله علیه السلام ان الملائکة لتضع اجنحتها لطالب العلم راضی بما یطلب۔ طلباء کو فن کتابت سے کافی حصہ حاصل کرنا ضروری ہے۔ قوله علیه الصلوٰة والسلام قیدوا العلم بالکتاب وایضاً استعمل یدك۔ کاتب کو اشکال

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد لولیہ والصلوٰۃ والسلام علےٰ نبیہ سیدنا محمد وآلہ وصحبہ.

امابعد فیقول العبد الضعیف مہر علی شاہ اضافنا مولانا لطف اللہ بالاسودین التمر والماء قال اضافنا مولانا الشیخ عبدالرحمٰن البانی پتی بالاسودین التمر والماء قال اضافنا الشیخ الذی ہو فریدۃ العصر ووحید الدہر مولانا واستاذنا المولوی محمد اسحاق اعلے اللہ درجاتہ فی الجنۃ بالاسودین التمر والماء قال اضافنا فرید عصرہ ووحید دہرہ عبدالعزیز بالاسودین التمر والماء قال اضافنا الشیخ ولی اللہ بالاسودین التمر والماء قال اضافنا شیخنا ابوطاہر بالاسودین التمر والماء قال اضافنا شیخنا محمد بن محمد بن سلیمان المغربی الروحانی نزیل مکۃ الشریفۃ بالاسودین التمر والماء قال اضافنی ابوعثمان سیدی سعید بن ابراہیم الجزائری عرف بقدورہ بالاسودین التمر والماء قال اضافنی الشیخ سیدی سعید بن احمد المقری القرشی بالاسودین التمر والماء قال اضافنی الشیخ الصدور الاوحدی سیدی احمد حجی الوہرانی بالاسودین التمر والماء قال اضافنی الشیخ شیخ الانام موضح طریق الاسلام ابوسالم سیدی ابراہیم التازی البلنسی بالاسودین التمر والماء قال اضافنی الشیخ العالم الولی ابوالفتح محمد بن ابی بکر بن الحسین المراغی المدنی بمنزلہ بالمدینۃ تمراً وماءً فی یوم الخمیس شہر اللہ المحرم سنۃ احدی وثلاثین وثمانمائۃ وقرء علینا اخبرنا الحافظ نصیب الدین سلیمان بن ابراہیم العلوی اسمانی بقراتی علیہ بنعم قال اخبرنی والدی اجازۃً قال اخبرنا الفقیہ تقی الدین عمر بن علی الشبعی

Marfat.com

حروف کی درستی اور ضبط بالنقطہ محل اشتباہ میں ضروری ہے بروایت مختلفہ ثابت ہے۔ کہ عربی زبان میں پہلا کاتب آدم علیہ السلام اور بعد طوفان اسمٰعیل علیہ السلام۔

عروۃ ابن زبیر فرماتے ہیں کہ پہلے کاتب متقدمین میں سے وہ لوگ تھے جن کے اسماء حسب ذیل ہیں۔ ابجد ہوز حطی کلمن سعفص قرشت یہ لوگ مدین کے بادشاہ تھے اشکال حروف کو معمولی نظر سے دیکھنا نہ چاہیئے۔ یہی اشکال الفاظ پہ اور الفاظ معانی پہ اور معانی امر مجمل بسیط باطن پہ دال ہے۔ اور وہی امر بسیط باطنی معانی بعد ازاں الفاظ بعد ازاں اشکال و نقوش سے ظاہر ہو رہا ہے۔ گویا عالم نقوش و الفاظ و معانی متکثرہ میں اسی کا ظہور ہے جس کا جلوہ گاہ باقی عوالم ہیں۔

بنظر اعتبار و تدبر جس عالم کو دیکھا جاوے ھوالاول۔ ھوالاٰخر ھوالظاھر۔ ھوالباطن کا درس ہو رہا ہے۔ عارفے فرمود ؎

نختیں بادہ کاندر جام کردند　　　مزاجش عکس آں گلفام کردند

اس پہ از جانب فقیر:-

بمہر آنکہ غیرش نیست موجود　　　بخود آغاز و ہم انجام کردند

حضرات طلباء! آپ صاحبان میں سے کسی صاحب کو اگر جذبۂ ازلی نے یہاں تک رسائی نصیب فرمائی۔ تو پھر طبعاً خود بخود ہی نیازمند کے پہلے سوال من جملہ سوالات مندرجہ رسالہ فتوحات صمدیہ

Marfat.com

قال اضافنا شیخنا القاضی فخرالدین الطبری فی منزلہ بزبید بالاسودین التمر والماء
قال اضافنا شیخنا الامام فخرالدین محمد بن ابراھیم الخبری الفارسی علی
الاسودین التمر والماء قال اضافنا الشیخ الحافظ ابو العلاء الہمدانی
علی الاسودین التمر والماء قال اضافنا الشیخ ابوبکر ہبتہ اللہ بن
الفرج الکاتب المعروف بابن اعث الطویل الہمدانی علی الاسودین
التمر والماء قال اضافنا ابو جعفر محمد بن الحسین بن محمد بن ابراہیم الصوفی
علی الاسودین التمر والماء قال اضافنی ابوالحسن علی بن الحسین
الواعظ علی الاسودین التمر والماء قال اضافنا ابو شیبہ احمد بن ابراہیم
العطار المخزومی بالبردان علی الاسودین التمر والماء قال اضافنا جعفر بن
محمد بن عاصم الدمشقی علی الاسودین التمر والماء قال اضافنا نوفل الہاد
علی الاسودین التمر والماء قال اضافنا عبداللہ بن میمون القداح علی
الاسودین التمر والماء قال اضافنا جعفر بن محمد الصادق علی الاسودین
التمر والماء قال اضافنا ابی محمد بن علی الباقر علی الاسودین التمر والماء
قال اضافنا ابی علی بن الحسین بن علی علی الاسودین التمر والماء قال اضافنی
ابی علی الاسودین التمر والماء قال اضافنی علیؓ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ
علی الاسودین التمر والماء قال اضافنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
علی الاسودین التمر والماء ثم قال من اضاف مومناً فکانما اضاف
آدم ومن اضاف مومنین فکانما اضاف آدم وحوا ومن
اضاف ثلاثۃ فکانما اضاف جبریل ومیکائیل واسرافیل ومن اضاف

Marfat.com

متعلق لمیتہ ترتیب حروف تہجی ا۔ ب۔ ت الخ کا جواب منکشف ہوجائے گا۔ جملہ اہلِ اسلام پر بدلیل قولہ تعالیٰ للفقراء الذین احصروا فی سبیل اللہ۔ طلباء علم دینی بمایتعلق بہ کی خدمت حسب توفیق واجب ہے۔

## آخری معروض بحضرت طلباء

آپ صاحبان نے حدیث شریف انما الاعمال بالنیات کو بخوبی سمجھا ہوا ہے۔ اس کی تعمیل نہایت ضروری سمجھیں۔ مبادا کہ خدانخواستہ فساد نیت (جدل مراء) منہی فی الاحادیث کی وجہ سے اس عروۂ قصویٰ وربوہ علیہ سے گرجاویں اور بجائے حصول مرضاتِ خدا و رسول مورد سخط وغضب ہوجاویں۔ والسلام۔

الراقم

کمینہ ترین خلق اللہ خادم علماء وفقراء عبدہ المذنب امیدوار دعا اصحاب والاصفاء المدعو بمہر علیشاہ گولڑوی حال وارد لاہور برمکان محبی ومخلصی فی اللہ برخوردار غلام محمد کوٹھی دار

۱۹ محرم ۱۳۲۱ھ

Marfat.com

اربعۃ فکانما قرأ التوراۃ والانجیل والزبور والفرقان ومن اضاف خمسۃ فکانما صلی الصلوات الخمس فی الجماعۃ من اول یوم خلقہ اللہ الخلق الی یوم القیامۃ ومن اضاف ستۃ فکانما اعتق ستین رقبۃ من ولد اسمٰعیل علیہ السلام ومن اضاف سبعۃ غلقت عنہ سبعۃ ابواب جہنم ومن اضاف ثمانیۃ فتحت لہ ثمانیۃ ابواب الجنۃ ومن اضاف تسعۃ کتب اللہ لہ اجر من صلی وصام وحج واعتمر الی یوم القیامۃ واضفت الاخ الاعز الفاضل الیلمعی غلام محمد بالاسودین التمر والماء واجزتہ لروایۃ حدیث الاسودین عنی وانا العبد المشتکی والملتجی الی اللہ الاحد غوث مہر علیشاہ عفی عنہ۔ والحمد للہ اولاً وآخراً والصلوٰۃ والسلام منہ باطناً علیہ ظاہراً ۱۲

---

مخلصی فی اللہ محمد شاہ صاحب حفظک اللہ علی الصراط المستقیم

بعد سلام آنکہ آپ کا خط دربارہ شیوع مذہب بھائی بنجابا فرقہ بہائیہ کا معاذ اللہ نسخ شرع محمدی صلی اللہ علیہ وسلم پر اس آیت کو پیش کرنا یدبر الامر من السماء الی الارض ثم یعرج الیہ فی یوم کان مقدارہ الف سنۃ مما تعدون ) غلط محض اور بالکل بیہودہ خیال ہے۔

اسی قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے (ما کان محمدٌ ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۝

حامداً لمن عطف لحوا ظهار فضيلة الاسلام ۔ عنان بيان المؤلف وحلى باعراب فضل الله حواشى لسان المؤلف۔ ومصلياً ومسلما على سيد المرسلين قائد الغر المحجلين الجامع علم الاولين والاخرين ما كان محمد ابا احد من رجالكم ولكن رسول الله وخاتم النبيين واهل بيته وعترته وصحبه البررة اجمعين

اما بعد

**معبود کی شناخت کا اصل ذریعہ** | قال اللہ تعالیٰ :- وماخلقت الجن والانس الّا ليعبدون ۝

ارباب بصیرت پر ظاہر ہے کہ بغیر معبود کی شناخت کے عبادت متصور نہیں۔ اور معبود چونکہ دائرہ محسوسات و معقولات سے وراء الوراء ثم فہم ہے بقول حضرت مولینا رحمۃ اللہ علیہ ؎

تو نہ اینہستی تہ آں در ذات خویش ۔۔۔ اے بروں از وہم ہا و از بیش بیش

لہٰذا اس کی واقعی شناخت کا طریق حس اور عقل کو بغیر از وحی نہیں کہا جا سکتا

**مقصود اصلی** | مندرجہ بالا آیۃ کریمہ سے ظاہر ہے کہ جن و انس کے پیدا کرنے میں بجز عبادت و معرفت کوئی امر زیر نظر نہیں رکھا گیا۔ لہٰذا ان امور سے بڑھ کر کسی اور امر کو نہ تو مقصود اہم اور اُن کے مساوی قرار دیا جا سکتا ہے اور نہ سوائے طریقہ مبینہ انبیاء علیہم السلام کے کسی اور طریق کو موصل الی المقصود کہہ سکتے ہیں۔

Marfat.com

خاتم النبیین اُسی کو کہا جاتا ہے۔ کہ اُس نبی کے بعد کوئی اور نبی نہ ہو ایسا ہی حدیث شریف میں ہے (ان الرسالۃ والنبوۃ قد انقطعت فلا نبی بعدی ولا رسول) یعنی پیغمبری ختم ہو چکی ہے میرے پیچھے کوئی پیغمبر نہ ہوگا۔ پھر بہاؤالدین وغیرہ کیسے پیغمبر ہو سکتے ہیں۔ اور شرع محمدی کس طرح منسوخ ہو سکتی ہے۔

آیہ یدبر الامر کا مطلب یہ ہے۔ کہ خدائی بادشاہت اور کارروائی کے تدابیر دنیا میں آسمان سے زمین کی طرف اُترتے رہتے ہیں۔ پھر قیامت آنے پر یہ سب تدابیر دنیاوی امور کے جاتے رہینگے اور وہ قیامت کا دن بوجہ شدّت اور سختی کے کافر پر اس قدر لمبا اور دراز معلوم ہوگا کہ گویا ہزار سال کا دن ہے جیسا کہ سورہ سجدہ کی آیت مذکورۃ الصدر میں (الف سنۃ مما تعدون) آیا ہے۔ یا وہ قیامت کا دن سخت ہولناک ہونے کی وجہ سے کافر کو پچاس ہزار سال کا معلوم ہوگا چنانچہ سورہ معارج میں (خمسین الف سنۃ) وارد ہے۔

کوئی یہ خیال نہ کرے۔ کہ ایک آیت میں ہزار سال اور دوسری میں پچاس ہزار سال تو ایک آیت دوسری کے مخالف ٹھہری۔

**جواب**۔ اس لئے کہ ہزار سال اور پچاس ہزار سال سے مراد یہ ہے کہ کافر کو بہت لمبا اور دراز معلوم ہوگا۔ اس کی درازی کو خواہ ہزار سال کہیئے خواہ پچاس ہزار سال۔ اور مومن کو وہ دن نماز فرضی کے وقت

Marfat.com

**وجوہ معاش و مکاسب کون سے جائز ہیں** اس آیت کریمہ سے اقتضائے وجوہ معاش اور مکاسب کا پیدا کرنا بھی ضروری معلوم ہوتا ہے فان الموقوف علی الموقوف علی شیئ موقوف علی ذالك الشیئ ہاں اتنا لحاظ رکھنا ضروری ہے کہ جو مکاسب و وجوہ و معاش مقصود اصلی کے منافی ہوں۔ یعنی اُن کی مزاولت و استعمال سے عقائد فاسدہ مخالفہ لما جاء بہ الشارع علیہ السلام دلمیں مرکوز اور قرار گیر ہوں اُن سے بچنا اہم ترین مقاصد ہے۔ چہ جائیکہ اِن مکاسب و وجوہ معاش کو مقصد اصلی پر فضیلت دی جائے۔ وماھذا الامن المخترعات الواھیۃ لعبدۃ البطن۔

**اسلام و اہالئ اسلام کی موجودہ مسکنت کیوجہ** موجودہ زمانہ میں اسلام کی مسکنت اور غربت کی وجہ بآسانی سمجھ میں آسکتی ہے۔ قال صلی اللہ علیہ وسلم الاسلام بدء غریبا وسیعود غریبًا فطوبیٰ للغرباء۔ پس بہر کیف و لامحالہ مخبر صادق صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشنگوئی نے سچا ہونا ہی ہے۔ اس پیشنگوئی کی معیار صداقت یہ ہے کہ موجودہ مسلمانوں کی طبیعتیں ظاہری اور فانی مال و عزت کی طرف مائل ہوئیں۔

ولو حصلت بطریق حرام اسلام اور جاودانی عزت کا خیال بالکل جاتا رہا۔ حتیٰ القوا الکتب السماویہ وراءھم ظہریا ولو حملوھا فمثلھم کمثل الحمار یحمل اسفارا۔

**موجودہ ذلت کی وجہ شرک خفی ہے** علمائے اسلام کی ذلت از ماست

Marfat.com

ادا سے کم مقدار معلوم ہوگا۔ چنانچہ حدیث شریف میں یہی مضمون ہے
خلاصہ یہ ہے۔ کہ آیت (زید بن الامر) کا مطلب وہ نہیں
جیسا کسی جاہل نے نسخ شرع محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کے بارہ
میں سمجھا ہے۔ وہ جاہل یہ بھی نہیں سمجھتا کہ اگر اسی آیت کا مطلب
یہ ہوتا۔ تو پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبیین کیسے ٹھہرتے
جب کہ معاذ اللہ بہاء الدین معہ کتاب آسمانی آپ (صلی اللہ علیہ وسلم)
کے بعد آنے والا پیغمبر ہوتا۔

دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اسلام اور شرع محمدی کو جہال اور
بے دینوں کے حملوں سے بچائے۔ والسلام

العبد الملتجی والمشتکی الی اللہ المدعو بمہر علیشاہ عفی عنہ ربہ بقلم خود از گولڑہ

۷ ربیع الثانی ۱۳۳۲ھ

## سند

الحمد للہ القدیم الذی لا یزال ولم یزل العلیم الذی لا یجہل الحلیم
الذی لا یعجل الجواد الذی لا یبخل المتعزز بجلال وحدانیۃ المتہزز بجمال رحمانیتہ
المتحوز بکمال فردانیتہ واشہد ان لا الہ الا اللہ وحدہٗ لاشریک لہٗ واشہد
ان محمدا عبدہٗ ورسولہ المرتدی برداء فخار (کنت نبیا وادم بین الماء
والطین) المہتدی الی فضأ اسرار (فعلمت علم الاولین والاخرین
سلخ لج (فکان قاب قوسین او ادنی) سائح فج (وان الی ربک
الرجعی وان الی ربک المنتھی) صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ

Marfat.com

کہ برماست کی مصداق ہے حق اللہ کو ہم نے چھوڑا حق العباد اُس نے ترک فرمایا۔ فی الصحیح قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اتدرون ماحق اللہ علی العبادات یعبدوہ ولا یشرکوا بہ شیئاً وحق العباد علی اللہ ان لا یعذبھم انتھی بمعناہ۔ اس حدیث میں شیئاً کا لفظ نکرہ ہونیکی وجہ سے شرکِ خفی وجلی دونوں پہ حاوی ہے۔ شرک خفی یعنے اعتماد علی الاسباب سے مومن کو بچنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ اس شرکِ خفی سے بچنے پر ہی وہ متقی کہلانے کا مستحق ہوتا ہے۔ اور اس کے ساتھ ہی بحسب آیۂ کریمہ ومن یتق اللہ یجعل لہ مخرجاً ویرزقہ من حیث لا یحتسب کے وہ مرزوق ہونے کا بھی مستحق ہوتا ہے۔ اذ لیس فلیس۔ قال اللہ تعالیٰ ان اللہ لا یغیر ما بقوم حتی یغیروا ما بانفسھم شرکِ خفی کا بیان بطور مشت نمونہ از خروار کر دیا گیا ہے اور شرک جلی کا مفہوم ہر ایک پہ ظاہر ہے۔ اس کی تشریحات کی یہاں پر ضرورت معلوم نہیں ہوتی۔

رسالہ مؤلفہ جناب چشتی محرم علی صاحب وفقہ اللہ لما یحب ویرضیٰ معنون بعنوان "گومگو" اس بے ہیچ کے ملاحظہ سے گذرا لاریب حقیقت مضامین کے علاوہ جادو بیانی میں عدیم النظیر ہے۔ برادران اسلام کو لازم ہے کہ رسالہ "گومگو" کو پڑھیں اور اُس کے مضامین پہ خوب غور کریں۔ اس رسالہ کے پڑھنے سے میرے دل پہ جو کیفیت طاری ہوئی اس کے ترجمان اشعار حسب ذیل ہیں:۔ اللھم وفقنا لما تحب وترضی

Marfat.com

والذین اتبعوہم باحسان وسلم تسلیما کثیرا لا تعد ولا تحصی سیما علی سیدای
شباب اہل الجنۃ الحسن والحسین وذریتہما خصوصا علی سیدنا الشیخ
محی الدین ابی محمد عبدالقادر الجیلانی وعلی سیدنا الشیخ معین الدین حسن
سنجری ثم اجمیری۔ اما بعد فقد وصل الی بعض تحریرات مخلصی فی اللہ
مولوی احمد بن محبی للہ عبداللہ القاری المکی الماتریدی الحنفی المقیم
فی المدرسۃ الصولتیۃ فوجدتہ بفضل اللہ وکرمہ فائقاً فی المنقولات
بارعا فی المعقولات فاجزتہ اجازۃ عامۃ لتدریس العلوم کلہا کما
اجازنی بعض مشائخی اجازۃً عامۃً والیضاً اجزتہ واوصیہ بالمواظبۃ
علی التقوی واتباع السنۃ سراً وعلانیۃً والمداومۃ علی الصلوۃ علی النبی
صلی اللہ علیہ وسلم بصیغۃ اللّٰھم صل علی محمد وعلی آل محمد و
بارک وسلم مائۃ مرۃ وذکر اللہ تعالیٰ اللہ الصمد اللہ الصمد
اللہ الصمد کذا مائۃ مرۃ دبر کل صلوۃٍ والسلام خیر ختام۔

العبــــــــــد
الملتجی والمشتکی الی اللہ المدعو بمہر علیشاہ عفی عنہ ربہ
رابع جمادی الاول سنہ ۱۳۲۴ھ

---

اللھم اغفر لنا قلہ محمد عبدالحیی چشتی بن مولانا غلام محمد
الگھوٹوی ثم بہاولپوری ولوالدیہ واحسن الیہما کما احسنا الیہ

Marfat.com

وصل وسلم وبارک دائماً علیٰ سیدنا محمد ن المصطفیٰ و آلہٖ وصحبہٖ فی الآخرۃ والاولیٰ ۸ شوال المعظم ۱۳۲۶ ھجری المقدس
العبد الغنی بہ عمن سواہ المدعو بمہرعلیشاہ عفی عنہ ربہ از گولڑہ

## مثنوی حسب ذیل ہے:-

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

| | |
|---|---|
| مرحبا ای بلبل[1] بستان چشت | باز گو از گو مگو آں سرنوشت |
| ہر دم از اسلام و اہلش ایں صداست | ایں بیان نیک چشتی را سزاست |
| فیضیاب از بارگاہ احمدی[2] | جرعۂ بر دہریہ ہم فلسفی |
| کے مقابل باتو۔ نانہ ہمسری | مستمد از شیخ عبد القادری |
| نور چشم مصطفٰی او مرتضٰے | سید حسنی حسینی مہ لقاء |
| نور دیدہ تاجدار انما | مژدۂ از لاتخف دادہ بما |
| آں سگے کو شد مقیم کوئے او | شبر نارد تاب دیدن سوئے او |
| حب دلداری بخواجہ خواجگاں[2] | مات فی حب الالہ اور است شاں |
| پنجتن[3] رابندۂ از جان و دل | دہریہ ہم فلسفی پشت خجل |
| آفتابستی نہاں در ذرۂ | شیر نر در پوستین برۂ |
| جرعۂ از فیض مستان[4] الست | ریز بر دوں ہمتاں سکّان پست |
| قل لھم قولاً بلیغاً لینًا | ولھم بین بیانا ھینًا |

[1] خطاب جدید برائے چشتی صاحب [2] حضرت خواجہ خواجگان خواجہ معین الدین چشتی [3] (۱) مولانا مولوی معین الدین (۲) قطب الدین (۳) فرید الدین (۴) نظام الدین (۵) نصیر الدین۔ [4] اشارہ بطرف حضرت سلطان العاشقین معارف آگاہ حضرت خواجہ مستان شاہ کابلی رحمۃ اللہ علیہ پیر و مرشد چشتی صاحب ۱۲۔

Marfat.com

# فہرست مطالب مضمون وار


| صفحہ | مطالب |
|---|---|
| ١ | حضرت آدم علیہ السلام کے متعلق ملائکہ کرام و ابلیس کا ابتدائی طرز عمل بظاہر یکساں ہونے کے باوجود انجام میں اختلاف کی حکمت |
| ٢٥ | حافظ صاحب کے شعر کی توجیہ وجیہ (آن تلخ وش الخ) |
| ٢٧ | خواجہ محمود صاحب تونسوی کا ایک کشف |
| ٢٨ | حضرت اعلیٰ سیالوی سے حضور کے تعلق کا بیان |
| ٣٥ | حضرت شیخ سعدی کے اشعار |
| | چہ خوش گفت بہلول فرخندہ فال الخ کا مطلب |
| ٣٦ | انسان کے عالم صغیر ہونے کی تشریح |
| ٤١ | باران رحمت کیلئے نفل پڑھنے کی ہدایت |
| ٤٤ | اس کا بیان کہ انسان کو زندگی کیسے گذارنی چاہیئے یعنی سختی و نرمی جو زندگی کیلئے ضروری ہیں ان کی مقدار کا بیان |
| ٤٨ | حقیقت تصوف و حفاظت نسبت کی طرف اشارہ |
| ٥٠ | سفر کی غرض صحیح کیا ہونی چاہیئے۔ |
| 〃 | ضرورت توسل اور طریق دعا |
| ٥١ | نسبت شیخ و تصور شیخ کی تشریح |
| ٥٢ | بعض اہل نسبت کے لئے شغل وظائف موجب حرج کیوں ہو جاتا ہے۔ |
| ٥٤ | اثناء شغل میں تجدید وضو کی ضرورت پڑ جانے کا حکم |
| ٥٧ | دشمنوں اور ظالم حکام کے شر کو دفع کرنے کا وظیفہ |
| 〃 | عمل مکتوبی میں سہو یا غلطی ہو جانے کا حکم |
| ٥٨ | دفع شر اعدا کے لئے دوسرا وظیفہ |
| ٥٩ | دنیاوی مقاصد میں کامیابی کا راستہ |
| ٦٠ | سلوک میں کامیاب ہونے کا راز اور طریقہ |
| ٦٥ | اسماء حسنیٰ کے شغل کا وقت |
| ٦٦ | طریق شطاریہ کی علامتیں |
| ٦٧ | وظیفہ دفع طاعون |
| ٦٨ | سالک کو ابتداء میں امتحانات درپیش ہوتے ہیں |
| ٦٩ | رشتۂ محبت کے نازک ہونے کا حکم |
| ٨١ | مبداء یعنی صانع حقیقی کی طرف توجہ کا طریقہ |
| ٨٢ | دوستی کے بارے میں حضور کی روش مبارک |
| ٨٣ | حصول کمالات روحانی کیلئے بدنی طاقت کی بھی ضرورت ہے |
| ٨٤ | ذکر و فکر تصور شیخ کے ساتھ ہونے چاہئیں |
| ٨٧ | اسماء حسنیٰ کے ورد کا طریقہ |
| ٩٢ | پیران طریقت کی پیروی سے مقام ارشاد حاصل ہوتا ہے |
| ٩٤ | تاوقتیکہ نذر کی تمام شرائط پوری نہ ہوں اس کا ادا کرنا لازم نہیں ہوتا |
| ٩٦ | دوستوں سے ناامیدی بھی ہو جایا کرتی ہے |
| 〃 | تقویت رابطہ کیلئے تصور شیخ و شغل قلبی کافی ہے |
| ٩٨ | ایک کرامت |
| ١٠٨ | مطلوب حقیقی کے بغیر باقی مطالب کے حاصل نہ ہونے پر اضطراب خدا تعالیٰ کی شکایت ہے |
| ١١٥ | طریق اشغال و اذکار و اظہار راز کامیابی |
| ١١٧ | بخور کی تشریح |
| ١٢٢ | سورۂ اخلاص کے شغل کے طریقہ و نتیجہ کا بیان |
| ١٢٦ | فتویٰ دربارہ فضیلت حضور اکرم ﷺ بر مقامات مقدسہ |
| 〃 | مرنے کے بعد روح کا بدن سے جو تعلق ہوتا ہے اس کا بیان |
| ١٢٨ | اللہ جل شانہ اور انبیاء علیہم السلام کے علوم غیبیہ میں جو فرق و تمیز ہے اس کا بیان |
| ١٣٠ | حکومت برطانیہ کے ساتھ حضور کا طرز تعامل |
| ١٣٣ | حضور کی شاگردی کی برکات |
| ١٣٤ | استفتاء دربارہ بٹن و کفش سونا و چاندی |
| ١٣٥ | حضور کا جواب |


Marfat.com

پس بیفشاں نور بر ظلمانیاں ‏ ‏ ‏ از غشاوہ جہل ایشاں را رہاں
کار شیراں ہمت و سرگرمی است ‏ ‏ ‏ کارِ دوناں حیلہ و بے شرمی است
جود حق کردہ ترا مختص بدیں ‏ ‏ ‏ ذالک فضل من اللہ العالمین
جدلہم بالنصح والحسن المقال ‏ ‏ ‏ وادرہم عن عقیدات الضلال
زاں شدی موسوم با محرم علی ‏ ‏ ‏ محرمی زاں عالم سرِ خفی
چوں محرم با علی ہم خواندہ اند ‏ ‏ ‏ از برایت حال نیکو راندہ اند
یعنی ہتک[1] عزت کردہ حرام ‏ ‏ ‏ آں علیِ غالبِ ذوالاحترام
از حریمِ جمع در بیداء فرق ‏ ‏ ‏ ماندہ مہجور در ظلماء فرق
زاں حدیثِ راہ پر خوں مے کنی ‏ ‏ ‏ قصہ ہائے عشق مجنوں مے کنی
سوح مستاں شاہ است نائے و نیت ‏ ‏ ‏ میدہی بیروں دمیدہ نائیت
گفتۂ تو گفتۂ آں روحت است ‏ ‏ ‏ گو بظاہر انتسابش سویت است
بالبِ دمساز خود پیوستۂ ‏ ‏ ‏ از تکلفہائے کُلی رستۂ
بلبلِ بستانِ چشتی خوش بگو ‏ ‏ ‏ ہاں وہاں بر گو۔ مگو اصلاً بگو
جود[2] محتاج است خواہد طالبے ‏ ‏ ‏ ہمچناں کہ توبہ خواہد تائبے
جود میجوید۔ گدایان و ضعاف ‏ ‏ ‏ ہمچو خوباں۔ کآئینہ جویند صاف
روئے خوباں ز آئینہ زیبا شود ‏ ‏ ‏ روئے احساں از گدا پیدا شود
پس ازیں فرمود حق در والضحےٰ ‏ ‏ ‏ بانگ کم زن۔ اے محمد بر گدا

[1] اشارہ است بانکہ از مرکب اضافی بحسب اللغت مفہوم مے شود یعنی محرم و واقف علی اے ذات حق جل شانہ در مقام جمع قبل از وجود عینی [2] بر تقدیر آنکہ محرم بصیغۂ مفعول از تحریم باشد معنیٰ اش حرام کردہ شدہ ہتک عزت او از جانب علی ای حق جل علا شانہ [3] از کلام مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

۱۳۶ رباعی۔ خودمنظارہ نگارم الخ کی تشریح
۱۳۹ پادری یعقوب کا حضور کو مطالعہ بائیبل کی دعوت دینا اور حضور کا جواب
۱۴۰ آیہ واتقوا اللہ الذی تساءلون بہ والارحام کی تفسیر میں علامہ علی المہائمی کے قول کی تشریح
۱۴۴ مروجہ جلسوں میں شامل نہ ہونیکی وجہ
۱۴۵ انبیاء علیہم السلام کے خوابوں کے اقسام اور فصوص الحکم کے متعلق ایک اعتراض کا جواب
۱۵۰ فتوحات مکیہ شریف کے باب ۲۸۶ کی ایک عبارت کی تشریح
۱۵۴ طرز و طریق دعا
۱۵۵ دو مناجاتیں
۱۵۶ قصیدہ فارضیہ شریفہ کے بعض اشعار کا منظوم ترجمہ
۱۵۸ مخالفین سے حضور کا برتاؤ
۱۵۹ شاگردوں سے حضور کا برتاؤ
۱۶۰ حضرت طیبے شاہ صاحب کے دوسرے پر حضور کا دوسرا
" اسلامیہ کالج پشاور کا خطبۂ افتتاح
۱۶۴ بستیوں میں جمعہ کے بارہ میں حضور کا فتویٰ
۱۶۶ حضرت بوعلی قلندر کا حضرت محبوب الٰہی کی نعمت سلب کر لینے کے متعلق مشہور واقعہ پر تبصرہ
۱۷۰ رہروان طریقت کو ایک نصیحت
۱۷۳ غائب مرید کی پکار سننے کا ثبوت
" مسئلہ وحدت وجود کی طرف اشارہ
۱۷۵ حضور کی ایک کرامت
۱۷۶ حضرت شیخ اکبر کی فصوص الحکم پر ایک اعتراض کا جواب
۱۷۷ وقوف زمانی اور وقوف عددی کے متعلق تلقین
۱۷۸ ایک شعر پر حضور کا اعتراض اور اسکی ترمیم صحیح
۱۸۰ اسم اعظم کے متعلق ایک سوال کا جواب
" مذہب بہائی کے بارہ میں چند وساوس کی تردید
۱۸۴ حضور کا معیار غزل گوئی
" کتاب انوار قادریہ پر حضور کی تقریظ اور حضرت سیدنا غوث الثقلین کے متعلق چند اوہام کا ازالہ
۱۹۱ انجمن نعمانیہ لاہور کے پچیسویں سالانہ جلسہ میں حضور کی تقریر
۱۹۹ مثنوی گوگو پر تقریظ اور مسلمانوں کی ترقی و زوال کے اسباب کا بیان
۲۰۲ مثنوی جو مثنوی گوگو سے مخلوط ہو کر حضور حضور نے سپرد قلم فرمائی۔
۲۱۳ عوالم اربعہ کا بیان
۲۱۶ مولوی تاج الدین صاحب کو ایک نصیحت مرشدانہ
۲۱۷ اوادم اربعہ کا بیان
۲۲۷ اموات کے احوال اور ایصال ثواب کے بارے میں چند سوالوں کے فقرہ بفقرہ جواب
۲۳۲ اللہ جل شانہ کے متعلق عقیدہ صحیحہ کی رہنمائی
" حضور کے مریدوں کی شان اور سالکین کی "
۲۳۷ تکلیف و پریشانی دور کرنے کا وظیفہ
۲۴۰ مدارس انگریزی جاری کرنے کے متعلق حضور کی رائے
۲۴۲ ختم قادریہ غوثیہ کا طریقہ
۲۴۳ دفع امراض کیلئے روحانی نسخہ
" حضرت صاحبزادہ سیدنا غلام معین الدین شاہ صاحب کے تولد کی اطلاع
۲۴۴ مرض چیچک کے دفع کیلئے تدبیر روحانی
۲۴۵ بیعت مروجہ و تعداد مشائخ اور ان کے اوصاف کے بارہ میں چند سوال
۲۴۷ حضور کی طرف سے ان سوالات کے جواب
۲۵۱ حضور اکرم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے علم لدنی کے متعلق حضور کا ارشاد
۲۵۲ مادۂ کائنات۔ اولیاء اللہ اور ضروریات صوفیا کے متعلق چند سوال
۲۵۳ حضور کریم کی طرف سے ان سوالوں کے جواب
۲۵۴ کانگریس میں شامل ہونے کے متعلق حضور کا فتوٰے
۲۵۵ سلوک میں کامیاب ہونے کیلئے دعا
۲۵۶ محمد یار خان صاحب علیگڈھی کے ایک غیبی مرض کا روحانی علاج
" چور سے حلف لیکر صفائی کر لینے کے بعد ثبوت جرم ملجانے پر مطالبہ کرنیکا فقہی حکم


Marfat.com

محمد یعقوب خاں سہروردی

۱۸ ار سیہ پارک ۔ بلاک نمبر ۴ ۔ کیماڑی [redacted]


۲۵۶ عید میلاد کے متعلق حضور کا ارشاد
۲۵۸ مشائخ کا ورد
،، رباعی خود را بنظارۂ نگارم الخ کی دوبارہ تشریح
۲۶۰ اسم ذات کے جہر شرعی کا طریقہ اور ایصال ثواب کا شرعی حکم
۲۶۱ قبور میں اولیاء کرام عبادت کیوں کرتے ہیں
۲۶۲ جملہ مشہورہ "حق رضا تو یا رسول اللہ کی تشریح
،، حضرت شیخ اکبرؒ کے مصنفات سے مستفید ہونے کا طریقہ
۲۶۳ آیۂ تطہیر جن لوگوں کے بارہ میں آئی ہے ان کا بیان اور روافض و خوارج کے بعض توہمات کا ازالہ
۲۶۵ قصیدہ غوثیہ شریف کے کچھ حصہ کی تشریح
۲۶۷ اہل بیت اطہار کے متعلق حضرت شیخ اکبرؓ کی تصریح کی تشریح
۲۷۳ خلفاء اربعہ کی خلافت پر اشارۃ النص سے استدلال اور ترتیب کذائی میں حکمت کا بیان
۲۷۶ حضور کے عقیدۂ حقہ کا اجمالی بیان
،، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر لفظ بشر کے اطلاق کرنے اور حاضر و ناظر جاننے کے متعلق ارشاد
۲۸۰ شرح دیوان حافظ مصنفہ مولوی ولی اللہ صاحب پر حضور کا ارشاد
۲۸۱ کمشنر صاحب کو اسکی ایک درخواست پر جواب
۲۸۳ رنگیلا رسول کتاب کے متعلق فیصلہ پر حضور کی قانونی مساعی
،، امارت و بیعت کے متعلق مولانا عبدالباری فرنگی محلی کے بعض خدشات کا معجزانہ جواب اور جمعیۃ علماء ہند سابق کے بارہ میں حضور کا نظریہ
۲۸۹ جناب سجادہ نشین صاحب سیال شریف کے بعض سوالات متعلقہ تحریکات مروجہ کے بارے میں حضور کا ارشاد اور تبلیغ مشائخ کے طرز بیان
۲۹۲ غیر سید سے سیدہ کے نکاح کے عدم جواز کے بارے میں حضور کا فتویٰ شرعی
۲۹۴ بستیوں میں جمعہ کے حکم پر غیر مقلدین کے اعتراض کا جواب
۲۹۶ آیہ لتومنوا باللہ الخ میں ضمائر ثلاثہ کے متعلق جلالین کے قول کی تشریح و تحقیق
۲۹۷ آیہ فذلک لیعلم الخ سورۂ یوسف کی تفسیر
۳۰۰ آیہ وتعزروہ وتوقروہ وتسبحوہ کی ضمائر کے متعلق کچھ شکوک کا ازالہ
۳۰۳ آیہ ذلک لیعلم انی لم اخنہ اور ما ابرئ نفسی کی تشریح مزید اور رائے متکلم کے مصداق کے بارہ میں ایک غلطی کا ازالہ اور اس ضمن میں حضرت شیخ اکبر رضی اللہ عنہ کے فرمودہ کی تشریح
۳۲۸ حیات مسیح علیہ السلام کے متعلق مولوی حبیب اللہ صاحب امرتسری کا خط جس میں مرزائیوں کے اعتراضات مذکور ہیں
۳۳۶ حضور کی طرف سے ان اعتراضات کا جواب
۳۷۰ بعض علماء کا اس بارہ میں فتویٰ کہ مرد اپنی منکوحہ کو کہدے کہ میں نے تجھے چھوڑا چھوڑا چھوڑا
۳۷۱ حضور کی خدمت میں صرف تین اشعار کریمہ پڑھنے والے طالب علم کی طرف سے اسکی تردید
۳۷۲ حضرت مفتی صاحب میانویؒ کی طرف سے اس فتویٰ کا جواب
۳۷۴ اس مسئلہ پر حضور کریم قدس سرہم العزیز کی طرف سے محاکمہ اور مفتی صاحب کی تحقیق کی تائید
۳۷۶ حضرت شیخ اکبرؓ کا درود شریف
۳۷۷ حضور کی طرف سے اس درود شریف کی تشریح
۳۸۱ مسئلہ امتناع نظیر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارہ میں حضور کا مسلک اور اسکے دلائل
۳۸۴ غیر اللہ کو تعظیماً سجدہ کرنے کے متعلق استفسار
۳۸۵ حضور رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف سے جواب
۳۸۶ خناس سحر کی سلسلۂ وساوس سے نجات کا طریقہ
۳۹۴ فرقہ نعمانیہ کے نسخ شرع محمدی پر استدلال کا دندان شکن جواب


Marfat.com

Marfat.com